جلد دوم

فتوحاتِ مکیہ

تصنیف لطیف

شیخ اکبر محی الدین ابن العربیؒ



علی برادران تاجران کتب ارشد مارکیٹ جھنگ بازار فیصل آباد

www.maktabah.org

www.maktabah.org

www.maktabah.org

۷۸۶
۹۲

جملہ حقوق بحق مترجم محفوظ ہیں

فتوحاتِ مکیہ

جلد دوم

تصنیف لطیف حضرت امام الموحدین سید المکاشفین شیخ اکبر محی الدین محمد بن علی بن محمد طائی اندلسی المعروف بہ ابن عربی قدس اللہ سرہ

ترجمہ

حضرت علامہ صائم چشتی فیصل آباد

ناشران

علی برادران تاجرانِ کتب
ارشد مارکیٹ نزد جامعہ رضویہ جھنگ بازار فیصل آباد

www.maktabah.org

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نام کتاب ــــــــ فتوحات مکیہ

مصنف ــــــــ شیخ محی الدین ابن العربی

مترجم ــــــــ علامہ صائم چشتی

پہلی بار ــــــــ مئی ۱۹۹۱ء

تعداد ــــــــ ایک ہزار

طابع ــــــــ علی اکبر

مطبع ــــــــ ظفر اینڈ فضل پرنٹرز

کتابت ــــــــ علم الدین اعوان

سائز ــــــــ ۲۳ X ۳۶ / ۱۶

صفحات مع متن ــــــــ

ناشر ــــــــ علی برادران فیصل آباد

ھدیہ ...... ۱۲۰/- روپے

ملنے کا پتہ

علی برادران تاجرانِ کتب

ارشد مارکیٹ جھنگ بازار فیصل آباد

www.maktabah.org

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ؒ

حروف کی تین قسمیں

اللہ تبارک وتعالیٰ آپ کو توفیق عطا فرمائے جان لیں کہ عالم حروف سے جامع کلمات تین ہیں ''

۱۔ وہ حروف جو دوسرے حروف سے مستغنی ہیں اور بنفسہٖ قائم ہیں۔

۲۔ وہ حروف جو ان مستغنی اور غیر محتاج حروف کے محتاج ہیں اور بنفسہٖ قائم نہیں لیکن ان میں سے اس کے مطلوبہ لا یحتاج حروف کی طرف اس کا ایک وصف راجع ہے جس سے وہ متصف ہے

کیونکہ وہ اس کی ذات سے نہیں مگر اس کے لیئے اسکی ذات کی مصاحبت ہے تو جس طرح دوسرے حروف کے لیے درست ہے اس کے لیئے بھی بنفسہٖ قائم لا یحتاج ذات کا محتاج ہونا محتاجی کی وجہ سے درست ہے۔

۳۔ تیسرے حروف وہ ہیں جو دو لا یحتاج حرفوں اور دو محتاج حرفوں کے درمیان کسی بھی لا یحتاج اور محتاج حرف کے درمیان رابطہ قائم کرتے ہیں اور یہ حروف لا یحتاج اور محتاج دونوں قسم کے حروف کے محتاج ہیں

چنانچہ لازم ہوا کہ ایک دوسرے کی طرف محتاجی کی حیثیت سے تمام حروف احتیاج وضرورت کے ساتھ قائم ہیں اگرچہ وجوہ مختلف ہوں یہاں تک کہ ذاتی حیثیت سے غنی الحمید کا اطلاق سوائے اللہ تعالیٰ کے کسی دوسرے پر درست نہیں تو غنی اور لا یحتاج کا نام ذات محتاج کا نام حدث اور تیسرے کا نام رابطہ رکھا گیا۔

www.maktabah.org

حقائقِ کلمات

تو ہم کہتے ہیں کہ کلمات ان تین حقائق میں محصور ہیں۔
ذات ۔ ۲ حدث ۳۰ رابطہ ۔

یہ تینوں حقائق جوامع الکلم یعنی جامع کلمات ہیں۔ پس ذوات میں سے بہت سی انواع جنسِ ذات کے تحت داخل ہیں ایسے ہی کلمۂ حدث اور رابطہ کی جنس کے تحت داخل ہیں اور اس کتاب میں ان انواع اور ان کے مساق کے تفصیل کی احتیاج و ضرورت نہیں اور ہم نے اپنی تفسیرِ قرآن میں ان انواع کو کھول کر بیان کیا ہے۔

نحویوں کا کلام دیکھیں۔

اگر ہمارے بیان کو قیاس کرنا چاہیں تو نحویوں کے کلام اور اسم و فعل و حرف میں ان کی تقسیم پر غور فرمائیں اور ایسے ہی اہلِ منطق کے کلام پر نظر کریں۔

۱. اُن کے نزدیک جو اسم ہے ہمارے نزدیک وہ ذات ہے۔
۲. اُن کے نزدیک جو فعل ہے ہمارے نزدیک وہ حدث ہے۔
اُن کے نزدیک جو حرف ہے ہمارے نزدیک وہ رابطہ ہے

اُن کے ہاں بعض احداث بلکہ تمام تر اسماء ہیں جیسا قام کھڑے ہونا۔ قعود بیٹھنا اور الضرب مارنا ہے۔

وہ ہر اس کلمہ کو فعل قرار دیتے ہیں جو تعلقِ زمان سے مقید ہو اور کلمات سے ہمارا مقصد اُن حقائق پر چلتا ہے۔ جن پر وہ ہیں اور ہم نے قیام۔ قائم۔ یقوم اور قم مقرر کیا اور اُن کے درمیان ہم نے مبہم و معین زمانہ کے ساتھ فاصلہ کیا

www.maktabah.org

زجاجی نے اس امر کو اچھی طرح جان کر کہا کہ حدث جسکی مثال قیام ہے وہ مصدر ہے
زجاجی کی مراد اس سے یہ ہے کہ جو محدث سے صادر ہوا وہ اسمِ فعل ہے جس سے
اسکی مراد اسم کلمہ کا قائم ہونا اُس مخصوص حرکت کا نام ہے جس کے ساتھ اس کا نام
قائم ہوا۔

تو یہ وہ ہیئت ہے جس کا نام اس کے دجود کے حال کی نظر کے ساتھ قیام اور
اس کے ختم اور معدوم ہونے کے حال کی نظر سے قام ہے اور اسکی نظر کے ساتھ
توہم واقع ہونے سے اس کا نام قم ہے اور یہ امر سوائے متحرک لفظ کے کبھی
نہیں پایا جاتا اور یہ کلمات بنفسہٖ غیر قائم ہیں۔ اور پھر قال اور فعل لفظ قائم اور
یقوم کو چاہتے ہیں نہ کہ اس نفسِ فعل کو جو متحرک سے صادر ہوا۔

مثلاً قائماً جس سے ہا کا اشتقاق ہو کر لفظ فعل کے اسم پر لوٹتا ہے اور
وہ لفظ قیام سے ماخوذ ہے یعنی قام اور یقوم سے نکلے ہیں۔ کیونکہ اس کے
نزدیک نکرہ معرفہ سے پہلے ہے۔ اور نکرہ مبہم اور معرفہ زمانے کے ساتھ مختص
اور قیام مجہول الزمان اور قام مختص الزمان ہے اگر اس پر اَن داخل کیا جائے اور
یقوم مختص الزمان ہے اگر اس پر لم داخل کریں۔ اور یہ اس شخص کا مذہب ہے۔ جو
تمیل کا قائل ہے۔ اور کہتا ہے کہ تحلیل ترکیب سے فرع ہے اور مرکب یقیناً مرکب
ہی پایا جاتا ہے۔

اور اس شخص کے مذہب پر جو کہتا ہے کہ تفریق کے ساتھ ہے اور یقیناً ترکیب
طاری ہوتی ہے تو یہ وہ امر ہے جو اکثر طور پر نقل کے باب میں مردود ہے۔ کیونکہ
یہ ظاہر و باہر ہے کہ نکرہ معرفہ سے پہلے ہے اور زید کا لفظ معین شخص کے لیے وضع
ہوا ہے۔ پھر اس لفظ میں اس کی مشارکت سے تنکیر طاری ہوتی ہے تو اس کی
تعریف کی طرف نعت اور بدل وغیرہ کی احتیاج ہوتی ہے۔ پس محققین کے

www.maktabah.org

نزدیک معرفہ نکرہ سے مقدم ہے اگرچہ اس کے لیے اور وجہ ہو لیکن اس کے لائق یہی ہے۔

ہم اور ہمارے راستے پر چل کر ترقی حاصل کرنے والے اچھی طرح جانتے ہیں کہ اس سے ہماری غرض و غایت ایک دوسرا امر ہے اور وہ سوائے نسبتوں اور اضافات کے ان دونوں اقوال سے ہی نہیں اور ان وجوہ پر نظر ہے جس کا ذکر طویل ہے اور نہ ہی اس تذکرہ کو چھونے کی اس کتاب میں ضرورت ہے اس لیے کہ ہم نے اس کتاب کے علاوہ اپنی دوسری کتابوں میں اس کا ذکر کر دیا ہے۔

حرکات کی قسمیں

ہم بیان کرتے ہیں کہ حرکات دو قسموں پر مشتمل ہے۔ حرکتِ جسمانیہ[1]، حرکت روحانیہ[2]

جبکہ حرکتِ جسمانیہ کے لیے بہت سی انواع ہیں جن کا تذکرہ اس کتاب میں آئے گا۔ اور ایسے ہی حرکتِ روحانیہ کی انواع ہیں مگر ان کا تذکرہ اس کتاب میں ضروری نہیں مگر کلام کی حرکات لفظاً اور تحریراً بیان کی جائیں گی۔

پس تحریری حرکات جسموں کی طرح اور لفظی حرکات اُن کے لیے روحوں کی طرح ہوتی ہیں۔

متحرکات دو قسموں پر مشتمل ہیں۔

۱۔ متمکّن ۲۔ متلوّن۔

متلوّن ہر اس متحرک کو کہتے ہیں جو تمام حرکات یا بعض حرکات کے ساتھ حرکت کرے چنانچہ تمام حرکات کے ساتھ اس کا متحرک ہونا اس طرح ہے جیسا کہ زید سے لفظ دال کا متحرک ہونا اور اس کا بعض لفظوں کے ساتھ

www.maktabah.org

متحرک ہونا اس طرح ہے جیسا کہ وہ اسماء جو غیر منصرف حال میں ہونے کی بناء پر پھرتے نہیں۔ کیونکہ وہ تنکیر و اضافت میں منصرف نہیں ہوتے جیسا کہ لفظ احمد سے دال ہے۔

متمکن :- متمکّن ہر وہ متحرک لفظ ہے جو ایک حرکت پر ثابت ہے اور اُس سے منتقل نہیں ہوتا۔ جیسا کہ مبنی اسماء مثلاً ھٰولاءِ اور حذام۔

اور جیسا کہ معرّب اسماء کے حروف جو ان سے اعراب کے حرف قبول کرتے ہیں جیسا کہ زید سے زاء اور یا اور ان کی مثل حروف۔

جاننا چاہیئے کہ افلاک حرکات وہی افلاک حروف ہیں جن پر لفظاً اور خطاً وہ حرکات ہیں انہیں وہاں دیکھیں جہاں ان کے بساط و احوال اور مقامات بیان کیئے گئے۔ جیسا کہ حروف کے لیئے ہے جن کا ذکر ہم انشاءاللہ تعالیٰ علم حروف کے لیئے مخصوص کتاب مبادی میں کریں گے۔

تلوین و تمکینِ حروف

جیسا کہ تلوین اور تمکین ذات کے لیئے ثابت ہے ایسے ہی حدث اور رابطے کے لیئے ثابت ہے۔ لیکن رفع اور نصب اور حذف صفت اور حذف رسم میں ہے اور یہ کہ تلوین دو امروں کے لیئے موافقت اور استعارہ و اضطرار کے ساتھ رابطے کی ترکیب ہوتی ہے جبکہ موافقت سے مراد اتباع ہے جیسا کہ ھذا ابنم، یہ ابنم ہے، رأیت ابنما، میں نے ابنم کو دیکھا اور عجبت ابنم یعنی ابنم سے متعجب ہوا۔

استعارہ سے مراد حرکت نقل ہے جیسا کہ قَد افلح کے دال کی حرکت نقل کرنے والے کی قرأت میں ہوتی ہے۔

اور اضطرار کے ساتھ ساکن حروف کے ملنے کی تحریک اور ترکیب ذاتی میں موافق کے اتباع کی حرکت ہوتی ہے۔ اگرچہ تمام حروف کی اصل تمکین ہے اور اُس کی بنیاد ہماری فطرت کے مطابق ہے اور یہاں عقل مند آدمی کے لیئے اسرار ہیں۔ مگر والدین فطرتِ مقیدہ سے نقل کرتے ہیں نہ کہ فطرت مطلقہ سے۔

ایسے ہی متمکن حروف کو اپنے مقام میں خلل نہیں آتا اور وہ تمام تر ثابت مبنی اپنے حال پر ساکن اور ٹھہرے ہوئے ہیں۔

پس جیسے بیان کرنے والا اپنے دل کی بات سننے والے کو پہنچاتا ہے تو اُسے تلوین کی طرف محتاجی ہوتی ہے اور ابو طالب مکی کے نزدیک وہ اس فلک کو حرکت دیتا ہے۔ جس سے حرکات پیدا ہوتی ہیں اور اُس کے علاوہ کے نزدیک وہی پہلی بات ہے اور لفظاً یا تحریراً اس فلک سے پیدا ہوتے ہیں۔

اور یہ مقام معائنہ حقائق کا ارادہ کرنے والے کے لیئے ہے اور ہم وہ نہیں کہتے جو ابی طالب نے کہا اور مختصراً بیان کرتے ہیں اور نہ ہی وہ کہتے ہیں جو ابی طالب کے علاوہ نے کہا بلکہ اُس میں انحصار کرتے ہیں کیونکہ دونوں میں سے ہر ایک نے ایک ایک جہت سے حق کہا ہے۔ اور اُسے پورا نہیں کیا،،

ہم کہتے ہیں کہ حقائق الہیہ جیسے افلاکِ علویہ پر اُس وجہ کے ساتھ توجہ دیتے ہیں جس کے ساتھ اپنے آثار کے محلات پر متوجہ ہیں اور یہ امر ابن طالب کے علاوہ کے نزدیک ہے اور ہر حقیقت اپنے مرتبے کو قبول کرتی ہے کہ ابی طالب کے علاوہ کے نزدیک یہ بھی ہے کہ چونکہ افلاک لطافت میں حقائق کے بہت قریب ہیں لہٰذا علائق کی کدورتوں سے صاف اور پاک مقام پر ہونے اور عدم شغل کی بناء پر وہ بہت پہلے قبول کر لیتے ہیں اس لیئے اُنہیں مؤثر سبب بنایا۔

اور اگر اُس بات کا قائل یہ جانتا ہے کہ یہ حقائق پہلے لطافت میں مناسبت

کی بناء پر توجہ دیتے ہیں جو کہ انسان کے انعکاس ہیں تو وہ عالم انعکاس سے اُس فلک علوی کو حرکت دیتا جو اُس کے مناسب ہے اور یہ ابی طالب کا مذہب ہے

پھر یہ فلکِ علوی عضوِ مطلوب کو مطلوبہ غرض کے ساتھ اُس مناسبت کے ساتھ حرکت دیتا ہے جو ان دونوں کے درمیان ہے کیونکہ فلک علوی اگرچہ لطیف ہے تاہم وہ ہمارے عالم انعکاس کے برعکس کثافت کے پہلے اور لطافت کے آخری درجہ میں ہوتا ہے۔

نیز یہ کہ مذاہب اکٹھے ہوئے جاتے ہیں۔ کیونکہ ہمارے نزدیک اختلاف درست نہیں اور نہ ہی یہ ہمارے طریق میں ہے مگر یہ سب کچھ کھولنے اور مزید وضاحت کی بناء پر ہے۔

یہاں آپ اللہ تبارک و تعالیٰ کے بہت بڑے اسرار میں سے اُس عجیب راز کو جان لیں جسکی طرف ہم نے اور ابو طالب مکی نے اپنی کتاب قوت القلوب میں اشارہ کیا ہے۔

متکلم کو تلوین کی محتاجی ہے

پھر ہم اپنے موضوع کی طرف لوٹتے ہوئے کہتے ہیں کہ متکلم اپنے مقصد تک پہنچنے کے لیئے تلوین کا محتاج ہوتا ہے تو حروف حرکات کے جاننے اور اُن سے اپنی مراد حاصل کرنے کے لیئے عالم حروف و حرکات کو اپنے مقابل پاتا ہے۔ کیونکہ نہ تو وہ اپنے حال سے زائد ہوتے ہیں اور نہ اُن کی حقیقت باطل ہوتی ہے مگر متکلم کے تخیل میں ہوتا ہے کہ اُس نے حرف میں تغیر واقع کر دیا ہے۔ حالانکہ وہ متغیر نہیں ہوتا۔

ویلامے یہ ہے کہ اگر آپ کی نظر زید کی دال میں اُس حیثیت سے فناء ہو جائے کہ وہ دال تو اس میں اُس کے تقدم کی حیثیت سے غور کریں۔ مثلاً قائم تو اُس پر فارغ ہو کر غور کریں یا یہ کہ کوئی فعل لفظی جس کے ساتھ اُس سے گفتگو کی جائے تو آپ کے لیے یہ درست نہیں۔ کہ سوائے مخصوص رفع یعنی زبر کے کوئی اور حرکت استعمال کریں تو وہ اپنی اُس بناء سے زائل نہیں ہوتا جس پر وہ پایا گیا ہے اور جس کا خیال ہے کہ فاعل کا دال ہی مفعول یا مجرور کا دال ہے تو وہ ملاوٹ کرتا ہے اور اُس کا عقیدہ ہے کہ پہلا کلمہ دوسرے کلمہ کی عین ہے اُس کی مثل نہیں''

اور جس کا اعتقاد ہے کہ یہ امر وجود میں ہے تو وہ بھی راہِ صواب سے دور ہٹا ہوا ہے۔ اگر ہمیں اللہ تعالیٰ نے الہام کیا تو کسی قدر الفاظ کو اُس فصل میں بیان کریں گے۔

اشتراکِ لفظی حقیقتوں کو نہیں بدلتا

آپ پر ظاہر ہو چکا ہے کہ اصل میں ہر چیز مسلّم الثبوت ہے کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ عبد کے ثبوت کی حقیقت اور اُس کا تمکن عبودیت میں ہے۔ اگر وہ ایک یوم وصفِ ربانی کے ساتھ متّصف ہو تو یہ نہ کہیں کہ وہ وصف اُس کے پاس عاریتاً ہے لیکن اُس حقیقت کو مدِ نظر رکھیں جس نے اُس وصف کو قبول کیا اور جس کا ثبوت اس حقیقت میں پایا جاتا ہے اور جب اُس حقیقت کے عین کا ظہور ہوتا ہے۔ تو اُس کا محل اس خلعہ میں ہوتا ہے

پس جب آپ یہ نہ کہیں کہ اپنے رب کے وصف کے ساتھ وہ اپنے طور سے نکل گیا ہے کیونکہ اللہ تبارک وتعالیٰ اپنا وصف نکال کر اُس کو نہیں دیتا بلکہ لفظ و معنی میں شبہ واقع ہوتا ہے۔ ساتھ اُس کے کہ وہ غیر محقق کے پاس تو کہتا ہے یہ وہی ہے اور

ہم جانتے ہیں کہ یہ نہیں ہے اور یہ بات اُس کے لائق ہے اور یہ بات اُس کے لائق نہیں ولیکن اُس کے نزدیک جیسے عاریتاً یا امانتاً یہ امر نہیں پہنچا تو یہ اُس کا قصور ہے اور اُس کا کلام ادراکِ حقائق سے نابینا کا کلام ہے کیونکہ یہ ہے تو لازماً اُسے یہ حق پہنچا پس وہ عبدِ رب نہیں ہوتا۔ اگرچہ اللہ سبحانہٗ تعالیٰ کے حق میں کہا جاتا ہے کہ وہ عالم ہے اور عبد یعنی بندے کے حق میں بھی کہا جاتا ہے کہ وہ عالم ہے اور ایسے ہی حیّ و مرید، سمیع و بصیر اور تمام صفات اور برکات ہیں جن میں رب اور عبد کے درمیان اشتراکِ لفظی ہے،،

پس اگر آپ نے حد میں حیاتِ حق کو حیاتِ عبد قرار دے دیا تو آپ پر محالات لازم آئیں گے۔ کیونکہ جب آپ رب تعالیٰ کی زندگی کو اُس کے حقِ ربوبیت پر مقرر کریں گے اور عبد کی زندگی کو کائنات کے استحقاق پر شمار کریں گے تو عبد کا حق ہے کہ وہ زندہ ہو اور اگر اُسے یہ حق نہ پہنچتا تو یہ امر درست نہ ہوتا۔ حق تعالیٰ جل شانہٗ آمر و قاہر نہیں مگر اپنی ذات کے لیے اور اللہ تعالیٰ اُس سے پاک ہے کہ وہ مامور یا مقہور ہو،،

اب جبکہ یہ ثابت ہے کہ مامور اور مقہور دوسرا امر اور دوسری عین ہے۔ تو لازماً عبد، حی، عالم، مرید اُس امر کے ساتھ متمکن ہو جس سے اُس کے ساتھ ارادہ کیا گیا اور حقائق سے یہی پتہ چلتا ہے۔

تو اُس پر ایک حرف ہے جو سوائے اپنی حرکت کے قبول نہیں کرتا جیسا کہ ہٰذا میں ضا ہے۔ اور پھر ایک حرف ہے جو اپنی جسمانی اور روحانی صورت کی جہت سے دو اور تین حرکات کو قبول کرتا ہے جیسے لہٗ، لَہا اور بِہٖ کے ضمیر میں ضا ہے جیسا کہ آپ اپنی ذات کے ساتھ خجالت قبول کرتے ہیں تو آپ کا چہرہ سُرخ ہو جاتا ہے اور آپ کی ذات خوف قبول کرتی ہے۔ تو آپ کا چہرہ زرد ہو جاتا ہے اور کپڑا مختلف رنگوں کو قبول کر لیتا ہے۔ اور کشف باقی نہیں رہتا۔ مگر اُس حقیقت سے جو اعراض کو قبول کرتی ہے

کیا وہ ایک ہی ہے یا اُس کی شان عدم اور وجود میں اعراض کی حالت جیسی ہے اور یہ بحث نقارے سے بیتے ہے اور ہم اس کے محتاج نہیں اور نہ ہی اسکی طرف التفات کرتے ہیں کیونکہ یہ ایک بحرِ عمیق ہے۔ جسکی معرفت مرید کے حال کے ساتھ باب کشف سے ہے۔ کیونکہ نگاہِ کشف سے آسان اور نگاہ عقل سے اُس کو جان لینا مشکل ہے۔

اگر آپ ہماری طرح جانتے ہوں

پھر ہم اپنے مضمون کی طرف لوٹتے ہوئے کہتے ہیں کہ جب حقیقتِ فاعلیت اپنی مخصوص بناء پر فعل سے فراغت کے بعد حرف پر قائم ہوتی ہے تو آپ کہتے ہیں۔ قال اللہ اور جب اُسکو طلب کرنے والی حقیقت اُس کے ساتھ قائم ہو تو اُس کے نزدیک اُس کا نام منصوب بالفعل یا مفعول جو چاہیں رکھ لیں اور یہ کہ آپ اُس سے امداد طلب کریں یا اُس کا قصد کریں جیسا کہ مجھ سے اُس کا قصد کریں جیسا کہ مجھ سے اُس امر کے ساتھ قیام طلب کیا جس کے ساتھ میں مکلف ہوں۔ تو اُس نے مجھے نہیں عطا کیا۔ مگر عطا میرے سوال کے بعد ہوئی ہے پس میرا سوال یا حال اُس وعدہ کے ساتھ میرے سوال کا قائم مقام ہوا جو اُس نے مجھے عطا کرنے کا کیا تھا۔

اللہ تبارک وتعالیٰ کا ارشاد ہے۔

وَكَانَ حَقًّا عَلَيْنَا نَصْرُ الْمُؤْمِنِينَ

اور مومنوں کی امداد کرنا ہم پر اُن کا حق ہے۔ الروم آیت ۴۷

پس میرا سوال اُس کے امر سے ہے اور اُس کی عطا اُس سے میرے مانگنے سے ہوئی۔

آپ کہتے ہیں دعوت اللہ تو حرفِ ہا کو نصب کرتے ہیں اور کبھی ہا پر پیش کی جگہ زبر ہو گی تو ہم حرکات کے ساتھ اختلافِ حقائق کو جان لیتے ہیں۔ اور اُس کے ساتھ بعض

لوگوں کے لحن میں اصطلاح ثابت ہے اور یہ تب ہوگا۔ جب ہمارے ساتھ دوسرا کلام کرے گا اور کلام کرنے والا حقائق کو پہلے ہی جانتا ہے۔ اور مخصوص افلاک کی طرف اقتضاء نظیر یا اجزاء افلاک کرتا ہے، اگرچہ اس مقام و مشابہ کا متکلم اس کی تفصیل کا علم نہ رکھتا ہو اور وہ نہ جاننے کی حیثیت سے اُسے جانتا ہے۔

اور یہ امر اُس کا اشیاء کا وہ تلفظ ادا کرنا ہے جس کے ساتھ لفظ معنی پر دلالت کرتا ہے اور یہ مقام لفظ میں بحث کرنے والے کا ہے کہ وہ دیکھے کہ اس کا مدلول کیا ہے۔ جس پر متکلم کے مقصود معانی کی دلالت ہو اور جو معنی لفظ کے ساتھ دلالت کرتا ہے وہ متحقق امر کی خبر دیتا ہے۔

ہم نے لحن اور آواز کو چھوڑ دیا ہے کیونکہ اُس کے افلاک ان افلاکت کے علاوہ ہیں۔ اور ایک گروہ کے برعکس دوسرے گروہ کے حق میں تحریر سے حرکات کو گرا دینے کا سبب کیا ہے اور کہاں سے ہے تو ان تمام کا ذکر کتاب مبادی میں ہے اس لئے کہ اس کتاب کی لطافت کی بناء پر اس میں ہمارا مقصد ایجاز و اختصار ہے۔

اگر آپ حقائق اور عالمِ ارواح پر اسی طرح مطلع ہو جائیں جس طرح ہم ہیں تو آپ ہر حقیقت و روح اور معنی کو اُس کے مرتبہ پر ملاحظہ فرمائیں گے تو اس پر غور کریں اور اسے لازم کرلیجیے۔

الفاظِ تجسیم و تشبیہ

ہم نے اس کتاب کے اُفق بعض حقائقِ حرکات کا ذکر کر دیا ہے اور عنان کو موڑتے ہوئے ان کلمات کی معرفت کی طرف رجوع کرتے ہیں۔ جن کا ہم نے ذکر کیا تھا۔

مثلاً۔ اِستواء۔ اَیْنَ، فی، عَانَ، ضحک، فَرح، تَبَشبُش، تَعجُّب۔ ملل، معیت۔ عَین، یَد، قَدم، وَجہ، صُورت تحوّل، غضب، حیاء۔ صَلوٰۃ، فراغت اور ان

جیسے وہ دوسرے الفاظ جو قرآن و حدیث میں وارد ہوئے ہیں اور ان سے اللہ تبارک وتعالیٰ کے لیے تشبیہ و تجسیم کا وہم لاحق ہوتا ہے۔ اور جو خاص عقل کے نزدیک فکر و نظر میں اللہ تبارک وتعالیٰ کی شان کے لائق معلوم نہیں ہوتے۔

ہم کہتے ہیں کہ قرآن عربی زبان میں نازل ہوا ہے اور اس میں وہی ہے جو عربی زبان میں ہے پایا جاتا ہے۔

چونکہ اہل عرب عقل میں نہ آنے والی بات کا شعور نہیں رکھتے تھے۔ چنانچہ قرآن مجید میں یہ کلمات اس صورت پر نازل ہوئے کہ وہ انہیں سمجھ سکیں۔ جیسا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ کا ارشاد ہے۔

ثُمَّ دَنَىٰ فَتَدَلّٰى فَكَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ اَوْ اَدْنٰى ۔ النجم آیت ۹

چونکہ عرب کے بادشاہ اپنے مقرب و مکرم بندے کو صاف اسی قدر فاصلے پر بٹھاتے تھے تو اس خطاب سے حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اپنے پروردگار سے قربت کی تفہیم ہوگئی تو اس سے سوائے قربت کے اور کچھ نہیں پس برہان عقلی سے حد اور مسافت و فاصلہ کی نفی ہوگئی۔ یہاں تک کہ ہمیں اس باب سے ملحق تیسرے باب میں تنزیہہ باری تعالیٰ کے سلسلہ میں ایسا کلام آئے گا۔ جس سے ان الفاظ میں تشبیہ کا وہم دور ہو جائے گا۔

الفاظ کی قسمیں

اہل عرب کے نزدیک الفاظ چار اقسام پر مشتمل ہیں۔

۱۔ الفاظ متباینہ اور یہ وہ اسماء ہیں جو اپنے مسمیٰ سے تجاوز نہیں کرتے جیسا کہ بحر، مفتاح، مقصان یعنی سمندر، چابی اور مقصان

۲۔ الفاظ متواطیہ، یہ ہر وہ لفظ ہے جسمیں متعدد انواع سے کسی ایک نوع پر اطلاق کرنا طے شدہ ہے جیسا کہ رجل، امراۃ یعنی مرد اور عورت ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

۳۔ الفاظ مشترکہ: یہ واحد کے صیغہ پر آنے والا ہر وہ لفظ ہے جس کا اطلاق مختلف معانی پر ہو۔ جیسا کہ عین، مشتری، انسان یعنی آنکھ، خریدار اور انسان۔

۴۔ الفاظ مترادفہ: ان الفاظ کا مختلف صیغوں میں ایک ہی معنی پر اطلاق ہوتا ہے جیسا کہ ''اسد، ہزبر اور غضنفر'' ان تینوں لفظوں کا معنی شیر ہے''

یا یہ کہ ''سیف، حسام، صارم'' ان تینوں الفاظ کا معنی تلوار ہے''

یا یہ کہ ''خمر، رحیق، صہبا اور خندریس'' تو ان چاروں الفاظ کا معنی شراب ہے۔

اشتباہ لفظی۔

طبائع میں یہی الفاظ اُمہات ہیں۔ مثلاً ٹھنڈک، گرمی، خشکی اور تری پھر متشابہ مستعار اور منقول وغیرہ الفاظ ہیں جو تمام تر اصطلاح کے ساتھ انہی اُمہات کی طرف لوٹتے ہیں۔ کیونکہ مشتبہ ہیں اگر آپ کہیں کہ الفاظ کے قبیلوں سے مشتبہ پانچواں قبیلہ ہے۔ مثلاً نور کا اطلاق معلوم پر اور علم پر ہوتا ہے کیونکہ نور کی علم سے مشابہت ہے جس کے ساتھ چشم بصیرت وا ہو کر معلوم کو جان لیتی ہے۔ جیسا کہ مرئی محسوس کے کشف میں بصارت کے ساتھ نور ہوتا ہے۔

اب جبکہ یہ تشبیہ درست ہے تو علم کا نام نور رکھا اور اس کا مشترکہ الفاظ سے الحاق کر دیا۔ چونکہ ان اُمہات سے کوئی لفظ الگ نہیں ہوتا اس لیے اس باب میں دیکھنے والے کی یہ حد ہے اور ہم ان کے ساتھ اس سلسلہ میں یہی بات کہتے ہیں بلکہ ہمارے پاس حقائق پر اطلاع پانے کی جہت سے مزید علم ہے جس پر وہ لوگ مطلع نہیں ہوئے۔ چنانچہ ہمارے علم میں یہ امر بھی ہے کہ تمام تر الفاظ متباین اور الگ الگ ہیں اگرچہ نطق میں مشترک ہوں اور دوسری جہت سے مشترک ہیں اگرچہ نطق میں الگ الگ ہوں۔ اور اس بات کی طرف اس باب میں حروف کی فصل کے آخر میں ہم اشارہ کر چکے ہیں۔

تشبیہ خداوندی کے بارے میں آیات و احادیث۔

اے میرے پیارے دوست اب جبکہ آپ اس امر کو جان چکے ہیں تو یہ بھی جان لیں کہ واقف کار محقق عارف کے لیئے وہ آیات و احادیث حجاب نہیں بنتیں جو اللہ تبارک وتعالیٰ کی تقدیس و تنزیہہ کے اثبات اور مماثلت و تشبیہ کی نفی کے مقابلہ میں وارد ہوئی ہیں اور جن میں اللہ تبارک وتقدس کے لیئے تشبیہ، جہت اور مکان وزمان کی قید ثابت ہوتی ہے، جیسا کہ حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک عورت کو فرمایا "

" این اللہ " یعنی اللہ کہاں ہے؟ اس نے آسمان کی طرف اشارہ کر دیا تو آپ نے اس عورت کے مومنہ ہونے کا اثبات فرمایا۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس سے اللہ تعالیٰ کی ظرف و مکان کے بارے میں پوچھا تھا۔ جبکہ عقل نظری میں اللہ تبارک وتعالیٰ کا مکان میں مقید ہونا جائز نہیں جبکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ تعالیٰ کو سب سے زیادہ جانتے ہیں اور اللہ تبارک وتعالیٰ اپنی ذات کو سب سے زیادہ جانتا ہے اور اس نے ظاہر طور پر ارشاد فرمایا ہے۔

أَأَمِنتُم مَّن فِي السَّمَاءِ " — الملک۔ آیت ۔

کیا تم اس سے نڈر ہو گئے جو آسمان میں ہے۔

اور فرمایا۔ وَكَانَ اللَّهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمًا ۝ — احزاب آیت ۴۰

اور اللہ سب کچھ جانتا تھا (ہے)

اور فرمایا اَلرَّحْمٰنُ عَلَى الْعَرْشِ اسْتَوٰى — طٰہٰ آیت ۵

رحمن نے عرش پر استواء فرمایا

اور فرمایا! وَهُوَ مَعَكُمْ أَيْنَ مَا كُنتُمْ

اور تم جہاں کہیں بھی ہو وہ تمہارے ساتھ ہے — الحدید آیت ۔ ۴

اور فرمایا۔ مَا يَكُونُ مِن نَّجْوَىٰ ثَلَاثَةٍ إِلَّا هُوَ رَابِعُهُمْ

جہاں کہیں تین شخص سرگوشی کرتے ہیں چوتھا وہ موجود ہے۔ المجادلہ آیت ۷

علاوہ ازیں حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے احادیث مبارکہ میں اللہ تبارک وتعالیٰ کے متعلق ارشاد فرمایا۔

یَفْرَحُ بِتَوْبَۃِ عَبْدِہٖ ۔

یعنی اُسے بندہ کی توبہ سے خوشی ہوتی ہے ۔

وَیَعْجَبُ مِنَ الشَّابِّ لَیْسَتْ لَہٗ صَبْوَۃٌ"

یعنی اللہ تعالیٰ اُس نوجوان پر تعجب کرتا ہے جسے عشق نہ ہو ۔

ایسے ہی اللہ تبارک وتعالیٰ کے بارے میں بھی الفاظ آئے ہیں ۔ تاہم برہانِ عقلی سے مقرر ہو چکا ہے ۔ کہ زمان ومکان ، جہات والفاظ حروف واَدوات اور متکلم و مخاطبین پیدا کئے گئے ہیں اور ان سب کو اللہ تبارک وتعالیٰ نے پیدا فرمایا ہے ۔ چنانچہ تحقیق کرنے والا قطعی طور پر جان لیتا ہے کہ یہ الفاظ اُس کے علاوہ وجہ کی طرف لوٹتے ہیں جس سے تجھے اللہ تبارک وتعالیٰ کے بارے میں تشبیہ وتمثیل کا گمان ہوتا ہے اور حقیقت اللہ تبارک وتعالیٰ کی تشبیہ وتمثیل کو ہرگز ہرگز قبول نہیں کرتی ۔

لیکن جن علماء کے عقائد میں اللہ تعالیٰ کے لئے تجسیم کا ہونا سالم ہے وہ تجسیم وتشبیہ الٰہی کے بارے میں زیادتی کرتے ہیں ۔ کیونکہ جن علماء پر مشبہ ومجسمہ ہونے کا اطلاق ہوتا ہے وہ ان کے دیگر امور کے علم کی حیثیت سے ہے ۔

پس علماء کا اُس وجہ سے اس تصرف میں ایک دوسرے سے بڑھ جانا حق تعالیٰ جلِ شانہٗ کے بارے میں وہ بات کہہ دینا ہے جو اُس کی شان کے لائق نہیں ۔

اہلِ تنزیہہ کا ایک گروہ :

ایک گروہ وہ ہے جو اللہ تبارک وتعالیٰ کے لئے تجسیم کا قائل ہے اور نہ تشبیہ کا اور اپنے علم کو اللہ تبارک وتعالیٰ اور اُس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے کلام کی طرف لوٹا دیتا ہے اور تجسیم وتشبیہِ خداوندی کے سلسلہ میں تاویل کے دروازے میں ایک قدم بھی نہیں رکھتا ۔

اور صرف ایمان رکھنے پر قناعت کی۔ اُسے علم عطا فرمایا اور تاویل نہیں رکھتا اور نہ ہی اُسی بات پر ایمان رکھنے پر قانع ہے جس کا اللہ تبارک وتعالیٰ نے ان ہی حروف کے بارے میں اسے علم عطا فرمایا اور تاویل نہیں کرتا اور نہ ہی وجوہ تنزیہہ میں سے کسی وجہ کی طرف پھیرتا ہے بلکہ ایک سی حالت کرتا ہے کہ میں نہیں جانتا لیکن میں تشبیہ کی وجہ سے اس پر باقی رکھنا محال سمجھتا ہوں اس لئے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ کا ارشاد ہے۔ لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ یعنی اس کی مثل کوئی چیز نہیں۔ اور نہ ہی اس وجہ سے کہ اس امر سے عقل نظر روکتی ہے چنانچہ اہل ظواہر میں سے فضلاء محدثین جنکے عقائد تشبیہ وتعطیل سے سالم ہیں یہی کہتے ہیں۔

اہل تنزیہہ کا دوسرا گروہ:۔

اہل تنزیہہ سے دوسرا گروہ ان کلمات کے ساتھ اس وجہ سے جو نظر عقلی میں اللہ تبارک وتعالیٰ کی شان کے لائق نہیں تنزیہہ کی متعینہ وجوہ کی طرف پھر گیا جو نظر عقلی میں جائز ہے کہ حق تعالیٰ جل شانہ اس سے متصف ہو۔ بلکہ وہ اس کے ساتھ متصف ہے۔ ان کلمات کی تاویل ضروری ہے جبکہ نظر عقلی میں صرف یہ ایک بات باقی رہتی ہے کہ کیا تاویل سے وہ مراد ہے یا نہیں جو لی گئی ہے؟ اور یہ تاویل اسکی الوہیت میں عیب نہیں لگاتی اور بسا اوقات اس کے ساتھ دو یا تین یا زیادہ وجہوں کی طرف عدول کرتے ہیں جو کلمہ کی حقیقت کے اعتبار سے زبان میں وضع کیئے گئے ہیں لیکن منزّہ وجوہ سے دوسری وجوہ سے نہیں۔

اور جب اس حدیث یا آیت کریمہ میں تاویل کرتے وقت زبان میں ایک وجہ کے سوا کوئی وجہ نہیں پاتے تو اس خبر کو اسی تنزیہہ کی وجہ سے چھوڑ دیتے ہیں اور قصر کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ یہ وہ امر نہیں مگر ہمارے علم وفہم میں یہی آیا ہے اور جب اس کے لیئے متعدد وجوہ کی طرف پھرنا پاتے ہیں تو اس حدیث یا آیت کو ان مصارف

کی طرف پھیر دیتے ہیں۔

اہل تنزیہہ کا تیسرا گروہ

ایک گروہ کہتا ہے: احتمال ہے کہ اس سے ایسے مراد ہو اور احتمال ہے کہ اس سے ویسے مراد ہو اور ان کے ہاں تنزیہہ کی متعدد وجوہ ہوتی ہیں پھر کہتے ہیں واللہ اعلم یعنی اللہ ہی اسکی مراد کو بہتر جانتا ہے۔

اہل تنزیہہ کا چوتھا گروہ

ان میں سے ایک گروہ کے ہاں ان وجوہ تنزیہہ میں سے قرینہ کے ساتھ ایک ہی وجہ ہو مضبوط اور قوی ہوتی ہے چنانچہ وہ خبر اور حدیث پر اس وجہ کے ساتھ اس قرینہ کو قطع نہیں کرتے اور اسی امر پر اختصار و اقتصار کرتے ہیں۔

اہل تنزیہہ کا پانچواں گروہ

اہلِ تنزیہہ میں سے ایک گروہ اور بھی ہے اور وہ ان چاروں سے بلند ہے اور وہ ہمارے اُن ساتھیوں سے ہے جن کے دل فکر و نظر سے فارغ اور خالی ہو چکے ہیں اس لیئے کہ متقدمین سے مقدمہ اور تاویل کرنے والے گروہ اہل فکر و نظر تھے اور بحث کیا کرتے تھے تو یہ توفیق دیا گیا طائفہ مبارکہ موفقہ قائم ہوا اور بحمد اللہ تعالیٰ تمام موفقوں یعنی توفیق دیئے گئے ہیں اور یہ کہتے ہیں کہ ہمارے نفوس کو حق تعالیٰ جل جلالہ، کی جو تعظیم حاصل ہو چکی ہے اُس کے پیش نظر ہمیں یہ قدرت حاصل نہیں کہ ہمارے پاس جو اللہ تبارک و تعالیٰ کی طرف سے آیا ہے اُس کی معرفت کے لیئے دقیق فکر و نظر کو کام میں لائیں یہ لوگ اپنے عقیدہ میں اُن محدثین کرام سے مشابہت رکھتے ہیں جن کے عقائد سلامتی والے ہیں، اس حیثیت سے کہ نہ تو وہ ان کلمات میں غور و فکر کرتے ہیں اور نہ ہی تاویل کرتے ہیں اور نہ ہی پھیرتے ہیں بلکہ کہتے ہیں ہم نہیں سمجھ پائے۔

ہمارے ساتھی انہی کے قول پر ہیں۔ پھر اس کے مرتبے سے منتقل ہو کر کہتے ہیں ان

کلمات کی تفہیم کے لیے ہم دوسرے راستے پر چلتے ہیں جس کے ساتھ قلوب فکری نظر سے فراغت حاصل کر کے ذکر ہی سے حق تعالیٰ کے ساتھ لبساطِ ادب و مراقبہ اور حضوری پر بیٹھ جاتے ہیں تاکہ اللہ تبارک و تعالیٰ کی طرف سے جو چیز ہمارے دلوں پر لوٹائی جاتے اُسے قبول کریں یہاں تک کہ حق تعالیٰ جل شانہ کشف و تحقیق پر ہماری تعلیم کا متولی ہو جاتے۔ کیونکہ ہم اُس کا یہ فرمان سنتے ہیں۔

وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَيُعَلِّمُكُمُ اللّٰهُ، البقرہ آیت ۲۸۲

اور اللہ سے ڈرو اور اللہ تمہیں سکھاتا ہے۔

اور اُس کا فرمان ہے۔

اِنْ تَتَّقُوا اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّكُمْ فُرْقَانًا الانفال آیت ۲۹

اللہ سے ڈرو گے تو وہ تمہیں دے گا جس سے حق کو باطل سے جدا کر لو

اور فرمایا۔

قُلْ رَّبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا طٰہٰ آیت ۱۱۴

کہیے اے رب میرا علم زیادہ فرما۔

اور فرمایا۔

عَلَّمْنَاهُ مِنْ لَّدُنَّا عِلْمًا الکہف آیت ۶۵

ہم نے اُسے اپنا علم لدنی سکھایا

توجب اُن کے قلوب اور ہمتیں اللہ تبارک و تعالیٰ کی طرف متوجہ ہوتی ہیں اور وہ اُسی کی طرف آجاتے ہیں۔ تو بحث و نظر کا دعویٰ کرنے والوں سے تمسک نہیں کرتے۔ ان کی عقلیں سلیم دل پاکیزہ اور فارغ ہو جاتے ہیں پھر جب ان میں یہ استعداد پیدا ہو جاتی ہیں تو اللہ تبارک و تعالیٰ کی تجلی اُن کی معلّم بن جاتی ہے تو یہ مشاہدہ اُن اخبار و کلمات کے معنوں پر انہیں ایک ہی بار میں اطلاع کر دیتا ہے۔

یہ مکاشفہ کا علم ہے

یہ قسم مکاشفہ کی قسموں سے ہے تو جب ادراکِ فکری کرنے والے علماء جن کا ذکر پہلے ہوا ہے دل کی آنکھوں سے دیکھتے ہیں تو اس کشف و معائنہ کے وقت ان کے لیئے ان خبروں کے بارے میں انہیں جو وہم تھا اُسے بغیر جاننے کے چھوڑ دینا درست نہیں اور نہ ہی اُن کے لیے یہ درست ہے کہ احتمالاتِ تنزیہہ کے معنوں کو بغیر متعین و مقرر کرنے کے چھوڑ دیں بلکہ وہ اس کلمہ کو اور اس کے معنیٰ کے سیاق کو جان لیتے ہیں اور اس سے جو اللہ تبارک و تعالیٰ کی مراد ہے اُس پہ آگاہ ہو جاتے ہیں۔

اور اگر دوسری خبر یعنی حدیث وغیرہ میں بعینہٖ یہ لفظ آیا ہو تو ان مقدس و متعین وجوہات میں سے اس مشاہدہ کرنے والے کے لیئے دوسری وجہ ہوتی ہے۔ یہ ہمارے گروہ کا حال ہے اور ہم میں سے ایک اور گروہ بھی ہے جن کے لیئے یہ تجلّی تو نہیں لیکن انہیں القاء و الہام اور لقاء و کتابت حاصل ہوتی ہے اُن کے ہاں ایک علامت اور نشانی ہے جبکہ انہیں القاء ہوتا ہے اور دوسرے لوگوں کو اس القاء کی خبر نہیں ہوتی چنانچہ وہ اپنے اس القاءِ الٰہی میں معصوم اور بے گناہ ہوتے ہیں اور وہی بات کرتے ہیں جسکا انہیں خطاب و الہام کیا جاتا ہے یا لقاء و کتابت ہوئی ہے۔

ان تمام محققین کے نزدیک جنہوں نے اس خبر کے قائل کو تسلیم کر لیا اور نظر نہ کی اور نہ ہی تشبیہہ و تعطل کو جانا'' اور وہ محققین جنہوں نے مباحثہ اور اجتہاد کیا اور اپنے طبقہ کے لوگوں سے مناظرہ بھی کیا اور وہ محققین جو صاحبانِ کشف و معائنہ نہیں اور وہ محققین جنہیں اللہ تبارک و تعالیٰ کی طرف سے خطاب و الہام ہوتا ہے۔ عقلی طور پہ محدثات میں حدود و تشبیہہ سے مُقید یہ ادوات و کلمات اللہ تبارک و تعالیٰ

کی ذاتِ اقدس پر داخل نہیں کرتے بلکہ اللہ تبارک وتعالیٰ پر تنزیہہ وتقدیس کے معنوں میں داخل کرتے ہیں چنانچہ علماء محققین کے نزدیک ذاتِ خداوندی کے لیئے ان کلمات کا ان پاکیزہ معنوں میں قبول کرنا ہے۔ جن کا تنزیہہ خداوندی اقتضاء کرتی ہے۔

اگر جسم سے مراد وجود ہے

اب جبکہ یہ امر طے شدہ ہے تو ظاہر ہو گیا کہ یہ ادوات وکلمات بات کو مخاطبین کے افہام تک پہنچانے کا ذریعہ ہیں اور ہر عالم اس امر میں اپنے فہم وقوت اور نفوذ وبصیرت کی حیثیت سے بات کرتا ہے اور اس عقیدہ تکلیف بقدرِ استطاعت عالم ہے۔

اگر مشبہ فرقہ کے لوگ یعنی تشبیہ الٰہی کے قائلین اپنی فطرت پر رہتے تو کافر نہ ہوتے اور نہ ہی تجسیم باری تعالیٰ کے قائل ہوتے۔

تاہم! اگر ان کے ارادہ تجسیم کا مقصد وجودِ حق تعالیٰ کا اثبات ہے اور اپنے افہام کے قصور کی بناء پر اپنے اس تخیّل سے اثباتِ وجود کرتے ہیں تو ان کی نجات ہو جائے گی۔

چونکہ محققین کے نزدیک مدارج تحقیق میں ان کے رتبوں کے ساتھ تفاضل ثابت ہے اس لیئے دیگر حقائق کو نقل کیا جاتا ہے۔

وجودِ حق تعالیٰ عالم کے ساتھ مقید نہیں

جن لوگوں کو حقائق عطا ہوتے ہیں وہ اس امر پر توقف کرتے ہیں کہ وجود حقِ تعالیٰ وجودِ عالم کے ساتھ نہ تو قبلیت ومعیت کے ساتھ مقید ہے اور نہ ہی بعدیت زمانہ سے۔ کیونکہ حق تعالیٰ جل شانہٗ کے لیئے تقدمِ زمانی ومکانی کا قائل امر جس کے ساتھ تحدید پر ہے حقائق اس کی تردید کر دیتے ہیں۔ ہاں! اگر وہ اس بات کو

بابِ توصیل یعنی سمجھانے کے ارادہ سے کرے تو کر سکتا ہے جیسا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم نے فرمایا! اللہ کی کتاب کا نطق ہے اس لیے کہ ہر شخص ان حقائق کے کشف کی قوت نہیں رکھتا۔

اندریں حالات ہم صرف یہ کہہ سکتے ہیں کہ اللہ تبارک و تعالیٰ بذاتہٖ اپنی ذات کے لیے اپنے غیر کے ساتھ مقید نہیں اور مطلق الوجود موجود ہے۔ نہ ہی وہ کسی چیز سے معلول ہے اور نہ ہی کسی چیز کی علت بلکہ وہ تمام معلولات و علل کا خالق اور ہمیشہ ہمیشہ سے ملک القدوس پاکیزہ بادشاہ ہے۔"

جبکہ یہ عالم نہ تو اپنی ذات کے لیے موجود ہے اور نہ ہی اپنی ذات کے ساتھ موجود ہے بلکہ اللہ تبارک و تعالیٰ کے ساتھ موجود ہے اور وجودِ حق تعالیٰ کے ساتھ مقید الوجود ہے چنانچہ عالم کا وجود بغیر حق تعالیٰ کے وجود کے درست نہیں ہوگا۔

زمانہ تھا ہی نہیں

اب جبکہ حق تعالیٰ کے وجود سے زمانہ کی نفی ہو گئی اور ابتداءِ عالم سے بھی زمانہ کا فقدان ہے تو وجودِ عالم زمانہ کے بغیر ہوگا۔ ہم ایک جہت سے نہیں کہتے کہ یہ امر کس چیز پر واقع ہے تاہم حق تعالیٰ جل شانہ، وجودِ عالم سے قبل موجود ہے۔ اس لیے کہ یہ امر ثابت ہے کہ "قبل" صیغہ ہائے زمان سے ہے اور زمانہ تھا ہی نہیں اور نہ ہی یہ بات ہے کہ عالم وجودِ حق تعالیٰ کے بعد موجود ہوا ہے اور یہ صورت اس لیے ہے کہ حق تعالیٰ کے وجود کے ساتھ نہ بعدیت نہ معیت اس لیے کہ اللہ تعالیٰ وہ ہے جس نے عالم کو پیدا کیا اور وہ عالم کا فاعل ہے اور اس نے اسکی اُس وقت اختراع فرمائی جب کوئی چیز نہ تھی ولیکن جس طرح ہم کہتے ہیں کہ حق تعالیٰ بذاتہٖ موجود ہے اور عالم اُس کے ساتھ موجود ہے۔

اگر کوئی شخص ہم سے یہ سوال کرے کہ وجودِ عالم وجودِ حق تعالیٰ سے کب ظاہر ہوا۔

توہم کہیں گے کہ "کب" سوالِ زمانی ہے اور زمانہ عالم کی نسبتوں سے ہے اور اللہ تعالیٰ کی مخلوق ہے کیونکہ اس کے لیے نسبتوں کا عالم ہے جبکہ خلق تقدیر ہے ایجاد نہیں تو اس صورت میں یہ سوال ہی باطل قرار پاتا ہے۔

وجودِ حق تعالیٰ اور وجودِ عالم۔

آپ غور فرمائیں کہ آپ نے کیسا سوال کیا ہے؟ اس لیے کہ اس طرح تو آپ کی ذات میں ان کلمات کے معانی آپ کو تحصیل وافہام تک پہنچانے سے رد کریں گے۔

پس صرف اور صرف حق تعالیٰ کا وجود خالص باقی ہے جو عدم میں نہیں آیا اور جو وجود عدم سے آیا بنفسہٖ عین الوجود ہے اور یہ وجودِ عالم ہے۔

حق یہ ہے کہ وجودِ حق تعالیٰ اور وجودِ عالم" دونوں وجودوں کے درمیان نہ تو علیحدگی ہے اور نہ ہی اتحاد مگر یہ توہّم مقدر ہے جو علم کے لیے محال ہے اور اس سے کوئی چیز باقی نہیں مگر یہ کہ وجودِ مطلق ومقید اور وجودِ فاعل اور وجودِ منفعل۔ حقائق یہی کچھ عطا کرتے ہیں و السلام

کیا اللہ تعالیٰ اختراع فرماتا ہے۔

مجھ سے ایک وقت آنے والے نے سوال کیا کیا حق تعالیٰ پر اطلاقِ اختراع ہو سکتا ہے؟

میں نے اُس سے کہا! حق تعالیٰ کا علم بذاتہٖ عین عالم کو اس کا جاننا ہے۔ اس لیے کہ عالم باوجود عدم سے متصف ہونے کے ہمیشہ سے اللہ تعالیٰ کا مشہود رہا ہے اور اس کا مشہور ہونا اپنی ذات سے نہیں اس لیے کہ وہ موجود ہی نہ تھا۔ اور یہ مسئلہ ایسا بحرِ ہلاکت ہے جس میں اغوا کرنے والے ایسے لوگ ہلاک ہو گئے۔ جنہیں کشف حاصل حاصل نہ تھا۔

بہر کیف! ایک نسبت سے عالم ازل سے موجود ہے تو اس کا علم ازل سے

موجود ہوگا اور اُس کا علم بنفسہٖ اُسے عالم کا علم ہے تو عالم کے ساتھ اُس کا علم ازل سے موجود ہے۔

پس حق تعالیٰ جلّ شانہٗ کو عالم کا علم عالم کے عدم کے حال میں تھا چنانچہ اُس نے اسے اپنے علم کی صورت میں پیدا فرمایا۔ تاہم اس کا بیان کتاب کے آخر میں آئے گا۔ اور یہ قدر کا ایک راز ہے جو اکثر محققین سے پوشیدہ ہے۔

اندریں صورت عالم میں اختراع کی بات درست نہیں تاکہ ایک وجہ سے اختراع کا اطلاق ہو سکتا ہے مگر اُس وجہ سے نہیں ہوتا جس کا اقتضا حقیقتِ اختراع کرتی ہے کیوں کہ یہ امر جناب الٰہی میں نقص کی طرف لے جاتا ہے پس لفظ اختراع صرف عبد میں کہنا درست ہے۔

اختراع کون کرتا ہے؟

یہ امر اس طرح ہے کہ درحقیقت مخترع اختراع نہیں کرتا یہاں تک کہ پہلے اُس مثال کی اختراع کرے جس کے اظہار کی مراد کو فی نفسہٖ وجود میں لاتا ہے پھر جس چیز کی مثل اُس کے علم میں تھی اسے قوتِ عمل سے وجودِ حسی کی طرف اُس شکل پر ظاہر کر دیتا ہے۔ اب جبکہ وہ کسی چیز کو فی نفسہٖ پہلے اختراع نہیں کرتا تو وہ حقیقۃً "مخترع" نہیں ہوگا۔

پھر جب تجھے اُس امر پر قدرت حاصل ہو جائے جس کا علم تجھے کسی دوسرے شخص سے ہوا اور اُس کی شکل کی ترتیب کی مثل وجود میں ظاہر نہیں ہوتی تو جب بھی تجھے اُس کا علم تو ہو ہی چکا ہے جسے تو نے اپنے علم کے مطابق وجود کی صورت میں ظاہر کر دیا۔

اندریں صورت نفس الامر میں تو اپنی ذات کے نزدیک اُس چیز کا مخترع نہیں اور نہ ہی تو نے اُس کی اختراع کی ہے۔

چنانچہ فی الحقیقت مخترع وہ ہو سکتا ہے جو فی نفسہٖ اس چیز کی مثال کی اختراع کرے اور پھر تجھے اس کا علم عطا کرے اور اگر لوگ اس اختراع کی نسبت تیری طرف محض اس لیے کریں کہ تیری تیار کردہ چیز تجھ سے پہلے انہوں نے کہیں نہیں دیکھی تو تجھے ان کی باتوں پر دھیان نہ دینا چاہیئے جو تیرے امور کو نہیں جانتے بلکہ تجھے اس امر کی طرف رجوع کرنا چاہیئے جسے تو بذاتہٖ جانتا ہے۔

خدا کا تدبیر عالم فرمانا اختراع نہیں ہے۔

جان لیں کہ احق سبحانہ، تعالیٰ نے اس شخص کی طرح تدبیر عالم نہیں کی جسے کچھ حاصل نہ ہو اور نہ ہی اس نے جہان کو پیدا کرنے میں غور و فکر سے کام لیا ہے اور نہ ہی یہ امور اس کی ذات والا صفات کے لیئے جائز ہیں۔ اور نہ ہی فی نفسہٖ اس نے کسی ایسی چیز کی اختراع فرمائی ہے جس پر وہ پہلے موجود نہ تھی اور نہ ہی فی ذاتہٖ اس نے یہ فرمایا ہے کہ میں اس چیز کو ایسے اور ایسے بناؤں گا، لہٰذا یہ تمام صورتیں اسکی ذاتِ پاک کے لیئے جائز اور درست نہیں۔

ضروریاتِ اختراع :۔

جاننا چاہیئے کہ اختراع کرنے والا پہلے موجودات میں موجود متفرق اجزاء کو حاصل کرتا ہے پھر اپنے ذہن و ہمت میں ان اجزاء کی اس طرح تالیف کرتا ہے۔ کہ قبل ازیں اسکی مثل اس کے علم میں نہ تھی اور اگر تھی بھی تو کچھ حرج نہیں کیونکہ یہ اس پہلے شخص کی طرح ہے جس پر کسی نے سبقت حاصل نہیں کی جیسا کہ شعراء اور فصحاء حضرات اختراعِ معانی میں حسنِ نگارش کا اہتمام کرتے ہیں۔

علاوہ ازیں اختراع کو ان معنوں میں بھی لیا جاتا ہے کہ کسی کی اختراع کردہ چیز کا اس سے پہلے بھی کوئی مخترع ہو جب سننے والا اس کے بارے میں سنے تو اسے سرقہ اور چوری کا گمان کرے۔

پس اگر مخترع اپنی اختراع سے لذت اندوز ہونے اور تمتع حاصل کرنے کا خواہش مند ہے۔ تو اُسے یہ حق نہیں پہنچتا کہ اپنی پیدا کردہ مخصوص چیز کے علاوہ کسی چیز پر نظر رکھے اس لیے کہ اگر مخترع ایسی چیز کو دیکھے گا جو اُس سے پہلے ہی اختراع کی جا چکی تھی اور اُس نے بعد میں اختراع کی ہے تو لبسا اوقات یہ امر اُسکی ہلاکت اور جگر پھٹ جانے کا باعث بھی ہو جاتا ہے۔

اکثر علماء بلغاء ریاضی دان، بڑھئی اور معمار کاریگر اختراع کیا کرتے ہیں اور بہت سے مخترعین کی فطرت میں ذکاوت ہوتی ہے اور وہ اپنے عقول پر کامل تصرف رکھتے ہیں چنانچہ حقیقتِ اختراع اُس شخص پر درست ہوگی جو کسی ایسی چیز کو اپنی فکر سے نکالے جو اُس کے علم میں اُس سے پہلے نہ تھی، اور نہ ہی کسی دوسرے شخص کو اُس سے پہلے قوت یا قوت و فعل کے ساتھ اُس کا علم ہو خواہ ان علوم ہی سے کیوں نہ ہو جنکی غایت و انتہا عمل ہے۔

علمِ الٰہی ازلی ہے۔

اُس کے برعکس اللہ جلَّ شانہٗ، عالم کو ازل ہی سے ہمیشہ ہمیشہ کے لیے جانتا ہے اور اُس پر یہ حالت کبھی نہیں آتی جس میں اُسے اِس عالم کا علم نہ رہا ہو پس اُس نے فی نفسہٖ ایسی کوئی چیز اختراع نہیں فرمائی جس کا اُسے علم نہ ہو۔

اب جبکہ علماء باللہ کے نزدیک اللہ تبارک وتعالیٰ کا علم پاک قدیم اور ازلی ہے تو ثابت ہوا کہ اُس نے بالفعل ہماری اختراع فرمائی ہے نہ کہ اُس نے فی نفسہٖ ہماری مثال کی اسطرح اختراع فرمائی ہے جو اُس کے علم کی صورت میں ہے کیونکہ ہمارا وجود اس حد پر تھا جو اُس کے علم میں ہے، اور اگر یہ بات نہ ہوتی تو ہم وجود کی طرف اُس حد پر نکلتے جو اُس کے علم میں نہ ہوتی اور جو بات اس کے علم میں نہ ہوتی اُس کا وہ ارادہ نہ فرماتا اور جس چیز کا وہ ارادہ نہ فرماتا اور اُس کا علم نہ رکھتا تو اُسے پیدا نہ فرماتا۔

بصدیں صورت ہماری موجودگی دو طرح پر ہو سکتی تھی یا تو یہ کہ ہم خود بخود AUTOMATIC پیدا ہو جاتے یا اتفاقاً پیدا ہو جاتے '' اور اگر ایسا ہوتا تو ہمارے وجود کا عدم سے آنا درست نہ ہوتا حالانکہ ہمارے عدم سے وجود میں آنے اور اللہ تبارک و تعالیٰ کے علم میں ہونے پر برہان دلالت کرتی ہے کہ اس نے ہمیں وجود دینا چاہا تو ہمیں اس صورت ثانیہ پر پیدا فرما دیا جو ہمارے ساتھ اس کے علم میں تھی اور ہم اپنے اعیان و وجودات میں معدوم تھے۔

اب جبکہ مثال میں اختراع نہیں تو صرف اختراعِ فعل باقی رہ جائے گی اور یہ امر عین میں موجود مثال کے عدم اور نہ ہونے کی بناء پر درست ہے۔

پس جو کچھ ہم نے بیان کیا ہے اسکی تحقیق کریں اور بعد میں جو کہنا چاہیں کہہ لیں اگر چاہیں تو اس کا وصف اختراع اور مثال کے ساتھ بیان کریں اور اگر چاہیں تو اس امر کی نفی کریں جسکی نفی ہوتی ہے۔ مگر یہ بات اس وقت کریں جب اس امر پر واقفیت حاصل کریں جو میں آپ کے علم میں لایا ہوں۔

تیسری فصل

علم، عالم، اور معلوم کے بیان میں

اَلْعِلْمُ وَ الْمَعْلُوْمُ وَالْعَالِمُ
ثَلَاثَةٌ حُكْمُهُمْ وَاحِدٌ
وَاِنْ تَشَآءَ اَحْكَامُهُمْ مِثْلَهُمْ
ثَلَاثَةٌ اَثْبَتَهَا الشَّاهِدُ
وَصَاحِبُ الْغَيْبِ يَرَى وَاحِدٌ
لَيْسَ عَلَيْهِ فِي الْعُلىٰ زَائِدٌ

علم و عالم اور معلوم تینوں کا حکم ایک ہے۔

اگر آپ چاہیں تو ان کی مثل ان کے تین حکم شاہد یعنی حاضر نے ثابت کیے ہیں اور صاحبِ غیب ان تینوں کو ایک دیکھتا ہے بلندی میں اس پر زائد نہیں۔ اللہ تبارک و تعالیٰ آپ کی مدد فرمائے جان لیں کہ علم کسی امر کو دل کا اس کی اس حد پر حاصل کرنا ہے جس پر وہ امر فی نفسہ ہے خواہ معدوم ہو۔ یا موجود۔

پس علم وہ صفت ہے جو دل سے حاصل کرنے کو واجب کرتی ہے اور عالم وہ دل ہے جس سے حاصل کیا جاتا ہے۔ اور معلوم وہ امر ہے جسے حاصل کرنا ہے جبکہ حقیقت علم کا تصور انتہائی مشکل امر ہے لیکن حصولِ علم کے لیئے کمربستہ رہیں جو انشاء اللہ تعالیٰ اس کے ساتھ ظاہر ہوگا۔

دل کا آئینہ؛

جان لیں کہ دل مرأتِ مصقولہ یعنی صیقل کیا گیا آئینہ ہے اور تمام کا تمام چہرہ ہے جو کبھی زنگ آلود اور مکدر نہیں ہوتا اور اگر کسی روز اس پر زنگ آلود ہونے کا اطلاق ہو جائے تو حضورِ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے حکم کے مطابق ذکرِ الٰہی اور تلاوت قرآن سے مُصفّا کریں۔ حدیث شریف ہے۔

إِنَّ الْقُلُوبَ لَتَصْدَأُ كَمَا الْقَيْدَاءُ الْحَدِيْدَانِ جَلَاءُهَا ذِكْرُ اللّٰهِ وَتِلَاوَةُ الْقُرْآنِ

یعنی دل لوہے کے زنگ کی طرح زنگ آلود ہو جاتے ہیں تو ان کی صفائی اللہ تعالیٰ کے ذکر اور قرآن مجید کی تلاوت سے ہوتی ہے۔

ولیکن اس ذکر الحکیم سے مراد یہ زنگ نہیں کہ دل کے چہرے پر زنگ آجاتا ہے ہاں جب وہ علم باللہ سے اسبابِ علم کے ساتھ مشغولیت اور تعلق پیدا کر لیتا ہے تو اس غیر اللہ کے تعلق سے دل کی تہہ پر زنگ آجاتا ہے کیونکہ غیر اللہ سے یہ تعلق اس دل کی طرف آنے والی حق تعالیٰ کی تجلی کو روک دیتا ہے چونکہ حضرت یہ علی الدوام متجلا ہے اور اس کے حق میں ہم سے حجاب کا تصور نہیں کیا جا سکتا چنانچہ یہ دل خطاب شرعی محمود کی جہت سے اسے قبول نہیں کرتا۔ کیونکہ اس غیر کے زنگ کو قبول کر چکا ہے اور اس پر قفل لگ چکا ہے اور اندھاپن وغیرہ آچکا ہے۔

مگر حق تعالیٰ تجھے اپنے پاس سے علم عطا فرماتا ہے۔ ولیکن اس کے علم میں غیر اللہ ہے جبکہ علماء کے نزدیک نفس الامر میں وہ علم باللہ ہے اور ہمارے قول کی تائید اللہ تبارک وتعالیٰ کے اس ارشاد سے ہوتی ہے۔

وَقَالُوا قُلُوبُنَا فِي أَكِنَّةٍ مِّمَّا تَدْعُونَا إِلَيْهِ (حم السجدہ آیت ۵)

اور بولے ہمارے دل غلاف میں ہیں اس بات سے جس کی طرف تم ہمیں بلاتے ہو۔

چنانچہ وہ اُس امر سے پردے میں تھے جسکی طرف انہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم خصوصیت سے دعوت دیتے تھے نہ یہ کہ وہ کسی پردہ میں تھے۔ لیکن انہیں اُس امر سے تعلق پیدا ہو گیا تھا جسکی دعوت نہیں دی جاتی تھی:

پس وہ اُس امر کے ادراک سے نابینا ہو گئے تھے جسکی طرف سے دعوت دی جاتی تھی اور انہیں کچھ نظر نہ آتا تھا اور دل تو ہمیشہ جلاء مصقولہ صافیہ پر شگافتہ ہیں اور ہر وہ دل جس میں حضرتِ الٰہیہ کی تجلی وارد ہوتی ہو یاقوتِ احمر کی طرح ہے۔ اور وہ تجلی ذاتی ہے تو یہ قلبِ مشاہد الیسا کمل اور عالم ہے جسکے اُوپر تجلیات میں سے کوئی تجلی نہیں ایکے نیچے تجلی صفات اور دونوں کے نیچے تجلی افعال ہے اور جس پر کوئی تجلی وارد نہ ہو وہ دل اللہ تعالیٰ سے غافل اور قرب الٰہی سے مردود مقرر کیا گیا ہے۔

اللہ تبارک وتعالیٰ آپ کو توفیق عطا فرمائے قلب کے بارے میں جس حد پر ہم نے ذکر کیا ہے اُس پر غور کریں اور دیکھ لیں کہ آپ اسے علم مقرر کرتے ہیں تو یہ درست نہیں اگر آپ کہیں کہ یہ صفات ذاتیہ ہے تو اس کے لئے کوئی راہ نہیں۔ ولیکن یہی سبب ہے جیسا کہ دل کے لئے ظہور معلوم سبب ہے۔

اگر آپ کہیں کہ سبب وہ ہے جو دل میں معلوم حاصل کرتا ہے تو یہ بھی راہ نہیں ہے۔ اگر آپ کہیں معلوم سے نفس میں مثال منقوش و منطبع ہوتی ہے اور یہ معلوم کا تصور ہے تو یہ بھی طریق نہیں۔

علم کیا ہے۔

اگر آپ سے کہا جائے کہ علم کیا ہے تو کہیں کہ

ادراک کرنے والے کا اُس حد پر ادراک کرنا جس پر وہ فی نفسہٖ ہے جبکہ اس کا ادراک غیر ممتنع ہو اور جس کا ادراک ممتنع نہ ہو تو اُس کا ادراک نہ کرنا ہی علم ہے۔ جیسا کہ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ارشاد ہے۔

اَلْعَجْزُ عَنْ دَرْکِ الْاِدْرَاکِ اِدْرَاکٌ

یعنی درک الادراک سے عاجز آنا ہی ادراک ہے۔

پس مقرر کیا گیا کہ علم باللہ وہ ہے جس کا ادراک نہ کیا جا سکے۔ اسے جان لیں ولیکن اس کا ادراک کسب عقل کی جہت سے نہیں جیسا کہ بغیر اس کے اس کا جاننا ہے۔ تاہم اس کا ادراک اس کے جود و کرم اور اس کی عطا سے ہوتا ہے۔ جیسا کہ اہل شہود و مشاہدہ عارفوں کو اس کی معرفت حاصل ہے۔ اور یہ معرفت مشاہدہ سے حاصل ہوتی ہے نہ کہ نظر کی حیثیت سے قوتِ عقل کے ساتھ

کیا خدا کی مناسبت مخلوق سے ہے؟

اب جبکہ یہ ثابت ہو چکا ہے کہ کسی امر کا علم معرفت کے سوا حاصل نہیں ہوتا جو دوسرے امر کے ساتھ اس معرفت سے قبل تھا تو لازماً اس سے دونوں معروفوں کے درمیان مناسبت ہو گی اور یہ امر ثابت ہے کہ اللہ تبارک و تعالیٰ اور اسکی مخلوق کے درمیان کوئی مناسبت اس مناسبت کی جہت سے موجود ہی نہیں جو اشیاء کے درمیان ہوتی ہے اور یہ مناسبتِ جنس نوع یا شخص کی مناسبت ہے پس ہمیں کسی چیز کا متقدم اور پہلا علم نہیں جسکے ساتھ ہم ذاتِ حق کا ادراک کر سکیں۔ اس لیئے کہ ادراک کے لیئے دونوں کے درمیان مناسبت ہونا چاہیئے اسکی مثال یوں ہے کہ ہم نے افلاک کی طبیعت کو جانا کہ یہ طبیعت خامسہ ہے اور اگر ہمیں امہاتِ اربع کا علم پہلے نہ ہوتا تو ہرگز ہرگز نہ جان پاتے۔

پس جب ہم نے دیکھا کہ افلاک ان طبائع سے اس حکم کے ساتھ خارج ہے کہ وہ ان امہات سے نہیں تو ہمیں علم ہو گیا کہ حرکت علویہ کی جہت سے جو اثیر، ہوا اور سفلیہ میں پانی اور مٹی میں ہے افلاک پانچویں طبیعت ہے۔ اور افلاک و امہات جوہریہ کے درمیان ہو کہ ایک جنس ہیں کل اور نوعیت کی جامع مناسبت ہے تو یہ نوع ہے

جیسا کہ جنسِ واحد کے لئے ایک نوع ہو اور ایسے ہی شخصیت ہوتی ہے اور اگر یہ تناسب نہ ہوتا تو ہم علم طبائع سے مزاجِ فلک کو نہ جان پاتے۔

ہر کیف باری تعالیٰ اور عالم کے درمیان ان وجوہ سے کوئی مناسبت نہیں تو اُسے علم سابق کی بناء پر بغیر اُس کے کبھی نہیں جانا جا سکتا جیسا کہ بعض لوگوں نے گمان کیا ہے کہ غائب پر شاہد کا استدلال علم و ارادہ اور کلام وغیرہ سے ہوتا ہے۔ پھر وہ اپنی ذات پر محمول کرتے ہوئے اُس کا قیاس کرنے کے بعد اُس کی تقدیس و پاکیزگی بیان کرتا ہے۔

اللہ تعالےٰ کو جان لینا کیسے ہے۔

جو بات ہمارے علم باللہ تعالیٰ اور ہمارے مذہب کی مؤید ہے وہ یہ ہے کہ علم حسب معلوم مترتب ہوتا ہے اور حسبِ انفصال معلوم اپنی ذات میں اپنے غیر سے منفصل ہوتا ہے اور وہ چیز جس کے ساتھ معلوم منفصل اور علیحدہ ہوتا ہے یا تو جوہریت کی جہت سے ذات ہوگی جیسا کہ عقل یا نفس یا پھر اپنے مزاج کی جہت سے ذات ہوگی۔ جیسا کہ حرارت اور آگ کا جلانا ہے۔

تو جس طرح عقل نفس سے اپنی جوہریت کی جہت سے علیحدہ ہے ایسے ہی آگ اپنے غیر سے الگ ہے جیسا کہ ہم نے اس کا ذکر کیا۔

اب یا تو وہ اُس سے بذاتہ منفصل اور علیحدہ ہے مگر جس کے ساتھ اُس میں وہ معمول ہے یا حال کے ساتھ ہے جیسا کہ بیٹھنے والے کا بیٹھنا اور کتابت کرنے والے کا لکھنا اور یا ہئیت کے ساتھ ہے جیسا کہ سیاہ کی سیاہی اور سفید کی سفیدی اور یہ اہل عقل کے نزدیک مدارک عقل کا حصّہ ہے تو خارج کی حیثیت سے عقل کے لئے اُس سے کوئی معلوم نہیں پایا جاتا جیسا کہ ہم نے اُس کا وصف بیان کیا مگر جاننا چاہئیے کہ جو چیز اپنے غیر سے الگ ہوتی ہے یا تو وہ اپنے

جوہر کی جہت سے ہو گی یا اپنے مزاج یا حال یا ہیت کے اعتبار سے ہو گی اور عقل ایسی کسی چیز کو نہیں پا سکتی جس میں یہ چیزیں نہ ہوں اور یہ چیزیں اللہ تبارک وتعالیٰ میں نہیں پائی جاتیں تو بحیثیت ناظرہ باحثہ کے عقل ہرگز ہرگز اُسے نہیں جان سکتی اور عقل اُسے اُس نظر و برہان کی حیثیت سے جان بھی کیسے سکتی ہے جبکی طرف حس یا ضرورت یا تجربہ کا استثناء ہو، اور باری تعالیٰ جل شانہ کا ادراک ان اصولوں سے نہیں ہو سکتا۔ جن کی طرف عقل اپنی برہان میں رجوع کرتی ہے اس وقت اُس کے لیئے برہانِ وجودی درست ہو گی۔

پس اہل عقل کیسے دعویٰ کر سکتا ہے کہ وہ دلیل کی جہت سے اپنے رب کو جانتا ہے اور باری تعالیٰ جل شانہ کو اُس نے معلوم کر لیا ہے۔

اگر یہ اہل عقل، صناعیہ، طبعیہ، تکوینیہ، انبجاثیہ اور ابداعیہ مفعولات کی طرف دیکھتا کہ ان میں سے ہر ایک اپنے فاعل سے ناواقف ہے تو جان لیتا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ کو دلیل کے ساتھ کبھی نہیں جانا جا سکتا۔ لیکن اتنا علم ہوتا ہے کہ وہ موجود ہے اور عالم اُس کا محتاج ہے اور عالم کی محتاجی ذاتی ہے جس سے اُس کے لیئے ہرگز ہرگز چارہ کار نہیں۔ اللہ تبارک وتعالیٰ کا ارشاد ہے۔

يَاأَيُّهَا النَّاسُ أَنتُمُ الْفُقَرَاءُ إِلَى اللَّهِ وَاللَّهُ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيدُ

پس جو شخص چاہتا ہے کہ توحید کے لُبِ لباب کی معرفت حاصل کرے تو اُسکو کتاب عزیز قرآن مجید میں وارد ہونے والی آیات توحید پر غور کرنا چاہیئے اس لیئے کہ جس قدر کوئی اپنی ذات کو جانتا ہے دوسرا اپنی ذات سے اُس کے بارے میں اتنا نہیں جانتا۔ پس اللہ تبارک تعالیٰ نے اپنا جو وصف بنفسہٖ بیان فرمایا ہے اُس پر غور فرمائیں اور اللہ تبارکُ تعالیٰ سے دعا کریں کہ وہ آپ کو یہ تفہیم عطا فرمائے

کہ آپ اُس علمِ الٰہی کی واقفیت حاصل کریں جسکی طرف عقل اپنی فکر سے اَبداً آباد تک رسائی حاصل نہیں کرسکتی۔ ہم اس باب سے ملحقہ باب یعنی باب سوم میں عنقریب توحید کے بارے میں آیات بیّنات نقل کریں گے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ ہمیں ان کا فہم نصیب فرمائے اور اُن عالموں میں سے بنائے جو اُس کی آیات کا شعور رکھتے ہیں۔ آمین۔

باب دوم کا ترجمہ اختتام پذیر ہوا۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْن وَعَلٰی آلِہِ الطَّاھِرِیْنَ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْن۔

ملتمسِ دُعا!
ناچیز صائم چشتی

باب سوم

قرآن مجید اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زبان سے ادا ہونے والے اُن کلمات کا بیان جن سے تنزیہہ باری تعالیٰ میں تجسیم و تشبیہہ کا اطلاق ہوتا ہے جب کہ ظالم اس چیز کو بڑی برتری کہتے ہیں۔

تنزیہہ باری تعالیٰ

فی قدس الابلو تنزیہہ	فی نظر العبد الی ربہ
تلحق بالکیف وتشبیہہ	وعلوہ عن أدوات أتت
منزلۃ العبد وتنزیہہ	دلالۃ تحکم قطعا علی
وطرح بدعی دعویہ	وصحۃ العلم واثباتہ

تنزیہہ و تقدس میں بندے کی نظر اپنے رب کی طرف ہے

اُس کی بلندی سے کیفیت و تشبیہہ کے ساتھ آلات و اسباب ملحق ہیں

منزلت عبد اور حق کی دوری ایسی دلالت ہے جس کا حکم قطعی ہے

علم کی صحت و اثبات نے بدعتی اور اُس کے توہمات کو رد کر دیا اور اُس کے دعویٰ کو پھینکتا ہے

اللہ تبارک و تعالیٰ آپ کی مدد فرماتے۔ جاننا چاہیئے کہ اُس کی بلندی و پستی کی وہ تمام تر معلومات جن کی عقل حامل ہے بغیر واسطہ کے اللہ تعالیٰ سے ماخوذ ہیں پس کائنات کے اعلیٰ و اسفل علم اور نفس اشیاء کے وجود کو اُس کی عطا سے معرفت کے حصول پر اُس کے نور و تجلی اور فیض اقدس سے ثبت ·

کچھ کر سکتا ہے"

کون کیسے فائدہ اُٹھاتا ہے

عقل حق تعالیٰ سے مستفید ہو کر نفس کو مستفید کرتی ہے اور نفس عقل سے فائدہ حاصل کرتا ہے۔ اُس کا فعل اُن تمام اشیاء میں جاری ہے جس کے ساتھ اُس کے علاوہ عقل کے جاننے کا تعلق ہے۔

اِس کے علاوہ کہنا یہ ہماری اپنی لگائی ہوئی وہ قید ہے جس کا ذکر ہم نے آپ کی نگاہ میں افادہ و تحفظ کے نام سے اللہ تعالیٰ کے اُس قول سے کیا جسے ہم جانتے ہیں اور وہ عالم ہے تو سبب کو جان لیا۔

جان لیں کہ عالم مُہیم عقلِ اوّل سے کچھ فائدہ نہیں لیتا اور اس کے لئے دو مہیموں پر دلالت کرتا ہے بلکہ وہ اور یہ ایک مرتبہ میں ہیں۔ جیسا کہ قُطب کے حُکم سے افراد ہم سے خارج ہیں۔ اگرچہ افراد سے قُطب ایک ہوتا ہے۔ لیکن عقلِ اِفادہ کے ساتھ مخصوص ہے جب کہ افراد کے درمیان قُطب تولیت سے مخصوص ہے اور وہ سوائے عِلمِ مجرّد توحیدِ خاص کے اُس تمام میں جاری ہے جس کا تعلق عقل کے علم سے ہے۔

یقیناً یہ امر جمیع وجوہ سے تمام معلومات کے مخالف ہے اس لئے کہ اللہ تبارک و تعالیٰ اور اُس کی مخلوق کے درمیان ہرگز ہرگز مناسبت نہیں' اور اگر ایک روز کے لئے مناسبت کا اطلاق ہو جیسا کہ امام ابُو حامد غزالی نے اور دوسروں نے اپنی کتابوں میں بیان کیا ہے تو یہ تکلّف اور حقائق سے بعید تر چلا گیا ہے۔

حادث و قدیم کے درمیان کوئی نسبت نہیں پس محدث اور قدیم کے

درمیان کون سی نسبت ہے یا یہ کہ اُسے کیسے تشبیہ میں لایا جائے جو مثال کو قبول نہیں کرتا اُس کا مثال قبول کرنے والے کے مشابہ ہونا محال ہے جیسا کہ بیان کیا گیا العباس بن عریف صنہاجی نے "محاسن المجالس" میں فرمایا جسکا اُس کی طرف منسوب کہ اللہ تعالیٰ کے اور اُس کے بندوں کے درمیان نسبت نہیں سوائے عنایت کے اور نہ سبب ہے سوائے حکم کے اور نہ وقت ہے سوائے ازل کے اور جو باقی ہے وہ اندھاپن اور تلبیس ہے اور ایک روایت میں اندھے پن کے بالعکس کو کہا گیا کہ علم ہے۔

پس اُسے دیکھیں جو اِس کلام کا حُسن، اِس معرفت باللہ کا کمال اور اِس مشاہدہ کا اقدس ہے اور دیگر جو اِن کلمات کے ساتھ کہا۔ اللہ تعالیٰ اُس سے نفع عطا فرمائے۔

عِلم باللہ کا ادراکِ عقل اور نفس نہیں کرسکتے اور اِس سے عاجز ہیں مگر اِس حیثیت سے کہ بے شک اللہ تعالیٰ و تقدّس موجود ہے اُس کے ساتھ جو الفاظ مخلوق کے حق میں یا مرکبات وغیرہ کے تو وہم میں آتے ہیں تو اللہ سبحانہٗ تعالیٰ عقلِ سلیم کی نظر میں اُس کے فکر و عصمت کے اعتبار سے ہے۔ بخلاف اِس کے کہ اِس پر یہ وہم جائز نہیں اور نہ اِس پر یہ لفظ عقلاً اُس وجہ سے اِس پر جاری ہوتا ہے جسے مخلوقات قبول کرتی ہے۔

یقیناً اِس کا اطلاق سامع کے نزدیک افہام پر ثبوتِ وجُود کے لئے تقریب کی وجہ پر ہوتا ہے نہ کہ اُس حقیقت کے ثبوت کے لئے جو جس پر حق ہے تو یقیناً اللہ تبارک و تعالیٰ نے فرمایا ہے۔ لَیۡسَ کَمِثۡلِهٖ شَیۡءٌ، ولیکن ہم پر اللہ تعالیٰ کے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لئے وعدہ کے ارشاد سے شرعاً واجب ہے کہ اِس کا اقرار کریں۔"

جاننا چاہیئے کہ یقیناً لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ہے اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے میری

خبر کو اپنی نظر کے موافق جان لو تاکہ علم کی وجہ سے تمہارا ایمان درست ہو جیسا کہ تیرے لیے خیر ایمان سے وہ علم درست ہے جو تعریف سے قبل ہے تو یہ وہ اَمر ہے جو بعض لوگوں کی نظر میں اِس اَمر پر وعدہ ہے اور ہماری نظر نے اُسے اُس میں نہیں دیکھا تو اُس کی معرفت کی طرف کیسے پہنچ سکتا ہے:

پس ہم نے حکمِ القصاف پر دیکھا اور جو اُس کی عقلِ کامل کو ممکنہ جدّوجہد کے بعد اُس سے نظر آیا اِس سے اللہ سُبحانہٗ کی معرفت کی طرف سوائے اُس کی معرفت سے عاجز آنے کے کوئی اَمر نہیں پہنچتا۔ اِس لئے ہم اُس کی معرفت کو طلب کرتے ہیں جیسا کہ اُس حقیقت کی جہت سے تمام اشیاء کی معرفت طلب کرتے ہیں جو اِس پر معلوم ہیں.

پھر جب ہم نے جان لیا کہ وہ موجود ہے اور اُس کے لئے مثال نہیں اور نہ ہی ذہن میں اُس کا تصوّر کیا جا سکتا ہے نہ اُس کا اِدراک ہو سکتا ہے تو یہ عقل اُسے کیسے ضبط کر سکتی ہے جو باوجود اُس کے وجود کے ثبوتِ علم کے مجاز نہیں۔

پس ہم جانتے ہیں کہ بے شک وہ اپنی الوہیت میں اکیلا موجود ہے اور یہ وہ علم ہے جسے ہم سے اُس کی ذات کی اِس حقیقت کے ساتھ دوسرے عالمین طلب کرتے ہیں جسے اللہ تعالیٰ سُبحانہٗ بذاتہٖ جانتا ہے اور وہ عدمِ علم کے بعد علم ہے جو ہم سے طلب کرتے ہیں جب کہ عقل کی نظر میں مخلوقات میں کوئی چیز اللہ تعالیٰ کے مشابہ نہیں اور نہ وہ اِس سے کسی چیز کے مشابہ ہے جب ہمیں کہا گیا ہے تو جان لیں کہ یہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہ ہے جو ہم پر پہلے واجب تھا۔ جو علم ہے اُسے ہم جانتے ہیں اور ہمیں اُس کا علم ہے اور بے شک ہم اُسے جانتے ہیں جو علم العلم سے پہلے ہم پر واجب ہے۔

اَلحمدُ للہ آٹھویں جزء تمام ہوئی:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

الفاظ کی اصلیں

ہم ناقل ہیں کہ اس کے لئے مطالب کی چار اُمہات ہیں۔

ہَلْ[1]، مَا[2]، کَیْفَ[3]، لِمَ[4]، یعنی کیا، جو، کیسے اور نہیں۔

ہَلْ اور لِمْ دو بسیط رُوحانی مطلب ہیں۔ دونوں کا ساتھی مَا ھُوَ ہے۔ پس ہَلْ اور لِمْ بسائط کی دو درُست اصلیں ہیں، اس لئے کہ مَا ھُوَ میں خاص ترکیب سے ضرب ہیں اور ان چاروں مطالب میں وُہ مطلب نہیں پہنچا جس کے ساتھ اللہ تعالیٰ سے اُس کی حقیقت عطا ہونے کی جہت سے سوال کیا جائے کیونکہ علمِ توحید کی معرفت سوائے اس کے درُست نہیں کہ جو اس میں ماسوا اللہ سے پایا جاتا ہے اُس کی نفی کی جائے اس لئے کہ اُس نے فرمایا ہے۔ "لَیْسَ کَمِثْلِہٖ شَیْئٌ" اس کی مثل کوئی چیز نہیں اور سُبْحَانَ رَبِّکَ رَبِّ الْعِزَّتِ عَمَّا یَصِفُوْنَ ، یعنی تیرا رَبّ ربُّ العزت اُس چیز سے پاک ہے جس سے آپ مُتصِف کرتے ہیں۔ پس علم کا سلب ہونا ہی اللہ کے ساتھ علم ہونا ہے جیسا کہ ارواح کے بارے میں ہم گفتگو نہیں کر سکتے کہ وہ کیسے ہوتے ہیں وہ اِن کیفیتوں سے پاک ہیں، کیونکہ اُن کے حقائق کا اس عبارت میں تخالف ہے۔

ایسے ہی ارواح پر بعض آلات و اسباب کا اطلاق ہوتا ہے جن کیساتھ اُن سے سوال کیا جائے۔ اللہ تبارک و تعالیٰ پر اُن کا اطلاق جائز نہیں، اور نہ ہی اُس توحید پرست محقق کو حق پہنچتا ہے جو اپنے خالق اور بنانے والے کا احترام کرتا ہے کہ وہ اِن الفاظ کا اُس پر اطلاق کرے اسلئے کہ وہ

اِن مطالب کو کبھی نہیں جان سکتا۔

حق تعالیٰ کا اِدراک نہیں ہو سکتا

وصل پھر ہم نے تمام ماسوا اللہ کو دیکھا تو اُسے دو قسموں پر پایا۔

۱۔ اُس کا ذات کے ساتھ اِدراک کرنا اور یہ محسوس اور کثیف ہے۔

۲۔ اُس کا فِعل کے ساتھ اِدراک کرنا تو یہ معقول اور لطیف ہے، اِس مقام پر معقول محسوس سے بلند ہو جاتا ہے

اگر اُس کی ذات کا اِدراک مقصود ہو تو وہ منزّہ ہے چنانچہ سوائے اِس کے نہیں کہ اُس کا فِعل کے ساتھ اِدراک ہو سکے جب کہ یہ مخلوقوں کے اَوصاف ہیں۔ اور حق تعالیٰ و تقدّس کی ذات کا اِدراک نہیں ہو سکتا جیسا کہ محسوس یا اُس کا فعل اور جیسا کہ لطیف یا معقول اِس لئے کہ حق سُبحانہٗ تعالیٰ اور اُس کی مخلوق کے درمیان ہرگز ہرگز مناسبت نہیں کیونکہ وہ ہمارے لئے غیر مدرکہ ہے یعنی ہم اُس کا اِدراک نہیں کر سکتے کہ ہم سے محسوس کی مشابہت ہو

مصنوعات صانع کو نہیں جانتیں

اُس کا فعل لطیف امر کے فِعل کے مانند نہیں کہ لطیف کے مُشابہ ہو۔ اِس لئے کہ حق تبارک و تعالیٰ کا فِعل اشیاء کو پیدا کرتا ہے کِسی چیز کا فِعل نہیں ہوتا جب کہ لطیف رُوحانی اشیاء سے کِسی چیز کا فعل ہے تو دونوں کے درمیان کون سی مناسبت ہوگی۔ اب جب کہ فعل میں مشابہت ممنوع ہے تو ذات میں مشابہت کا ممنوع ہونا زیادہ مناسب ہو گا۔

اگر آپ چاہتے ہیں کہ اس فعل سے کِسی چیز کو متحقّق کریں تو حسبِ اصناف

مفعولِ صناعی کی طرح اس فعل کے مفعول کو دیکھیں، جیساکہ قمیص اور کرسی۔ ہم نے انہیں اس حال میں پایا کہ یہ اپنے کاریگر کو نہیں جانتیں مگر اُن کی ذات اپنے بنانے والے کے وجود پر دلالت کرتی ہے۔ چنانچہ اُسے اُس کی صنعت سے پہچانا گیا۔

مفعولات کا تعارف

ایسے ہی مفعولِ تکوینی یعنی فلک اور کواکب اپنے صانع کو نہیں جانتے اور نہ اپنے ترکیب دینے والے کو جانتے ہیں اور وہ نفسِ کلیہ ہے جو اُن پر محیط ہے۔

ایسے ہی مفعول طبیعی ہے جیساکہ معدنیات پیدا ہونا اور نباتات و حیوانات ہیں۔ یہ مفعولِ تکوینی سے طبیعی طور پر کام کرنے والے ہیں۔ وہ اپنے فاعل سے واقف نہیں ہو پاتے جو کہ فی الحقیقت فلک اور کواکب و ستارے ہیں پس افلاک کا وہ علم نہیں اور نہ ہی وہ اس کا جسم ہے جسے تُو جانتا ہے اور نہ ہی تیری حس اُس کا ادراک کر سکتی ہے۔ اور سورج کا اُس کی اپنی ذات میں جسم کہاں ہے جیسے ہم اُس کے لئے دیکھتے ہیں۔ یقیناً علمِ افلاک اُس کی روح اور اُس کے اُس ملنے کی جہت سے ہے جو اُس کے لئے اللہ تبارک و تعالیٰ نے نفسِ کلیہ محیط سے بناتے، یہی امر افلاک اور جو افلاک میں ہے، کے ہونے کا سبب ہے۔

ایسے ہی مفعول انبعاثی ہے۔ اس نفسِ کلیہ کا عقل سے مبعوث ہونا حضرت دحیہ کلبی رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ کی صورت میں حقیقتِ جبرائیلیہ کا مبعوث ہونا ہے۔ یقیناً وہ قطعاً نہیں جانتا کہ اُس کی بعثت اُس سے ہوتی ہے۔ کیونکہ وہ اُس کے احاطہ کے تحت ہے اور اُس نے اُس کا احاطہ کر رکھا

ہے۔ اس لئے کہ یہ اُس کی خاطروں سے خاطر ہے۔ تو جو اُس کے اُوپر ہے اور جو اُس میں اُس سے نہیں ہے آسے کیسے جانے گا۔ سوائے اس کے کہ جو اُس میں ہے اُس سے بھی سوائے ماہیت کے نہیں جانتا پس وہ اُس کی ذات کے ساتھ جانتا ہے نہ کہ دونوں کے سبب کو جانتا ہے۔

ایسے ہی مفعولِ ابداعی ہے۔ یہ ہمارے نزدیک حقیقتِ محمدیہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم ہے اور ہمارے علاوہ کے نزدیک عقلِ اوّل ہے اور یہ قلمِ اعلیٰ ہے جسے اللہ تعالیٰ نے بغیر کسی چیز کے بنایا اور وہ ہر مفعول سے اُس کے فاعل کا اِدراک کرنے سے عاجز و قاصر ہے جس کا پہلے ذکر ہوا۔ اس لئے ہر فاعل و مفعول کے درمیان وہ چیز ہے جس سے وہ ضرب مناسبت و مشاکلت ہے جو بیان ہوئی۔

پس اُس سے دونوں کے درمیان مناسبت کی مقدار جاننا ضروری ہے رہا! جوہریہ یا اس کے علاوہ کی جہت سے ہ جوہریہ یہ دوسری جہت ہے۔ تو حق تعالیٰ اور مُبدع اوّل کے درمیان مناسبت نہیں۔ پس وہ اپنے فاعل کے ساتھ اُس کے علاوہ اسبابِ مفعول سے اُس کی معرفت سے عاجز ہے اس لئے کہ مفعول اُس چیز سے عاجز ہے جو اُس کے فاعل کے لئے اُس کے اِدراک و علم کی وجہ سے مشابہ ہے۔ پس اس پر غور کریں اور اس کی تحقیق کریں تو بے شک یہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ مُحدث کے تعلقِ علم سے توحید کے باب میں بہت زیادہ نافع ہے۔

حواسِ خمسہ کا اِدراک

وصل: اِس کی تائید ہمارے اُس بیان سے ہوتی ہے کہ انسان اپنی پانچوں

حسّیہ قوّتوں، شامہ، طائمہ، لامسہ، سامعہ اور باصرہ میں سے کسی ایک قوّت کے ساتھ تمام معلومات کا اِدراک کر سکے۔

باصرہ یعنی دیکھنے کی قوّت نزدیک و دُور سے رنگوں اور تغیرات و اشخاص کا اِدراک کرتی ہے چنانچہ ایک چیز کا ایک میل سے جو اِدراک ہوتا ہے ویسی وہ اُسے دو میل سے نظر نہیں آتی اور اُسے بیس گز کے فاصلہ پر ویسا ہی نہیں دیکھا جا سکتا جو ایک ہاتھ کے مقابلے دوسرے ہاتھ کی دُوری تک کا اِدراک ہوتا ہے۔

پس جو شخص اُس کو دو میل سے دیکھتا ہے تو اُسے نہیں جانتا کیا ہے جو ایک میل سے دیکھتا ہے تو وہ اُسے پہچانتا ہے کہ وہ انسان ہے یا درخت؟ اور جو بیس گز کے فاصلے پر ہے وہ اُس کے رنگ کو پہچانتا ہے کہ سفید ہے یا سیاہ، اور جس کے ایک ہاتھ کے فاصلے پر ہے وہ جان لیتا ہے کہ ازرق ہے یا اکمل یعنی اُس کا رنگ نیلا ہے یا سبز، پس ایسے ہی قرب و بعد سے اِس کے مدرکات میں تمام حواس ہیں۔

ہمارے نزدیک اللہ تبارک و تعالیٰ کی معرفت کے حصول کے وقت میں اُسے محسوس نہیں کیا جا سکتا یعنی حِس کے ساتھ اُس کا اِدراک نہیں ہو سکتا تو اُسے حِس کے طریق سے نہیں جان سکتے۔

رہی قوّتِ خیالیہ! تو یہ وہی ضبط کرے گی جو اُسے حِس عطا کرے گی اور یا وہ صورت ہوگی جو اُسے اُس کے بعض محسوسات پر بعض کو محل کرنے پر فکر دے گا اور یہاں معرفتِ حق کا طریقہ مجھ پر منتہی ہوتا ہے تو یہ اُن کی زبان ہے ہماری زبان نہیں ہے۔ اگرچہ حق ہے لیکن یہ اُن کی طرف منسوب ہے تو ہم نے اُن سے نقل کیا ہے۔

پس! اِس قوّت کا بڑھنا کیسا ہی ہو اِس کا اِدراک قطعی طور پر حِس سے

نہیں بڑھ سکتا اور بے شک ہمارے نزدیک اللہ تعالیٰ کے ساتھ حِس کا تعلق باطل ہے تو یقیناً اِس کے ساتھ تعلقِ خیال باطل ہوگا۔

قوّتِ مفکرہ

رہی قوّتِ مفکرہ تو انسان ہمیشہ اُن اشیاء میں غور و فکر کرتا ہے جو اُس کے پاس موجود ہوں اور جو اُسے اوائل عقل اور حواس کی جہت سے ملی ہوں، اور ان اشیاء کے بارے میں خزانۂ خیال میں غور و فکر کرنے سے وہ ایک دوسرے امر کو جان لیتا ہے جس کے درمیان اور اُن اشیاء کے درمیان ایک مناسبت ہوتی ہے جن میں اُس نے غور و فکر کیا تھا،

چونکہ اللہ تبارک و تعالیٰ اور اُس کی مخلوق کے درمیان مناسبت موجود نہیں لہٰذا فکر کی جہت سے اللہ تعالیٰ کو جان لینا درست نہیں۔ اسی لئے علماء کرام نے اللہ تبارک و تعالیٰ کی ذات میں غور و فکر کرنے سے منع کر دیا ہے۔

قوّتِ عقلیہ

رہی قوّتِ عقلیہ؟ تو ذاتِ باری تعالیٰ کا ادراک عقل نہیں کر سکتی کیونکہ عقل اُسی امر کو قبول کرے گی جس کا اُسے بدیہی علم ہو یا اُسے غور و فکر نے دیا ہو۔ چونکہ فکر کا ادراکِ الٰہی کر لینا باطل ہے اس لئے عقل کا بھی اُسے ادراک کر لینا باطل ہوگا۔ لیکن عقل کے لئے یہ امر ہے کہ جو کچھ اُس کے پاس ہے اُس کو سمجھے اور اُسے ضبط و محفوظ کرے اِس لئے کہ اللہ تبارک و تعالیٰ اُسے جو معرفت عطا فرماتا ہے وہ عقل کے سمجھنے سے ہوتی ہے نہ کہ فکر کے طریق سے۔

تو یہ وہ امر ہے جس سے ہم روکتے نہیں۔ کیونکہ اللہ تبارک و تعالیٰ اپنے بندوں سے جسے چاہتا ہے یہ معرفت عطا فرما دیتا ہے اور اس کے ادراک کے ساتھ عقل مستقل نہیں ہوتی لیکن اُسے قبول کرتی ہے اور اِس پر دلیل و بُرہان

تام نہیں ہوتی کیونکہ یہ ادراکِ عقل کے طور کے وراء اور علاوہ ہے۔

پھر ان اوصافِ ذاتیہ کو عبادت میں لانا ممکن نہیں کیونکہ یہ تمثیل و قیاس سے خارج ہیں، کیونکہ اللہ تبارک و تعالیٰ کی مثل کوئی چیز نہیں۔

اور ہر وہ عقل جس پر اس معرفت سے کوئی چیز کشف نہیں ہوئی دوسری عقل سے سوال کرتی ہے جس پر اس سے کوئی امر منکشف ہوا ہو اور اس عقل میں قوت نہیں ہوتی کہ اس سے عبادت کا سوال کیا جائے اور نہ ہی اس میں ممکن ہوتا ہے۔

اس لئے سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ درک الادراک سے عاجز ہونا ہی ادراک کر لینا ہے۔

اور اس کلام کے لئے دو مرتبے ہیں۔ پس غور فرمائیں اور سمجھ لیں کہ جو شخص اللہ تبارک و تعالیٰ کو اپنی فکر و نظر سے اپنی عقل کے ساتھ تلاش و طلب کرتا ہے وہ سرگردانی میں پڑا ہوا ہے۔ اس کے حسبِ حال یہی ہے کہ وہ اس امر کو قبول کرے جو اللہ تبارک و تعالیٰ نے اسے عطا فرمایا ہے پس اس پر غور کریں۔

قوّتِ ذاکرہ

رہی قوّتِ ذاکرہ؟ تو اس کے لئے اللہ تعالیٰ کو جان لینے کا کوئی راستہ نہیں کیونکہ یہ قوّت محض اس امر کو یاد دلاتی ہے جو عقل کے علم میں تھا پھر اس سے غفلت ہوئی یا اسے بھول گئی تو اللہ تبارک و تعالیٰ کی طرف قوّتِ ذاکرہ کے لئے بھی راہ نہیں جب کہ انسان کے مدارک کا انحصار انہی امور پر ہے جو اس کے ساتھ ہیں اور یہ وہ ہیں جو اس کی ذات نے اسے دیئے اور انہی میں اس کا کسب ہے اور کچھ باقی نہیں مگر وہ جو اللہ تبارک و تعالیٰ کی معرفت کو قبول کرنے کے لئے عقل

اُسے عطا کرتی ہے۔ تو وہ دلیل کی جہت سے سوائے معرفت وجود کے کبھی نہیں جانا پہچانا جا سکتا۔ کیونکہ اکیلا وہی معبود ہے دُوسرا نہیں۔

اور انسان کے لئے کبھی بھی ایسا ممکن نہیں کہ وہ ایسی چیز کا ادراک کر سکے جو اُس میں موجود نہ ہو اور اگر وہ چیز اُس میں نہیں تو اُس کا کبھی وہ ادراک کر سکتا ہے اور نہ اُسے پہچان سکتا ہے۔

تو جب وہ کسی چیز کو نہیں پہچان پاتا مگر اُس کو جو اُس میں وہ چیز یا اُس کی مثل موجود ہوتی ہے اُسے پہچانتا ہے اور وہ اُسے پہچانتا ہے جو اُس کے مشابہ اور ہمشکل ہو۔

جب کہ باری تعالیٰ جَلّ مَجْدُہٗ الکریم نہ تو کِسی چیز کے مشابہ ہے اور نہ ہی کسی چیز میں اُس کی مثل ہے تو اُس کی پہچان کبھی نہیں ہو سکتی۔

اور ہمارے بیان کی تائید اِس اَمر سے ہوتی ہے جس کا ہم نے ذکر کیا کہ اشیاءٔ طبعیہ غذا کو قبول نہیں کرتیں مگر اپنی ہم شکل اشیاءٔ سے اور جو اُن کی ہم شکل نہیں اُن سے قطعی طور پر غذا کو قبول نہیں کرتیں۔ اِس کی مثال یہ ہے کہ معدنیات و نباتات اور حیوانات میں سے موالید چار طبائع سے مرکب ہیں اور موالید غذا کو قبول نہیں کرتے مگر اِنہی طبائع سے کیونکہ اُن میں اِس سے اُن کا حصّہ ہے۔

اور اگر خلقت میں سے کوئی اِن طبائع سے ترکیب کردہ اپنے جسم کی غذا کسی ایسی چیز سے بنائے جو اِن طبائع کے علاوہ ہو یا اِن سے مرکب نہ ہو تو اُسے اِس کی استطاعت نہیں۔

تو جیسے اجسامِ طبعیہ سے کسی چیز کے لئے غذا کو قبول کرنا ممکن نہیں سوائے اُس چیز کے جو اُن طبائع میں سے ہے جس سے وہ ہیں ایسے ہی کسی کے لئے ہرگز ہرگز یہ ممکن نہیں کہ وہ ایسی چیز کو جان لے جس کی مثل اُس میں نہیں۔

کیا آپ نے نفس کو نہیں دیکھا کہ وہ عقل سے اسی امر کو قبول کرتا ہے جس میں اس کا تشارک و تشاکل ہے اور جس میں اس کی مشارکت نہیں اسے کبھی نہیں جان سکتا
چونکہ اللہ تبارک و تعالیٰ سے اس میں کوئی چیز نہیں تو اس پر وجوہ سے لوق درجہ بیان کرنا جائز نہیں اور اسے کوئی بھی اپنی ذات اور فکر سے نہیں جان سکتا۔
حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا بے شک اللہ تبارک و تعالیٰ عقلوں سے بھی ویسے ہی پوشیدہ ہے جیسے آنکھوں سے پردے میں ہے اور علماء اعلیٰ بھی اسے ویسے ہی تلاش کرتے ہیں جیسے تم تلاش کرتے ہو۔
حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خبر دی ہے کہ نہ اللہ تبارک و تعالیٰ کا ادراک نہ تو عقل اپنی فکر کے ساتھ کر سکتی ہے اور نہ آنکھ اپنی بصیرت کے ساتھ کر سکتی ہے جیسا کہ آنکھ اسے نہیں دیکھ سکتی تو ہم اس سے پہلے اپنے باب میں اس کی طرف اشارا کر چکے ہیں پس اللہ تبارک و تعالیٰ کی حمد ہے جس نے ہمیں یہ الہام کیا اور ہمیں اس امر کا علم دیا جسے ہم نہیں جانتے ہیں اور یہ اللہ تعالیٰ کا فضل عظیم ہے۔
ایسے ہی اللہ تبارک و تعالیٰ کی تنزیہہ بیان کریں اور مماثلت و مشابہت کی نفی کرنا چاہیے اور فرقہ مشبہ سے جو بھی گمراہ ہوا وہ تاویل سے ہوا ہے۔ ان لوگوں نے آیات و اخبار میں وارد ہونے والے اس امر کو بغیر ان میں نظر کیے۔ کہ ان میں اللہ تعالیٰ کی تنزیہہ واجب ہوتی ہے فہموں کی طرف سبقت کرنے والی مشابہت پر محمول کر لیا"
تو یہ امر انہیں جہالت محض اور کفر صریح کی طرف کھینچ کر لے گیا۔ اور اگر وہ لوگ سلامتی کے طلب گار ہوتے تو ان آیات و اخبار کے مفاہیم کو بغیر کسی چیز کی طرف لوٹانے کے اسی حال پر چھوڑ دیتے جس پر وہ آئی تھیں اور ان کا علم

اللہ تبارک وتعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سپرد کرتے ہوئے کہتے ہم نہیں جانتے تو ان کے لئے اللہ تعالیٰ کا فرمان لَیْسَ کَمِثْلِہٖ شَیْئٌ کافی ہوتا یعنی اس کی مثل کوئی چیز نہیں۔

جب ان کے پاس ایسی کوئی حدیث آئے جس میں تشبیہہ ہو کہ اللہ تبارک و تعالیٰ فلاں چیز کے مشابہ ہے تو اللہ تبارک وتعالیٰ نے اپنی پاک ذات کی مشابہت کی نفی فرمائی ہے تو اس کے سوا اس حدیث میں کوئی امر باقی نہیں رہتا کہ اس میں وجوہ تنزیہہ سے کوئی وجہ ہے جسے اللہ تعالیٰ ہی جانتا ہے اور یہ امر اس لئے آیا ہے کہ عربی زبان کو سمجھا جا سکے جس میں قرآن مجید نازل ہوا ہے اور آپ حدیث اور آیت میں کبھی ایک جملہ اور ایک لفظ ایسا نہیں پائیں گے جو تشبیہہ میں نص کی صورت آیا ہو اور عربوں کے نزدیک وہ اس کی متعدد وجوہ پر حمل نہ ہوتا ہو۔

ان میں سے وہ جملہ یا لفظ بعض کے نزدیک تشبیہہ کی طرف اور بعض کے نزدیک تنزیہہ کی طرف لوٹتا ہے تو تاویل کرنے والے کا اس لفظ کو تشبیہہ کی طرف لوٹانا اس پر زبردستی اور جور کرنا ہے اس لئے کہ اس لفظ کو زبان وضع کرنے سے جو حق دیا گیا تھا اس نے ادا نہیں کیا۔

اور اللہ تبارک وتعالیٰ پر ظلم وتعدی کرنا ہے کہ اس کی پاک ذات پر ایسا لفظ حمل کیا جائے جو اس کی شان کے لائق نہیں۔

اور ہم ان شاء اللہ تعالیٰ بعض ایسی احادیث بیان کریں گے جن میں تشبیہہ وارد ہوئی ہے اور ان میں تشبیہہ کی نص نہیں۔

اللہ تعالیٰ کی انگلیاں

پس حجتِ بالغہ اللہ تعالیٰ کے لئے ہے اگر وہ چاہے تو آپ سب کو ہدایت فرمائے

اُن میں سے ایک حدیثِ پاک یہ ہے۔

قَلْبُ المؤمنِ بَیْنَ اِصْبَعَیْنِ مِنْ اِصَابِعِ اللّٰہ۔

مومن کا دِل اللہ تعالیٰ کی اُنگلیوں سے دو اُنگلیوں کے درمیان ہے۔

چنانچہ حقیقت و مجاز کے وضع کرنے سے جو اَمر مقتضی ہے اُس کے اور عقل کی نظر کے مطابق اللہ تعالیٰ پر عضو کا اطلاق محال ہے۔

اَصبع کا لفظ مشترک ہے اس کا اطلاق عضو پر بھی ہوتا ہے اور نعمت پر بھی ہوتا ہے، چرواہے نے کہا۔

ضعیف العصا بادی العروق تری لہ

علیہا اذا ما امحل الناس اصبعا

جب لوگوں پر قحط وارد ہوا تو اُن کی رگیں کمزور عصا کی طرح نظر آنے لگیں اور تو اُس شخص کے لئے دیکھے گا کہ وہ بہتر ہے۔ تو یہاں اِصبع سے مُراد نعمت لی گئی ہے اُس نے کہا کہ تو اُس پر نعمت کا اثر حُسن نظر سے دیکھے گا۔

عرب کہتے ہیں۔

مَا اَحْسَنَ اِصْبَعَ فُلَانٍ عَلٰی مَالِہٖ

یعنی فلاں شخص کی اپنے مال پر کتنی اچھی اِصبع ہے تو اس جگہ بجائے اُنگلی کے "اِصبع" کا معنیٰ اچھا اثر لیا گیا ہے۔

تو جیسے اُنگلیاں اپنے چھوٹے حجم اور کمال قدرت سے پھیریں۔ وہ چیز سب سے زیادہ تیزی کے ساتھ پھرتی ہے اور اُنگلیوں کا حرکت دینا ہاتھ وغیرہ کے حرکت دینے سے تیز ہوتا ہے۔

حضورِ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم نے اپنی دُعا میں عربوں کے لئے زیادہ نسبت سے فرمایا تاکہ وہ اُس کا شعور کر سکیں اس لئے کہ ہمارے نزدیک پھیرنا ہاتھ کے سوا نہیں ہوتا۔ اس لئے اِسے اُنگلیوں کے ساتھ پھیرنا مقرر فرمایا۔ کیونکہ پھیرنے کا عمل ہاتھ سے ہاتھ میں ہوتا ہے، اور اُنگلیوں کی تیزی زیادہ ممکن ہے۔" حضورِ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم نے اپنی دُعا میں فرمایا!

"یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ ثَبِّتْ قَلْبِیْ عَلٰی دِیْنِکَ"

یعنی اَے دلوں کو پھیرنے والے میرے دِل کو اپنے دین پر ثابت قدم رکھنا۔

اللہ تبارک وتعالیٰ کا دِلوں کو پھیرنا یہ ہے جو وہ اُن میں اچھی یا بُری بات ڈالتا ہے۔ پس جب انسان اُن خطراتِ پیہم کو محسوس کرتا ہے جو اس پر اُس کے قلب میں متعارض ہیں تو یہی امرِ حق کے دل کو پھیرنے سے عبارت ہے اور انسان اس پر قادر نہیں کہ اپنی ذات سے اُس کے عِلم کو دُور کر سکے اس لئے حضور علیہ الصّلوٰۃ والسّلام نے فرمایا۔

یا مقلب القلوب ثبت قلبی علی دینك

اَے دِلوں کو پھیرنے والے میرے دل کو اپنے دین پر ثابت رکھ۔

اس حدیث کو آپ کی ایک زوجۂ مُطہرہ نے سُنا تو عرض کی۔

یارسُول اللہ! کیا آپ خوفزدہ ہیں؟

آپؐ نے فرمایا!

قلب المومن بین اصبعین من اصابع اللہ

یعنی مومن کا دِل اللہ تعالیٰ کی اُنگلیوں سے دو اُنگلیوں کے درمیان ہے۔

حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس حدیث میں ایمان کے تیزی سے کفر کی طرف پھرنے کی جانب اشارہ فرمایا ہے اور اس کی طرف اشارہ کیا ہے جو ان دونوں کے درمیان ہے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا۔

فَأَلْهَمَهَا فُجُورَهَا وَتَقْوَاهَا . پس اُسے اُس کے گناہ اور اس کے تقوے کا الہام کرتا ہے۔ یہ الہام وہ پھرنا اور انگلیوں کی سرعت ہے اور اس کے لیئے دو انگلیاں فرمانا اچھی طبیعت اور بری طبیعت کے لیے ہے۔

جب آپ نے یہ سمجھ لیا ہے جو انگلیوں کے بارے میں بیان ہوا تو اب اس امرے اِصبع کے معنی نعمت اور عضو اور اچھا اثر کو سمجھ لیں۔

پھر آپ اللہ تبارک وتعالیٰ کے ساتھ عضو کا الحاق کیسے کرتے ہیں جبکہ اس کی طالب دیگر منزّہ وجوہات ہیں تو اس امر میں ہمارے لیئے خاموشی بہتر ہے اور چاہیئے اس کے علم کو اللہ تبارک وتعالیٰ اور اس کے مرسل رسول اور الہام کیئے گئے ولی کو سپرد کردیں جنہیں حق تعالیٰ نے لفظ کے معنی نفیٔ عضو کے ساتھ مشروط کرتے ہوئے ہم پر غلبہ حاصل کر لے تو ہم اُس تجسیم وتشبیہ کے قائل کا رد کریں تو وہ بے مقصد نہ ہوگا۔

بلکہ صاحب علم پر فرض ہے کہ ایسے موقعہ پر اس لفظ میں اُن وجوہات کو بیان کرے جو تنزیہہ پر دلالت کرتی ہیں۔ تاکہ تجسیم کے ذلیل ورسوا قائل کی دلیل باطل ہو جائے اللہ تبارک وتعالیٰ ہم پر اور اس پر بخشش فرمائے اور اُسے اسلام نصیب کرے جب ہم اس کلمہ پر گفتگو کریں کہ جس پر تشبیہ کا وہم ہوتا ہے تو لا محالہ ہم اسے اُس شرح کی طرف لوٹائیں گے جو اللہ تعالیٰ سبحانہٗ کے لائق اور یہ وضع میں عقل کا بہترین حصہ ہے جس کا اقتضاء عقل کی نظر کرتی ہے۔

اِصبعان، یعنی دو انگلیاں کمالِ ذاتی کا وہ راز ہیں جو قیامت کو کھلے گا تو انسان اپنے

کافر باپ کو جہنم کی آگ میں پھینکے گا۔ تو اُسے اُس کا کچھ رنج والم نہ ہوگا اور نہ ہی وہ اُس پر شفقت کرے گا۔

ان دو انگلیوں کے راز سے جن کا معنی متحد اور لفظ دو ہے تو جنت اور دوزخ کو پیدا کیا گیا اور منور و مظلم اور منعم و منتقم اسماء کا اظہار ہے تو اُسے دس انگلیوں میں سے دو نہ خیال کرو اور اس باب میں اس راز کی طرف ،، خلقتا بیدیه بیمین میں لازمًا اشارہ کیا جائے گا

کیونکہ اہل جنت کے لیئے دو نعیم ہیں۔

ایک نعیم جنت میں ہے اور اُن کے لیئے دوسرا نعیم اہل جہنم کو آگ کے عذاب سے ہے۔

ایسے ہی اہل جہنم کو دو عذاب ہیں اور دونوں فریق اللہ تبارک وتعالیٰ کا مشاہدہ اسماء کی رویت سے کریں گے۔ جیسا کہ دنیا میں مساوی اور برابر تھے۔ اور حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حدیث سے حق تعالیٰ کے حق میں جن دو قبضوں کا بیان آیا ہے اُس راز اور اُس کے معنی کی طرف ہم اشارہ کر چکے ہیں اور اللہ حق فرماتا اور راہ ہدایت پر چلاتا ہے۔

قبضہ اور یمین؟

اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا۔

وَالْاَرْضُ جَمِیْعًا قَبْضَتُهٗ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ وَالسَّمٰوٰتُ مَطْوِیّٰتٌۢ بِیَمِیْنِهٖ[1]

اور اُس کا قبضہ تمام زمین کو سمیٹ دے گا اور اُس کا یمین تمام آسمانوں کو لپیٹ دے گا۔

بے شک اللہ سبحانہٗ نے پہلے روک دیا ہے کہ اُس کی تقدیر قدر ہے۔ اس لئے اہلِ تجسیم وتشبیہہ نے اُن آیات واخبار کے وُرود کے وقت جو وجہ اِن وجوہ سے ہے عقلوں کی طرف سبقت کی۔ پھر اس تنزیہہ کے بعد وہ کہا جس کا شعور سوائے عالموں کے نہیں ہوتا۔

وَالْاَرْضُ جَمِیْعًا قَبْضَتُهٗ " کو ہم —— عربی زبان کی وضع پر جانتے ہیں۔

---

[1] الزمر آیت ۶۷

جب میں کہتا ہوں! فلاں میرے قبضہ میں ہے تو اس سے مراد یہ ہے کہ فلاں میرے حکم کے تحت ہے۔ اگرچہ میرے ہاتھ میں اُس سے کوئی چیز نہیں لیکن میرا امر اُس میں گزرا ہوا ہے اور میرا حکم اُس پر میرے اُس حکم کی طرح فیصلہ کرنے والا ہے۔ جس کی ملکیت اور قبضہ میرے ہاتھ میں محسوس ہوتا ہے۔

ایسے ہی میں کہتا ہوں میرا مال میرے قبضہ میں ہے۔ یعنی میری ملکیت اور میرے تصرّف میں ہے اور اُس میں تصرّف کرنے پر متمکن ہوں۔ یعنی وہ مجھے روک نہیں سکتا اور جب وہ تصرّف کرے گا اُس وقت اُس میں میرا تصرّف ہوگا۔ اگر میں کہتا ہوں کہ وہ میرے قبضے میں ہے تو اُس میں میرا تصرّف ہے اگرچہ میرے بندے میری اجازت سے اُس میں متصرّف ہوں۔

جب اللہ تبارک و تعالیٰ پر جارحہ محال ہے تو عقل رُوح کے قبضہ کی طرف پھرے گی اور اس کا معنی اور فائدہ ہوگا اور وہ مُلک ہے جس پر اس کا فی الحال قبضہ ہے اور اگرچہ اُس کے لئے نہیں ہوگا یعنی قابض کے لئے نہیں کہ جس میں اُس پر کسی چیز کا قبضہ ہے ولیکن وہ قطعی طور پر قبضہ کی ملکیت میں ہے۔

ایسے ہی دُنیا حق تعالیٰ کے قبضے میں ہے اور زمین دارِ آخرت میں بعض املاک کا تعین ہے۔ جیسا کہ میں کہتا ہوں میرا خادم میرے قبضہ میں ہے۔ اگرچہ میرا خادم من کے جُملہ سے میرے قبضہ میں ہے۔ سوائے اِس کے نہیں کہ اس کا ذکر وقوعِ نازلہ کے لئے مخصوص ہے اور یمین ہمارے نزدیک مُطلق مضبوط تصریف کا محل ہے اور بے شک یسار! قوتِ یمین جیسا طاقتور نہیں، پس میں تمکن کی طرف سے لپٹنے سے یمین کے ساتھ متمکن ہوں تو اس فعل سے قُدرت کے تمکن کی طرف اشارہ ہے تو یہ امر

عربوں کے افہام کی طرف اُن الفاظ کے ساتھ پہنچا ہے جنہیں وہ جانتے تھے اور نزعت کا لفظ اُس کی ملاقات کے معنوں میں ہے۔ شاعر نے کہا۔

ضعیف العصا بادی العروق ترى له   علیها اذا ما أمحل الناس أصبعا

دایاں ہاتھ بایاں ہاتھ

مجد "بزرگی" کے لئے رائتِ محسوسہ یعنی دیکھنے کا احساس نہیں تو یہ جارحہ یمین کو نہیں مل پاتا جیسا کہ کہتے ہیں۔ اگر مجد کے لئے رائتِ محسوسہ اس لئے ظاہر ہو کہ اُس کے محل یا حامل کے ساتھ اُس کی صفت مجد قائم اور اس میں کامل ہے تو جیسے جارحہ قبول نہ کرے عرب ہمیشہ دونوں کے اشتراک کے لئے معنیٰ کے طریق سے اُس پر جوارح کا اطلاق کیا کرتے۔

"رُوح کا روع میں نفث" جب حق تبارک و تعالیٰ کی تجلّی اُس کے عبد کے راز کے لئے ہوتی ہے تو تمام اسرار اُس کی ملکیت میں دے کر اُسے احرار کے ساتھ ملا دیتی ہے اور یمین کی جہت سے اُس کا تصرف ذاتی ہوتا ہے۔ یقیناً شمال یا بائیں کا شرف دوسرے کے لئے اور یمین یعنی دائیں کا شرف اُس کی اپنی ذات کے ساتھ ہے، پھر یمین کا شرف خطاب کے ساتھ اور شمال کا شرف تجلّی کے ساتھ نازل فرمایا۔

انسان کا شرف اُس کی حقیقت کے ساتھ اُسے جاننے اور اُس پر اطلاع کے ساتھ عبارت ہے اور یسار اُس کے شمال کی حیثیت سے ہے۔

"یَدَیۡہٖ" یعنی اُس کے دو ہاتھ کہے، جیسا کہ حق تعالیٰ کا یدیمین اُس کا داہنا ہاتھ اتحاد کی طرف لوٹتا ہے اور عبد کا داہنا ہاتھ توحید کی طرف پلٹتا ہے۔

ایک ہاتھ دایاں ہے اور ایک بایاں تو کبھی جمع اور جمع الجمع میں ہوتا

ہے اور کبھی تفریق اور تفریق التفریق میں تجلی اور واردات کے حکم پر ہوتا ہوں،

یوماً یمان اذا لاقیت ذایمن وان لقیت معدیا فعدنانی

جس روز میں یمنی سے ملوں یمنی ہوتا ہوں اور اگر معدی سے ملوں تو عدنانی ہوتا ہوں

ایسے ہی اللہ تعالیٰ کے تعجب، ہنسی، فرحت اور غضب ہے"

خدا کا تعجب اور ہنسی

سوائے اس کے نہیں کہ تعجب کرنے والا موجود امر کے وقوع کو نہیں جانتا پھر جب اسے اس کا علم ہوتا ہے تو وہ متعجب ہو جاتا ہے اور ہنسنا بھی اس کے ساتھ ملحق ہے یعنی اسی قبیل سے ہے اور یہ اللہ تبارک و تعالیٰ پر محال ہے۔ کیونکہ اس کے علم سے کوئی چیز خارج نہیں۔

جب وجود میں کوئی چیز واقع ہوئی جس سے وہ متعجب ہے تو ہمارے نزدیک یہ امر تعجب اور ہنسی پر محمول ہو گا جب کہ اس پر یعنی اللہ تعالیٰ پر تعجب اور ہنسی جائز نہیں۔ کیونکہ اس سے تعجب امر واقع ہے جیسا کہ جوان شخص بچہ نہیں ہوتا تو یہ اس سے امر تعجب ہے۔ پس جو ہمارے نزدیک تعجب خیز ہے۔ اللہ تعالیٰ کے لئے اس کا جائز ہونا محال ہے۔

ہنسی اور فرحت کا اخراج قبولیت و رضا کی طرف ہوتا ہے اگر تو نے اس کے لئے ایسا کام کیا جس سے تیرے لئے اس کی ہنسی اور فرحت کا وعدہ ظاہر ہے تو اس کام کی قبولیت اور اس پر راضی ہونے کے ساتھ اس کی ہنسی اور فرحت ہے اور یہ اللہ تبارک و تعالیٰ کا ہم سے راضی ہونا اور اس کا قبول کرنا ہے جیسا کہ اللہ تبارک و تعالیٰ کا غضب اس جوش سے پاک ہے جو بدلہ لینے

کے لئے دِل کا خون طلب کرتا ہے کیونکہ اللہ سبحانہٗ تعالیٰ جسمیت اور عرض[1] سے پاک ہے، تو یہ غضب سے اُس فعل کی طرف لوٹتا ہے، جس سے اُس پر غضب جائز ہو اور وہ اللہ سبحانہٗ تعالیٰ کا جبر و مخالفت کرنے والوں اور اُس کی حدود سے بڑھ جانے والوں سے اُس اَمر کا انتقام ہے، اللہ تبارک و تعالیٰ نے فرمایا۔ اُس پر ناراض ہے یعنی اُس پر مغضوب کو بدلہ دینا جائز ہے تو مجازاً غضب ہو گا پس فعل معنا کے ظہور کا اطلاق اسم ہوا

اللہ تعالیٰ کی بشاشت

خوشی کے باب سے دو روایتیں آئی ہیں۔

۱:۔ بے شک اللہ تعالیٰ کو اُس شخص سے بشاشت ہوتی ہے جو نماز کے لئے مسجدوں کا فرش روندتا ہے۔

اور حدیث بیان ہوئی کہ جب اکوان[2] کے ساتھ جہان پردے میں ہوتا ہے اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے بغیر اللہ تعالیٰ کے مشغول ہوتے ہیں تو یہ فعل اللہ تعالیٰ سے پوشیدگی کے حال میں انجام دیتے ہیں۔

جب اللہ سبحانہٗ تعالیٰ کے حضور میں کسی قسم کے اچھے نفل سے حاضر ہوتے ہیں

تو ۔ ۔ ۔ اللہ تبارک و تعالیٰ اُن کے دلوں میں اپنی محاضرت و مشاہدت اور مناجات کی لذت ڈال دیتا ہے جس سے اُن کی طرف محبت کا ظہور ہوتا ہے۔ حضور رسالتمآب

---

[1] عرض جو چیز بذاتہٖ قائم نہ ہو بلکہ جوہر کے برعکس دوسری چیز کے باعث قائم ہو۔

[2] اکوان اس کا واحد کون ہے یعنی کائنات۔

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم نے فرمایا۔

حبوا اللّٰہ لما یغذوکم بہ من نعمہ

اللّٰہ تعالیٰ سے محبت کرو کہ وہ تمہیں نعمتوں کی غذا عطا فرمائے

یعنی اللہ تبارک وتعالیٰ کے اِس فعل میں بشاشت کا کنایہ ہے، اس لئے کہ تمہارے اس پر آنے کے ساتھ اظہارِ مسّرت ہے اور تیرے اس آنے پر خوش ہونا تیری طرف نیکی کے ساتھ اُس کی خوشی کی علامت کا اظہار ہے اور اُس کے ساتھ جو تیری طرف اُس کی محبّت اور اُس کا ارسال کرنا ہے. چنانچہ جب اُس کے ساتھ یہ چیزیں اللّٰہ تبارک وتعالیٰ کی طرف سے اُس کے بندوں کیلئے مؤثر ہوتی ہیں تو اس کا نام تبخشش وبشاشت رکھا گیا

خُدا تعالیٰ کی طرف نسبتِ نسیان

اللّٰہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا!

"فنسیھم" یعنی اللہ تعالیٰ اُنہیں بھُول جائے گا. اُس پر نسیان جائز نہیں. ولیکن جب اللّٰہ تبارک وتعالیٰ اُنہیں ہمیشہ کے عذاب میں مُبتلا فرمائے گا تو اُنہیں اُس کی رحمت نہیں پہنچے گی. گویا کہ وہ اُس کے نزدیک بھلائے جا چُکے ہیں جیسا کہ یہ اُن کے لئے بھُولنا ہے. یعنی یہ فعل ناسی ہے اور جو یہ تذکرہ نہ کیا کہ وہ اِس میں عذابِ الیم سے ہیں اور یہ اس لئے ہے کہ وہ اپنی دُنیوی زندگی میں اللّٰہ تعالیٰ کو بھُولے ہوئے تھے تو اُن کے ساتھ اُن کا یہ فعل جائز ہے چنانچہ مناسبت کے لئے اُن کا فعل اُن پر لوٹا دیا. اور بے شک وہ بھُولے ہُوئے تھے تو اللّٰہ تعالیٰ نے اُنہیں بھلا دیا. یعنی اللّٰہ تعالیٰ کے اَمر کو مؤخر کرتے تھے اور اس کے ساتھ عمل نہ کرتے تھے آخر اللّٰہ تعالیٰ نے اُنہیں جہنّم رسید کر دیا. جب

ان کے علاوہ کو دوزخ میں داخل کر کے نکال لیا تو یہ اس باب سے حق تعالیٰ کے مکر و استہزا اور تمسخر سے متصف ہوتا ہے، اللہ تبارک و تعالیٰ نے فرمایا!

سَخِرَ اللّٰهُ مِنْهُمْ [1] یعنی اللہ نے اُن سے تمسخر کیا یعنی تمسخر کا بدلہ دیا۔

اور فرمایا **وَمَكَرَ اللّٰهُ** [2] یعنی اور اللہ تعالیٰ نے مکر کیا یعنی خفیہ تدبیر فرمائی۔

اور فرمایا **اَللّٰهُ يَسْتَهْزِئُ بِهِمْ** [3] اللہ تعالیٰ اُن سے استہزاء فرماتا ہے یعنی اُن کے استہزاء کا بدلہ دیتا ہے۔

نفسِ باری تعالیٰ

حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! ہوا کو گالی نہ دو۔ بے شک یہ نفسِ رحمان سے ہے۔ اور میں یمن کی طرف سے نفسِ رحمان کو پاتا ہوں اور یہ تمام تنفیس سے ہے۔ یعنی نفس کا مادہ تنفیس سے ہے۔

جیسا کہ آپؐ نے فرمایا! ہوا کو گالی نہ دو۔ تو یہ اُس کے بندوں کیساتھ وہ امر ہے جس سے اللہ اُن کی تکلیف دور کرتا ہے اور فرمایا، صبا کے ساتھ مدد فرمایا گیا۔

ایسے ہی فرمایا! میں نفس رحمان کو پاتا ہوں یعنی مجھے کرب سے تنفیسِ رحمان ہے۔ یہ اُس کرب کی بات ہے جو یمن سے پہلے آپ اپنی قوم پر حق پیش کرتے تو وہ آپ کی تکذیب کیا کرتی تھی۔ چنانچہ آپؐ کو جھٹلائے جانے کا جو کرب تھا اُسے دُور کرنے کے لئے نفسِ خدا انصار کے ساتھ تھا۔

پس رب تعالیٰ النفس سے پاک ہے اور نفس سے مُراد وہ سانس ہے جو اہلِ نفس سے خارج ہوتی ہے۔ خدا کی قسم! جس چیز کی نسبت ظالم اللہ تبارک و تعالیٰ کی طرف کرتے ہیں وہ اُس سے بہت بلند اور بڑا ہے۔

---

[1] سورہ توبہ آیت ۷۹ [2] آلِ عمران آیت ۵۴ [3] البقرۃ آیت ۱۵

خُدا کی صُورت

لوگوں کے نزدیک صُورت کا اطلاق اُمرا در معلوم پر ہوتا ہے۔

علاوہ ازیں حضرت عکرمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حدیث کی طرح صحیح حدیث میں اللہ تبارک و تعالیٰ کی طرف صُورت کی اضافت وارد ہوتی ہے۔

حضُور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم نے فرمایا!

مَیں نے اپنے رَبّ کو نوجوان کی صُورت میں دیکھا۔ (الحدیث)

یہ حالت رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کی طرف سے ہے اور کلام عرب میں معلوم و متعارف ہے۔

اَیسے ہی حضُور سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم نے فرمایا۔

اللہ تبارک و تعالیٰ نے آدمؑ کو اپنی صُورت پر پیدا فرمایا۔

جاننا چاہیئے کہ قرآن مجید میں مِثلیتِ لُغویہ وارد ہوتی ہے عقلیہ نہیں کیونکہ مِثلیتِ عقلیہ اللہ تبارک و تعالیٰ پر محال ہے۔ مثلاً کہا کہ زید شیر ہے تو یہ سختی کی بنا پر ہو گا اور اگر کہا زید زہیر ہے تو یہ شعر گوئی کی حیثیت سے ہے چونکہ ایک یا دو صفتوں کے ساتھ وَصف موجود ہے پھر اُس کے علاوہ دوسرا اس صفت سے موصُوف ہے تو اگرچہ دوسرے حقائق کی جہت سے دونوں کے درمیان تباین و تخالف ہے۔ ولیکن دونوں کی رُوح میں یہ صفت مشترک ہے اور دونوں میں سے ہر ایک پر اِس خاص صِفت میں اِس کا معنیٰ دوسری صُورت پر ہو گا۔

پس غور سے سمجھ اور دیکھ تیرے ہونے کی دلیل اللہ تبارک و تعالیٰ پر ہے کیا صفت کمال کے ساتھ اُس کا وَصف تیرے سوا نہیں۔ غور کر کہ جب تُو مناظرہ کی طرف بابِ تعریت سے داخل ہو گا تو وہ نقائص سلب ہو جائیں گے جو تجھ

پر اُس سے جائز ہیں۔ وہ اس کے ساتھ سوائے تجسیم و تشبیہ کے قائل ہر گز قائم نہیں ہوگا۔ کیونکہ اُس کی طرف جو اضافتِ نقص ہو وہ تم اُس سے سلب کر لو اور اگر اِس امر کا وہم نہ ہوتا تو تم اِس سلب سے کچھ نہ کر پاتے"

پس جان لیں کہ یہاں صُورت کے لئے بہت سے مُدخل ہیں جس کی مثال بیان ہوئی اور اِس کتاب میں ہمارا مقصد طویل بحث کو حذف کرتا ہے اور اللہ ہی حق فرماتا اور سیدھے راستے کی ہدایت دیتا ہے۔

خُدا کا بازُو

حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حدیث میں ہے کہ کافر کی ڈاڑھ جہنم میں اُحد کی طرح ہوتی ہے اور اُس کی جلد کی موٹائی جبار کے ہاتھ سے چالیس ہاتھ ہے۔

یہ اضافتِ تشریفی اُس مقدار سے ہے جو اللہ تبارک و تعالیٰ نے اُس کے مضاف کی طرف مقرر فرمائی۔ جیسا کہ کہتے ہیں' یہ چیز بادشاہ کے ہاتھ سے ایسے اور ایسے ناپی گئی ہے اس سے مُراد بڑا ہاتھ ہے جو اُس بادشاہ نے مقرر کیا اور اگر اس کی مثل بادشاہ کے ہاتھ سے ہے تو وہ لوگوں کے ہاتھ کی طرح جارحہ ہے اور جو ذراعِ جارحہ یعنی کہنی کے اوپر اُس کا نصف یا تیسرا حصہ زیادہ مقدار مقرر کی تو وہ اُس کی حقیقت پر اُس کا ذراع نہیں اور یہ مقدار اُس کی نصب ہے پھر اُس کی اضافت اُس کے مقرر کرنے والے کی طرف کی۔

پس جاننا چاہیئے کہ جبار عربی زبان میں بہت بڑا بادشاہ ہے اور یہ ایسے ہی ہے۔

خُدا کے قدم

حدیث میں آیا ہے کہ جبار اپنا قدم دوزخ میں ڈالے گا اور کہتے ہیں فلاں اس امر میں ثابت قدم ہے تو قدم کا معنیٰ ثبوت ہوا ہے اور گر دو بھی تو قدم اضافت ہوگی اور جب جبّار بادشاہ ہوگا تو یہ قدم اُس بادشاہ کے ہوں گے اس لئے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ پر جارحہ محال ہے یعنی اللہ تعالیٰ پر عضو کا اطلاق محال ہے۔

اِستواء الٰہی

استواء کا اطلاق بھی استقرار وقصد اور استیلاء پر ہوتا ہے اور استقرار یعنی قرار پکڑنا جسموں کی صفات سے ہے۔ پس اللہ تبارک وتعالیٰ پر قرار پکڑنا جائز نہیں مگر جب ثبوت اور قصد کی وجہ پر ہوگا اور یہ ثبوت اور قصد اُس کا ارادہ فرمانا ہے جب کہ یہ امر صفاتِ کمال سے ہے فرمایا! پھر آسمانوں کی طرف اِستویٰ فرمایا یعنی عرش پر قصد واستویٰ کیا یعنی عرش پر غالب آیا۔

قد استوی بشر علی العراق

من غیر سیف ودم مهراق

بے شک بشر نے بغیر تلوار اور خون بہانے کے عراق پر غلبہ حاصل کرلیا۔

اس سلسلہ میں بہت سی اخبار وآیات ہیں جن میں صحیح اور سقیم ہیں اور اُن میں سے کوئی خبر ایسی نہیں جس کے لئے وجہِ تنزیہہ سے کوئی وجہ نہ ہو۔

اگر تو چاہتا ہے کہ یہ تجھ پر قریب ہو تو اُس لفظ کی طرف اعتماد کر جس میں تشبیہہ کا وہم ہوتا ہے اور اُس کی رُوح اور فائدہ کو لے یا اُسے دیکھ جو اُس سے ہوگا پس اُسے حق الحق میں مقرر کرتے ہوئے تنزیہہ کے درجہ کے ساتھ قائم ہو گے جب کہ

تیرے علاوہ تشبیہہ کا ادراک کرے گا"۔

پس ایسے ہی کر اور اپنے کپڑے کو پاک کر یعنی دامن سمیٹ لے اور ان خبروں سے اسی پر اکتفاء کر اس لئے کہ یہ باب طویل ہو گیا ہے۔

اِن تشبیہوں سے کیا مُراد ہے

جب متعجب اس کی صورت پر خارج ہونے والے امور پر تعجب کرتے ہوئے اپنے دل میں مخالف ہوا تو پاکیزہ روح نے نفس دل میں پھونکا کہ!

فرحت اس کے وجود کے ساتھ ہے۔

ہنسی اس کے شہود سے ہے۔

غضب اس کی تولیت کے لئے ہے۔

بشاشت اس کے نزول کے لئے ہے۔

بھلا دینا اس کا ظاہر ہے۔

تنفس کا اطلاق اس کا مواخر ہے۔

یادشاہی پر ثابت قدمی اپنی سلطنت میں تقدیر کا حکم نافذ کرنا ہے۔

پس جو اس نے چاہا ہوا، لوٹنا یعنی آخرت اللہ تعالیٰ کی طرف ہے۔ یہ ارواح اکیلی ہیں اشباح ان کی نسبت کے منتظر ہیں۔

جب تو میقات یعنی میدانِ حشر میں پہنچے گا اوقات ٹوٹ جائیں گے۔

آسمان سمیٹ دیئے جائیں گے۔

سورج کو لپیٹ دیا جائے گا۔

زمین تبدیل ہو جائے گی۔

ستارے دھندلا جائیں گے۔

امور منتقل ہو جائیں گے اور آخرت کا ظہور ہو جائے گا۔
انسان وغیرہ کا حشر گڑھوں میں ہوگا۔ اُس وقت اجسام حمد بیان کریں گے اور
رُوحیں سانس لیں گی یعنی جسموں میں داخل ہو جائیں گی"
کھولنے والا تجلی بار ہوگا۔
چراغ روشن ہو جائے گا۔
راتیں روشنی بکھیریں گی۔
محبتِ دمودّت پوشیدگی کے بعد ظاہر ہو جائے گی۔
گڑگڑانا زائل ہو جائے گا۔
بازو اور پَر پھڑپھڑائیں گے۔
رات کے پہلے حصّہ سے صبح تک ہمارے کمر متابر کے ساتھ ہونگے
تو اُس کی منزل کیا ہی درخشاں ہوگی اور یہ حالت نفوسِ کاملہ
کی پسندیدہ ہوگی تو اللہ تعالیٰ ہمیں اِس ...... سے
فائدہ عطا فرمائے گا۔

تیسرا باب ختم ہوا؛
اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ؛

باب چہارم

تمام عالم سے اسمارِ حسنیٰ کے مراتب اور نشأۃ عالم کے سبب کا بیان

فِی سببِ البدءِ وَ احکامِہٖ — وَغایت الصنع و اُحکامِہٖ

والمفرق مابین رعاۃ العلیٰ — فی نشئہٖ وبین حکامِہٖ

دلائل دلت علی صانع — قد قہر الکل باُحکامِہٖ

نشأۃِ عالم اور احکامِ الٰہی کے سبب اور خدا کی انتہائی صنعت اور اُس کے استحکام میں۔

اس کی نشاۃ وحکام اور اعلیٰ و رعایا کے درمیان فرق میں دلائل صانع پر دلالت کرتے جس نے سب کو احکام کا تابع اور مغلوب کر رکھا ہے۔

دوستوں کی خواہش

ہمارا پیارا دوست اللہ اُسے باقی رکھے نشاۃ و پیدائش عالم کے بارے میں ہماری کتاب "عنقا مغرب فی ختم الاولیا" "شمس المغرب" اور "انشا الدوائر" میں واقف ہو چکا ہے جس کا کچھ حصہ ہم نے ۵۹۸ھ میں آپ کی زیارت کے وقت آپ کے بیت الکریم میں تالیف کیا تھا۔

اُس وقت ہم حج کے لیے جا رہے تھے اور آپ کے خدمت گار عبدالجبار خدا اُس کو عزت دے، نے اُس تالیف کو نقل کر لیا تھا اور اُسی سال اصل نسخہ میں مکہ مکرمہ زاد اللہ تشریفاً میں اپنے ساتھ لے آیا تاکہ اُسے پورا کردوں۔

مکہ معظمہ میں آکر امرِ الٰہی کے باعث ہم اِس کتاب "فتوحاتِ مکیہ" کی تالیف میں مشغول ہو گئے اور پہلی کُتب کو پُورا نہ کر سکے کیونکہ ہمارے بھائیوں اور فقراء، جو علم کی زیادتی کے طالب تھے، نے ہمیں رغبت دِلائی کہ اِس بیتِ مبارک شریف اور محلِ برکات وہدایت اور آیاتِ بیّنات سے اُن پر جو اُمور وارد ہوتے ہیں میں اُنہیں رقم کروں اور ان موضوعات کو بھی اپنے بزرگ دوست ابو محمد عبدالعزیز "خدا اس پر راضی ہو" کے سامنے لاؤں اور مکہ معظمہ کے وسیلہ سے حاصل ہونے والی برکتوں سے اُنہیں رُوشناس کراؤں۔

چُونکہ مکہ معظمہ عبادت کا بہترین وسیلہ اور عالمِ جمادات وخاک میں زیادہ شرف والا ہے۔ اِس لئے میری خواہش ہے کہ میرے "ان بیانات" سے آپ کو آپ ہمتِ شوق اِس طرف اُبھارے اور آپ مزید رغبت کے ساتھ مکہ معظمہ کو اپنی منزل بنائیں۔ اِس لئے کہ صاحبِ جامع کلمات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم باوجود قُربتِ قابَ قوسین سے بھی قریب تر قُربت کے اور اپنے پروردگار کا اپنی آنکھوں سے مشاہدہ کرنے اور اِس تقریبِ اکمل اور وافر حصّہ کے آپ کو ارشادِ ربانی ہُوا "قُل رَّبِّ زِدْنِی عِلْماً" یعنی اے میرے پروردگار میرا علم زیادہ فرما۔

مکانوں کی تاثیریں

مقامات ومشاہدِ غیبیہ کو دیکھنے والے عالم کے لئے شرط ہے کہ وہ لطیف قلوب میں مکانوں کی تاثیر کا علم رکھتا ہو اور جونسا مکان بھی ہو اُس کا دل اُس کے وجود کی تاثیر کو عام طور پر پالیتا ہے تو مکہ معظمہ زاداللہ تشریفاً میں اس کا وجود زیادہ روشن اور کامل ہے، جس طرح منازلِ رُوحانیہ گھٹتی بڑھتی ہیں ایسے ہی منازلِ جسمانیہ میں کمی بیشی ہوتی ہے اور صاحبِ حال کے علاوہ" دوسروں کی نظریں موتی

اور پتھر برابر نہیں ہوتے

رہا وہ صاحبِ حال جو کامل و مکمل ہے تو وہ دونوں کے درمیان تمیز کر لیتا ہے جیسا کہ حق تعالیٰ نے دونوں کے درمیان امتیاز رکھا ہے۔ کیا مٹی کی اینٹوں اور گھاس پھوس سے تیار کئے گئے گھر کو اور سونے چاندی کی اینٹوں سے تعمیر کئے گئے گھر کو حق تعالیٰ سبحانہٗ برابر فرما دے گا۔ پس حکمت والا دراصل وہ ہے جو ہر حقدار کو اُس کا حق عطا کرے تو یہ صاحبِ وقت و زمانہ ایک ہی ہوتا ہے جو ہر حق دار کا حق ادا کرے۔ اور بہت سے شہروں میں اکثر عمارتوں کی بنیاد خواہشات پر رکھی جاتی ہے اور بہت سے شہروں میں اکثر عمارتیں روشن دلیلوں پر تعمیر ہوتی ہیں۔

اللہ تعالیٰ میرے دوست کو باقی رکھے کیا وہ مجھ سے امر میں اتفاق کرے گا کہ ہمارے قلوب کچھ مقامات میں دوسرے مقامات سے زیادہ پاتے ہیں اور اللہ اُس پر راضی ہو جبھی تو منارہ کے گھروں میں اپنے خلوت کدے سے تیونس کے مشرق کی طرف وہ ساحلِ سمندر کے اُس گھر میں تخلیہ فرمانے لگے جو منارہ کے دروازہ کی جہت سے منارہ کے قریبی قبرستان میں واقع ہے اور یہ کٹیا حضرت خضر علیہ السلام کی رہائش گاہ کہلاتی ہے چنانچہ جب مَیں نے اُن سے اس تبدیلی کا سبب پوچھا تو انہوں نے کہا میرا دل یہاں اس سے زیادہ وُجدان حاصل کرتا ہے جتنا منارہ میں کرتا تھا تو میرا بھی یہی حال ہے جو شیخ نے فرمایا ہے۔

اللہ تعالیٰ میرے دوست کو باقی رکھے اُسے معلوم ہے کہ اُس مقام میں یہ اثر بزرگ فرشتوں یا سچے جنوں کے ٹھکانے کی وجہ سے زیادہ ہوتا ہے یا اُس جگہ رہنے والے کی ہمت کی بنا پر ہوتا ہے۔

جیسا کہ حضرت بایزید بسطامی علیہ الرحمۃ کے گھر کو بیت الابرار کہا جاتا ہے اور "سلطان الطائفہ" حضرت جُنید بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کے خلوت کدے کا گوشہ شونیزیہ میں

اور حضرت ابراہیم اُدھم رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ کا غار تعمن میں پایا جاتا ہے۔ چنانچہ اِس دُنیا سے نقل مکانی کر جانے والے صالحین کے مکانوں میں اُن کے آثار باقی رہتے ہیں جن کی تاثیر سے لطیف قلوب بہرہ مند ہوتے ہیں۔

اِس لئے وجودِ قلب میں مسجدوں میں تفاضل لَوٹتا ہے نہ کہ ثواب کی زیادتی ہوتی ہے، تو یقیناً کبھی کبھی آپ کا دل ایک مسجد میں دوسری مسجدوں سے زیادہ حظ حاصل کرتا ہے تو یہ مٹی کی وجہ سے نہیں بلکہ مٹی پر بیٹھنے والوں کی وجہ سے یا اُن کی ہمتوں کی بنا پر ہوتا ہے اور جو شخص اپنی وجدانِ قلبی میں بازار اور مسجد کے درمیان فرق نہیں پاتا وہ صاحب حال ہے نہ کہ صاحبِ مقام۔ مجھے کشفاً اور علماً کچھ شک نہیں کہ اگرچہ فرشتے تمام زمین پر رہائش پذیر ہیں مگر باوجود اس کے اُن کے معارف و مراتب میں تفاضل ہے۔ چنانچہ مسجد حرام میں رہائش پذیر ملائکہ دوسروں سے بلند مرتبہ اور علم و معرفت میں بڑی منزلت والے ہیں اور آپ کا وجدان آپ کے ساتھ بیٹھنے والے کی شان کے مطابق ہوگا۔ کیونکہ ہم جلیس کے دل میں اُس کے ساتھ بیٹھنے والوں کی ہمتوں کا اثر ہوتا ہے اور اُن کی ہمتیں اور تاثیر اُن کے مرتبوں کے مطابق ہوتی ہیں۔

اور اگر ہمت کی جہت سے دیکھیں تو اس بیت الحرام کا طواف اولیا عظام کے علاوہ ایک لاکھ چوبیس ہزار انبیا کرام نے کیا ہے اور انبیا و اولیا میں سے ہر ایک نے اِس پاک گھر اور پاک شہر کے ساتھ اپنی ہمت کا تعلق رکھا ہے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ نے اس گھر کو تمام گھروں پر پسند کیا ہے اور اس کے لئے عبادت گاہوں میں اولیت کا راز ہے جیسا کہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے فرمایا:

اِنَّ اَوَّلَ بَيْتٍ وُّضِعَ لِلنَّاسِ لَلَّذِيْ بِبَكَّةَ مُبٰرَكًا وَّهُدًى لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝ فِيْهِ اٰيٰتٌۢ بَيِّنٰتٌ مَّقَامُ اِبْرٰهِيْمَ ۚ وَمَنْ دَخَلَهٗ كَانَ اٰمِنًا ؕ (آل عمران آیت ۹۶)

بے شک لوگوں کی عبادت کا جو سب سے پہلا گھر مقرر ہوا وہ برکت والے مکہ میں ہے اور وہ سارے جہان کا رہنما ہے۔ اس میں کھلی نشانیاں ہیں۔ ابراہیمؑ کے کھڑے ہونے کی جگہ اور جو اُس میں آئے ہر خوف سے امان میں آگئے۔

بیت اللہ شریف کی طرف آؤ

میرے دوست اللہ تبارک وتعالیٰ آپ کو باقی رکھے۔ اُن معارف وزیادت کے حصول کے لئے بلدِ حرام شریف کی طرف روانہ ہو جائیں جو آپ نے اس سے پہلے نہیں دیکھے اور نہ اُن کے لئے آپ کے دل میں خیال ہوا اللہ تعالیٰ آ سے راضی ہو آپ کو علم ہے کہ نفس کا حشر علمی صورت پر اور جسم کا حشر عملی صورت پر ہوگا اور مکہ معظمہ میں دوسری جگہ کی نسبت علم وعمل کی صورت تمام وکمال ہے۔

اگر صاحبِ دل ایک ساعت کے لئے مکہ معظمہ میں داخل ہو تو وہ بھی اسے جانتا لیتا ہے اور جو شخص اس کا مجاور بن کر کھڑا ہے اور تمام فرائض وقواعد کو بجا لاتا ہے اُس کا کیا حال ہوگا۔ یقیناً مجاورِ کعبہ کا مشاہدہ کامل اور روشن تر ہوتا ہے اُس کا نور مصفا اور لذیذ وشیریں ہوتا ہے۔

اللہ تعالیٰ آپ کو باقی رکھے۔ آپ نے مجھے بتایا ہے کہ میں اماکن وامزجہ کی کمی بیشی کو محسوس کر لیتا ہوں، اور آپ کو علم ہے کہ یہ امر اُن اماکن کے مکینوں کی حقیقت اور اُن کی ہمت کی طرف لوٹتا ہے جیسا کہ ہم نے ذکر کیا۔

ہمارے نزدیک اس میں کچھ شبہ نہیں کہ اس فن کی معرفت یعنی اماکن کا علم ہونا اور تمام تمکن کی کمی بیشی کا احساس عارف کی معرفت، اُس کے مقام کی بلندی، اشیاء پر اُس کی واقفیت اور اُس کی امتیاز کرنے کی قوت پر دلالت کرتا ہے جو اُسے اللہ تبارک وتعالیٰ نے عطا فرماتے ہیں، اللہ تبارک وتعالیٰ میرے دوست کو اس میں اچھے اثمات اور پاکیزہ خیر عطا فرمائے کیونکہ وہی اس کا سرچشمہ اور اس پر قادر ہے۔

ہم ابتداءِ عالم کو کیسے جانتے ہیں

اللہ تبارک وتعالیٰ ہمیں اور آپ کو اد

تمام مسلمانوں کو توفیق عطا فرمائے جاننا چاہیئے کہ اہلِ کشف و حقائق سے اکثر علمائے ربانیین کے نزدیک ابتدائے عالم کے سبب کو جاننا سوائے اُس علمِ قدیم کے تعلق کے نہیں جو اُس نے ایجاد فرمایا۔ اور اُس نے وہی پیدا فرمایا جس کا اُسے علم تھا، یہاں پہنچ کر اکثر لوگوں کے علم کی انتہا ہو جاتی ہے۔ چنانچہ اُن کے نزدیک اِس کے علاوہ پیدائشِ عالم کے سبب کا کوئی علم نہیں۔

مگر ہم اور وہ لوگ جنہیں اللہ تعالیٰ نے ہماری طرح اس علم پر اطلاع دی ہے اور وہ اِن کے علاوہ دوسرے امُور پر واقفیت رکھتے ہیں۔ اور وُہ امر یہ ہے کہ جب آپ عالم کو اُس کے حقائق اور اُس کی نسبت سے تفصیلاً دیکھیں گے تو اُسے اُن حقائق اور نسبتوں میں محصُور پاؤ گے جس کے منازل و مراتب معلوم ہیں اور متماثل و مختلف محدود اجناس کے درمیان ہیں۔

جب آپ اِس امر سے واقف ہو جائیں تو جان لیں کہ اس کا ایسا سِرّ لطیف اور امرِ عجیب ہے جس کی حقیقت کو دقیق فکر و نظر سے نہیں دیکھا جا سکتا۔ بلکہ یہ علم اللہ تبارک و تعالیٰ کے عطا فرمودہ علومِ کشفیہ اور صاحبانِ ہمت کے مجاہدات کے نتائج سے برآمد ہوگا۔ کیونکہ جو مجاہدہ بغیر ہمت کے ہوگا اُس کا نہ تو کچھ نتیجہ برآمد ہوگا اور نہ ہی وہ علم میں مؤثر ہے۔ لیکن رِقّت و صفا سے حال میں اثرات مرتّب کرتا ہے جسے مجاہدہ کرنے والا پا لیتا ہے۔

جاننا چاہیئے کہ آپ کو اللہ تعالیٰ سرائرِ حکم اور جوامعِ کلم کا علم عطا فرمائے اور اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ جو گنتی کے لحاظ سے اسما کے اُوپر پہنچے ہیں اور اسمائے حمد کے علاوہ سعادت کے لحاظ سے نیچے ہوتے ہیں۔ وُہی اِس عالم میں اثرات مرتّب کرتے ہیں اور یہی اِس جہان کی پہلی کُنجیاں ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی نہیں جانتا۔

ہر حقیقت کا ایک اسم ہے

ہر حقیقت کے لئے ایک اسم ہے جو اسماء سے اُسی کے لئے مختص ہے حقیقت کا مطلب وہ حقیقت ہے جو مختلف حقائق جمع کر کے ایک جنس بنا دیتی ہے۔ اِس حقیقت کا رَب وہ اسم ہوتا ہے اور یہ حقیقت اُس اسم کی عبادت کرتی ہے اِس کے علاوہ اِس کے تکلف کے نیچے اور کچھ نہیں ہوتا۔ اور اگر آپ کے لئے کوئی اشیائے کثیرہ کو جمع کر لے تو یہ وہ امر نہیں جو آپ کے گمان میں ہے۔ کیونکہ اگر آپ اُس کی طرف دیکھیں گے تو اُس چیز کے لئے کئی وجہیں پائیں گے جو اُن اسماؔ کے مقابلہ میں اُس پر دلالت کرتی ہیں اور یہی وہ حقائق ہیں جس کا ہم نے ذکر کیا ہے اور اس کی وہی مثال ہے جو آپ کے لئے اس علم میں ثابت کی جا چکی ہے جو ظاہر عقلوں میں موجود ہے اور ہر موجود کے حق میں اُس کے تحت ایک نہ تقسیم ہونے والا فرد ہے جو ہر اُس جُزو کی طرح ہے جو تقسیم نہیں ہوتا۔ کیونکہ اِس میں متعدد حقائق ہیں۔ جو اپنی گنتی پر اسمائے الٰہیہ کو طلب کرتے ہیں۔ پس اُس کے ایجاد کی حقیقت اسمِ قادر کو طلب کرتی ہے اور اُس کے احکام کی وجہ اسمِ عالم کو طلب کرتی ہے اور اُس کے اختصاص کی وجہ اسمِ مُرید کو طلب کرتی ہے اور اُس کے ظہور کی وجہ اسمِ بصیر اور رائے وغیرہ کو طلب کرتی ہے۔ یہ اگرچہ ایک ہی فرد ہے مگر اس کی وجوہ وغیرہ بہت سی ہیں جن کا ہم نے ذکر کیا۔ ہر ایک وجہ کے لئے متعدد وجوہ ہیں جو اپنے حسبِ حال اسماء کی طالب ہیں اور یہ وہی حقائق ہیں جو ہمارے نزدیک دوہرے ہیں اور ان پر واقفیت حاصل کرنا بہت مشکل ہے اور ان کا کشف کے طریق پر حاصل کرنا اور بھی مشکل ہے۔

اُمّہاتِ اسماء کو دیکھیں

جاننا چاہیئے کہ جب ہمیں اِن اسماء کا علم ہُوا تو اُن کی کثرت کی بناء پر ترک کر دیا اور اُس کے لئے عالم سے طالب علموں کے وجوہ کا ملاحظہ کیا۔ جب اِس کا ملاحظہ نہیں کریں گے تو اُمّہات المطالب کے ملاحظہ کی طرف لوٹ جائیں جس سے ہم مستغنی نہیں ہو سکتے۔ پس جان لیں کہ اسماء وہی اُمّہات ہیں جو اِس پر موقوف ہیں اور وہ بھی اُمّہات الاسماء ہیں۔ پس نظر آسان ہو جائے گی اور غایت پُوری ہو جائے گی اور اِن اُمّہات سے بنات کی طرف لوٹنا آسان ہو جائے گا۔ جیسا کہ بنات کا اُمّہات کی طرف لوٹ آنا آسان ہے۔

اسماء سبعہ

جب آپ عالمِ علوی اور سفلی میں تمام معلوم اشیاء کو دیکھیں گے تو اصحابِ علمِ کلام کے نزدیک صفاتِ سبعہ سے تعبیر کئے جانے والے سات اسماء کو پاؤ گے جو اِس کے ضمن میں ہیں اور جن کا ذکر ہم نے اپنی "انشاء الدوائر" نامی کتاب میں کیا ہے۔ اِن اُمّہات سبعہ کا جو صفات سے تعبیر کی جاتی ہیں کا اس کتاب میں ذکر کرنا ہماری غرض نہیں۔ ولیکن ہمارا ارادہ اُن اُمّہات کو بیان کرنا ہے جو اِن سے ایجادِ عالم کے لئے ضروری ہیں۔

جیسا کہ ہم حق سبحانہٗ تعالیٰ کی معرفت سے عقلوں کے دلائل میں محتاج نہیں۔ مگر ہم اُس کے عالم، مُرید، قادر اور حیّ ہونے میں اس کے علاوہ دلائل کی احتیاج رکھتے ہیں۔ جو اِس پر زائد ہیں تو بے شک وہ تکلیف کا مقتضی ہے۔ پس اس کا رسُول علیہ السلام آتا ہے تو ہم اُس کا متکلم ہونا مقرر کر

لیتے ہیں اور مکلّف ہونے سے اُس کے سمیع و بصیر وغیرہ اسمآ کو جان لیتے ہیں۔ چنانچہ وہ جو وجودِ عالم کے لئے معرفتِ اسماء سے اُس کی طرف محتاج ہیں۔ وہی ارباب الاسمآ ہیں۔ اور جو اِن اسماء کے علاوہ ہیں وہ اُن کے خادم ہیں جیسا کہ ان اِرباب میں سے بعض ایک دوسرے کے خادم ہیں۔

اُمّہاتِ اسماء کی مزید تشریح

اُمّہاتِ اسماء حیّ، عالم، مُرید، قادر، قائل، جوّاد اور مقسط ہیں اور یہی اسماء مدبّر اور مفصّل دونوں اسماء کی بنات ہیں۔ پس حیّ آپ کی پیدائش کے بعد اور پہلے آپ کی عقل کا اثبات کرتا ہے، عالم آپ کے وجود میں آپ کے احکام کو ثابت کرتا ہے اور آپ کے وجود سے پہلے آپ کی تقدیر کو ثابت کرتا ہے۔ مُرید آپ کے اختصاص کا اثبات کرتا ہے، قادر آپ کے عدم کو ثابت کرتا ہے، قائل آپ کے قِدم کو ثابت کرتا ہے، جوّاد آپ کی ایجاد کو ثابت کرتا ہے اور مقسط آپ کے مرتبے کو ثابت کرتا ہے اور مرتبہ وجود کی منزلوں کی آخری منزل ہے۔

یہ وہ حقائق ہیں جن کا وجود اِن اسمائے الٰہیہ سے لازم ہے۔ جو اِن کے ارباب ہیں پس حیّ ربّ الارباب و مربوبین ہے اور وہ امام ہے اور وہ عالم کے رتبہ میں ملا ہُوا ہے۔ اور عالم مُرید سے نیچے کی طرف مِلا ہُوا ہے۔ مُرید قائل سے نیچے ملا ہُوا ہے۔ قائل قادر سے نیچے کی طرف مِلا ہُوا ہے اور قادر جوّاد سے نیچے ملتی ہے۔ اور اِن کے آخر میں مقسط ہے تو بے شک یہ ربّ مراتب ہے اور یہی منازلِ وجود میں آخری ہے۔

ایجادِ عالم کا سبب اسمآ ہیں

باقی اسماء اِن اُئمّہ اربابِ اسمآ کے تحت

اطاعت گذار ہیں۔

ایجادِ عالم میں ان اسماء کی اسمِ اللہ کی طرف توجہ کا باعث یہ ہیں اور باقی اسماءؑ بھی اپنے حقائق سمیت اِنہی امُور کے طالب ہیں اور سوائے عالم نظری کے اسماء کے یہ چار امام ہیں۔

حیؒ، متکلمؒ، سمیعؒ، بصیرؒ

کیونکہ جب اُس نے اپنا کلام سُن کر اپنی ذات سے کہا تو عالم کی طرف نظر کے علاوہ اُس کا وجود اپنی ذات میں کامل تھا۔ اِن اسماء سے ہماری مُراد تو وہ اِسم ہیں جو اِس عالم کے وجود کے قیام کا باعث ہیں۔

ہمارے ساتھ اللہ تبارک و تعالیٰ کے بہت سے اسماء ہیں جن میں سے اربابِ اسماؑ کی طرف رجوع کرتے ہیں۔ چنانچہ ہم اُن کے حضرات میں داخل ہوئے تو اُن کے سِوا کِسی کو نہ دیکھا اور جو ہم نے دیکھا اُسے ظاہر کر دیا۔

علاوہ ازیں باقی اسماء ہمارے اَعیان کی پیدائش میں اربابِ اسماؑ کو اسم اللہ کی طرف متوجہ کرنے کا سبب ہیں۔ اِس عالم کو طلب کرنے کے لئے جو پہلے اِسم قائم ہوئے وہ مُدبّر و مفصّل ہیں۔

یہ اسم جب کسی چیز پر توجہ کے وقت اسمِ ملک سے سوال کرتا ہے تو نفسِ عالم میں پہلے عدم کے علاوہ اُسے مثالی وجود پیدا کرتا ہے لیکن یہ اوّلیت مرتبہ کی ہے وجُود کا تقدّم نہیں جیسا کہ طلوعِ آفتاب کا تقدّم دِن کے تقدّم پر دلالت کرتا ہے اگرچہ دن کی اوّلیت آفتاب کے طلُوع سے ملحق ہے، لیکن طلُوعِ آفتاب کا سبب دن کا اوّل حصّہ ہے اور طلوعِ آفتاب کا وجود دِن کے پہلے حصّے سے مِلا ہوا ہے ایسے ہی یہ وہ اَمر ہے جب مُدبّر و مفصّل دونوں اسماء ہیں۔ پہلے جہل اور عدم عالم کے بغیر عالم کو پیدا کیا اور نفسِ عالم میں مثالی صُورت پیدا کی۔ اُس وقت

اسمِ عالم کا تعلق اسمِ مثال کے ساتھ ہو گیا جیسا کہ اُس کا اُس صُورت سے تعلق ہُوا جس سے وہ ماخوذ ہے اگرچہ وہ صُورت موجود نہ ہوتے کی بنا پر غیر مرئی تھی۔ ہم اِسے اُس باب میں بیان کریں گے جس میں بیان کیا گیا ہے کہ یہ عالم کِس چیز سے پیدا ہُوا ہے۔

چنانچہ اسمارِ عالم سے پہلے یہی دونوں اسم ہیں، اسمِ مُدبّر وہ ہے جو مقدّر پیدا کرنے کے وقت محقّق ہُوا۔ اِس کے ساتھ اسمِ مرید کا تعلّق اُس حد پر ہُوا جو اسمِ مُدبّر نے ظاہر کی چنانچہ اِن دونوں اسماء نے اِس مثال کے پیدا ہوتے میں سِوائے دوسرے اسمار میں شریک ہونے کے کوئی عمل نہیں کیا۔ لیکن یہ پیدائش دونوں اسموں کے پردے کے پیچھے سے ظہور میں آئی ہے۔ اس لئے اِن دونوں کی امامت درُست ہے اور دوسروں نے اس کا شعُور نہ کیا یہاں تک کہ مثالی صُورت پیدا ہُوئی تو اُس میں اُن حقائقِ مناسبہ کو دیکھا جو اُنہیں اِس کے ساتھ اپنے ساتھ عشق میں جذب کرتے تھے۔ پس ہر اسم اپنی مثالی حقیقت پر عاشق ہونے لگا۔ لیکن اس میں اپنی تاثیر پر قادر نہ ہو سکا۔ کیونکہ وہ حضرت یہ مثال عطا نہیں کرتا جس میں اُس کی تجلّی ہے۔

چنانچہ عشق و محبّت کے اِس تعلّق نے اُن میں اُس مثالی وجود کو پیدا کرنے کی کوشش اور طلب و رغبت پیدا کر دی۔ تاکہ اُن کا غلبہ ظاہر ہو جائے۔ پس دونوں کی عزیز سے بڑی کوئی چیز نہیں عزیز کا اُس پر غلبہ نہ پایا یہاں تک کہ جو اُس کے غلبے کے تحت ہے۔ پس جو اُس کے غِنا کی طرف محتاج نہ پایا گیا۔ اُس پر اُس کے عزّ و غِنا کا تسلّط درُست ہے۔ یہی حال تمام اسمار کا ہے۔

پھر اُنہوں نے اپنے اَئمہ اربابِ سبعہ کی طرف التجا کی جن کا ہم نے پہلے ذِکر کیا ہے اور جو اُنہیں اُس مثال کی عین پیدا کرنے کے لئے راغب کر رہے

تھے جسے اُنہوں نے اُس کے ساتھ ذاتِ عالم میں دیکھا تھا اور جسے عالم سے تعبیر کیا جاتا ہے۔

حقیقتِ اسماء

بسا اوقات کہنے والا کہتا ہے۔ اے محقق اِس مثال کو یہ اسماء کیسے دیکھ سکتے ہیں؟ اور اسے سوائے اسم بصیر کے نہیں دیکھا جا سکتا۔ ہر اسم اِس حقیقت پر قائم ہے جس پر دوسرا اسم نہیں، ہم نے یہ اس لئے کہا ہے کہ آپ اِسے جان لیں۔

اللہ تعالیٰ آپ کو توفیق عطا فرمائے، ہر اسمِ الٰہی تمام اسماء کو متضمن ہے اُس کا ہر اسم اپنے اُفق میں تمام تر اسماء کے ساتھ تعریف کیا جاتا ہے، ہر اسم اپنے اُفقِ علم میں حیّ، قادر، سمیع، بصیر اور متکلم ہے۔ اگر یہ نہ ہو تو وہ اپنے عابد کا رب کیسے درست ہوگا، ہرگز نہیں، ہرگز نہیں۔

علاوہ ازیں آپ یہ ایک ناقابلِ فہم لطیفہ قطعی طور پر جان لیں کہ گندم اور اُس جیسے غلّہ وغیرہ کے دانوں میں وہ حقائق موجود ہیں جو اُس کی جنس کے دُوسرے دانے میں ہوتے ہیں۔ جیسا کہ آپ کو معلوم ہے کہ اگرچہ اُن میں اُس کی مثل حقائق شامل ہیں مگر یہ دانے اُس دانے کی عین نہیں ہوتے اِس لئے کہ وہ آپس میں ایک دوسرے کی مثل ہوتے ہیں۔

آپ اُس حقیقت کی تلاش و جستجو کریں جس سے آپ اِن دونوں میں تفریق کر سکیں، جب آپ جان لیں گے تو خود کہیں گے کہ یہ دانہ و حقیقت دوسرے دانہ و حقیقت کی عین نہیں چنانچہ یہ امر اِس کے ساتھ مثلیت کی وجہ سے تمام مماثلات میں سرایت کر گئے ہیں جیسا کہ اسماء ہیں اور ہر اسم تمام اسماء کے حقائق کا جامع ہے۔

پھر آپ قطعیّت کے ساتھ جان لیں کہ گندم کے دانوں اور دیگر تمام مماثلتوں کے بارے میں بیان کردہ لطیفہ کے مطابق ایک اسم دوسرے اسم کا عین نہیں، اس معنیٰ و مفہوم کو آپ ذِکر کے ساتھ تلاش کریں تو جان لیں گے فکر کے ساتھ نہیں۔ اِس کے علاوہ میری خواہش ہے کہ آپ کو اُس حقیقت سے واقف کراؤں جسے متقدمین سے کسی نے بیان نہیں کیا۔ مَیں اِس کے ساتھ مختص ہُوں اور کسی دُوسرے کو اِس پر اطلاع نہیں اور مَیں نہیں جانتا کہ اُس حضرت سے میرے بعد کسی کو اِس حقیقت کا علم دیا جائے جس سے مجھے دیا گیا ہے۔

سر آمد روزگارے ایں فقیرے
دِگر دانائے راز آید کہ نا آید

چنانچہ جو شخص بھی میری کتاب سے اُسے پڑھے گا یا سمجھے گا تو مَیں اُس کا معلّم قرار پاؤں گا، رہے متقدّمین تو اُنہوں نے اِس حقیقت کو نہیں پایا۔
جیسا کہ ہم نے مقرّر کیا ہے کہ ہر اسم تمام اسماء کے حقائق کے ساتھ مع اُس لطیفہ کے اُن حقائق پر حاوی ہے جس سے آپ دو مِثلوں کے درمیان امتیاز کرتے ہیں۔

اسمِ مُنعِم اور اسمِ مُعذّب دونوں ظاہر اور باطن ہیں اِن میں سے اوّل تا آخر ہر ایک اپنے خادم پر حاوی ہے۔ علاوہ ازیں اربابِ اسماء اور جو دوسرے اسم ہیں اُن کے تین مرتبے ہیں۔

۱ :۔ اِن میں سے بعض اربابِ اسماء کے درجہ سے ملے ہوتے ہیں۔

۲ :۔ بعض کو صرف ایک درجہ کے ساتھ انفرادیت حاصل ہے۔

۳ :۔ بعض اِن میں مُنعِم اور معذّب کے درجہ کے ساتھ منفرد ہیں، پس یہ اسماء عالم کے محصور ہیں اور اللہ ہی مدد فرماتا ہے۔

جب تمام اسماء نے ائمہ اسماء کی طرف اور ائمہ اسماء نے اسمِ اللہ کی طرف اور اسمِ اللہ نے اللہ تعالیٰ کی ذات کی طرف التجا کی۔ اس لئے کہ اللہ تبارک و تعالیٰ کی ذات مستغنی ہے تو اسمِ اللہ نے اس سے اپنی حاجت بیان کی جس کا اسمِ اللہ سے دوسرے اسماء نے سوال کیا تھا۔

پس احسان فرمانے والے جواد اور سخی نے اس کے ساتھ اُن پر انعام فرمایا اور اسمِ اللہ سے فرمایا کہ ائمہ اسماء سے کہہ دے کہ جو تمہیں حقائق عطا کئے ہیں اُن کے ساتھ ظہورِ عالم کے لئے تعلق پیدا کر لیں۔ چنانچہ اسمِ اللہ نے اُن کی طرف نکل کر اُنہیں بتایا تو وہ شاد باد اور خوش ہو کر لوٹ گئے اور ہمیشہ اسی حالت پر رہتے ہُوئے اُس حضرت کی طرف جس کا ذکر میں نے اس کتاب کے چھٹے باب میں کیا ہے دیکھا، وجودِ عالم کا ظہور انہی اسماء سے ہُوا ہے، اس کا ذکر ان شاء اللہ آئندہ ابواب میں آئے گا۔ اور اللہ ہی حق کہتا اور سیدھے راستے پر چلاتا ہے۔

باب چہارم تمام ہُوا

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ٥

باب پنجم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اور سورہ فاتحہ کے اسرار کی معرفت کا مختصر بیان

بسملة الاسماء ذومنظرين	مابين ابقاء وأفناء عين
الاجن قالت لمن حين ما	خافت على النمل من الحطمتين
فقال من أضحكه قوطها	هل أثر يطلب من بعد عين
يانفس يانفس استقيمي فقد	عاينت من عملتنا القبضتين
وهكذا في الحمد فاستثنها	ان شئت ان تنعم بالجنتين
احداهما من عسجد مشرق	جنتها وأختها من لجين
يا أم قرآن العلى هل ترى	من جهة الفرقان للفرقتين
أنت لنا السبع المثاني التي	خص بها سيدنا دون مين
فانت مفتاح الهدى للنهى	وخص من عادك بالفرقتين

وجود کے فنا کرنے اور باقی رکھنے کے درمیان اسماء کی بسم اللہ کی دو نظریں ہیں۔ مگر اس چیونٹی کی طرح نہیں جس نے روندے جانے کے خوف سے بلوں میں گھس جانے کے لئے کہا تھا۔ پس کہا کہ وہ "حضرت سلیمانؑ" چیونٹی کا کلام سن کر ہنس پڑے۔ کیا وجود کے بعد طلب کا نشان باقی رہتا ہے۔ اے نفس، اے نفس قائم ہو جا۔ یقیناً تو ہماری چیونٹی سے دو مٹھیاں دیکھ چکا ہے۔

اگر تو چاہتا ہے کہ دو جنتوں کی نعمت حاصل کر لے تو ایسے ہی اللہ تعالیٰ کی حمد کو مستثنیٰ کر دے۔ دونوں جنتوں میں سے ایک چمک دار سونے کی اور دوسری چاندی کی ہے۔

اے عالی شان اُمّ القرآن کیا تو فرقان کی جہت سے دو فرقوں کو دیکھتی ہے۔
تو ہمارے لئے وہ سبع مثانی ہے جس کے ساتھ کذب کے بغیر ہمارا سردار مختص ہُوا۔
تو منکروں کے لئے ہدایت کی کنجی ہے۔ نیز آدشمن دونوں کے فرق سے مختص ہے

ابتدار عالم کیسے ہُوئی

ہمارا ارادہ ہے کہ وجود کی معرفت اور عالم کی ابتدار کا ذکر شروع کریں اور وہ ہمارے نزدیک ایسا مصحفِ کبیر ہے جسے اللہ تبارک وتعالیٰ نے ہمیں زبانِ حال میں پڑھ کر سنایا جیسا کہ ہمارے نزدیک تلاوتِ قرآن قول سے ہے۔

عالمِ وجود منتشر کے وَرق پر مخطوطہ مرقومہ حروف ہیں جس میں ہمیشہ کتابت ہوتی رہے گی اور کبھی منتہی نہیں ہو گی۔

اب جب کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے اپنی کتابِ عزیز کا آغاز فاتحۃ الکتاب سے کیا ہے اور یہ کتاب وہ عالم ہے جس پر ہماری گفتگو ہے تو ہم چاہتے ہیں کہ سُورہ فاتحہ کے اسرار سے آغازِ کلام کریں۔

بسم اللہ سُورت فاتحہ کی فاتحہ ہے اور سُورہ فاتحہ کی آیتِ اوّل ہے یا فاتحہ کے لئے اتنی ضروری ہے جتنی چوکھٹ، اگرچہ اس میں علمآ کا اختلاف ہے تاہم ضروری ہے کہ بسم اللہ پر گفتگو کی جائے۔ علاوہ ازیں اللہ تبارک وتعالیٰ کے کلام سے خاص برکت حاصل کرنے کے لئے سُورہ بقرہ کی دو یا تین آیات پر بھی گفتگو ہو گی۔ پھر انشآ اللہ اُس کا باب آگے آئے گا۔ پیش ازیں ہم نے بیان کیا ہے کہ وجودِ عالم کا سبب اللہ تبارک وتعالیٰ کے اسمار مبارک ہیں اور یہی اِس عالم پر مُسلّط اور مؤثر ہیں۔

ہمارے نزدیک بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ خبر ہے جس کی ابتداء پوشیدہ ہے اور یہی عالم کی ابتداء اور اس کا ظہور ہے۔ جیسا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ظہورِ عالم ہے۔ یعنی اللہ تعالیٰ کے تین اسماء اللّٰہ، رحمان اور رحیم ظہورِ عالم کے لئے مخصوص ہیں اس لئے کہ حقائق بھی یہی بتاتے ہیں۔

اللّٰہ! یہ اسم تمام تر اسماء کا جامع ہے۔

رحمٰن! یہ صفت عام ہے۔ پس وہ اس کے ساتھ دنیا و آخرت میں رحم فرمانے والا ہے۔ وہ دنیا میں اس صفت کے ساتھ ہر چیز پر رحم کرتا ہے جبکہ آخرت میں اس کا قبضہ محض سعادت کے ساتھ مختص ہے۔ کیونکہ وہاں یہ اپنے قبیل سے منفرد ہو گی اور دنیا میں اس کا امتزاج ہے۔ جیسا کہ ایک شخص کافر پیدا ہوتا ہے اور مومن مرتا ہے۔ یعنی کبھی عالمِ شہادت میں کافر پیدا ہوتا ہے اور کبھی اس کے بالعکس ہوتا ہے اور رسولِ صادق صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خبروں کے مطابق دونوں قبضوں سے ایک کے ساتھ امتیاز کیا جاتا ہے۔

اسمِ رحیم ہر ایمان والے کے لئے دارِ آخرت کے ساتھ مخصوص آیا ہے اور جہان انہی تین اسماء کے ساتھ تمام ہو گیا۔ سب اسماء اجمالاً اسمِ اللّٰہ میں اور تفصیلاً رحمٰن ورحیم دونوں اسماء میں ہیں جس کا ہم نے ذکر کیا۔ اس کی تحقیق کریں۔

ہم چاہتے ہیں کہ بسم اللہ اور سورہ فاتحہ میں داخل بعض اسرار کو بیان کریں جیسا کہ ہم نے وعدہ کیا تھا۔

بِسۡمِ اللّٰہ کی باء اور باء کا نقطہ

ہم کہتے ہیں کہ بسم کی باء نے وجودِ عالم کو ظاہر کیا اور باء کے نقطہ کے ساتھ

عابد اور معبود کی تمیز پیدا ہوئی۔

حضرت شبلی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے لوگوں نے پوچھا "آپ شبلی ہیں؟"
انہوں نے کہا! میں وہ نقطہ ہوں جو تحت الباء ہے اور یہی ہمارا قول ہے کہ یہ تمیز کے لئے ہے اور وہ عبد کا وجود ہے جس کے ساتھ حقیقتِ عبودیت کا تقاضا ہوتا ہے۔

شیخ ابو مدین رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں۔ میں نے کوئی چیز نہیں دیکھی مگر اس پر باء لکھی ہوئی تھی، پس مقامِ جمع اور وجود میں حضرتِ حق سے باء کی موجودات کے لئے مصاحبت ہے یعنی میرے ساتھ ہر چیز قائم اور ظاہر ہے اور یہ عالمِ شہادت سے ہے اور یہ باء اُس ہمزۂ وصل کا بدل ہے جو باء کے داخل ہونے سے پہلے اسم میں موجود تھا اور اُس کی طرف احتیاج ہوتی ہے۔ کیونکہ ساکن حرف کے ساتھ گفتگو نہیں ہو سکتی۔

پس ہمزہ نے جو قدرتِ محرکہ کے ساتھ تعبیر ہوتا ہے وجود سے ایک عبارت کی خواہش کی تاکہ اُس کلام کو پہنچے جو ابداع سے ایجاد کیا گیا ہے اور ہمزہ ساکن پیدا کیا گیا ہے جو کہ عدم ہے اور یہ محدث کا وجود ہے جو پہلے نہ تھا اور پھر پیدا کیا گیا اور وہ محدث نہیں ہے جو ملک میں میم کے ساتھ داخل ہوا۔

اَلَسْتُ بِرَبِّکُمْ "کیا میں تمہارا رب نہیں ہوں؟"
قَالُوا بَلٰی! انہوں نے کہا۔ "ہاں کیوں نہیں"

پس باء ہمزۂ وصل کا بدل ہو گئی۔ یعنی قدرتِ ازلیہ اور باء کی حرکت اُس ہمزہ کی حرکت ہو گئی جو باعثِ ایجاد ہے اور باء اور الف واصلہ کے درمیان تفریق ہو گئی۔ کیونکہ الف ذات کو اور باء صفت کو عطا کرتی ہے، یہی وجہ ہے کہ باء کے نیچے کا نقطہ عینِ ایجاد کے لئے الف سے زیادہ حق دار ہے اور یہی

موجودات ہے۔ بار میں یہ تین انواع جمع ہیں۔

۱:- بار کی شکل۔

۲:- بار کے نیچے کا نقطہ۔

۳:- تینوں عوالم کی حرکات۔

جیسا کہ وسطِ عالم میں توہم ہے۔ ایسے ہی بار کے نقطہ میں وہم ہے۔ بار ملکوتیہ، نقطہ جبروتیہ اور حرکت شہادتیہ ملکیہ ہے، جب کہ الف وہ محذوف ہے جو اس کے بدل میں ہے۔ یہی حقیقت بالکل اللہ تبارک وتعالیٰ سے قائم ہے اللہ تعالیٰ نے اپنی رحمتوں سے ایک رحمت اِس نقطہ کے پردہ میں رکھی ہے جو بار کے نیچے ہے۔ اِس باب میں اسی حد پر اختصاراً اس مسئلہ کو اچھی طرح جان لیں۔

بسم اللہ کا الف

پھر ہم نے بسم کے الف کو اِقۡرَاۡ بِاسۡمِ رَبِّكَ[1] اور بِسۡمِ اللّٰهِ مَجۡرٖهَا[2] کی بار اور سین کے درمیان ظاہر پایا اور بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ میں بار اور سین کے درمیان الف ظاہر نہیں، یعنی وہاں باسم ہے اور یہاں بسم ہے۔

اگر یہ الف باسم اللہ مجریھا میں ظاہر نہ ہوتا تو کشتی رواں نہ ہوتی اور اور اگر باسم ربک میں ظاہر نہ ہوتا تو نہ اس کی مثل کی حقیقت معلوم ہوتی اور نہ اپنی صورت کا مشاہدہ کرتی۔ پس خوابِ غفلت سے بیدار ہو کر اس پر غور کریں۔

اب جب کہ سورتوں کے شروع میں الف کا استعمال بکثرت ہو گیا تو اس کے وجود اور مثال کے قائم ہونے کی بنار پر الف حذف ہو گیا۔ اب اس کی مثل بار ہے جو سین کے لئے آئینہ بن گئی اور سین ایک مثال بن گیا۔ چنانچہ نظامِ ترکیب

---

[1] العلق آیت ۱ [2] ھود آیت ۴۱

اِس ترتیب پر ہے۔

یقیناً سین اور میم کے درمیان ظہور نہیں۔ کیونکہ وہ صفاتِ افعال اور تبدیلی کا مقام ہیں۔ اگر الف ظاہر ہوتا تو سین اور میم زائل ہو جاتے کیونکہ بار کی طرح اُس کی صفت تدیم کے لئے لازمی نہیں، اُن سے اِس کا اخفاء اُن کے ساتھ رحمت ہے جب کہ یہ اُن کے وجود کی بقا کا باعث ہے۔

وَمَا كَانَ لِبَشَرٍ اَنْ يُّكَلِّمَهُ اللّٰهُ اِلَّا وَحْيًا
اَوْ مِنْ وَّرَآئِ حِجَابٍ اَوْ يُرْسِلَ رَسُوْلًا [۱]

اور بشر کے لائق نہیں کہ اللہ تبارک و تعالیٰ اُس سے کلام کرے۔ مگر وحی سے یا پردے کے پیچھے سے یا رسول یعنی فرشتوں کو بھیج کر۔

اور وہ رسول یہی بار و سین اور میم ہے جو تمام عالم کی طرح ہیں۔ پھر میم میں حدوث کی مشابہت کے طریق پہ زیر کا عمل ہے کیونکہ میم کا مقام عبودیت ہے اور میم کو بار کی زیر نے اُس کی ذات کی معرفت اور اُس کی ذات کی حقیقت عطا کی ہے جب آپ بار کو دیکھیں گے تو میم کو مقامِ السلام پہ پائیں گے۔ اگر کسی روز بار کوئی حالت طاری ہونے کے باعث زائل ہو جاتے تو یہ میم کا ایمان کی جانب ارتقاء ہے جس کی بنا پر عالمِ جبروت میں تسبیح اور اِس کی مثل کے ساتھ فسیح اور کشادگی ہوتی ہے۔

یہ اَمر محلِ تنزیہہ کے ساتھ تجلّی کے لئے مثل ہے پس اُسے فرمایا؛

سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلَى [۲] یعنی اپنے ربِ اعلیٰ کی تسبیح بیان کر

اپنے اُس ربِ اعلیٰ کے نام کی تسبیح پڑھ جو تجھے موادِ الٰہیہ کے ساتھ غذا دیتا ہے۔ میم کی زبر کے ساتھ وہ تیرا رب ہے۔ بس اسم کا الف ظاہر ہوا اور بار زائل ہو گئی۔ یعنی بِاسْمِ میں سے اسم رہ گیا۔ کیونکہ اِس پر اَمر تسبیح کے ساتھ

---

[۱] الشوریٰ آیت ۵۱ [۲] سورۃ الاعلیٰ آیت ۱

متوجہ ہُوا اور اُسے یعنی الف کو اِس کی طاقت نہیں اور با، اُس کی مثل مُحدِث ہے اور مُحدَث بابِ حقائق سے وہ چیز ہے جس کا امتثالِ امر سے نہ کوئی فعل ہو اور نہ کوئی بدل، پس لازماً الف سے اُس کا ظہور ہو گا جو فاعل قدیم ہے۔

چنانچہ جب اُس کا ظہور ہُوا تو قدرت نے میم میں تسبیح کی صورت پیدا کر دی تو اُس نے اُس کے اَمر کے مطابق تسبیح کی، اُسے یعنی الف کو اعلیٰ کہا گیا ہے کیونکہ وہ بار کے ساتھ اَسفل ہے اور اِس مقام میں اعلیٰ و اَسفل کے وَسط میں ہے جب کہ تسبیح کرنے والا اُس کی تسبیح نہیں کر سکتا جو اُس کی مثل یا اُس کے نیچے ہو۔ ایسی صورت میں تسبیح کرنے والا لازماً اعلیٰ ہو گا۔

اگر ہم "سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْأَعْلَى" سورت کی تفسیر اور اس کے اسرار کو ظاہر کریں تو یہ بیان ختم نہ ہو گا۔ الف اس مقام پر ہمیشہ تنزیہہ بیان کرتا ہے یہاں تک کہ اپنی ذات میں منزّہ ہو جاتا ہے۔ پس جو کوئی منزّہ کی تنزیہہ کرتا ہے وہ تنزیہہ سے منزّہ ہو جاتا ہے۔ لہٰذا بدیہی اَمر ہے کہ یہ تنزیہہ منزّہ کی طرف لَوٹ جائے گی اور وہ ہی اعلیٰ ہو گا۔

بے شک حق حقیقت کے باب سے ہے اور اُس پر اعلیٰ ہونا دُرست نہیں۔ کیونکہ یہ اسماء اضافت سے اور وجُوہِ مناسبہ کی قسم سے ہے۔ پس نہ اعلیٰ ہے نہ اَسفل ہے اور نہ اوسط ہے۔ جب کہ اللہ تبارک و تعالیٰ اس سے بہت بلندی والا ہے۔ بلکہ اُس کی طرف اعلیٰ و اَوسط اور اَسفل کی نسبت کرنا ایک ہی چیز ہے، جب وہ منزّہ ہے تو حدِّ اَمر سے خارج ہے سماعت کا پردہ پھٹ گیا اور اعلیٰ مقام حاصل ہو گیا پس میم مشاہدۂ قدیم کے ساتھ بلند ہو گئی۔

اور اُسے تیرے رَب ذوالجلال وَالاکرام کے برکت والے اسم کے ساتھ ثنا تمام حاصل ہو گئی۔ جیسا کہ اسم مُسمّیٰ کا عین ہے۔ ایسے ہی عبد مَولا کا عین ہے جو اللہ کے

لئے متواضع ہوتا ہے اللہ تبارک و تعالیٰ اُسے بلند کر دیتا ہے۔

صحیح حدیث میں وارد ہوا ہے کہ حق بندے کا ہاتھ اُس کا پاؤں، اُس کی زبان، اُس کی سمع اور اُس کی بصر ہو جاتا ہے، اگر الف باسم میں بار سے پستی یعنی زیر قبول نہ کرتا تو اُسے تبارکَ اسْمُ کے اسم میں انتہا پر بلندی یعنی زبر حاصل نہ ہوتی۔

سین کا ساکن ہونا

جاننا چاہیئے کہ طبقاتِ عالم پر بسم سے ہر حرف مثلث ہے۔ پس بار کا اسم بار الف کا اسم ہمزہ اور سین کا اسم سینی یا اور نون اور میم کا اسم میم یا اور میم ہے اور یار بار کی مثل ہے اور بابِ ندا میں ہے۔ یہی عبد کی حقیقت ہے۔ اگر کہیں کیا اس موجود میں اشرف ہے یا اس کا انحصار عابد و معبود پر کیسے ہے تو یہ مطلق شرف ہے۔ اس کے مقابلہ میں ضد نہیں کیونکہ حق تعالیٰ کے وجود اور عبد کے وجود کے سوا عدم محض ہے جس کا عین نہیں۔

پھر سین تواضع اور فقر و فاقہ کے تحت بسم سے ساکن ہو گیا جیسا کہ ہم حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اطاعت کے تحت ساکن ہیں اللہ تبارک و تعالیٰ نے فرمایا۔

مَن یطع الرسُول فقد اطاع اللہ۔ جس نے رسول کی اطاعت کی اُس نے اللہ کی اطاعت کی۔

سین بار سے ملاقات کے لئے بسم سے ساکن ہو جاتی ہے کیونکہ اگر سکون سے پہلے متحرک ہوتی تو ذاتی طور پر صاحبِ اختیار ہو جاتی اور اس پر دعویٰ کا خوف تھا چونکہ سین اس سے پاک ہے لہٰذا ساکن ہو گئی۔ جب بار سے اُسے حقیقتِ مطلوبہ مل گئی تو اُسے حرکت عطا ہو گئی پس بعض مقامات پر متحرک نہیں مگر جب بار چلی

جاتی ہے اِس لئے کہ شیخ کے حضور میں شاگرد کا کسی امر میں کلام کرنا سُوءِ ادبی قرار پاتا ہے البتہ جس کام کا اُسے حکم دیا جائے اُس کی تعمیل کرنا ادب ہے۔

باء کی علیحدگی کے وقت اُس کی تاء نے دعویٰ کرنے والوں کو مخاطب کیا اور اپنے حاصل شدہ اعلیٰ مقام میں فرمایا!

سَأَصْرِفُ عَنْ آيَاتِيَ الَّذِينَ يَتَكَبَّرُونَ میں اپنی آیات سے اُن کو پھیر دُوں گا جو تکبّر کرتے ہیں۔

پھر اُس کے اطاعت گذار کے لئے سین اُس کی رحمت اور نرمی سے ساکن ہو گیا تو اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا۔

سلام علیکم طبتم فادخلوھا خالدین۔

اِس سے مُراد حضرتِ باء ہے اِس لئے کہ جنّت تو رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کا حضرت ہے اور دیدار کا ٹیلہ حق کا حضرت ہے۔

آپ اِس کی تصدیق کریں گے اور اِسے تسلیم کر لیں گے تو آپ پر اِسرار کھُل جائیں گے اور آپ کا الحاق ہو جائے گا۔

یہ وہ حضرت ہے جو الفِ مُراد کی طرف انتقال کرتا ہے جیسا کہ حضورِ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم آپ کو اللہ تبارک وتعالیٰ کی طرف مُنتقل فرماتے ہیں۔ ایسے ہی یہ حضرت جو کہ جنّت ہے آپ کو اُس ٹیلہ کی طرف منتقل کرے گا جو حق تعالیٰ کا حضرت ہے۔

پھر آپ جان لیں کہ بسم میں تنوین تحقیقِ عبُودیت اور اشاراتِ تبعیض کے لئے ہے تو جب اُس سے تنوین کا ظہُور ہوتا ہے تو حقّ المبُین یعنی حق تعالیٰ اُسے تشریف وتمکین کی اضافت کے ساتھ چُن لیتا ہے۔

پس فرمایا!

بِسْمِ اللہ!

تو منزلِ الٰہیہ کی طرف اُس کی اضافت کے لئے تنوین عبدی حذف ہو گیا۔

چُونکہ تنوین پیدا کی جاتی ہے۔ اِس لئے یہ تحقّق اُس کے لئے درُست ہے۔

مگر ساکن ہونا زیادہ بہتر ہے۔ پس جان لیں۔

اَلحَمْدُ لِلّٰہ

نویں جُز تمام ہُوئی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ہ

لفظ اللہ کی تشریح

وصل : اے راہ ہدایت کے متلاشی بسم اللہ سے اُس کا ارشاد "اللہ" ہے پہلے آپ اس کلمہ کریمہ سے حاصل ہونے والے حروف کی معرفت حاصل کریں بعد ازاں انشاء اللہ العزیز اس پر گفتگو کی جائے گی۔ وہ حروف یہ ہیں۔ ا-ل-ل-ا-ہ

پہلے ہم اس پر اشاروں کنایوں میں مجمل کلام کریں گے۔ پھر اسے کھول کر بیان کریں گے تاکہ عالم ترکیب پر اسے قبول کرنا آسان ہو جائے۔

الف کے ساتھ عبد کا تعلق اضطراراً اور التجاءً ہے۔ پس اُس کے لئے پہلا لام ظاہر ہوا جسے یہ فوز و نجات عدم سے ورثہ میں ملی، پس جب اُس کا ظہور درست ہوا اور اُس کا نور وجود میں منتشر ہو گیا اور مسمیٰ کے ساتھ اُس کا تعلق درست ہو گیا اور اسماء کے ساتھ اُس کا پیدا ہونا باطل ہو گیا تو اُس کے بعد آنے والے الف کے شہود کے ساتھ دوسرے لام نے اُسے ایسی فنا سے فانی کر دیا جس کے بعد اُس کا کچھ باقی نہیں رہا اور یہ اس لئے ہے کہ اُس کا معمہ کھل جائے، پھر مراد کے تمکن کے لئے ہا کے بعد واؤ آئی اور ہا اُس کے بعد آئی تاکہ بندوں کی محویت کے وقت اجل عناد سے اپنے وجود کے لئے باقی رہے۔ پس اس لئے یہ اجل مسمیٰ کا موقعہ ہے اور یہ وہ مقام ہے جس میں سیاحوں کے احوال مضمحل ہو جاتے ہیں اور جس میں سالکین کے مقامات معدوم ہو جاتے ہیں یہاں تک کہ جو نہیں تھا وہ فنا ہو جاتا ہے اور جو ہمیشہ ہے وہ باقی رہتا ہے۔ نہ اُس کے ظہور کے لئے غیر ثابت ہے اور نہ اُس کے نور کے لئے اندھیرا باقی رہتا ہے۔

وہ ہے تو آپ نہیں

اگر آپ اُسے نہیں دیکھ سکتے تو جان لیں کہ اگر نہ تھے تو وہ آپ ہی تھے۔ چونکہ ذوات کے لئے افعالِ مضارع میں تا، حروفِ زوائد سے ہے اور یہی عبُودیت ہے ایک چھینکنے والے نے اَلحمدُ لِلّٰہ کہا تو ایک سردار نے سُن کر کہا۔ رَبِّ العٰلمین بھی کہیں۔ یعنی پُورا جملہ اَلحمدُ لِلّٰہِ ربِّ العٰلمین کہیں؟

چھینکنے والے نے کہا۔ اَے ہمارے سردار عالم سے کون ہے۔ یعنی عالم کیا ہے جس کا ذکر میں اللہ کے ساتھ کروں؟

سردار نے کہا! اَے بھائی اِس وقت کہہ دے۔ کیونکہ جب مُحدَث کا ذکر قدیم کے ساتھ کیا جائے تو اُس کا اثر باقی نہیں رہتا اور یہ مقام وَصل اور حال کا ہے اور وہ اُن اہلِ فنا سے ہے جو اپنے نفسوں سے فانی ہیں۔ اگر اپنی فنا سے فانی ہو جاتا تو اَلحمدُ لِلّٰہ کیوں کہتا، اُس کے اَلحمدُ لِلّٰہ کہنے سے اُس کے عبد ہونے کا اثبات ہوتا ہے اور یہ اُن کے بعض کے نزدیک اُس سے رِدا کے ساتھ اور دُوسروں کے نزدیک کپڑے سے تعبیر ہوتا ہے۔

اور اگر وہ ربُّ العٰلمین کہتا تو اُس مقام سے بلند ہو جاتا جس میں وہ تھا اس لئے کہ یہ وارثین کا مقام ہے اور اس سے اعلیٰ مقام نہیں۔ کیونکہ یہ وہ شہُود ہے جس کے ساتھ نہ زبان حرکت کرتی ہے اور نہ ہی اس مقام والوں کے احوال میں اُن کے دِلوں میں اس کے ساتھ اضطراب پیدا ہوتا ہے۔

اہلِ حال کا حال

انوارِ ذات اِن کے رُخ پر غالب آجاتے ہیں اور رسُومِ صفات اِن پر

ظاہر ہو جاتی ہیں۔ وہ اللہ تبارک و تعالیٰ کے پسندیدہ عرائس ہیں اور اُس کے نزدیک حجابوں میں ہیں۔ اُنہیں اللہ تبارک و تعالیٰ کے سوا کوئی نہیں جانتا۔ جیسا کہ وہ اللہ تعالیٰ کے سوا کسی کو نہیں جانتے۔

اُنہیں زبانِ قیومیہ کے ساتھ بساطِ اُنس اور مناجاتِ دائمی میں اپنے قرب سے عزّت و کرامت کا تاج اور خلعت پہنا کر فنا کے منبروں پر بٹھا دیا جاتا ہے۔ وہ اللہ تعالیٰ کے اِس ارشاد کے وارث ہوتے ہیں۔

علیٰ صلاتہم دائمون و لشہاداتہم قائمون۔ وہ اپنی صلواۃ پر دائم اور اپنی شہادت پر قائم ہیں۔

قوتِ الٰہیہ مشاہدہ کے ساتھ ہمیشہ اُن کی مدد فرماتی ہے اور وہ قدمین کے مقام میں صفات کے ساتھ ظاہر ہوتے ہیں اور یہ اَمر اقتدار، اور پیروی کی حیثیت سے ہے۔ وہ لوگ فرائض و سُنّت پر قائم رہنے کے علاوہ کوئی بات نہیں کرتے۔

وہ سیدھے راستے سے رُخ نہیں پھیرتے۔

وہ مخلوق سے گفتگو کرتے ہیں مگر حق تعالیٰ کے ساتھ رہتے ہیں۔

وہ اگرچہ مخلوق سے میل جول رکھتے ہیں مگر اُن کے ساتھ نہیں ہوتے۔

وہ لوگوں کو دیکھتے ہیں مگر نہیں دیکھتے۔ کیونکہ وہ خود کو نہیں دیکھتے، بلکہ وہ اپنا ہونا اللہ تبارک و تعالیٰ کے افعال کے جمال سے دیکھتے ہیں۔

وہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مقام میں صنعت اور صانع کا مشاہدہ کرتے ہیں۔ جیسا کہ تم میں سے کوئی شخص بڑھئی کے ساتھ صندوق بنتا دیکھے تو وہ صنعت اور صانع کا مشاہدہ کرتا ہے۔

صنعت اُس کے لئے صانع سے حجاب نہیں بنتی مگر اُس کے دل کو

صنعت کا شغل اچھا لگتا ہے۔

جیسا کہ رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم نے فرمایا۔ کہ دُنیا سبز حلوہ ہے اور یہ دامن کوہ کی ہریالی ہے۔ دُنیا ایک خُوبصورت کنیز ہے جو بُرائی کی روئیدگی میں بیٹھ کر اُس کے ساتھ بُرائی کرتی ہے جو اُس کے ساتھ نیکی کرتا ہے اور یہ اُس پر آخرت حرام کر دیتی ہے۔ اور کسی نے کیا خوب کہا ہے۔

اذا امتحن الدنیا لبیب تکشفت

له عن عدو فی ثیاب صدیق

عقل مند شخص جب دُنیا کا امتحان لیتا ہے تو یہ اُس کے لئے دوست کے لباس میں چھپے ہُوئے دشمن کو مکشوف کر دیتی ہے۔

پس یہ طائفہ صدیق اور امین لوگوں پر مشتمل ہے جب اللہ تبارک و تعالیٰ قوّت الٰہیہ سے ان کی امداد فرماتا ہے تو یہ اُس کے ساتھ مثال کے درجہ پر منسوب ہو جاتے ہیں اور یہ وہ اعلیٰ مقام ہے جس میں ارتقا ہوتا ہے اور یہ وہ اشرف غایت ہے جس کی طرف انتہائے غایت ہے۔

چونکہ کوئی غایت نہیں مگر وہ جو موارد و واردات کی حیثیت سے نہیں، بلکہ توحید کی حیثیت سے ہوتی ہے اور وہ مستوی ہے اور سوائے رفیقِ اعلیٰ کے کوئی استوار نہیں کرتا۔ پس اس گروہ کو مشاہدات کے جو حقائق حاصل ہوتے، وہ اُنہیں اور ہم کو مبارک ہوں، ہم نے اُن کی تصدیق کی اور اُنہیں تسلیم کیا اور اُن کے ساتھ موافقت و مساعدت کی اور جوّاد لسان ہمارے ساتھ حلبۂ کلام میں لے آیا۔ اب اُس طرف لوٹتے ہیں جس راستہ پر جا رہے تھے۔ والسّلام۔

اَلف، لام اور ہُوَ

ہم کہتے ہیں اِس اسم کا محذوف ہمزہ اضافت کے

ساتھ تحقیقِ اتصالِ وحدانیت اور تحقیقِ انفصالِ غیرت ہے۔ الف اور لام ملا ہوا ہے۔
جیسا کہ پہلے بیان ہوا کہ متصل تحقیق اور منفصل محق کے لئے ہے اور الف غیر متحقق
محوِ آثار کے لئے دوسری لام میں موجود ہے اور وہ واؤ جو ہا کے بعد آتی ہے اُس
کے لئے خط میں نشان نہیں اور اُس کا معنیٰ ہویت کی ہا کے ساتھ وجود میں ہے۔
جو اُس نے اُس کی ذات کے ساتھ عالمِ ملک میں منتشر کی۔

اللہ تبارک وتعالیٰ کا ارشاد ہے۔

هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ

وہ اللہ ہے اُس کے سوا کوئی معبود نہیں مگر وہ

اللہ تبارک وتعالیٰ نے اِس آیت کو ہویت یعنی ہُوَ سے شروع کرکے ہُوَ
پر ختم فرمایا ہے اور اسے وجود اور عدم کے اُمر میں ملکیت دی اور اُس کے لئے
حدوث وقدم پر دلالت مقرر فرمائی اور ہُوَ ذاکرین کا آخری اور اعلیٰ ذکر ہے۔

پس عجز صدر کی طرف لوٹا تو لیلۃ القدر کا ظہور ہو گیا اور اہلِ عنایت وتائید
کو اُس کے وجود کے ساتھ حقائق پر واقفیت ہو گئی، پس وجود اِس اسم کے
دائرہ کے نقطہ میں ساکن ہے اور وہ اِس پر اِس کی حقیقتہً کے ساتھ مشتمل ہے،
اشتمال اماکن متمکن ساکن پر ہے یعنی ٹھکانے رہائش کرنے والوں پر مشتمل ہیں
اور اللہ تبارک وتعالیٰ کے لئے اعلیٰ مثل ہے۔

وللّٰه قد ضرب الامثال لنوره

مثلا من المشکاة والنبراس

اور اللہ تبارک وتعالیٰ نے اپنے نور کی مثال بیان فرمائی جیسے مشکواۃ اور
نبراس۔ اللہ تبارک وتعالیٰ کا ارشاد ہے

وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَیْءٍ مُّحِیْطًا   قَدْ اَحَاطَ بِكُلِّ شَیْءٍ عِلْمًا

لہ الحشر آیت ۲۳   سہ النساء آیت ۱۲۶   سہ الطلاق آیت ۱۲

اور اللہ ہر چیز پر محیط ہے۔

اللہ کے علم نے ہر چیز کو گھیرا ہوا ہے۔

اور اللہ تبارک و تعالیٰ کے علم نے ہر ایک کو اسم اور مسمّیٰ قرار دیا ہے اور اُس کو ملفوف و مُتمِّمہ بنا کر ارسال فرمایا ہے۔

مُقفّل کا حل اور اجمال کی تفصیل یہ ہے کہ بندہ کہتا ہے اللہ تو اس سے اوّل و آخر کا اثبات کرتا ہے اور دونوں لاموں کے ساتھ باطناً اور ظاہراً نفی کرتا ہے۔ الف علمیہ کی وساطت سے دوسرا لام ہاء کے ساتھ ملا ہوا ہے۔

اللہ تبارک و تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

مَا یَکُوْنُ مِنْ نَّجْوٰی ثَلٰثَةٍ اِلَّا هُوَ رَابِعُهُمْ

تین سرگوشی نہیں کرتے مگر اُن کا چوتھا اللہ ہے۔

تین لام ہیں اور فرمایا۔

وَلَا خَمْسَةٍ اِلَّا هُوَ سَادِسُهُمْ

اور نہیں پانچ مگر وہ اُن کا چھٹا ہے۔

پس الف ہا کے حق میں چھٹا اور لام کے حق میں چوتھا ہے۔ اللہ تبارک و تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

اَلَمْ تَرَ اِلٰی رَبِّكَ كَيْفَ مَدَّ الظِّلَّ

کیا تو نے اپنے رب کو دیکھا کیسے سائے کو لمبا کیا۔

عرش اللہ تبارک و تعالیٰ کا ظِل اور لام دوسرا عرش ہے اور جو اُس کے گرد ہے وہ مَلک کے طریق پر پہلا لام ہے۔ دونوں لام بابِ اسماء سے ظاہر و باطن ہیں۔ جو پہلے اور دوسرے الف کے درمیان ظاہر ہوتے اور یہ مقامِ اتّصال ہے۔ کیونکہ انتہاء ابتداء کی طرف منعطف ہوتی ہے اور اس نزدیکی کے ساتھ اتحاد و اتصال

---

[1] المجادلہ آیت ۷، [2] المجادلہ آیت۔ [3] الفرقان آیت ۴۵

ہوتا ہے پھر ہا اپنی باطنی واؤ کے ساتھ انفصال کے مخرج سے نکلی، ہا اور لام کے متصل جز ایک ایسا بھید ہے جس کے ساتھ عبد اور سردار کے درمیان مشاہدہ واقع ہوتا ہے اور یہ الفِ علیہ کا مرکز ہے اور مقامِ اضمحلال ہے۔

پھر اللہ تبارک و تعالیٰ نے پہلی لام جو عالمِ مُلک ہے اور دوسری لام جو عالمِ ملکوت ہے کے درمیان دونوں لاموں کے اتصال کے لئے خطِ متصل میں جزیہ مقرر فرمائی اور یہ عالمِ اوسط کا مرکز ہے جو کہ مقامِ نفس عالمِ جبروت ہے۔ دونوں حروف کے درمیان خطوطِ فارغہ لازمی ہیں تو یہ ایک حرف سے دوسرے حرف کی طرف سالکوں کی رسموں کے مقاماتِ فنا ہیں۔

تتمیم

یہ پہلا الف وہ ہے جو ہمزہ کو منقطع کرتا ہے اور دوسری لام کا الف اس کے ساتھ متصل ہے۔ جو الف خطوط کے آغاز میں قطع کیا گیا۔ حضورِ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان ہے۔

كَانَ اللّٰهُ وَ لَا شَيْئٌ مَعَهٗ   الحدیث

اللہ تھا اور اُس کے ساتھ چیز نہ تھی۔

اِس لئے یہ قطع کیا گیا ہے اور یہ علمِ اتصال میں بعد میں آنے والے حروف کی مشابہت سے پاک ہے اور وہ حروف وہ ہیں جو حقائقِ عامہ عالیہ کے عدد پر اُس کے مشابہ ہیں اور یہی اُمّہات ہیں۔

ایسے ہی جب حروف کا آخر ہوگا تو بعد کے رقم ہونے والوں سے اُس کا اتصال قطع ہو جائے گا پس الف اور اس کے تبیل کا انقطاع وہ انتباہ ہے جس کا ہم نے ذکر کیا ہے۔

الف حق کے لئے اور الف سے مشابہت رکھنے والے حروف خلقت کے لئے ہیں۔ اور یہ د۔ ذ۔ ر۔ ز ہیں اور جمیع حقائق ہیں، غذا دینے والا حسّاس اور ناطق ایک جسم ہے۔

علاوہ ازیں وہ ہیں جن کے لئے لغت ہے اور حقائق عالمِ کلیہ میں منحصر ہیں۔ جب دوسرے لام نے ارادہ کیا جو کہ معنی میں پہلے موجود ہے اور خط میں آخر ہے تو اِس لئے کہ مشاہدہ سے جسم کی معرفت رُوح کی معرفت پر مقدّم ہے۔ ایسے ہی خط کا مشاہدہ ہے اور یہ عالمِ ملکوت ہے جسے اُس نے اپنی قدرت سے پیدا فرمایا۔

ہمزہ کے اسرار

یہی وہ ہمزہ ہے جس کی ابتدا، اسم میں اضافت سے مُعرّا ہوئی ہے اور یہ الف سے علیحدہ نہیں ہوتا، جب اس الف نے دوسرے کام کو پیدا کیا تو اُسے سردار بنایا اور اُس سروالے کو طلب کیا جو اُس پر بالطبع ہے۔ پھر اُس کے لئے عالمِ شہادت بنایا جو پہلا لام ہے، جب اُس نے اُس کی طرف دیکھا تو وہ روشن اور درخشاں ہو گیا اور اُس کے رَبّ کے نُور سے زمین چمک اُٹھی اور کتاب وُضع کی گئی۔

یہ وہ جُزء ہے جو دو لاموں کے درمیان ہے۔ اللہ تعالیٰ شبحانہٗ نے دوسری لام کو حُکم دیا کہ پہلی لام کی امداد کرے جس کے ساتھ اللہ تبارک وتعالیٰ نے اپنی ذات کے جُود و کرم سے اُس کی مدد فرمائی اور یہ اُس کی طرف اُس کی دلیل قرار پائی تو اُس نے اُس سے اُس کے جمیع انوار میں تصرّف کے معنی طلب کئے۔ گویا کہ وہ اُس کے وزیر کی طرح ہو۔ چنانچہ اُس نے جو چاہا اُسے مِل گیا تو

اُسے پہلے لام کے لَمَ پر اِلقاء کیا اور اُس کے لئے دو لاموں کے مُتّصل جزء پیدا کیا اور جو اُس سے کتاب اوسط سے تعبیر کیا۔ وہ عالمِ جبرُوت ہے اور اُس کے لئے دونوں لاموں کی مِثل ذات قائم نہیں۔

بے شک وہ ہمارے نزدیک عالمِ خیال کی طرح ہے تو دوسری لام کو اِس جُزء کی طرف ملایا گیا اور جو اُس سے چاہا گیا تھا اُس میں رقم کیا، اور اُس کے ساتھ پہلے لام کی طرف توجّہ دی اور فرماں برداری کی۔ یہاں تک کہ اُس نے ہاں کر دی۔

جب پہلے لام نے اِس اَمر کو دیکھا جو اُسے اُس جُزء کی وساطت سے دوسرے لام سے پہلے عطا ہُوا جو کہ شریعت ہے۔ تو اُس کے لئے اُس جزء کی طرف لَوٹنے والا مشاہدہ اُس میں راغب کرنے لگا تاکہ مشاہدہ کے لئے صاحب اَمر کی طرف وَاصِل کرے۔

جب اِس جُزء کی طرف ہمّت صَرف ہُوتی اور اُس کے مشاہدہ میں مشغُولیت ہو گئ تو اِس سے پہلی الف پردہ میں چلی گئ۔

آپ پیچھے کو لَوٹ کر التماسِ نوُر کریں۔ اگر اس جُزء کی طرف ہمّت صَرف نہ ہوتی پہلے الف سے بلا واسطہ تعلّقِ اَمر ہو جاتا ولیکن سرِّ عظیم کے لئے ممکن نہ تھا تو بے شک پہلا الف ذات اور دُوسرا الف عِلم ہے۔

اپنی پہچان سے خدا کو پہچاننا

کیا آپ نے دیکھا کہ دُوسری لام واسطوں سے پاک اور مُراد و مُجتبا ہے تو الفِ وحدانیت کے ساتھ کیسے شافی اِتّصال ہو گا۔ یہاں تک کہ اُس کا وجُود نُطق بن کر الف پر صحیح دلالت کرتا ہے۔

اگرچہ ذات مخفی ہے کیونکہ آپ کا تلفظ لام کے ساتھ اتّصال کو محقق کرتا ہے اور اس پر آپ کی دلالت کرتا ہے۔ مَن عَرَفَ نَفسَہٗ فَقَد عَرَفَ رَبَّہٗ۔ یعنی جس نے اپنے نفس کو پہچان لیا اُس نے اپنے رَبّ کو پہچان لیا۔ جس نے دُوسری لام کو پہچان لیا اُس نے الف کو پہچان لیا تو اِس پر آپ کے نفس کو دلیل بنایا پھر اس پر آپ کے دلیل ہونے کو اس پر اس کے حق میں دلیل بنایا جو دُور ہے، اپنے رَبّ کے ساتھ اُس کی معرفت پر عبد کو اپنے نفس کی معرفت مقدم ہے پھر اِس کے بعد یہ آپ اُس کی اپنے نفس کی معرفت سے فانی کر دیتا ہے اِس لئے کہ اِس سے مُراد یہ تھی کہ وہ رَبّ کو پہچان لے۔

کیا آپ نے لام اور الف کا معانقہ دیکھا۔ لام الف سے پہلے کلام میں کیسے پایا جائے گا اور اس میں اُس کے لئے انتباہ ہے جو اِدراک کرتا ہے تو یہ لام ملکُوتی ہے جو بغیر واسطہ کے وحدانیت کے الف سے مِلا ہُوا ہے۔ پس اُسے جبرُوتی جُزء پر شہادت وفلک کی لام کی طرف لوٹانے کے لئے وارد کرتا ہے تو ترکیب و حجاب کا اَمر ایسے ہی ہے۔

اللہ کی ل اور ہ

جب اوّلیت و آخریت اور ظاہریت و باطنیت حاصل ہو گئی تو اللہ تبارک و تعالیٰ نے ارادہ فرمایا جیسا کہ حرُوف کے ساتھ الف مِن کُل الوجوہ اِتّصال سے مقدّم اور مُنزّہ ہے، انتہاء کو اِبتداء کی نظیر ٹھہرانے کا ارادہ کیا تو عبد کے لئے اوّل و آخر بقاء درُست نہیں۔ پس ہاء مُفردہ کو ہوّیت کی واؤ کے ساتھ پیدا کیا۔ اگر مُتوہم کو وہم ہو کہ ہاء لام سے ملی ہُوئی ہے تو یہ بات اِس طرح نہیں۔ یقیناً یہ اُس الف کے بعد ہے جو لام کے بعد آتا ہے اور الف دُوری

میں جس چیز کے ساتھ اُس کے مُتّصل نہیں۔

لام کے بعد ہا، ہر چیز سے قطع کیا ہُوا ہے تو لام کے ساتھ یہ اِتّصال خط میں نہیں پس ہا، ایک ہے اور الف ایک ہے تو ایک کو ایک سے ضرب دی جائے گی تو اپنی ضرب میں ایک ہی رہے گا۔ چنانچہ حق سے خلق کا انفصال اور علیٰحدہ ہونا واضح تر ہے اور حق باقی ہے۔

ملکیّت کے لام کا تحقّق درست ہے۔ کیونکہ اس پر ملکوت کا لام وارد ہوتا ہے تو یہ اپنی صفات سے ہمیشہ مُضمحل رہتا ہے اور اپنی رسُوم سے فانی ہو جاتا ہے یہاں تک کہ اُسے اپنی ذات سے مقامِ فنا حاصل ہو جاتا ہے۔ پس جب اپنی ذات سے فانی ہو جاتا ہے تو اپنی فناء کے لئے جُزء میں فنا ہو جاتا ہے اور دونوں لاموں کے تلفّظ کا کلام میں اتحاد ہو جاتا ہے۔ زبان انہیں ایک دُوسرے میں مدغم کرنے کے لئے تشدید سے کام لیتی ہے جو دونوں الفوں کے درمیان موجود ہے جو اِن پر مشتمل ہے اور اِن کا احاطہ کرتی ہے۔

جب ہم نے دونوں الفوں کے درمیان کے بغیر بولنے والا لفظ سُنا تو ہمیں حکمتِ موہُوبہ عطا فرمائی گئی۔ پس تو ہم نے بدیہی عِلم سے جان لیا کہ قدیم کے ظہُور سے مُحدِث فانی ہو جاتا ہے۔ پہلا اور دُوسرا الف باقی ہے اور کلمۂ نفی کے ساتھ دونوں لاموں کے زائل ہونے سے ظاہر و باطن زائل ہو جاتا ہے۔ ہم نے ایک کو ایک سے ضرب دینے کی طرح الف کو الف سے ضرب دی تو اِس سے آپ کے لئے ہاء نکلی۔ جب یہ ظاہر ہُوئی تو اوّل و آخر کا وُہ حُکم زائل ہو گیا جسے اُس نے واسطہ مقرّر کیا تھا جیسا کہ ظاہر و باطن کا حُکم زائل ہو جاتا ہے۔ پس اِس مقام پر کہا کہ اللہ تھا اور اُس کے ساتھ کوئی چیز نہ تھی۔

پھر اس ضمیر کی اصل ہا، ہے جو کہ رفع ہے اور لازمی ہے کہ وہ زبر ہو یا زیر ہو تو یہ صفت اُس کی زبر یا اُس کی زیر پر لوٹ آتی ہے اور لفظ میں عامل پر لوٹتی ہے۔

زبان دِل کی ترجمان ہے

تکملہ پھر اللہ تبارک و تعالیٰ سبحانہٗ نے حرکات و حروف اور مخارج پیدا فرمائے اُن سے اللہ سبحانہٗ نے صفات و مقامات کے ساتھ ذوات کے امتیاز کی دلیل قائم فرمائی اور حروف کو موصوف کی نظیر بنایا، اور مخارج کو مقامات و معارج کی نظیر ٹھہرایا۔ حروف سے اس اسم کے لئے اس کے وصل و قطع کی وجہ سے علی العموم ء ا ل ہ و عطا کئے یعنی ہمزہ، الف، لام، ہا اور واؤ، پس پہلا ہمزہ ہے اور آخری واؤ ہے اور دونوں کا مخرج ایک ہے جو دل سے ملا ہوا ہے۔ پھر ہمزہ اور ہا، کے درمیان حرفِ لام مقرر کیا جس کا مخرج ترجمانِ قلب زبان ہے۔ پس دونوں لاموں اور ہمزہ و ہا، کے درمیان نسبت واقع ہو گئی جیسا کہ دل کے درمیان نسبت واقع ہوئی۔ جو محلِ کلام اور زبان کے درمیان اُس کا مترجم ہے۔ اخطل نے کہا۔

اِنّ الکلام لفی الفؤاد وَ اِنّما
جعل اللسان علی الفواد دلیلا

یقیناً کلام دل میں ہے اور زبان دل پر دلیل بنائی گئی۔

جب لام زبان سے ہے تو اُسے اُس کی ذات کی بجائے زبان کی طرف ناظر مقرر کیا اور اُسے اُس سے فنا کر دیا۔ یہ تالو کا نچلا حصہ ہے۔ جسے اُس نے دیکھا اور خود کو نہ دیکھا تو اوپر کے تالو کی طرف مرتفع ہو گیا۔ تالو کی سختی

میں زبان اُس کے ساتھ سخت ہوگئی۔ اُس کے مشاہدہ کے ساتھ اُس کا ارتفاع اور بلندی ہے اور واوٗ وجُودِ ظاہری کی طرف ہونٹوں سے نکلی۔ اس پہ خبر دینے والی کی دلالت ہے اور یہ نبوّت کا باطنی مقام ہے اور یہی وہ بال ہے جو حضورؐ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کی طرف سے ہم میں ہے اور اس میں وراثت ہوتا ہے۔ اِس وصل سے یہ نکلا کہ ہمزہ اور الف اور ہاء عالمِ ملکوت سے ہیں اور لام عالمِ جبرُوت سے ہے اور واوٗ عالمِ ملک سے ہے۔

بِسْمِ اللّٰہ میں الرَّحْمٰن

وَصلِ اُس کا قول بِسْمِ اللّٰہ سے الرَّحْمٰن ! اِس باب میں اس اسم پر دو وجہوں سے گفتگو ہوتی ہے۔ ذات کی وجہ سے اور صفت کی وجہ سے، جو اُسے اُس کا بدل کہتا ہے وہ ذات مقرّر کرتا ہے جو اُسے نعت کہتا ہے وہ اُسے صِفت مقرّر کرتا ہے۔

صفات چھ ہیں اور اِن صفات کی شرط سے زندگی ہے تو سات ظاہر ہوگئیں، یہ تمام صفات ذات کے لئے ہیں اور رحمٰن سے یہی الف میم اور نوُن کے درمیان موجود ہے اور اِس اِسم پر حضوُر رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کی اِس حدیث سے کلام کی ترکیب ہوتی ہے

اِنَّ اللّٰہَ خَلَقَ آدَمَ عَلٰی صُوْرَتِہٖ ﴿الحدیث﴾

بے شک اللہ تعالیٰ نے آدم کو اپنی صوُرت پر پیدا فرمایا!

صُورَتِہٖ کی ضمیر کو اگر اللہ تعالیٰ پر پھیرا جائے تو اِس کی تائید حضوُر رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کی اِس دُوسری حدیث سے ہوتی ہے۔

اِنَّ اللّٰہَ خَلَقَ اٰدَمَ عَلٰی صُوْرَۃِ الرَّحْمٰن، ' الحدیث '

یقیناً اللہ تعالیٰ نے آدم کو صورتِ رحمان پر پیدا فرمایا۔
یہ روایت اہلِ نقل کے طریقہ سے صحیح نہیں جب کہ اہلِ کشف کے نزدیک درست ہے۔

مَیں کہتا ہوں الف، لام اور را، علم و ارادہ اور قدرت کے لئے ہے، میم اور نون کلام کا مدلول اور سمع و بصر ہیں اور اس کی شرط صفت زندگی ہے جو جمیع صفات کی ساتھی ہے۔

پھر وہ الف ہے جو میم اور نون کے درمیان مدلول موصوف ہے اس کے خط کا حذف ہونا موصوف کے ساتھ قیام کی حیثیت سے اُس پر دلالتِ صفات کے لئے بدیہی دلالت ہے۔ عالم کے لئے صفات کی جلوہ گری ہے اس لئے اُسے یعنی اللہ تعالیٰ کو صفات کے علاوہ نہیں جانتے اور نہ اُسے جانتے ہیں پھر وہ جو الف کے وجود پر دلالت کرتا ہے ضروری ہے کہ ہم اُس کا ذکر کریں اور وہ میم کو کھولنا اور لمبا کرنا ہے اور یہ اشارۂ الٰہیہ عالم پر کشادگی رحمت کی طرف ہے۔ پس یہ سوائے الف کے مفتوح قبول کرنے کے کبھی نہیں ہوگا۔ ان مقامات کی مثل میں فتح الف پر دلالت کرتی ہے اور یہ وجودِ روح کا وہ محل ہے جس کا مقام کشادگی کے لئے محلِ تجلی ہے۔ لہٰذا اہلِ عالمِ ترکیب نے خطوط وضع کرنے میں اُس یاء کا ذکر کیا ہے جس کا پہلا حرف زیر والا ہے۔ کیونکہ یاء صحیح بھی پائی جاتی ہے اور اس سے پہلے کسرہ یعنی زیر نہیں آتی۔ ایسے ہی وہ واؤ ہے جس سے پہلے ضمہ یعنی پیش ہوتی ہے۔

جب الف کا ذکر کرتے ہیں اُس کے ماقبل کو مفتوح یعنی زبر والا نہیں کہتے کیونکہ واؤ اور یاء کے برعکس الف سے پہلے کوئی حرف نہیں، مگر اُس پر

فتح یعنی زَبر ہوتی ہے، پس الف کے لئے ہمیشہ اعتدال ضروری ہے۔ جاہل شخص جب وجُود میں تمام نقائص سے پاک اللہ تعالیٰ کے سوا کسی کو نہیں جانتا تو قدسی اور اعلیٰ رُوح کو بھُول جاتا ہے۔ پس کہتا ہے وجود میں اللہ تعالیٰ کے سوا اور کچھ نہیں۔ جب اُس سے تفصیلاً پُوچھا جاتا ہے تو اُس سے اس کا جواب نہیں بن پاتا۔

بے شک وہ واؤ کو ماقبل مضمُومہ یعنی پیش کے ساتھ اور یاء کو ماقبل مکسورہ یعنی زیر کے ساتھ مخصوص کرتے ہیں جس کا ہم نے ذکر کیا، پس الف کے درمیان اور واؤ اور یاء کے درمیان مفارقت درُست ہے۔

الف ذات کے لئے اور واؤ عَلیہ صفات کے لئے اور یاء عَلیہ افعال کے لئے اور الف رُوح کے لئے ہے اور عقل اُس کی صفت ہے اور وہ فتح یعنی زبر ہے۔ واؤ نفس ہے اور اُس کی صفت قبض ہے اور قبض ضمہ یعنی پیش ہے۔

یاء جسم ہے اور وجودِ فعل اُس کی صفت ہے اور وہ کسرہ یعنی زیر ہے اور واؤ اور یاء سے جو پہلے ہے وہ فتح یعنی زبر ہو تو وہ مخاطب کے حال کی طرف لَوٹتا ہے۔ چونکہ یہ دونوں غیر ہیں تو لازمی ہے کہ دونوں پر اختلافِ صفات ہو، چونکہ الف حرکات کو قبول نہیں کرتا لہٰذا اپنے مدلُول کے ساتھ مُتحد ہو جاتا ہے۔

حرُوفِ عِلّت

اِن پر ہرگز کسی چیز کا اختلاف نہیں ہوتا۔ اِس لئے ان کا نام حرُوفِ عِلّت ہے جس کا ہم نے ذکر کیا ہے۔

الف وجُودِ صفت کے لئے ذاتِ علّت ہے اور واؤ وجودِ فعل کے لئے

صفتِ علت ہے اور یاء وجود کے لئے فعل علت ہے جو اُس سے عالمِ شہادت میں حرکت و سکون سے صادر ہوا، لہٰذا ان کا فاعل علل رکھا گیا۔

پھر اِس اسم سے نوُن نصف دائرہ کی شکل میں وجود میں آیا اور آخری نصف اس نقطہ میں معقول و محصوُر ہے جو اُس نوُن غیبیہ پر دلالت کرتا ہے جو نصف دائرہ ہے۔ لوگوں کا خیال ہے کہ نقطہ نوُن محسوسہ پر دلیل ہے۔

پھر حاء کا پہلا حصّہ پایا گیا جو تحریر میں الف محذوف سے ملا ہوا ہے جو اُس کے مشاہدہ کی طرف اشارا ہے اور ساکن ہے اور اگر راء کی طرف اُس کا اگلا حصّہ ہوتا تو متحرک ہوتا۔

پس پہلا الف علم کے لئے لام ارادہ کے لئے اور راء قدرت کے لئے ہے اور یہی صفتِ ایجاد ہے، پس ہم نے الف کو پایا کہ اُس کے لئے ہمزہ اور راء کے ہونے سے حرکت ہے اور لام ساکن ہے، پس ارادہ کا قدرت کے ساتھ اتحاد ہو گیا۔ جیسا کہ علم اور ارادہ کا اتحاد قدرت کے ساتھ ہے۔

جب رحمٰن اللہ کے ساتھ واصل ہوا تو قدرت کی راء میں ارادے کا لام مدغم ہو گیا۔ بعد میں جو راء پھری گئی اور حاء پر تحقیقِ ایجاد کے لئے اُس پر شدّت کی گئی۔

کلمے کا وجود ساکن ہے اور اُس کا ساکن نہ ہونا تقسیم نہ ہونے کی بنا پر ہے جب کہ حرکت تقسیم ہوتی ہے اور اس کا سکوُن محسوس ہوا۔ اور ہم نے دیکھا کہ وہ قدرت کے راء کی مجاور ہے تو ہم نے جان لیا کہ وہ کلمہ ہے اور اس کی تثمین ہے۔

کیا اسم رحمٰن اسم اللہ کا بدل ہے اِسم رحمٰن کو اِسم اللہ کا بدل ظاہر کرنے والے کے قول میں مقام جمع اور اتحادِ صفات کی جانب اشارہ ہے اور یہ مقام "خَلَقَ آدَمَ عَلٰی صُوْرَتِہٖ" کی روایت سے ہے۔

مقامِ حق میں بندے کا یہ وجود حدِ خلافت ہے، اور خلافت بدیہی طور پر ملک کی استدعا کرتی ہے اور ملک دو قسموں میں تقسیم ہوتا ہے۔

ایک قسم اُس کی ذات کی طرف لَوٹتی ہے۔

دوسری قسم اُس کے علاوہ کی طرف پلٹتی ہے۔

وہ ہماری ترتیب کی حد پر اس مقام میں ایک قسم درست ہے، اِس لئے کہ اِس مقام پر بدل مُبدل مِنہ کے محل پر ہے۔

اِس کی مثال ہمارا یہ قول ہے جَاءَنِیْ اَخُوْکَ زَیْدٌ۔ یعنی تیرا بھائی زید میرے پاس آیا۔

پس زید تیرے بھائی سے ایسا بدل ہے۔ جیسا کسی چیز کا کسی چیز سے ہوتا ہے اور اُن دونوں کے لئے عینِ واحدہ ہے۔ کیونکہ زید آپ کا بھائی ہے اور آپ کا بھائی بلاشک زید ہے اور یہ ایسا مقام ہے جس نے اس کے خلاف عقیدہ رکھا وہ حقیقت پر واقفیت نہیں رکھتا۔ نہ وہ اُس کے مُوجد کو کبھی پاسکتا ہے۔ جو شخص اُسے نعت ظاہر کرتا ہے تو اُس کا اشارہ صفت میں مقامِ تفرقہ کی طرف ہے اور وہ مقام اس روایت سے ہے۔

خَلَقَ آدَمَ عَلٰی صُوْرَۃِ الرَّحْمٰنِ ، الحدیث

یعنی اللہ تعالیٰ نے آدم کو صُورتِ رحمٰن پر پیدا فرمایا۔

یہ مقامِ وراثت ہے اور یہ دو غیروں کے حجاب کے مقام میں بغیر ایک کے غائب ہونے اور دوسرے کے ظہور کے واقع نہیں ہوتا۔ اور یہ اِس سے بالمثل تعبیر ہوتا ہے۔

ہم نے اس میں اُس دلیل پر اقرار کیا جسے ہم نے پوشیدہ کیا۔ پس غور کریں۔ پھر نیچے کا آدھا نون ظاہر ہوا۔ اور وہ ہمارے لئے فلکِ دائر کے نصف دائرہ سے نصف ظاہر ہے اور مرکزِ عالم اُس خط کے وسط میں ہے جو دوسرے گوشے کی طرف نصف حصّہ سے ممتد ہوتا ہے اور دوسرا نصف حصّہ نکتے میں مستور ہے اور وہ ہماری طرف اضافت کے ساتھ نقیضِ خط کے تحت ہم سے غائب ہے۔ کیونکہ ہمارا دیکھنا ایک طرف میں فعل کی حیثیت سے ہے۔ پس خط میں موجود نصف حصّہ مشرق اور نکتہ میں مجموع نصف حصّہ مغرب ہے اور وہ مطلعِ وجود الاسرار ہے۔ پس مشرق ظاہر ہے اور قابلِ تقسیم مرکب ہے اور مغرب باطن بسیط ہے اور قابلِ تقسیم نہیں اور اس میں یہ قول ہے۔

عجبا للظاهر ينقسم	ولباطنه لا ينقسم
فالظاهر شمس فی حمل	والباطن فی أسد جلم
حقق وانظر معنی سترت	من تحت كنائتها الظلم
ان كان خفی هو ذاك بدا	عجبا والله هما القسم
فافزع للشمس ودع قمرا	فی الوتر يلوح وينعدم
واخلع نعلی قدمی كونی	علمی شفع يكن الكلم

ظاہر کے لئے تعجّب ہے کہ تقسیم ہو جاتا ہے اور اُس کے باطن کے لئے کہ وہ تقسیم نہیں ہوتا۔ پس ظاہر سورج بُرج حمل میں ہے اور باطن بُرجِ اسد میں تحقیق سے پوشیدہ معنوں کو دیکھیں جو ہونٹوں کے نیچے ہے۔ اگر وہ مخفی ہے تو وہ ظاہر ہے۔ پس دونوں قسمیں تعجّب خیز ہیں۔

پس آفتاب کی جستجو کریں اور قمر کو وِتر یعنی طاق میں رُخصت کر دیں۔ کیونکہ وہ ظاہر اور معدوم ہوتا ہے۔

اور پاؤں سے جُوتا اُتار دیں اور دو علم ہو جائیں تو کلمے بن جائیں گے۔ اس لئے معلومات کے ساتھ علم، مرادات کے ساتھ واحد ارادہ اور مقدورات کے ساتھ واحد قدرت کا تعلق ہوتا ہے۔

مقدورات و معلومات اور مُرادات میں تقسیم و تعداد واقع ہوتی ہے۔ اور یہ تحریریں نصف حصّہ موجود ہیں۔ اور اس اشارہ میں علم و قدرت اور ارادہ سے باطنی اوصاف سے اتّحاد اور منزّہ ہونا واقع ہوتا ہے۔ پس اس پر غور کریں۔

"حا" کے عدد آٹھ ہوتے ہیں اور وہ کمال کا وجود ہیں۔ اس لئے ہم اُس سے کلمہ اور رُوح کی تعبیر کرتے ہیں۔ ایسے ہی "نون" عشروں میں پانچواں ہے۔ کیونکہ "میم" سے "مقدم" ہے اور وہ چوتھا ہے۔ پس نُون جسمانی رُوح، عقل، نفس اور وجود فعل کے مواد کی ایجاد کا محل ہے۔ اور یہ تمام "نُون" میں ودیعت ہیں اور یہ تمام انسان ہیں جس کا اظہار ہُوا اور اس لئے ظاہر ہے۔

تتمہ سوائے اس کے نہیں کہ الف کے ساتھ میم اور نُون کے درمیان فصل قائم کی گئی۔ کیونکہ "میم" ملکوتیہ ہے جب ہم نے اُسے رُوح کے لئے مقرر کیا۔ وجود کے لئے سلبِ دعوٰی کا راز نُون ملکیہ اور نکتہ جبروتیہ ہے۔ گویا کہ وہ کہتا ہے۔ اے وہ رُوح جو میم ہے۔ مَیں نے تجھے تیری حیثیت سے نہیں چُنا لیکن میرے وجودِ علمی میں تیرے لئے عنایت سبقت لے گئی۔

اگر تو چاہے کہ نکتہ عقل اور نُونِ انسانیہ کے لئے بغیر اپنے وجود کے واسطہ کے اطلاع پائے تو اپنے نفس کو پہچان کر اور جان لے میرا تیرے ساتھ یہ اختصاص میری اپنی حیثیت سے ہے نہ کہ تیری حیثیت سے۔ پس چُنا تو صحیح ہے تو اُس کے غیر کے لئے کبھی تجلّی نہیں۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ! اس پر جو اَولیٰ ہے۔

اے مسکین! متنبّہ ہو وجودِ میم میں تقدّم کے باوجود دائرہ جسم کی صُورت

پر ہے اُس کے ساتھ تقسیم سے تنزیہہ کی طرف کیسے اشارہ ہے اور دائرہ کی تقسیم لامتناہی ہے اور رُوحِ میم کی تقسیم اُس کی معلومات کے ساتھ لامتناہی ہے اور وہ بنفسہٖ تقسیم نہیں ہوتا۔

پھر دیکھیں کہ میم جب اُس ایک سے علیحدہ ہوتی ہے۔ اُس سے مادۂ تعریق کیسے ظاہر ہوگا۔ اِس لئے کہ عالمِ خطاب و تکلیف میں وجُود فِعل کی طرف نزُول کرتا ہے تو مادہ اپنی ذات کے حق میں نہیں دوسرے کے حق میں ہوگا، جب دائرہ اُس پر بطورِ خاص دلالت کرتا ہو تو جو زائد ہے وہ اُس کے حق میں نہیں کیونکہ اُس کی ذات ثابت ہے تو باقی نہیں سوائے اِس کے کہ دوسرے کے حق میں ہو۔ پس جب عبد کی نظر مادہ کی طرف ہوتی ہے تعریق لمبی ہو جاتی ہے اور یہ وہ تحقیقِ وجُود ہے۔

رحمٰن آسمانوں اور زمین کا رَبّ ہے

پھر جاننا چاہیئے کہ میم اور نوُن کے درمیان جُزِ متصل ہے وہ مرکزِ الف ذات کا ہے اور مادہ کے طریق کے ساتھ میم اور نوُن کے درمیان اِتصال واقع کرنے کے لئے الف چھُپ گئی اور وہ جُزِ متصل ہے۔ اگر الف ظاہر ہوگی میم کے لئے دائرہ درُست نہیں کیونکہ الف دونوں کے درمیان حائل ہے اور اِس میں اللہ تبارک وتعالیٰ کے اِس ارشاد کی طرف تنبیہہ ہے۔

رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا الرَّحْمٰنِ — النبا آیت ۳۷

آسمانوں اور زمین اور جو دونوں کے درمیان ہے اُس کا رَبّ رحمٰن ہے

اِس الف مُراد کا وجود اسے ظاہر کرنے والے کا مُبتداء ہے اور ترکیب کے طریق سے درُست نہیں، اور رَبّ کا بدل ظاہر کرنا صحیح ہے۔ الف یہاں رُوح

سے عبارت ہے تو وہ باقی ہے اور حق تمام کے ساتھ قائم ہے اور میم آسمان اور نوُن زمین ہے اور جب الف میم اور نوُن کے درمیان ظاہر ہوتا ہے تو میم کے ساتھ اتصال ہوتا ہے نوُن کے ساتھ نہیں۔ پس اُسے قطع کرنے کے لئے نون کو بغیر واسطہ کے صفت نہ پکڑیں اور میم کے ساتھ اس کا اتصال بلا واسطہ اخذ کرنے پر دلالت کرتا ہے اور قطع کے ساتھ اُس کا عدم درست ہے۔ اس میں نوُن فنا ہو جاتا ہے اور میم اُس کے درمیانی نقطہ کے ساتھ اُس کے قدم کے راز سے محجوب باقی رہتا ہے۔ یہی نظر کے ساتھ اُس کی ذات کی طرف جوف دائرہ ہے بعد اس کے کہ وہ اُس میں اُس کے لئے ظاہر نہ تھا۔

سوال و جواب

سوال : کیا آپ نے اپنے سرِ قدم کو جان لیا اور اُس نے نہ جانا۔ اگر آپ اپنے ظاہر کی طرف دیکھیں تو وہ اِسے جاننے کا آپ سے زیادہ مستحق ہے یا کیا سرِ قدم کے عالم میں وہ معنی موجود ہیں جس میں آپ کلام کرتے ہیں اور وہ رُدرج میم ہے جو اپنے سرِ قدم پر واقف ہے۔

جواب : اس کا جواب یہ ہے کہ ہم سے رازِ قدم کو جاننے والا وہ ہے جسے وہاں ہم سے پردے میں رکھا ہُوا ہے۔ تو جس وجہ سے ہم اُس کا علم ثابت کرتے ہیں وہ اُس کے علاوہ ہے جس سے ہم نے اُس کے لئے عدمِ علم ثابت کیا اور سوائے اِس کے نہیں کہ یہ اُسے عِلم سے حاصل ہے آنکھ سے نہیں۔ اور یہ موجود ہے تو کسی چیز کے جاننے سے یہ شرط نہیں کہ اُسے دیکھا جاسکے۔ ایک وجہ سے معلوم کو دیکھنا اُس کے جاننے کو کامل اور معرفت کو زیادہ واضح کرتا ہے۔

پس ہر عین علم ہے اور ہر علم عین نہیں کیونکہ یہ شرط نہیں کہ مکّہ معظمہ کو جاننے والے نے مکّہ معظّمہ کو دیکھا بھی ہو اور ہم قطعیّت کے ساتھ کہتے ہیں کہ مکّہ معظّمہ کو جاننا ہے اور اس سے مُراد اسم نہیں۔ پس عین کے لئے علم معلوم پر درجہ ہے جیسا کہ کہا۔

ولکن للعیان لطیف معنی

لذا سأل المعاینۃ الکلیم

ولیکن دیکھنے میں لطیف معنی ہیں اس لئے کلیم نے دیکھنے کا سوال کیا۔
بلکہ ہم کہتے ہیں کہ حقیقت سِرِ قدم حق الیقین ہے کیونکہ دیکھا نہیں جاسکتا پس اپنے مُوجِد کی ذات کی طرف رجوع کرنے والا مشاہدہ نہیں کرسکتا۔ اگر اپنے بنانے والے کی ذات کو جانتا ہے تو اُس کے حق میں نقصان ہے۔ پس اُس کے کمال کی انتہا اپنے نفس کو جاننا ہے۔ اس کے بعد یہ عین نہ ہوگی۔ یہ عجیب فصل ہے۔ اگر اس پر غور کریں گے عجائب پر واقفیت حاصل ہوجائے گی پس غور کریں۔
تکملہ: لام کا راء کے ساتھ مُتّصِل ہونا اِتصال و اِتحادِ نُطق میں اس حیثیت سے ہے کہ دونوں میں دو باطنی صفات ہیں۔ پس دونوں پر اتحاد آسان ہُوا اور میں نے حاء پائی جو راء سے راء منفصلہ کے لئے اُس سے مقدور کے ساتھ کلمہ تعبیر ہوتی ہے اور یہ قدرت سے امتیاز مقدور کے لئے قدرت ہے۔ شاید کہ حاء مقدورہ کو وہم ہو کہ وہ ذاتِ قدرت کی صفت بنے۔ پس قدیم اور مُحدَث کے درمیان فرق واقع ہوگیا۔ اللہ تعالیٰ آپ پر رحم فرمائے۔ اس پر غور کریں۔

رحمٰن اسم ہے ذات کے لئے

پھر جان لیں کہ رحمان اسم ہے اور وہ ذات کے لئے ہے جو پہلے الف

اور لام آتے ہیں وہ تعریف کے لئے ہیں اور دونوں صفات ہیں اس لئے دونوں کو زائل کر کے "الرّحمٰن" کی بجائے رحمان کہتے ہیں جیسا کہ کہتے ہیں ذات اور دونوں کے ساتھ صفت اسم نہیں۔

مسیلمہ کذاب کے اسم میں غور کریں۔ اس کا نام رحمٰن کے ساتھ تھا اور اسے الف لام کی طرف ہدایت نہیں ہوئی۔ کیونکہ ذات ہر ایک کے لئے محلِ دعویٰ ہے اور مُدّعی صفات کے ساتھ رسوا ہوتا ہے۔

پس رحمان مقام جمع ہے اور یہ مقام جہل ہے۔ طریق اللہ کی طرف ترقی کے لئے سب سے اشرف اللہ تعالیٰ سے جہل ہے۔ یعنی اسے نہ جاننا اور اس کے ساتھ اس کی معرفت کا جہل ہونا۔ کیونکہ یہ عبودیت کی حقیقت ہے۔

اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا۔

وَاَنفِقُوا مِمَّا جَعَلَكُم مُّسْتَخْلَفِينَ فِيهِ

اور اللہ کی راہ میں اس سے خرچ کرو جو تمہارے لئے ہے

تو یہ تمہارا جہل ہے اور اس کی تائید اللہ تبارک وتعالیٰ نے اس قول سے فرمائی۔

وَمَآ اُوتِيتُم مِّنَ الْعِلْمِ اِلَّا قَلِيلًا

اور اللہ تعالیٰ نے تمہیں علم نہیں دیا مگر قلیل۔

اور اللہ تبارک وتعالیٰ کا ارشاد ہے۔

الَّذِينَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يَتْلُوْنَهٗ حَقَّ تِلَاوَتِهٖ

وہ لوگ جنہیں ہم نے کتاب دی وہ اس کی تلاوت کرتے ہیں جیسا کہ تلاوت کرنے کا حق ہے۔

پس مسیلمہ، ابلیس اور دجال سے حقیقتِ استخلاف سلب ہو گئی اور ان

کا وہی حال ہے جو جاتا گیا۔ اگر اُن کا استحقاق ذاتی ہوتا تو ہرگز سلب نہ ہوتا و لیکن اگر عین تنقید اور قبولِ کُلّی کے ساتھ دیکھیں گے نہ کہ اَمر کی آنکھ سے تو آپ مخالف کو اطاعت گذار اور ٹیڑھے کو سیدھا پائیں گے اور سب کو طوعًا و کرہًا اطاعت میں پاؤ گے۔

ابلیس اور مسیلمہ کی عبودیت کے ساتھ تصریح کی گئی اور دجّال نے انکار کیا۔ پس غور کریں کہ اُن میں سے ہر ایک نے کہاں سے کلام کیا اور اُن کے لئے کون سے حقائق ظاہر ہوئے۔ یہاں تک کہ اُن کے لئے یہ احوال واجب ہوئے۔

تتمّہ:۔ جب ہم اللہ تبارک و تعالیٰ کے ارشاد بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ کو پڑھتے ہیں تو الف اور لام کا وجود ظاہر نہیں ہوتا اور ذات سے ذات کا اتصال ہو گیا۔

اللہ اور رحمان

اللہ اور رحمٰن ذات کے دو اسم ہیں تو اُس کی ذات کے ساتھ رجوع ہے اس لئے حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم فرماتے ہیں اَعُوۡذُ بِکَ مِنۡکَ یعنی میں تجھ سے تیرے ساتھ پناہ مانگتا ہوں۔ جب ذات کی طرف منتہیٰ ہوا تو غیر کو نہ دیکھا تو فرمایا اَعُوۡذُ بِکَ یعنی تیرے ساتھ پناہ مانگتا ہوں جب کہ ضروری ہے جس چیز سے اُس کی پناہ طلب کی جائے وُہ اُس کے لئے منکشف ہو۔ پس آپ نے فرمایا۔ مِنۡکَ یعنی تجھ سے اور مِنۡکَ وُہ ہے جس پر اَعُوۡذُ دلالت کرتا ہے اور اسے علیحدہ کرنا درست نہیں کیونکہ وہ ذات میں ہے اور اس میں تفصیل جائز نہیں۔

اِس سے ظاہر ہُوا کلمۃ اللہ ہی عَبد ہے تو جیسا کہ اللہ کا لفظ ذات کے لئے دلیل ہے۔ ایسے ہی عبد جامع کُلّی ہے پس عَبد وُہ کلمۃ جلالت ہے۔

بعض محققین نے حال میں کہا ہے مَا اَنَا اللہ یعنی میں نہیں ہوں اللہ ہے۔

اور بعض صوفیار نے دو مختلف مقامات سے بھی کہا ہے۔

چنانچہ معنی کے مقام اور حرف کے اُس مقام میں فرق ہے جس میں وہ معنی پایا جاتا ہے بس اُس نے حرف کو حرف کے مقابل کیا کہ میں تیری رضا کے ساتھ تیری ناراضگی سے پناہ مانگتا ہوں اور معنی کو معنی کے بالمقابل کیا کہ تجھ سے تیرے ساتھ پناہ مانگتا ہوں یہ انتہائے معرفت ہے۔

خاتمہ :- ہو سکتا ہے کہ آپ قرآن مجید میں ارشادِ خداوندی اعبدو اللہ یعنی اللہ کی عبادت کرو تو اُنہوں نے نہیں کہا کہ اللہ کیا ہے ؟ کو دیکھتے ہوئے اسم اللہ اور رحمٰن کے درمیان فرق محسوس کرو۔ جب کہ کفار کو فرمایا۔ اُسجدُ وا للرّحمٰن یعنی رحمٰن کو سجدہ کرو تو اُنہوں نے کہا مَا الرّحمٰن یعنی رحمان کیا ہے ؟

اس لئے ایک گروہ کے نزدیک نعت بدل سے بہتر ہے اور دوسرے گروہ کے نزدیک بدل بہتر ہے۔

اللہ تبارک وتعالیٰ کا ارشاد ہے۔[1]

ادْعُوا اللّٰهَ اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ ؕ اَیًّا مَّا تَدْعُوْا فَلَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی

یعنی اللہ کو پکارو یا رحمان کو پکارو اُسے اچھے ناموں سے پکارو :
پس اُنہیں ذات کے لئے مقرر کیا اور عرب نے اللہ کے کلمے کا انکار نہیں کیا اور وہ اِس کے قائل تھے کہ۔

مَا نَعْبُدُهُمْ اِلَّا لِیُقَرِّبُوْنَآ اِلَی اللّٰهِ زُلْفٰی ؕ[2]

یعنی ہم اِن بُتوں کو اِس لئے پُوجتے ہیں کہ اللہ کا تقرب حاصل کریں۔ پس وہ اللہ کو جانتے تھے اب جب کہ رحمان رحمت سے مشتق ہے اور اُن میں بھی صفت رحم موجود تھی۔ اِس لئے وہ خوفزدہ ہو گئے کہ کہیں وہ یعنی رحمٰن اُن کی جنس سے نہ ہو جو معبود پر دلالت کرتا ہے پس اُنہوں نے انکار کیا اور کہا رحمٰن کیا ہے ؟

---

[1] بنی اسرائیل آیت ۱۱۰ [2] الزمر آیت ۱

چونکہ ہر کلام کے معنے سمجھنا شرط نہیں لہٰذا فرمایا!

قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ ط بنی اسرائیل آیت ۱۱۰

جب کہ دونوں لفظ ایک ذات کی طرف لوٹتے ہیں اور یہ حقیقت عبد ہے اور اللہ تبارک و تعالیٰ اِدراک و توہم اور علمِ محیط سے منزّہ ہے۔

بسم اللہ میں رحیم کیوں

وَصل :۔ بسم اللہ میں رحیم کا لفظ آیا ہے اور رحیم حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صفت ہے۔

اللہ تبارک و تعالیٰ نے فرمایا ہے۔

بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ

یعنی آپ مومنوں پر رافت اور رحم فرمانے والے ہیں۔

اِس کے ساتھ کمالِ وجُود ہے اور رحیم کے ساتھ بسم اللہ پُوری ہو گئی اور اِس کے ساتھ خلق وابداع کا عالم پُورا ہو گیا۔ چنانچہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم وجُودِ عالم کا عقلاً اور نفساً مُبتدار ہیں۔ آپ نے فرمایا کہ مَیں اُس وقت نبی تھا جب آدم پانی اور مٹی کے درمیان تھے۔

اس میں وجُودِ باطن کی ابتدا ہُوئی اور اِس کے ساتھ عالمِ تخطیط یعنی عالمِ منقوش میں ظاہر کا مقام اختتام پذیر ہو گیا، پس فرمایا۔

لَا رَسُوْلَ بَعْدِیْ وَلَا نَبِیَّ الحدیث

یعنی میرے بعد نہ رسُول ہے اور نہ نبی

پس رحیم حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور بِسم ہمارے باپ حضرت آدم علیہ السلام ہیں۔

یعنی مقامِ ابتداء وانتہا میں یہی امر ہے۔

حضرت آدم علیہ السلام حاملِ اسماء ہیں۔ اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا۔

عَلَّمَ آدَمَ الْاَسْمَاءَ کُلَّھَا

جب کہ حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اُن اسماء کے معانی کے حامل ہیں۔

جن اسماء کے حضرت آدم علیہ السلام حامل تھے اور یہی کلمات ہیں۔

حضورِ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اُعْطِیْتُ جَوَامِعُ الْکَلِمْ یعنی مجھے جامع کلمات عطا فرمائے گئے۔ اور کسی نے اپنی ذات پر ایسی کمال ثناء نہیں کی جس پر اُس سے یہ تمنّا کامل ہو جائے۔ جیسا کہ حضرت یحییٰ اور حضرت عیسیٰ علیہما السلام!

اسماء کی معرفت

جسے اسماء کی ذات حاصل ہو جائے اسماء اُس کے حکم کے تحت ہوتے ہیں اور ایسا کوئی شخص نہیں جس کو اسماء کا حصول ہو جاتے اور مسمّیٰ کا حاصل ہوتا بھی اُس کے پاس ہو۔ اور یہی ہم پر صحابۂ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کی فضیلت ہے اِس لئے کہ اُنہیں ذات حاصل تھی اور ہمیں اسم۔ اور جب ہم نے حضورِ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اسمِ گرامی کا وہی احترام کیا جو وہ ذات کا کرتے تھے تو ہمارے اجر میں بھی اضافہ ہو گیا۔ چونکہ اُن کے لئے غائب ہونے کی حسرت نہ تھی، لہٰذا ہمارے ثواب کے اضافے پر اضافہ ہُوا۔ پس ہم اخوان اور وہ اصحاب ہیں۔ آپؐ کو ہمیں ملنے کا اشتیاق تھا اور آپؐ کو ہم میں سے کسی ایک کے ساتھ مُلاقات کی کیوں خوشی نہ ہوتی اور آپ کیوں فرحت نہ فرماتے۔ جب کہ جس کا آپ

کو شوق ہوتا وہ آپ کی خدمت میں حاضر ہو جاتا۔ تو کیا آپؐ کی کرامت اور نیکی کو اُس شخص پر قیاس کیا جا سکتا ہے ؛ اور ہم میں سے وہ عمل کرنے والے کے لئے پچاس نیکیوں کا ثواب ہے جو آپ کے اصحاب کرتے تھے تو یہ اُن کے اعیان سے نہیں بلکہ اُن کے امثال سے ہے۔

یہ آپ کی وہ حدیث ہے جس میں ہے کہ بَلْ مِنْکُمْ یعنی وہ تم سے ہیں۔ پس اُنہوں نے جِدّ و جُہد کی یہاں تک کہ وہ پہچان گئے کہ اُن کے پیچھے اُن کے بعد ایسے لوگ بھی ہیں جو اگر آپ کو دیکھ لیتے تو وہ یعنی صحابہ کرام آپؐ کی طرف اُن سے سبقت نہ لے جاتے اور یہاں مجازات واقع ہوئے ہیں اور اللہ ہی مدد فرمانے والا ہے۔

چار لفظ چار معنے

تنبیہہ :۔ پھر جاننا چاہیئے کہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمُ چار الفاظ ہیں اور اُن کے لئے چار معانی ہیں تو یہ آٹھ ہوئے اور یہ آٹھ عرشِ محیط کے حامل ہیں اور وہ عرش سے ہیں۔ یہاں وہ ایک وجہ سے حاملانِ عرش ہیں اور ایک وجہ سے عرش ہیں۔ پس اس پر غور کریں تو آپ کی ذات کے لئے آپ کی ذات سے اخراج ہوگا۔

بسم اللّٰہ کا میم

تنبیہہ :۔ پھر ہم نے بِسمِ اللّٰہ کی اُس میم کو پایا جو حضرت آدم علیہ السلام کی مُحرّق میم ہے اور ہم نے رحیم کے میم کو پایا جو حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کی میم کے محرّق ہے۔ جو عموماً خطابِ وجُود کے لئے ہے۔ جیسا کہ حضرت آدم

علیہ السلام عموماً ہمارے پاس تھے۔ لہٰذا دونوں میم لمبے ہوتے ہیں۔

انتباہ :۔ ہمارے سردار حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم جو ہوا و ہوس سے تعلق نہ فرماتے تھے، نے فرمایا!

" اگر میری اُمت صالح ہو گی تو اس کے لئے ایک دن ہو گا۔ اور اگر فساد کرے گی تو نصف دن ہو گا۔" اور صالحین کا دن یوم ربانی ہے۔ ایام اللہ اور ایام ذوالمعارج کے بالعکس پروردگار کے ایام سے ہر دن ہزار سال کا ہے اور کیونکہ اِن ایام کا فرق ایامِ رَبّ سے بڑا ہے۔ انشاء اللہ اس کا ذکر آگے آئے گا۔ جو معرفتِ زمان و اصلاحِ اُمت کے باب کے عنوان سے اس کتاب میں داخل ہے۔

ہزار سال ہزار مہینے

اور جو حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی اُس کی طرف نظر کے مطابق ہے اور اُس کا فساد اُس سے اُس کے اعراض کے ساتھ ہے۔ پس ہم نے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کو ہزار معنوں پر مشتمل پایا۔ اور ہر معنے کا حصول ایک سال پورا ہونے کے بعد حاصل ہوتا ہے اور اِن معانی کا حصول لازماً بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کو شامل ہے کیونکہ وہ اپنے معنی کے اظہار کے لئے عطا کی گئی ہے۔

پس لازم ہے کہ ہزار سال کامل ہوں اور یہ میزان میں پہلا دَورہ ہے اور اِس کی مدت چھ ہزار سال رُوحانیہ محقق ہوتی ہے۔ اِس لئے اُن علوم الٰہیہ سے ظاہر ہوتے جو اِن کے علاوہ اُمتوں میں ظاہر نہیں ہوتے۔ کیونکہ وہ دَور گزر گیا۔ جو مٹی کا تھا۔ پس اُن کے علم کی غایت طبائع کے ساتھ تھی اور اِن میں علمِ الٰہیات کے جاننے والے بہت ہی تھوڑے تھے۔ قریب تھا کہ اُن کے لئے

عین کا ظہور نہ ہوتا۔ پھر اُن سے جو جاننے والا ہوتا طبیعات کے ساتھ مِلا ہُوا ہوتا اور یہ ضروری تھا اور ہمیں جو علم حاصل ہوتا ہے۔ وہ خالص الٰہیات سے ہے اُس پر طبائع کے حکم کو کوئی راستہ نہیں۔

اللہ اور رحمان کے الف

مضّاح: پھر ہم نے اللہ اور الرحمٰن میں دو الف پائے۔ ایک الف ذات کے لئے اور ایک الف علم کے لئے ہے۔

ذات کا الف پوشیدہ ہے اور علم کا الف عالم پر تجلّی صفت کے لئے ظاہر ہے۔ پھر یہ بھی اللہ میں پوشیدہ ہو گیا اور اللہ اِلّا اللہ کے درمیان خط میں رفع شک کے لئے ظاہر نہ ہُوا۔

اور ہم نے بسم اللہ میں آدم علیہ السلام کی طرح ایک الف پایا جو بار کے ظہور کے لئے پوشیدہ ہو گیا اور الرَّحیم میں ایک الف پایا جو حضرت محمّد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کی طرح ظاہر ہے۔ اور یہ الف علم ہے اور حضرت محمّد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کا نفس ذات ہے۔ پس حضرت آدم علیہ السلام میں الف پوشیدہ ہو گیا۔ کیونکہ وہ کسی کی طرف نہیں بھیجے گئے تھے اور اُن کے ظہورِ صفت کی ضرورت نہ تھی۔

اور سیّدنا حضرت محمّد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کی ذاتِ اقدس میں ظاہر ہُوا۔ کیونکہ آپ بھیجے گئے تھے اور آپ نے تائید طلب کی تھی۔ پس آپ کو الف عطا کیا گیا جو اِس کے یعنی الرَّحیم کے ساتھ ظاہر ہُوا۔

بسم اللہ کی بار

ہم نے بسم میں سے با کو پایا۔ جو الرّحیم کی میم میں عمل کرتی ہے

پس حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وجودِ ترکیب نے حضرت آدم علیہ السلام میں عمل کیا اور اللہ میں داعی ہونے کی وجہ سے اور رحمان میں مدعو ہونے کے سبب سے عمل کیا۔

اور جب ہم نے دیکھا کہ بدایت سے نہایت اشرف ہے تو ہم نے کہا۔

من عرف نفسہ عرف ربہ "الحدیث"

یعنی جس نے اپنے نفس کو پہچان لیا اُس نے اپنے رَبّ کو پہچان لیا۔

اور اسم مسمّیٰ کی طرف زینہ ہے، جب ہم نے جان لیا کہ رُوحِ "بسم" میں رُوحِ الرَّحیم کا عمل ہے کیونکہ حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نبی تھے اور حضرت آدم علیہ السلام پانی اور مٹی کے درمیان تھے۔ اور اگر دونوں نہ ہوتے تو آدم علیہ السلام کا نام آدم نہ ہوتا۔ چنانچہ ہم نے جان لیا کہ بسم ہی وہ رحیم ہے کیونکہ کوئی چیز عمل نہیں کرتی۔ مگر یہ کہ اُس کی ذات ہو نہ کہ اُس کا غیر، پس نہایت وبدایت اور شرک وتوحید معدوم ہو گئے اور اتحاد اور اِس کی سلطنت کا ظہور ہو گیا۔

پس حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جمع کے لئے اور حضرت آدم علیہ السلام تفریق کے لئے ہیں۔

ایضاح :۔ اس پر دلیل ہے کہ اُس کے قول میں "الرَّحیم" کا الف العلم کا الف ہے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ کا ارشاد ہے۔

وَلَا خَمْسَةٍ إِلَّا هُوَ سَادِسُهُمْ   المجادلہ آیت ،

یعنی پانچ نہیں ہوتے مگر اُن کا چھٹا وہ ہے۔

بسم کی الف :۔ بسم کی الف میں بھی علم کا الف ہے۔

اللہ تعالیٰ نے فرمایا!

مَا یَکُوْنُ مِنْ نَّجْوٰی ثَلٰثَةٍ اِلَّا هُوَ رَابِعُهُمْ (المجادلہ آیت)

یعنی تین سرگوشی نہیں کرتے۔ مگر چوتھا اُن کا اللہ تعالیٰ ہے۔

پس الف ہزار ہے۔ نہ اس سے توحید کا باطن کم ہے اور نہ اُس کے ظاہر کی مراد زیادہ ہے۔ پھر بسم سے آدم میں الف پوشیدہ ہو گیا۔ کیونکہ وہ پہلے موجود تھا اور اُس کے مقام پر اس کا کوئی مدعی اور جھگڑا کرنے والا نہ تھا اور وہ پہلی ہی نظر میں اپنے موجد کے وجود پر دلالت کرتا ہے۔ اس لئے کہ وہ ہمارے وجود کو فتح کرنے کا مقام ہے۔ کیونکہ جب اُس نے اپنے وجود میں دیکھا تو اس کے لئے دو امروں میں تعارض کیا۔

ایک یہ کہ کیا اُسے ایسے وجود میں پیدا کیا ہے جس کا اوّل نہیں؟

دوم یہ کہ کیا وہ اپنے آپ کو خود پیدا کرنے والا ہے؟ اور یہ محال ہے کہ وہ خود کو خود ہی پیدا کرے۔ کیونکہ یہ اَمر اس بات سے خالی نہیں کہ اگر وہ اپنے آپ کو خود پیدا کرتا ہے تو خود موجود ہو یا یہ کہ وہ خود کو پیدا کرے اور معدوم ہو۔

اگر موجود تھا تو اُس نے کیسے پیدا کیا۔ اور اگر معدوم تھا تو اُس نے کیسے پیدا کیا۔ تو اس کا پیدا کرنا کیسے درست ہو سکتا ہے۔ جو خود عدم ہے۔ اب اس کے سوا کوئی اَمر باقی نہیں کہ اُسے کسی دوسرے نے پیدا کیا اور وہ الف ہے۔ اس لئے بسم کا الف ساکن ہے اور وہ عدم ہے اور میم متحرک ہے اور وہ ذریعہ ایجاب ہے۔

جب پہلی نظر میں ہی اس پر دلالت کر دی تو قوتِ دلالت کے لئے الف پوشیدہ ہو گیا اور ضعفِ دلالت کے لئے الرّحیم میں حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لئے وجودِ منازع کے نئے ظہور پذیر ہوا۔ اور الف کے ساتھ اس کی تائید کی اور رحیم حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہو گیا اور اس

کے اسم ظاہر سے الف اس کے لئے اس سے حق کی تائید ہوگیا۔

اللہ تبارک و تعالیٰ کا فرمان ہے۔

فَأَصْبَحُوا ظَاهِرِينَ الصف آیت ۱۴

پس وہ غالب ہوتے۔

اور فرمایا! کہو اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور میں اُس کا رسول ہوں۔ تو جو آپ کے لفظ کے ساتھ ایمان لایا۔ وہ شرک کا غلام رہا اور وہ اہلِ جنّت سے ہے اور جو اس کے معنی پر ایمان لایا وہ توحید کی لڑی میں پرو دیا گیا اور اُس کے لئے آٹھویں جنّت صحیح ہوگئی اور وہ اُس سے ہے جو اپنی ذات پر ایمان لایا اور وہ دوسرے کے میزان میں نہیں ہوتا۔ کیونکہ برابری واقع ہوجاتی ہے اور پسندیدگی کا اتحاد اور رسالت کا اختلاف جمع ہوجاتا ہے۔

بسم و رحمان کا ایک ایک نقطہ اور رحیم کے دو نقطے

ہم نے بسم اور رحمان میں ایک ایک نقطہ اور ایسے ہی الرّحیم میں دو نقطے پائے اور اللہ کو خاموش یعنی بغیر نقطہ کے پایا۔ اِس لئے کہ وہ ذات ہے اور باقی اسماء ہیں محلِ صفات ہونے کی بنا پر نقطے پاتے جاتے ہیں۔

پس بسم اور آدم میں اتحاد ہوگیا۔ کیونکہ حضرت آدم علیہ السلام فردِ واحد ہیں اور کِسی کی طرف بھیجے نہیں گئے۔

اور رحمان میں اتحاد ہُوا کیونکہ وہ آدم ہے۔ کیونکہ آدم کائناتِ مرکبات کے عرش پر مستوی ہے اور باوجود الف کے ظہور کے رحیم کے نقطوں پر کلام باقی رہتا ہے۔ پس یا م دس راتیں ہیں اور دونوں نقطے جُفت اور الف وِتر ہے۔

اسم کُلیہ کے ساتھ ہے اور فجر اُس کے باطنِ جبروتی کا معنیٰ ہے اور چھپانے

والی رات غیبِ ملکوتی ہے۔ اور دونوں نقطوں کی ترتیب ایک میم سے ملی ہوئی ہے اور ایک الف سے۔ میم وجودِ عالم ہے جو اُن کی طرف مبعوث کیا گیا اور جو نقطہ اِس سے ملا ہُوا ہے وہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ ہیں۔ اور جو نقطہ الف سے مِلا ہُوا ہے وہ حضرت محمّد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم ہیں اور دونوں پر یار کا غار کی طرح نقاب ہے۔

اِذْ یَقُوْلُ لِصَاحِبِهٖ لَا تَحْزَنْ اِنَّ اللّٰهَ مَعَنَا   التوبہ آیت ۴۰

جب اپنے ساتھی کو فرمایا غم نہ کر اللہ ہم دونوں کے ساتھ ہے۔

ابوبکرؓ کی صداقت یقینی تھی

حضورِ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم حضرت ابوبکرؓ کے صِدق سے واقف تھے اور حضورِ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم اُس حال میں حق سے واقف تھے جس میں آپؐ اُس وقت تھے۔ پس آپ حکیم تھے جیسا کہ آپ نے دُعاء الحاح میں کام کیا اور ابوبکرؓ اِس سے چیخ پڑے۔ کیونکہ حکیم مواطن میں اُس کا حق ادا کرتا ہے۔

جب کہ دو صادقوں کا اِس کے ساتھ اجتماع درست نہیں اِس لئے کہ حضرت ابُوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ حضورِ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کے مقام میں قائم نہ رہ سکے اور صدق میں آپ کے ساتھ قائم تھے۔ پس اِس موطن میں حضورِ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم سے اگر فقدان ہوتا تو حضرت ابُوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ اُس مقام میں قائم ہوتے جس میں رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم قائم ہوتے۔ کیونکہ اُس مقام پر رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم سے کوئی اعلیٰ اور بلند نہ تھا جو انہیں اِس سے روک لیتا۔

پس اُس وقت آپ صادق اور اُس کے حکیم تھے اور آپ کے سِوا جو بھی ہے

آپؐ کے حکم کے ماتحت ہے۔

پس جب حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ کے نقطہ نے طالبوں کی طرف دیکھا تو اس پر تأسف کیا اور شدت ظاہر کی اور صدق غالب آگیا تو فرمایا! اس تأسف کے اثر سے غمزدہ نہ ہوں۔

اِنَّ اللّٰہَ مَعَنَا؁ التوبہ آیت ۴۰

یعنی اللہ تعالیٰ ہمارے ساتھ ہے

جیسا کہ تُو نے ہمیں خبر دی ہے۔ اور اگر نزاع پیدا کرے کہ حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اِس کے قائل ہیں تو کچھ پرواہ نہیں۔ اس لئے کہ حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا مقام جمع اور تفرقہ تھا اور آپ حضرت ابُو بکر صدیق رضی اللہ عنہٗ کے افسوس کو جانتے تھے۔ اور الف کی طرف نظر کرتے ہُوئے تائید فرمائی اور آپ نے جان لیا کہ اس کا اَمر قیامت کے دن تک ہمیشہ رہے گا تو فرمایا۔

لَا تَحْزَنْ اِنَّ اللّٰہَ مَعَنَا التوبہ آیت ۴۰

یہ وہ اعلیٰ واشرف مقام ہے جو اِس طرف مُنتہی ہوتا ہے اللہ تبارک وتعالیٰ نے اُسے پہلے بیان فرمایا جس کے متعلق آپؐ نے فرمایا! "مَیں نے کوئی چیز نہیں دیکھی مگر مَیں نے اُس سے پہلے خُدا کو دیکھا"

مشاہدۂ ابُوبکری وراثتِ محمّدی تھا اور لوگوں کو مخاطب کرتے ہُوئے کہا۔ جس نے اپنے نفس کو پہچان لیا اُس نے اپنے رَبّ کو پہچان لیا۔

اور یہ وہ قول ہے جس کی ہمیں اللہ تبارک وتعالیٰ نے خبر دی ہے کہ

قَالَ كَلَّا اِنَّ مَعِیَ رَبِّیْ سَیَهْدِیْنِ الشعرا آیت ۶۲

یعنی۔ میرا ربّ میرے ساتھ ہے عنقریب مجھے راستہ دکھائے گا۔

ہمارے نزدیک یہ مقالہ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ کے لئے

ہے جس کی ہمیں تائید حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اس ارشاد سے ہوتی ہے۔

لو کنت متخذ اً خلیلاً اتخذت ابابکر خلیلاً " الحدیث

یعنی۔ اگر میں کسی کو اپنا خلیل بناتا ابوبکر کو بناتا۔

پس حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کسی کے مصاحب نہ تھے اور صحابہ ایک دوسرے کے مصاحب تھے اور آپ کے انصار و اعوان تھے۔ پس ہمارے اشاروں پر غور کریں یہ آپ کو راہِ ہدایت کی طرف لے جائیں گے۔

رحیم کے دونوں نقطے

لطیفہ :۔ الرّحیم کے دونوں نقطے دو قدموں کا مقام ہیں۔ ان میں سے ایک نعلین آثارنا امر و نہی ہیں اور الف مبارک رات ہے اور یہی حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا غیب ہے۔ پھر امر و نہی کی طرف اس میں تفریق کی گئی۔ اور یہ اللہ تعالیٰ کے اس قول میں ہے۔

فِيهَا يُفْرَقُ كُلُّ أَمْرٍ حَكِيمٍ الدخان آیت ۴

یعنی۔ اس میں ہر محکم امر کا فیصلہ کیا جاتا ہے۔

چنانچہ یہ کرسی ہے۔ حا، عرش ہے، میم اس کا گرداگرد ہے۔ الف حالِ مستوی ہے، را، قلم کی آواز ہے اور نون وہ دوات ہے جو لام میں ہے پس لوحِ رحیم کے قرطاس میں جو ہوا تھا اور جو ہوتا ہے اور یہ لوحِ محفوظ ہے جس سے تعبیر کیا گیا ہے کہ کتاب عظیم میں اشارہ و تنبیہ کے باب سے ہر چیز لکھی ہوئی ہے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ نے ارشاد فرمایا۔

وَكَتَبْنَا لَهُ فِي الْأَلْوَاحِ مِن كُلِّ شَيْءٍ الاعراف آیت ۱۴۵

اور وہ لوحِ محفوظ ہے جیسے کہا گیا۔

مَوْعِظَةً وَّتَفْصِيلًا لِّكُلِّ شَيْءٍ   الاعراف آیت ۱۴۵

یعنی۔ اُس میں نصیحت اور ہر چیز کی تفصیل ہے۔

یہ لوحِ محفوظ جامع ہے اور حضورِ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے آپ کے فرمان میں یہی بات آتی ہے کہ مجھے نصیحت کے جوامع کلم اور تفصیل عطا فرمائی گئی اور دونوں نقطے ہر چیز کے لئے امر و نہی ہیں۔

حضورِ رسالتمآب کا غیب

حضورِ رسالت مآب حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا غیب وہ الف ہے جس کی طرف مبارک رات کا اشارہ ہے۔ پس الف علم کے لئے ہے اور وہ مستوی ہے اور لام ارادہ کے لئے ہے۔ اور وہ نون یعنی دوات ہے۔ "را" قدرت کے لئے ہے اور وہ قلم ہے۔ حاء عرش کے لئے ہے۔ یا کرسی کے لئے ہے اور میم کا سر آسمان کے لئے ہے اور "میم" کی جڑ زمین کے لئے ہے۔ پس یہ سات ستارے ہیں۔ ان میں سے ایک ستارہ جسم کے فلک میں تسبیح پڑھتا ہے اور ایک ستارہ نفس کے فلک میں کلام کرتا ہے۔ ایک ستارہ سِرّ نفس کے فلک میں ہے اور وہ صبر لقیت ہے اور ایک ستارہ قلب کے فلک میں ہے اور ایک ستارہ عقل کے فلک میں ہے اور ایک ستارہ روح کے فلک میں ہے۔ ہم نے جو قفل لگایا ہے اُسے کھول دیں اور اس میں ہم نے اپنے مافی الضمیر کی کنجی مقرر کی ہے۔ پس طلب کریں تو انشاء اللہ پائیں گے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ کا جملہ قرآن مجید میں متعدد بار آیا ہے مگر جب اُسے حقیقی وجہ سے دیکھا جائے گا تو وہ ایک ہوگا۔

طریقِ خاص سے اُمّ القرآن کے اسرار

اُمّ القرآن ہی فاتحۃ الکتاب، سبعِ مثانی، قرآنِ عظیم اور کافیہ ہے۔ اور بسم اللہ اس کی ایک آیت ہے۔ یہ پروردگار اور بندے کو شامل ہے اور ہمارے لئے اُس کی تقسیم میں یہ اشعار ہیں۔

للنیرین طلوع بالفؤاد فما	فی سورۃ الحمد یبدو ثالث لهما
فالبدر محو وشمس الذات مشرقة	لولا الشروق لقد ألفيته عدما
هذی النجوم بافق الشرق طالعة	والبدر للمغرب العقلی فدلزما
فان تبدّی فلانجم ولاقمر	يلوح فی الفلک العلوی مرتسما

قلب میں دو سورجوں کے طلوع ہونے کے لئے ہے سورۃ الحمد میں ان دونوں میں تیسرے کا ظہور نہیں۔

چودھویں کا چاند محو ہو جاتا ہے۔ اور ذات کا آفتاب طلوع رہتا ہے۔ اگر یہ طلوع نہ رہتا تو چودھویں کا چاند معدوم ہوتا۔

یہ ستارے مشرق کے اُفق پر طلوع ہوتے ہیں اور چودھویں کا چاند مغربِ عقلی کے لئے لازم رہتا ہے۔

اگر آفتاب ظاہر ہو تو آسمانِ علوی میں کوئی ستارا اور چاند اپنا نقش مُرتسم نہیں کر سکتا۔

یہی قرآن مجید کی فاتحہ ہے۔ کیونکہ کتاب بابِ اشارہ سے مُبدعِ اوّل ہے۔ کتاب فاتحہ وغیرہ کو متضمن ہے۔ کیونکہ اس کے لئے اسمِ فاتحہ اس حیثیت سے درست ہے کہ اس سے پہلے کتابِ وجُود کا افتتاح ہوا۔

یہ لَیسَ کَمِثلِہٖ شَیئٌ میں منزّہ کی مثل سے ہے۔ تاکہ کاف عین صفت ہو

جب اس کی شکل بنائی گئی تو فاتحہ کو بنایا گیا جس کے بعد کتاب کو وجود دیا گیا اور اُسے اس کی کُنجی بنایا گیا۔ اس پر غور کریں۔

فاتحہ اُمّ القرآن ہے

فاتحہ اُمّ القرآن ہے کیونکہ اُم محلِ ایجاد ہے اور اس میں قرآن موجود ہے اور مُوجِد اُمّ میں فاعل ہے۔ پس اُمّ ہی جامع کُلّیہ ہے اور یہ اُمّ الکتاب ہے جو اُس کے پاس ہے۔ اللہ تعالیٰ کے فرمان میں ہے۔ وَعِنْدَهٗ اُمُّ الْکِتٰب۔

آپ حضرت عیسیٰ اور حضرت مریم علیہما السلام اور فاعلِ ایجاد کی طرف دیکھیں گے تو آپ کو آپ کی حِس کے بالعکس نظر آئے گا۔ پس حضرت عیسیٰ علیہ السلام اُمّ ہیں اور ابنِ کتاب وہ ہے جو میرے پاس ہے۔ یا قرآن مریم علیہما السلام ہیں۔ پس غور کریں۔

رُوح کا نفس کے ساتھ ازدواج عقل کے واسطہ سے ہے اور جیسا نفس محلِ ایجاد ہے اور رُوح نہیں آتی مگر نفس سے پس نفس باپ ہے۔ اور یہی نفس نفوذِ خط کے لئے کتابِ مرقوم ہے۔

جو اُمّ میں قلم نے لکھا وہ بیٹے میں ظاہر ہُوا۔ اور وہ قرآن ہے جو عالمِ شہادت پر نکلا اور اُمّ بھی محلِ اسرار کی شکل وجود سے عبارت ہے یہی منشورِ وَرَق ہے جس میں کتابِ مسطور امانت رکھی گئی اور اس میں یہ اسرارِ الٰہیہ ودیعت کئے گئے۔ یہاں کتاب فاتحہ سے اعلیٰ ہے کیونکہ فاتحہ کتاب کی دلیل ہے اور کتاب اُس کی مدلول ہے اور دلیل کا شرف اُس چیز کے مطابق ہوتا ہے جس پر وہ دلالت کرتی ہے۔

کیا آپ نے دیکھا کہ کتابِ معلوم کی کُنجی اُس کی ضد نہیں۔ کیونکہ اگر اسے

ضد فرض کر لیا جائے تو دلیل کی حقارت مدلول کی حقارت ہوگی۔ اس لئے حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم نے اشارہ فرمایا کہ دشمن کے مُلک کی طرف قرآن مجید کو لے کر سفر نہ کیا جائے۔ کیونکہ قرآن مجید کے الفاظ اللہ تعالیٰ کے کلام پر دلالت کرتے ہیں۔ اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے اس کا نام کلام اللہ رکھا ہے۔ اس میں جو حروف ہیں ان کی مثال کلمات کی مثال ہے جب کہ اس کے ساتھ کلام اللہ پر دلالت مقصود نہیں ہوتی کہ دشمن کی سرزمین کی طرف کلام اللہ کے ساتھ سفر کیا جائے اور اس کے ساتھ مقامات نجاسات اور اس جیسی جگہوں پر داخل ہوا جائے۔

سبع مثانی اور قرآنِ عظیم

کُھلتا ہے کہ یہ سبع مثانی اور قرآنِ عظیم ہیں۔ ایک کے وجود میں صفات کا ظہور ہے اور ایک میں منفرد حضرت ہے اور ایک حضرت جمع ہے تو بسم اللہ سے اَلدِین تک افراد ہیں اور ایسے ہی اِھدِنَا سے ضَالین تک افراد ہیں اور اللہ تعالیٰ کا فرمان اِیّاکَ نعبُدُ وَاِیّاکَ نستعین اللہ تبارک وتعالیٰ کے اس فرمان پر مشتمل ہے۔

قسمت الصلوٰۃ بینی وبین عبدی نصفین و نصفھا
لعبدی ولعبدی ماسأل ط الحدیث

یعنی۔ "مَیں نے اپنے اور اپنے بندے کے درمیان نماز کو نصف نصف تقسیم کیا ہے۔ نصف حصّہ میرا ہے اور نصف حصّہ میرے بندے کا جس کا وہ سوال کرتا ہے۔"

پس تیرا کام سوال کرنا ہے اور اس کا عطا کرنا جیسا کہ اس کے لئے اَمر و نہی کے ساتھ سوال کرنا ہے اور تیرے لئے اس کی پیروی کرنا۔

بندہ کہتا ہے اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْن۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ بندے نے میری حمد بیان کی۔

بندہ کہتا ہے۔ اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ میرے بندے نے میری ثنا بیان کی۔

بندہ کہتا ہے۔ مالکِ یوم الدین۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ میرے بندے نے میری بزرگی بیان کی۔

ایک مرتبہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ میرے بندے نے میرے سپرد کر دیا ہے۔

یہ افرادِ الٰہی ہیں۔

ایک روایت میں ہے کہ بندہ کہتا ہے۔ بسم اللہ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ میرے بندے نے میرا ذکر کیا ہے۔

پھر فرمایا! بندہ کہتا ہے۔ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ یہ میرے اور میرے بندے کے درمیان ہے جو کچھ میرا بندہ سوال کرے گا میں اُسے عطا کروں گا اور ایاکَ دونوں مقامات پر افرادِ الٰہی کے ساتھ ملحق ہے۔

بندہ کہتا ہے۔ اِھدنا الصراط المستقیم صراط الذین انعمت علیھم غیر المغضوب علیھم وَلاَ الضالین۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے تو یہ میرے بندے کے لئے ہے۔ اور یہ میرے بندے کے وہ افراد ہیں جن کی اُسے احتیاج ہے اور میرے محتاج بندے کے لئے ہے کہ اُس نے جس چیز کا سوال کیا اللہ تعالیٰ سے کیا۔ پس دو حصّوں کے سوا باقی نہ رہا تو ثانی درست ہُوا۔

پس بیہ حق میں وجُود کی اور عبد کلی میں ایجاد کی صُورت ظہور پذیر ہُوئی،

پس اُس نے اِس کے ساتھ اپنا وَصف ظاہر فرمایا اور عماء میں اُس کے سوا کوئی موجود نہیں، پھر جب بندے کو اپنا خلیفہ بنایا تو اِس کے ساتھ اُس کا وَصف بیان فرمایا، لہٰذا آملکِ صُورت کے لیۓ فرشتے اُس کے لیۓ سجدہ میں گر گئے اور قیامت کے دِن تک دونوں قدم کے مقام سے فرق واقع ہو گیا. قرآنِ عظیم اور وجُودِ جمع ہے اور اُس کا وُہ افراد تجھ سے ہے اور تُو اُس کے ساتھ جمع ہے اور اُس کے قول ایاکَ نعبد و ایاکَ نستعین کے سِوا کچھ نہیں. اور اللہ ہی حق فرماتا ہے اور سیدھے راستے پر چلاتا ہے.

مَیں نے الحمد للہ کی تفسیر کی

میری شفاعت میری جماعت پر واقع ہو گئی اور اُنہیں ہلاکت سے نجات مِل گئی. تو اِس کے بعد حضوُر رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم نے حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو میری طرف بھیج کر کلام کرنے کا حکم دیا. چنانچہ چمکتا ہُوا منبر میرے قریب ہُوا تو مَیں نے حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کے اذنِ عالی سے اُس پر چڑھ کر بطورِ خاص لفظ الحمد للہ پر اکتفا کیا اور تائید نازل ہُوئی. حضوُر رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم منبر کے دائیں طرف تشریف فرما تھے اور اِس بندہ نے حمد و ثنا اور بسم اللہ کے بعد الحمد کی حقیقت بیان کی.

" الحمد" یہی عبدِ مقدس و منزّہ ہے اور " للہ" کا اشارا ذات ازلیہ کی طرف ہے اور یہ وجُودِ الہٰیہ سے بندے کے وجود کے علیٰحدہ ہونے کا مقام ہے، پھر وجودِ ازلی سے اُسے اپنے وجُود سے غائب کر دیا اور اُس کے ساتھ اُسے داخل کیا. فرمایا:

للہ؛ تو اُس کے فرمان اللہ پر اُس کے لیۓ لام خافضہ داخل کیا. یہی

تواضع اور ذلت کے باب میں محتاجیٔ عبد کی حقیقت ہے اور یہ حروفِ معانی سے ہے حروفِ تہجی سے نہیں۔ اللہ تبارک وتعالیٰ نے اپنے اسمِ پاک پر لام مقدم فرمایا تاکہ اُس کا شرف ظاہر ہو جائے اور یہ اُس کی ذات کے ساتھ تنزیہہ کی پہچان ہے۔ حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم نے اس تقدیم کی تصدیق کرتے ہوئے فرمایا:

مَنْ عَـرَفَ نَفْسَهٗ فَقَدْ عَرَفَ رَبَّهٗ

یعنی جس نے اپنے نفس کو پہچان لیا۔ بے شک اُس نے اپنے رَبّ کو پہچان لیا۔ اور اس میں رَبّ کی پہچان پر نفس کی پہچان کو مُقدّم فرمایا۔ پھر لام نے اسمِ اللہ میں تحقیقِ اتصال اور تمکینِ مقام کے لئے عمل کیا۔ چونکہ یہ مقامِ وَصل میں ہے اس لئے بسا اوقات یہ وہم ہوتا ہے کہ الحمد لام کے علاوہ ہے۔ پس عبد کو لام کی حرکت کی اتباع کے لئے پست یعنی زیر والا بنایا تو الحمد للہ دال کی زیر کے ساتھ پڑھا گیا۔ پس الحمد لام سے بدل گیا اور عینِ واحدہ کی لئے دونوں چیزیں ایک دوسرے سے بدل گئیں۔

اَلحمد اور لام

الحمد لام کا وجود ہے اور لام الحمد ہے۔ اب جب کہ دونوں ایک ہی چیز ہیں تو الحمد مقامِ وَصل میں اللہ کے ساتھ ہو گئی کیونکہ وہ لام کی عین ہے تو اس کے لئے وہی ہیں جیسا کہ لفظاً اور معناً لام ہے، پھر اُس میں زیر کی حقیقت عبودیت کا اثبات ہے۔ پھر اُسے ہماری زندگی سے اُس کی ذات سے فنا کر دیا اور یہ فنا اُسے اوّلیت میں مقامِ اعلیٰ پر بلند کرنے کے لئے ہے تاکہ اُس کی حقیقت کو آخرت میں بقا حاصل ہو۔

پس الحمد للہ رفع لام کے ساتھ کہتا ہے کہ دَال کی حرکت کی اتباع کی جائے

اور یہ وہ امر ہے جس سے تائید ہوتی ہے کہ الحمد ہی لام ہے جیسے چادر اور کپڑے سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ کیونکہ وہ محلِ صفات اور افتراق جمع ہے۔ پس بندوں کی معرفت کی غایت یہ ہے کہ اُس کی طرف پہنچ جائیں اور واصل ہوں اور حق اِن تمام کے پیچھے بایں ہمہ جب اُسے فنا کے ساتھ رفع کیا اُس سے ابتدا کی اور چاہا کہ وہ اپنی فنا کے باوجود معرفت حاصل کرے کیونکہ وہ اپنے مقام پر ہمیشہ ہے تو اُسے عامل مقرر کیا اور حق کے حق میں اُسے عارضی طور پر رفع کیا اور عبودیت کی پستی کے مقام میں ہاء مکسورہ کو لام کے وجود پر دلالت کرنے کے لئے باقی رکھا۔ اسی بنا پر وسطی لام کو لفظ کے ساتھ مشدد کیا یعنی ذاتِ حق ذاتِ عبد نہیں اور یہ تجلّی صورت کے لئے حقیقتِ مثل ہے۔ پھر ہاء لام پر لوٹتی ہے کیونکہ یہ اُس کی معمول ہے۔ تو اگر ہاء ذاتِ حق سے کنایہ ہوتی تو اِس میں لام کا عمل نہ ہوتا بلکہ وہ ہر چیز میں عامل ہے۔

جب یہ لام نفسِ الحمد ہے اور ہاء لام کی معمول ہے تو ہاء یہ لام اور لام الحمد ہے۔ پس ہاء بغیر زیادہ کے الحمد ہے۔

ہم نے پیش ازیں کہا ہے کہ لام مشدّدہ فصل کے مقام پر جمع متحد کی نفی کے لئے ہے۔ پس اِس مضمونِ کلام سے یہ بات نکلی کہ الحمد اُس کا فرمان للہ ہے اور للہ اُس کا فرمان الحمد ہے۔

عبد کی غایت اپنی ذات کی حمد ہے جو کہ آئینہ میں دیکھتا ہے کیونکہ محدث قدیم کا متحمل نہیں ہو سکتا۔ چنانچہ مثل صورت پر پیدا کی اور موحد کو آئینہ بنایا تو ذات کے آئینہ میں صورتِ مثل کی تجلّی دیکھی۔

اُس کی رحمت اُس کے غضب پر سبقت لے گئی

جب میں نے

ذات کو دیکھا تو اُس کے لئے کہا تو مجھے چھینک آئی تو مَیں نے اپنے نفسِ احمدی کو پہچان لیا۔ مَیں نے خود کو دیکھا تو اپنی حمد بیان کی اور کہا۔ الحمدللہ، اللہ تعالےٰ نے اُسے فرمایا۔ اے آدم تیرا رَبّ تجھ پر رحم فرمائے۔ مَیں نے تجھے اسی لئے پیدا کیا ہے اور اُس کی رحمت اُس کے غضب پر سبقت لے گئی۔ اسی لئے اپنے اِس قول کے بعد فرمایا؛ الحمد للّٰہ ربّ العالمین الرّحمٰن الرّحیم۔

یہاں رحمت کو مقدّم رکھا پھر فرمایا؛ غیر المغضوب علیہم،

افتتاحِ وجودِ اوّل میں غضب کو مؤخر کیا اور رحمت غضب پر سبقت لے گئی۔ چنانچہ حضرت آدم علیہ السلام کے شجر کا پھل کھانے پر عقوبت سے قبل رحمت نے سبقت کی۔ بعد ازاں اُن پر رحم ہُوا تو دو رحمتیں ہوگئیں۔ دونوں رحمتوں کے درمیان غضب ہے۔ پس دونوں رحمتوں نے اپنے امتزاج کو طلب کیا۔ کیونکہ دونوں ایک دُوسری کی مِثل ہیں۔ پس ایک دوسری میں ضم ہوگئیں اور دونوں کے درمیان سے غضب معدوم ہوگیا۔ جیسا کہ بعض نے کہا ہے۔ دو آسانیوں کے درمیان ایک مشکل ہے۔

اذا ضاق علیک الامر　　فکر فی اَلم نشرح

فعسر بین یسرین　　اذا ذکرته فافرح

جب تجھ پر کسی امر میں تنگی آئے تو سُورہ اَلم نشرح پر غور کر۔

پس دو آسانیوں کے درمیان ایک مُشکل ہے۔ جب تُو اُسے یاد کرے گا۔ تجھے خوشی حاصل ہوگی۔

پس رحمت موجُودِ اوّل سے عبارت ہے جس کی تعبیر مطلوب کے ساتھ کی گئی ہے۔

مغضوب علیہم نفس امارہ ہے۔

ضالین ؛ عالمِ ترکیب ہے۔

نفس ہمارا ہمیشہ مغضوب رہے گا۔ جب کہ باری تعالیٰ اِس سے منزّہ ہے کہ اُس کی تنزیہہ بیان کی جائے۔ کیونکہ اُس کے سِوا نہ کوئی دُوسرا ہے اور نہ اُس کے سوا کوئی موجُود ہے۔

حضُور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم نے اس کی طرف اشارہ کرتے ہُوئے فرمایا ؛ مومن اپنے بھائی کا آئینہ ہے۔ صُورت کا وجود اپنے کمال پر ہے کیونکہ یہی محلِ معرفت ہے اور یہی وَاصل کرتی ہے' اگر اسے دُوسری صُورت پر پیدا کیا جاتا تو وہ جمادات سے ہوتا۔ پس حمد ہے اُس ذات کے لئے جس نے اُس کے ساتھ واقفیت رکھنے والے عارفوں پر ازلی اَبدی مُواد کے ساتھ عنایت کی۔

لام کا مقام

تنبیہہ :۔ لام رسم کو فنا کرتا ہے جب کہ بار اُسے باقی رکھتی ہے۔ اِس لئے ابوعباس بن عریف نے کہا۔

عالم میرے لئے ہیں اور عارف میرے ساتھ ہیں۔

پس لام کے اعلیٰ مقام کا اثبات ہوتا ہے کیونکہ وہ اپنے کلام میں کہتا ہے اور عارفین اپنی ہمتوں کے ساتھ ہیں۔ پھر لام کے حق میں کہا کہ حق ان سب کے پیچھے ہے' پھر اِس پر مزید تنبیہہ کی اور اِس ایک اَمر پر قناعت نہیں کی۔ چنانچہ فرمایا۔ ہمتیں موصول کے لئے ہیں اور ہمّت بائیین عارفوں کے لئے ہے اور علماء کے حق میں لامیین کہا۔ اور بے شک رسم کے مضمحل ہونے کے وقت حق کا ظہور ہوتا ہے اور لام کا یہ وہ مقام ہے جو رسم کی فناء کا ہے۔

الحمدللہ الحمد باللہ سے اعلیٰ ہے۔ کیونکہ الحمد باللہ میں تیری بقاء اور الحمدللہ میں تیری فنا ہے۔ جب عالم نے الحمدللہ کہا یعنی سوائے اُس کے اللہ کے لئے کوئی حمد کرنے والا نہیں، تو مناسب ہے کہ پھر اُس کے سوا کوئی محمود نہ ہو۔

اور عوام نے الحمدللہ کہا۔ یعنی اللہ کے سوا کوئی محمود نہیں اور وہی حمد کرنے والا ہے۔ پس لفظ کی صورت میں دونوں کا اشتراک ہے۔

پس علماء نے حمد کرنے والوں، مخلوقوں اور محمودوں کو فنا کیا اور عوام نے بطورِ خاص محمودوں کو خلق سے فنا کر دیا۔ مگر عارفین اس پر متمکن نہیں ہو سکتے کہ عوام کی طرح الحمدللہ کہیں۔ بے شک ان کے نزدیک اُن کے نفوس کی بقاء کے لئے اُن کا مقام الحمد باللہ ہے۔ پس یہ فصل متحقق ہوئی اور بے شک یہ معرفت کا گودا اور مغز ہے۔

رَبّ العالمین اور الرّحمٰن الرّحیم کی تشریح

اللہ تعالیٰ کے فرمان ربّ العالمین الرّحمٰن الرّحیم کے بارے میں۔

اُس کے فرمان ربُّ العالمین کے ساتھ ہمارے اور ہمارے دلوں میں حضرتِ ربوبیت کا اثبات ہوا۔ یہ عارف کا اور نفس کے قدم کے راسخ ہونے کا مقام ہے اور یہ صفت کے مقام پر ہے کیونکہ ہمارا قول لِلّٰہ شہیدِ ذاتیہ اور مرتبۂ عالیہ ہے پھر اُس کی اتباع اُس کے ارشاد ربُّ العالمین کے ساتھ ہے۔ یعنی اللہ کے بعد ربُّ العالمین آیا ہے کہ وہ عالموں کی پرورش کرتا ہے اور اُنہیں غذا فراہم کرتا ہے، عالمین ہر ماسوا اللہ سے عبارت ہے۔ تربیت یعنی پرورش دو قسموں میں تقسیم ہوتی ہے۔ ایک بالواسطہ اور ایک بلاواسطہ ہے۔

کلمہ رُوحِ کُلّی

پس کلمے کے حق میں ہرگز واسطے کا تصوّر نہیں اور جو اس کے علاوہ ہے لازماً واسطے سے ہے۔ پھر تربیت کی دو قسموں پر تقسیم ہے وہ جو بالواسطہ خاص ہے اُن سے ایک قسم محمود ہے اور دوسری مذموم ہے۔ اور قدیم تعالیٰ سے نفس کی طرف ہے۔ اور نفس حد میں داخل ہے۔ وہاں محمود خاص کے علاوہ نہیں۔

رہا مذموم اور محمُود تو نفس عالم حس کی طرف ہے اور نفس تبدیلی اور پاکیزگی وجود کے لئے محل قابل ہے۔

پس کہا! اللہ تبارک و تعالیٰ نے کلمہ کو پیدا کیا جو کُلّی رُوح سے تعبیر ہوتا ہے جو کہ ایجاد و ابداع ہے۔ اِسے محل سلب اور مقام جہل میں پیدا کیا گیا۔ یعنی اُسے آپ ذات کی روئیت سے اندھا کر دیا تو باقی نہیں جانتا کہ کہاں سے صادر ہُوا اور کیسے صادر ہُوا۔ اِس میں اُس کی غذا بھی تھی جو اُس کی حیات اور بقا کا سبب تھی اور اُسے اس کا علم نہیں۔ اللہ تبارک و تعالیٰ نے اُس کی ہمّت کو مُتحرّک کیا کہ وہ اُس چیز کو طلب کرے جو اُس کے پاس ہے اور وہ نہیں کہ یہ چیز اُس کے پاس ہے۔ پس اُس کی ہمّت روانگی پکڑ لی ہے تو اللہ تبارک و تعالیٰ اُسے اُس کی ذات کا مشاہدہ کرا دیتا ہے۔ چنانچہ وہ ساکن ہو جاتا ہے اور اُسے علم ہو جاتا ہے کہ وہ جس چیز کو طلب کرتا ہے اُس سے وہ ہمیشہ سے متّصف ہے۔ ابراہیم بن مسعُود البیری نے کہا۔

قد یرحل المرء لمطلوبہ
والسبب المطلوب فی الراحل

چلنے والا کبھی اپنے مطلوب کے لئے روانہ ہوتا ہے اور مطلوب کا سبب

خود چلنے والے میں ہوتا ہے اور وہ اُس میں ودلیعت کیے گئے اسرار اور حکمتوں کو جان لیتا ہے۔ اُس کے نزدیک اپنا حادث ہونا متحقق ہو جاتا ہے اور وہ اپنی ذات کی معرفت پر احاطہ کر لیتا ہے۔ پس یہ معرفت اُس کے لئے مددگار غذا بن جاتی ہے جس سے وہ بے انتہا تقویت اور ابدی زندگی حاصل کر لیتا ہے۔

رُوح سے خُدا کا انتخاب

اِس تجلّیٔ اقدس کے وقت اُسے فرمانِ الٰہی ہوتا ہے۔ تیرے نزدیک میرا کیا اسم ہے۔ وہ کہتا ہے تُو میرا رَبّ ہے پس اُسے سِوائے حضرتِ ربوبیّت کے اور کوئی معرفت حاصل نہیں ہوتی اور وہ قدیم الوہیّت کے ساتھ انفرادیت حاصل کر لیتا ہے کیونکہ اُسے کوئی نہیں جانتا مگر وہ خود ہی اپنے آپ کو جانتا ہے۔

اُسے اللہ سُبحانہٗ فرماتا ہے۔ تُو میرا مربُوب ہے اور مَیں تیرا رَبّ ہُوں۔ مَیں تجھے اپنے اسماء و صفات عطا کرتا ہُوں تو جو تجھے دیکھے گا اُس نے مجھے دیکھا اور جو تیری اطاعت کرے گا اُس نے میری اطاعت کی۔ جس نے تجھے جانا اُس نے مجھے جانا اور جو تجھے نہیں جان سکے گا وہ مجھے نہیں جانتا۔ تیرے علاوہ لوگوں کی انتہا یہ ہے۔ کہ وہ تجھ سے اپنے نفوس کی معرفت تک پہنچیں اور اُن کی معرفت کی انتہا یہ ہے کہ وہ تیرے وجود کو جان لیں نہ کہ تیری کیفیت کو۔ ایسے ہی تُو میرے ساتھ ہے اور تُو اپنے نفس کی معرفت سے آگے نہیں بڑھے گا اور نہ اپنے سوا کسی کو دیکھے گا اور نہ تجھے میرے ساتھ علم حاصل ہو گا۔ مگر وجُود کی حیثیت سے اگر تو علم کے ساتھ میرا احاطہ کرتا تو مَیں تُو ہوتا اور مَیں تیرا محاط ہوتا اور میری اَنا تیری اَنا ہوتی جب کہ اَنا میری اَنا نہیں ہوتی۔

مَیں اسرارِ الٰہیہ کے ساتھ تیرا مددگار اور مُربّی ہُوں اور تُو اِن رازوں کو

خود میں پائے گا تو اُنہیں پہچان لے گا اور میں نے اس معرفت کی کیفیت امدادیہ کو تیرے لئے پردوں میں کر دیا ہے کیونکہ تجھے اُن کے مشاہدے کے متحمل ہونے کی طاقت نہیں کیونکہ اگر تُو اُسے پہچان لیتا تو انانیت کا اتحاد ہو جاتا جب کہ اتحادِ انانیت محال ہے پس تیرا مشاہدہ وہی محال ہے۔ کیا مرکب کی انیت بسیط کی انیت لوٹ سکتی ہے؟ پس حقائق کے پھرنے کا کوئی راستہ نہیں۔

جاننا چاہیئے تیرے سوا جو کچھ ہے تیری تبعیت کے حکم میں ہے اور تُو میری تبعیت کے حکم میں ہے۔ تُو میرا کپڑا میری رِدا اور میرا پردہ ہے۔

رُوح نے اُسے کہا! اے میرے رَبّ میں نے تیری بات سُن لی۔ تُو نے کہا کہ میرا ایک مُلک ہے۔ مگر میرا مُلک کہاں ہے؟ پس اُس کے لئے اُس کے نفس کو نکالا۔ یہی بعثت سے مقبول ہے۔

رُوح نے کہا! یہ تو میرا بعض حصّہ ہے اور میں اس کا کُل ہوں جیسا کہ میں تجھ سے ہوں تُو مجھ سے نہیں۔

فرمایا! اے میری رُوح تُو نے سچ کہا۔

رُوح نے کہا! اے میرے رَبّ میں نے تیرے ہی ساتھ کلام کیا۔ تُو نے ہی میری تربیّت کی ہے اور تُو نے ہی مجھ سے امداد اور تربیّت کا راز چھپا رکھا ہے اور تجھے اس کے ساتھ انفرادیت حاصل ہے۔

اس مُلک سے میری امداد کو پوشیدہ کر دے یہاں تک کہ یہ مجھے بھول جائے۔ جیسا کہ میں تجھے بھولا ہُوا ہوں۔

نفس کی پیدائش

پس نفس میں قبول و افتقار کی صفت تخلیق کی گئی اور عقل کو رُوحِ مقدّس

کی طرف بوجھ ٹھہرایا گیا۔ پھر رُوح کو اطلاع دی گئی تو فرمایا! میں کون ہوں؟

رُوح نے کہا! تو میرا رَبّ ہے۔ تیرے ساتھ میری زندگی ہے اور تیرے ساتھ میری بقاء ہے۔

پس رُوح اُس مُلک کے ساتھ فریفتہ ہو گئی اور اُس میں اپنے رَبّ کے مقام پر قائم ہو گیا یعنی اُسے اپنے رَبّ کی نیابت حاصل ہو گئی اور اسے اُس نے نفس کی امداد تصوّر کر لیا۔

پس حق نے ارادہ فرمایا کہ اُسے اِس امر کی اطلاع ہو جائے کہ تیرا تخیل اور تصوّر اصل صورتِ حال کے خلاف ہے۔ کیونکہ اگر اُسے اُس کے سوال کے مطابق امداد کا بھید بتا دیا جاتا تو اس سے اس چیز کے ساتھ الوہیت کی انفرادیت نہ رہتی اور نہ ہی انیت کا اتحاد باقی رہتا۔

پس جب اللہ تبارک و تعالیٰ نے یہ ارادہ فرمایا تو اُس کے یعنی رُوح کے مقابلہ میں شہوت کو پیدا فرمایا اور ہوس کے لئے اُس کا بوجھ ڈالا اور بالعموم جمیع واردات کے لئے نفس میں صورتِ قبول پیدا کر دی۔ پس نفس کو دو طاقتور رُتبوں کا درمیان حاصل ہو گیا۔ جن دونوں کے دو عظیم وزیر ہیں اور یہ ہمیشہ اُسے ندا کرتا ہے اور وہ اُسے آواز دیتا ہے اور ہر چیز اللہ تعالیٰ کے ہاں ہے۔

اللہ تبارک و تعالیٰ نے فرمایا!

قُلْ كُلٌّ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ

کہہ کر! ہر چیز اللہ تعالیٰ کے پاس ہے۔ اور فرمایا۔

كُلًّا نُّمِدُّ هٰٓؤُلَآءِ وَهٰٓؤُلَآءِ مِنْ عَطَآءِ رَبِّكَ ؕ بنی اسرائیل آیت ۲۰

اُن کو بھی مدد دیتے ہیں اور اُن کو بھی اور آپ کے رَبّ کی بخشش کسی پر بند نہیں،

اس لئے نفس تغیر و تطہیر کا مقام ہے۔ اللہ تبارک و تعالیٰ نے فرمایا؛

فَأَلْهَمَهَا فُجُورَهَا وَتَقْوٰهَا ۝ الشمس آیت ۸

پھر اُس کی بدکاری اور اُس کی پرہیزگاری اُس کے سینے میں ڈال دی اور اللہ تبارک و تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

وَنَفْسٍ وَّمَا سَوّٰهَا ۝ الشمس آیت ۷

جان کی قسم اور اُس ذات کی قسم جس نے اُسے درست کر کے بنایا،

اگر نفس ہوس کی منادی کو قبول کرے تو تغیر ہوگا اور اگر روح کی آواز کو قبول کرے تو ازروئے شرح و توحید تطہیر ہوگی۔

پس جب روح کی منادی کو دیکھا اور جواب دینے والے کو نہ سنا تو کہا۔ میرے ملک کو تجھے جواب دینے سے کس نے روکا۔

اُسے وزیر نے کہا؛ تیرے مقابلہ میں ایک عظیم سلطنت والا بادشاہ ہے جس کی اطاعت کی جاتی ہے موجود ہے اور اُس کا نام ہوا ہے۔ وہ عجلت سے عطا کرتی ہے اور دنیا کے تمام کنارے اُسی کے ہیں۔ پس اُسے اُس کے حضرت نے کھول دیا اور جواب دینے کے بعد پکارا۔ پس روح اللہ تعالیٰ کی طرف شکایت کے ساتھ پلٹ گئی تو اُس کی عبودیت ثابت ہو گئی اور یہ ہی اُس کی مراد تھی۔

اور ارباب و مربوبین ہر ایک اپنے اپنے مقام اور مرتبہ کے مطابق اُتر آتے۔ پس منفصل عالم شہادت کا رب عالم خطاب اور متصل عالم شہادت، کا رب عالم جبروت ہے اور عالم جبروت والوں کا رب عالم ملکوت ہے اور عالم ملکوت والوں کا رب عالم کلمہ ہے اور کلمہ کا رب ایک ہی واحد و صمد ہے۔

اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم ہم نے اپنی کتاب تدبیرات الٰہیہ فی اصلاح مملکت انسانیہ

ہیں اِس فصل میں سیر حاصل گفتگو کی ہے۔ چنانچہ اِس فصل کو یہاں بخوفِ طوالت پورا نہیں کیا۔ ایسے ہی اِسے ہم نے تفسیر القرآن[1] میں بھی بیان کیا ہے۔

پاک ہے وہ ذات جو اپنے بندوں کی تربیت کے ساتھ منفرد ہے اور جو کوئی اُن میں سے پردے میں ہے وہ واسطوں کے ساتھ پردے میں ہے اور اِس فصل سے اُس شخص کو بھی نکال دیا گیا ہے جس کی رُوح اور اُس کے معنیٰ کو یہ معرفت حاصل ہے کہ اُس کا رَبّ اللہ سُبحانہٗ تعالیٰ ہے اور عالمین کُلّی کی مثل ہے۔ اسی لئے اُس نے عالمین میں عرش کو آٹھ حروف پر پیدا فرمایا ہے اور لُطفِ تربیت اور رحمان ورحمتِ رحمانیہ کے ساتھ اُس پر استواء فرمایا۔ تاکہ مؤکدہ رحیمیت کے ساتھ دارالحیوان کا امتیاز ہو جاتے۔

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔ اَلرحمٰنِ الرّحیم۔ رحمان کے ساتھ عام اور رحیم کے ساتھ خاص رحمت ہے۔ رحمان اُس کے عالم میں واسطوں وغیرہ کے ساتھ ہے۔ اور رحیم کے ساتھ خاص رحمت ہے۔ رحمان اُس کے عالم میں واسطوں وغیرہ کے ساتھ ہے اور رحیم وجودِ اختصاص اور شرفِ عنایت کے لئے اُس کے کلمات میں بلاواسطہ ہے۔ پس اس پر غور کریں اور اسے سلامتی کے لئے تسلیم کریں۔

مالکِ یومِ الدّین

وَصل: اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے مالکِ یومِ الدّین اِس سے مُراد یومِ جزاء ہے اور حضرتِ ملک مقامِ تفرقہ سے ہے اور یہی جمع ہے کیونکہ تفرقہ واقع نہیں ہوتا مگر جمع میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔

فِيهَا يُفْرَقُ كُلُّ أَمْرٍ حَكِيمٍ — الدخان آیت ۴

یعنی۔ اِس میں ہر اَمرِ مُحکم کا فرق کیا جاتا ہے۔

---

[1] اللہ تعالیٰ کی توفیق سے بندہ نے شیخ اکبر کی تفسیر القرآن کا بھی اُردو میں ترجمہ کر دیا ہے۔ «مترجم»

تو یہی مقام جمع ہے جسے سلطانِ تفرقہ نے قبول کر لیا ہے اور یہی تفرقہ کا مقام ہے بس جمع کا خطاب امر و نہی کی طرف متفرق ہو گیا اور ناراضگی اور رضامندی ارادہ و اطاعت اور نافرمانی اُس کے عابد کا فعل ہے اور وعدہ و وعید اللہ تعالیٰ کا فعل ہے۔ اُس دن میں وہ بادشاہ ہے جس کے لئے شفاعت متحقق ہے اور وُہی اس کے ساتھ مخصوص ہے جس نے نفسی نفسی نہ کہا ہو اور اُمتی اُمتی کہا ہو۔ ہمارے وجود میں قیامت متجلہ کے لئے جو بادشاہ مطلوب ہے وہ طریقِ تصوف میں ظہور کرتی ہے اور وہ پاکیزہ رُوح ہے اور قیامت کا دن اُس کی ایجاد کی جزاء کا وقت ہے۔ یا اگر اُس کے لئے عقوبت ہوئی تو لازماً اُس سے طلب کی جائے گی۔ پس اگر اطاعت گذار ہے تو اُس کے لئے کھجوروں اور انگوروں کے باغات ہیں اور اگر معصیت کفر ہو گی تو اُس کے لئے جہنم کے طوق اور عذاب ہے۔

مقامِ دعویٰ سے دو صورتیں ہیں۔ اِس آیت میں یہ کلام فرض کرتے ہیں۔ کہ حدِ ملک پر ہے۔ اور اُسے نہیں پہنچا۔ اور کیا نفس جزاء کے دن سے اُس سے فناء کی طرف ترقی کرتا ہے؟

ہم کہتے ہیں کہ بادشاہی اُس کے لئے درست ہے جو ملک کے طریق کے ساتھ ہو اور ملک اُسے سجدہ کرتا ہو اور وہ رُوح ہے۔ جب ہوس نے رُوح کے ساتھ جھگڑا کیا۔ اس پر حملہ آور ہونے کے لئے نفس کے ساتھ مدد طلب کی اور رُوح نے ہوس کو قتل کرنے کا ارادہ کیا اور مستعد ہو گئی۔

جب رُوح توحید کے لشکروں اور ملاء اعلیٰ کے ساتھ میدان میں نکلی اور ایسے ہی ہوس آرزوں غرور و تکبر اور ملاء اسفل کے لشکروں کے ساتھ میدان میں نکلی۔

رُوح نے ہوس کو کہا! مجھ سے مقابلہ کر۔ اگر میں نے تجھ پر فتح حاصل کر لی

تو قوم میری ہوگی اور اگر تو فتح یاب ہو جائے اور مجھے ہزیمت دے دے تو مُلک تیرا ہوگا۔ اور لوگوں کو ہمارے درمیان ہلاک نہیں ہونا چاہیئے۔

چنانچہ رُوح اور ہوس کے درمیان مقابلہ ہُوا اور رُوح نے اُسے عدم کی تلوار سے قتل کر دیا اور نفس کے انکار کرنے اور بہت بڑی جدّ و جہد کرنے کے بعد اُس پر فتح حاصل کی۔ پس نفس اُس کی تلوار کے نیچے اسلام لے آیا اور سلامت رہا اور مسلمان و مطہر اور مقدس ہو گیا اور اُس کے ایمان لانے سے حواس بھی ایمان لے آئے اور تابعدار غلاموں میں داخل ہو گئے۔ اُن سے فاسد دعووں کی ردائیں سلب کر لی گئیں اور اُن کے کلمے کا اتحاد ہو گیا اور رُوح اور نفس ایسے ہو گئے جیسے ایک چیز ہوں۔ اور اُس کے لئے حقیقتاً بادشاہ کا نام درست ہو گیا اور اُس کے لئے کہا گیا۔

مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ

پس اُسے اُس کے مقام کی طرف لوٹایا اور اُسے افتراقِ شرع سے جمعِ توحید کی طرف منتقل کیا۔ دراصل حقیقت میں بادشاہ وُہی حق تعالیٰ ہے۔ جو ہر ایک کا مالک و متصرف اور عام و خاص کی ذات کے لئے شفیع ہے۔ خاص دُنیا کی وجہ سے اور عام آخرت کی وجہ سے۔

اِس لئے کہ اُس کے ارشاد مالکِ یوم الدین سے پہلے الرّحمٰن الرّحیم ہے تاکہ ربّ العالمین کی ربوبیّت سے مجوبین کے دلوں کو اُنس حاصل ہو جائے۔

کیا آپ نے دیکھا کہ وہ قیامت کے دن فرماتے گا۔ ملائکہ اور انبیاؑ کی شفاعت ہو گئی اور مومنوں کی شفاعت ہو گئی اور باقی ارحم الراحمین ہے اور یہ نہیں کہا کہ جبّار باقی ہے اور نہ یہ کہ قہّار باقی ہے تاکہ اُن کے دلوں میں ایجادِ فعل سے پہلے اُنس واقع ہو۔ پس جس نے اِس وجود میں معنے کو جان لیا۔ اُس کے لئے ارحم

کے مقام میں خصوصیت درُست ہو گئی۔ اور جو اِس وجود سے ناواقف رہا۔ حشرِ اکبر میں عوام میں داخل ہو گا پس مقامِ راحمین میں تجلّی واقع ہو گی اور ارحم الرّحمین کی شفاعت کے ساتھ اَفراق جمع، علیحدگی اتحاد اور جُفت طاق کی صُورت لوٹ جائے گا۔ جہنّم کی فصیل ظاہر ہو گی جس کے پیچھے جنّت کا باطن ہے۔ یعنی جہنّم کی دیوار کے پیچھے جنّت ہو گی

جب یہ دیوار اور فصیل واقع ہو کر منہدم ہو جائے گی اور نہروں کا امتزاج ہو جائے گا اور دریا مِل جائیں گے اور برزخ معدُوم ہو جائے گا اور عذاب نعمتیں اور جہنّم جنّت بن جائے گا تو نہ عذاب ہو گا اور نہ سزا سِوائے نعمتوں کے۔ اور ظاہر مشاہدہ کے ساتھ اَمان ہی اَمان ہے۔ اور محلّات اور شاخوں پر پرندوں کا چہچہانا ہو گا۔ اور حُوروں اور لڑکوں کے ساتھ بوس و کنار ہو گا۔ دوزخ کا داروغہ مالک مِٹ جائے گا اور جنّت کا دربان رضوان باقی رہے گا۔ جہنّم جنّت کے باغات میں بدل جائے گا اور اُس میں ابلیس کا راز ظاہر ہو جائے گا۔

پس جب وہ اور جو اُسے سجدہ کرتا ہے مساوی ہو جائیں گے تو بے شک اُنہوں نے نہیں تصرّف کیا۔ مگر قضائے سابقہ اور قدرِ لاحقہ سے دونوں کے لئے یہ ضروری تھا اور حضرت مُوسیٰ علیہ السلام نے حضرت آدم علیہ السلام پر یہ حجّت قائم کی تھی۔

اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْن

وَصل: اللہ تعالیٰ جلّ ثناءُہٗ وتقدّس کا فرمان ہے۔

اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْن۔

جب اِس کا وجود اَلْحَمْدُ لِلّٰہ کے ساتھ اور اِس کی غذا رَبُّ الْعَالَمِیْن کے ساتھ اور اُس کی پسندیدگی اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم کے ساتھ اور اُس کی بزرگی مَالِکِ یَوْمِ الدِّیْن

اِھدِنا الصّراط المستقیم صراط الذین انعمت علیھم غیر المغضوب علیھم ولا الضّالین۔

جب اُس کے لئے ایّاکَ نعبدُ و ایّاکَ نستعین کہا۔ تو اُسے فرمایا!

میری عبادت کیا ہے ؟

بندے نے کہا۔ جمع و تفرلق میں ثبوُتِ توحید۔

جب نفس کے نزدیک یہ مقرّر ہے کہ نجات توحید میں ہے جو کہ سیدھا راستہ ہے اور وہ نفس کی فنا۔ یا بقاء کے ساتھ مشاہدۂ ذات ہے۔ اگر غفلت ہو گئی تو کہا! اِھدنا الصراط المستقیم۔ تو اُس کے لئے بقول اُس کے مستقیم سے دو راستے نکلے۔ ایک ٹیڑھا جو دعوے کا راستہ ہے اور ایک سیدھا جو توحید کا راستہ ہے اور دونوں راستوں کے درمیان اُس کے لئے امتیاز نہ تھا۔ مگر اِن دونوں راستوں پر چلنے والوں کے مطابق اپنے رَبّ کو سیدھے راستے پر چلنے والا دیکھا اور اُسے پہچان لیا اور اپنی ذات کو دیکھا تو اُسے اپنے رَبّ کے درمیان پایا جو کہ لطافت میں قربت والی رُوح ہے۔

ٹیڑھے راستے کی طرف نظر کی تو عالمِ ترکیب کے پاس دیکھا تو اُس نے کہا۔ صراط الذین انعمت علیھم، اور یہ اُس کے متّصِل عالم ہے جس کے ساتھ مغضوب علیہ مرکّب ہے۔

اور ضالین اُس سے منفصل ہے، اُن کی نظر کے ساتھ اِس سے مغضوبُ علیہ کی طرف متّصِل ہے بس وہ دونوں راستوں کے سَر پر ٹھہر گیا اور دیکھا۔ ٹیڑھے راستے کی انتہا ہلاکت اور سیدھے راستے کی غایت نجات ہے اور جان لیا کہ جاننے والا اُسی راستے پر چلے گا جسے وہ جانتا ہے۔ جب مُستقیم پر چلنے کا ارادہ کیا تو اپنے رَبّ کے حضرت میں اعتکاف کیا اور یہ اُس کے لئے اُس کی ذات سے ہے۔ بقول اُس کے ایّاکَ نعبدُ میں اپنی عاجزی اور قصُور

کے ساتھ ثابت ہو گئی تو شکر و ثنا، کی تاکید مقرّر اور اس میں مزید رغبت کے لئے فرمایا۔ اِیَّاکَ نَعۡبُدُ وَاِیَّاکَ نَسۡتَعِین۔ یعنی ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھی سے مدد چاہتے ہیں۔ یہ مقامِ شکر ہے۔ یعنی ہم تیرے لئے عبودیت کے ساتھ تقرّب اور پناہ چاہتے ہیں، نہ کہ تیرے سوا جو اُن پر مجھ سے ہے اور جو اُن پر میری منزلت سے اپنی طرف آتارا۔ پس میں تیرے ساتھ اُن کی مدد چاہتا ہوں نہ کہ اپنی ذات کے ساتھ، پس تُو مدد فرمانے والا ہے میں نہیں۔

اللہ تعالیٰ کے لئے اِس آیت کے ساتھ شریک کی نفی ثابت ہوتی ہے پس اِیَّاکَ کی "یا" سے عبدِ کلّی مُراد ہے۔ دو الفوں کے مابین میرا الفِ توحید حصر کرتا ہے۔ یہاں تک کہ غیر کی رویت کے ساتھ اُس کے لئے دعوے کا مقام ہو۔ پس توحید نے اُس کا احاطہ کر رکھا ہے اور کاف ضمیرِ حق ہے۔ پس کاف اور دونوں الف ایک چیز ہیں تو وہ ذات کا مدلول ہیں۔

پھر اُس ضمیر کے ساتھ نعبدُ "یا" کے فعل صِفت ہے جو اِس میں ہے اور عبدِ حق کا فعل ہے تو وجود میں سوائے حضرتِ الٰہیہ خاص کے کچھ باقی نہ رہا۔ کیونکہ اِیَّاکَ نَعۡبُدُ کے قول میں ابداعِ اوّل کے لئے۔ اُس کی ذات کے حق میں ہے جب کہ اُس کے سوا کوئی تصوّر نہ ہو۔

اِیَّاکَ نَسۡتَعِین مخلوق کے لئے اُس کے غیر کے حق میں اُس سے مُشتق ہے اور وہ سِترِ خلافت کا مقام ہے۔ پس اِیَّاکَ نَسۡتَعِین میں ملائکہ نے سجدہ کیا اور جو متکبّر تھا اُس نے انکار کیا۔

اِھۡدِنَا الصِّرَاطَ الۡمُسۡتَقِیۡم

وصل :- اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔

کو ظاہر کرتا ہے اور اس کے ساتھ استعانت طلب کرتا ہے۔ بقول اُس کے وَاِیَّاکَ نَستَعِین۔ پس اُس کا رب اُسے اِھدِنَا پر آگاہی بخشتا ہے۔ پس وہ کہتا ہے اِھدِنَا یعنی ہمیں ہدایت دے۔ پس جو اُس نے دیکھا اُس کے ساتھ وصف بیان کرتا ہے۔ بقول اُس کے صراط المستقیم جو کہ تیری ذات کی معرفت ہے۔ یعنی اُس راستے پر چلا جس سے تیری ذات کی معرفت حاصل ہوتی ہے۔

صاحبِ المواقف نے کہا۔ علم کی تاثیر نہیں اور کہا! جب تو اُس میں ہلاک ہو جائے۔ صراط الذین انعمت علیہم اور شاذ کی ایک قرأت میں صراطَ مَن اَنعَم علیہ وارد ہوا ہے۔ جس میں رُوحِ پاکیزہ کی طرف اشارہ ہے۔ اور تفسیرِ کل جس پر رسُولوں اور نبیوں سے اللہ تعالیٰ نے انعام فرمایا اور غیر المغضوب علیہم نہیں۔ ایسے ہی وَلَا الضّالین ہے۔ یعنی اُن لوگوں کے راستے پر نہ چلا جن پر تیرا غضب ہُوا اور جو گمراہ ہُوئے۔

اللہ تبارک وتعالیٰ نے ارشاد فرمایا۔

یہ میرے بندے کے لئے ہے اور میرا بندہ مجھ سے جو مانگے گا میں اُسے عطا کروں گا۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ اُسے عطا فرماتا ہے اور اُس کے ٹیڑھے پن کو سیدھا کرتا ہے اور اُس کے راستے کو ظاہر فرماتا ہے اور اُس کے بساط کو بلند فرماتا ہے۔ اُس کا رَبّ اُس کی تمام دُعا کے اثر میں آمین کہتا ہے پس ملائکہ کی آمین کے ساتھ قبولیت حاصل ہو جاتی ہے اور رُوح کی آمین اُس کی اِتباع کرتی ہے جس طرح لشکر اتباع کرتے ہیں بلکہ اُس کے ارادہ کے متّحد ہونے کے لئے زیادہ اطاعت کرتی ہے پس اُس کے لئے نطق درست ہوتا ہے اور اُس کا نام نفسِ ناطقہ ہو جاتا ہے۔

اور یہی اِستواء کی صُورت میں رُوح اور عقل کا عرش ہے پس غور کریں

اگر سمجھ میں نہ آئے تو تسلیم کریں اس میں سلامتی ہے اور اللہ حق کہتا ہے اور سیدھے راستے کی ہدایت دیتا ہے۔

فصول تانیس اور قوائد تاسیس

وصال کی آنکھ سے جمال کو دیکھنا۔ اللہ تبارک و تعالیٰ نے فرمایا!

إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا سَوَاءٌ عَلَيْهِمْ أَأَنذَرْتَهُمْ أَمْ لَمْ تُنذِرْهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ
خَتَمَ اللَّهُ عَلَىٰ قُلُوبِهِمْ وَعَلَىٰ سَمْعِهِمْ ۖ وَعَلَىٰ أَبْصَارِهِمْ غِشَاوَةٌ ۖ
وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيمٌ

ترجمہ:۔ وہ لوگ جو کافر ہوئے اُن پر برابر ہے۔ آپ اُنہیں ڈرائیں یا نہ ڈرائیں وہ ایمان نہیں لائیں گے۔ اللہ تعالیٰ نے اُن کے دِلوں پر اور اُن کے کانوں پر مُہر کر دی اور اُن کی آنکھوں پر پردے ہیں اور اُن کے لئے بہت بڑا عذاب ہے۔

اس میں مختصراً یہ بیان ہے۔ یا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، جو لوگ کافر ہوئے اُن کی محبت ان سے پوشیدہ ہے۔ پس ان پر برابر ہے کہ آپ اُنہیں اُس وعید کے ساتھ ڈرائیں جس کے ساتھ آپ کو بھیجا گیا ہے یا نہ ڈرائیں وہ آپ کے کلام کے ساتھ ایمان نہیں لائیں گے۔ کیونکہ وہ میرے بغیر شعور نہیں کر سکتے۔ اور آپ اُنہیں میری خلق کے ساتھ ڈرائیں گے اور وہ اس کی عقل نہیں رکھتے۔ اور نہ انہوں نے اس کا مشاہدہ کیا ہے تو وہ آپ کے ساتھ کیسے ایمان لائیں گے اور اُن کے دِلوں پر اُن کی سماعت پر مُہر لگ چکی ہے تو اس میں میرے سوا کوئی گنجائش نہیں۔

پس وہ عالم میں میرے سوا کوئی کلام نہیں سنتے اور اُن کی آنکھوں پر میرے مشاہدہ کے وقت پردے ہیں۔ اس لئے وہ میرے سوا نہیں دیکھتے۔

اور اُن کے لئے میرے نزدیک بہت بڑا عذاب ہے۔

اِس منوّر شہد کے بعد اُنہیں آپ کے انذار کی طرف لوٹاتا ہوں اور اُنہیں خود سے محجوب کرتا ہوں جیساکہ قَابَ قَوسَینِ اَو اَدنیٰ کے قُرب کے بعد آپ کے ساتھ کیا۔ اور آپ کو اُن لوگوں کی طرف اُتارا جو آپ کی تکذیب کرتے ہیں اور اُس چیز کی تردید کرتے ہیں جو آپ میری طرف سے لے کر اُن کی طرف آئے۔ اور آپ مجھ سے وہ باتیں سُنتے ہیں جن سے آپ کا سینہ تنگ ہوتا ہے تو وہ شرحِ صدر کہاں ہے جس کا آپ نے معراج میں مشاہدہ کیا تھا۔ پس ایسے ہی میری مخلوق پر وہ لوگ میرے اَمین ہیں جنہیں مَیں نے اپنی رَضا سے چھُپا رکھا ہے تو مَیں اُن پر کبھی ناراض نہیں ہوں گا۔

تفصیل اِس اجمال کی

ہم نے اِس باب میں جس اَمر کا اختصار پیش کیا ہے اُس کی تفصیل!

دیکھیں کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے کیسے اپنے دُشمنوں کی صِفت میں اپنے دوستوں کو پوشیدہ کیا۔ اور یہ اِس طرح ہے کہ جب اُس نے اپنے اسمِ لطیف سے اہلِ امانت کو پیدا فرمایا اور اُن کے لئے اسمِ جمیل میں تجلّی فرمائی تو اللہ تعالیٰ نے اُس سے محبّت کی اور دو مختلف وجہوں کے ساتھ محبُوب اور محبّ میں غیرت صفاتِ محبّت سے ہے۔

پس اُنہوں نے اُس کی محبّت غیرت کی وجہ سے پوشیدہ رکھّی جیساکہ شبلی اور اُن کی مثل دوسرے لوگ۔

اور اِس غیرت کے ساتھ اُنہیں جاننے والوں سے پوشیدہ کیا۔

پس اللہ تعالیٰ نے فرمایا! اِنَّ الَّذِینَ کَفَرُوا یعنی سَتَرُوا گویا کہ اُن سے

غیرت کی وجہ سے اُن امور کو پوشیدہ رکھا جو اُن پر اسرارِ وصال سے ظاہر ہوتے
پس فرمایا! تم میری صفات کے ساتھ میری ذات سے لازماً پردہ میں رہو گے
تو وہ اِس کے لئے تیار ہونے لگے۔ پس وہ مستعد نہیں ہوں گے تو میں نے
اُنہیں اپنے انبیاء و رسل کی زبان پر اِس عالم میں انذار کیا تو وہ نہ
جان سکے۔ کیونکہ وہ عینِ جمع میں تھے اور اُنہیں عینِ تفرقہ سے خطاب کیا گیا
تھا اور وہ عالمِ تفصیل کو نہیں پہچانتے پس وہ تیار نہ ہوئے۔

اِس وقت میں اُن پر حق سے غیرت کا تسلط رہا اور اُن کے دِلوں پر
محبت غالب رہی۔ پس اُس نے اپنے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اُس
سبب کے ساتھ خبر دی جس کے ساتھ اُنہیں آپ کی آواز پر جواب دینے
سے بہرا کر رکھا تھا۔ فرمایا! خَتَمَ اللّٰہُ عَلٰی قُلُوْبِہِم۔ اس کے سِوا کسی کے لئے
گنجائش نہیں۔ وَعَلٰی سَمْعِہِمْ۔ وہ اُس کے سِوا کسی کا کلام نہیں سُنتے اور وہ عالم
میں لوگوں کی زبان پر اُسی کے کلام کرنے کی گواہی دیتے ہیں۔ وَعَلٰی اَبْصَارِہِمْ غِشَاوَۃٌ۔
یعنی اُن کی آنکھوں پر اُس کی روشنی کا پردہ ہے کیونکہ وہ نور ہے اور یہ اُس
کے جلال و ہیبت کی خصوصیت ہے۔

مُراد وہ صفت ہے جو اِن کے لئے اِس سے پہلے متجلّی ہوئی۔ پس میں
اُنہیں ذات کے سمندروں میں غرق کر کے مشاہدۂ ذات کے ساتھ باقی رکھتا ہوں۔
پس اُن کے لئے کہا۔ تمہارے لئے لازماً عذابِ عظیم ہے۔

وہ اپنے نزدیک اتحادِ صفت کے لئے نہیں سمجھتے کہ عذاب کیا ہے۔ پس
اُن کے لئے عالمِ کون و فساد کو پیدا کیا۔ اور اُس وقت اُنہیں جمیع اسماء کا علم
دیا اور اُنہیں عرشِ رحمانی پر اُتارا اور اِس میں اُن کا عذاب ہے۔ اور
بے شک وہ اُس کے نزدیک اُس کے غیوب کے خزانوں میں چھپے ہوئے

تھے۔ جب فرشتوں نے اُنہیں دیکھا تو اُن کے لئے سجدہ ریز ہو گئے۔ اور اُنہیں اسماء سکھلائے۔ مگر حضرت بایزید بسطامی رحمۃ اللہ علیہ کو اِستواء کی استطاعت نہ تھی اور وہ اِس عذاب کی طاقت نہ رکھتے تھے تو اُس وقت بے ہوش ہو گئے۔

اللہ تبارک و تعالیٰ نے فرمایا،

میرے دوست کو میری طرف لوٹا دو۔ کیونکہ یہ میرے بغیر صبر نہیں کر سکتا پس وہ شوق اور مخاطبت کے ساتھ پوشیدہ ہو گئے اور باقی کفار عرش سے کرسی کی طرف اُتر آئے۔ تو اُن کے لئے دو قدم پیدا ہوئے تو وہ دونوں پر اِس نشاۃِ جسمانیہ کی رات کے تیسرے حصّے میں آسمانِ دُنیائے نفسانیہ کی طرف اُترے اور اُنہیں مخاطب کیا۔ جن لوگوں کا بوجھ بھاری تھا اور وہ عروج پر قدرت نہ رکھتے تھے کہ کیا کوئی ہے دعا کرنے والا تاکہ میں اُسے قبول کروں؟

کیا ہے کوئی توبہ کرنے والا کہ اُس کی توبہ قبول کی جائے۔

کیا کوئی ہے مغفرت چاہنے والا کہ اُس کی مغفرت کی جائے۔

یہاں تک کہ فجر طلوع ہو جاتی ہے۔

تو جب صُبح ہوتی ہے تو عقلی نوری رُوح ظاہر ہو جاتی ہے تو وہ وہیں لوٹ جاتے ہیں جہاں سے آتے تھے۔

حضورِ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم نے فرمایا! کہ جو شخص

اللہ تبارک وتعالیٰ سے واصل ہونا چاہتا ہے پس وہ واصل ہو جاتے۔ یہاں تک کہ صبح ہو جاتے۔ تو یہ وقت آسے اُٹھانے کا ہے جو کچھ قبروں میں ہے تو جو بندہ اللہ تبارک وتعالیٰ کی خفیہ تدبیر سے نہیں ڈرتا۔ وہ فریب کھانے والا ہے اس پر غور کریں۔

رُوحوں سے سوال جواب

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّقُوْلُ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَبِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَمَا هُمْ بِمُؤْمِنِيْنَ ۝ يُخٰدِعُوْنَ اللّٰهَ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَمَا يَخْدَعُوْنَ اِلَّآ اَنْفُسَهُمْ وَمَا يَشْعُرُوْنَ ۝ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ فَزَادَهُمُ اللّٰهُ مَرَضًا وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ

اور کچھ لوگ کہتے ہیں کہ ہم اللہ اور پچھلے دن پر ایمان لائے اور وہ ایمان لانے والے نہیں فریب دیا چاہتے ہیں اللہ کو اور ایمان والوں کو اور درحقیقت فریب نہیں دیتے مگر اپنی جانوں کو اور نہیں جانتے اُن کے دلوں میں بیماری ہے تو اللہ نے اُن کی بیماری اور بڑھائی اور اُن کے لئے دردناک عذاب ہے۔

اللہ تبارک و تعالیٰ نے مُبدعات کو پیدا کیا اور ربوبیت میں احدیت کی زبان کے ساتھ تجلی فرمائی تو فرمایا! اَلَسْتُ بِرَبِّکُمْ ۔ کیا میں تمہارا رب نہیں ہوں؟ مخاطب انتہائی صفائی میں تھا۔ تو کہا! ہاں کیوں نہیں۔ یہ تخاطب صَدا کی مانند تھا تو اُنہوں نے اس کے ساتھ جواب دیا اور مُحدث کا وجود خیالِ منصوب تھا اور یہ گواہی رحمت کی تھی۔ کیونکہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے اُنہیں یہ نہیں فرمایا تھا کہ میں اُن پر وحدانیت کو باقی رکھوں گا۔ اِس لئے کہ اللہ تعالیٰ جانتا تھا جو اُن میں حسِ طبعی ہے اور جس کے ساتھ اُن میں اقتدارِ الٰہی کو قبول کرنا ہے اُس کے ساتھ اُن کی شراکت ہے اور اسے بہت کم لوگ جانتے ہیں۔

پس جب علمِ ازلی سے عالم کی صُورتیں غیرت و عزت کے پیچھے عینِ اَبدی کی طرف ظاہر ہُوئیں۔ بعد اُس کے کہ چراغ روشن تھے۔ اور وجود میں تابندگی تھی اور باقی وہ غیوب کی ظُلمت میں تھا۔

لہ البقرہ آیت ۸، ۹

پس مختلف بولی جانے والی زبانوں کے ساتھ صُورتیں متحرک ہُوئیں اور یہ صُورتیں اندھیرے سے اُٹھی تھیں۔ جب اُن کا زمانہ ختم ہُوا تو ظلمت کی طرف لوٹ گئیں۔ اور ایسے ہی ہوتا رہا۔ یہاں تک کہ صُبح ہو گئی۔

ذہین اور فطین شخص نے چاہا کہ اُس حقیقت پر واقفیت حاصل کرے جو اُس کی آنکھ نے دیکھا تھا۔ کیونکہ حس غلطیاں کر لیتی ہے، وہ پردے کے قریب ہُوا تو دیکھا کہ اُس میں غیب سے کلام ہوتا ہے۔

پس جان لیا کہ یہ امر عجیب ہے تو اُس نے اس پر بنفسہٖ واقفیت حاصل کی تو اِسے جان لیا۔ اور اُسے بھی جان لیا جو رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کے ساتھ نہ ظائف تکلیف سے آیا۔

پہلا وظیفہ:۔ کلمۂ توحید ہے جس کے ساتھ ہر ایک نے اقرار کیا اور صانع کا کوئی بھی منکر نہیں اس پر اُن کی عبارتیں مختلف ہیں۔ تو وہ ابتلاء میں پڑ گئے اور شہادتِ رسُول کے لئے مشترک زبان کے ساتھ مخاطب کیا۔ پس اختصاص جنس کے ساتھ انکار واقع ہُوا تو اہلِ انکار دو طریقوں پر متفرق ہو گئے۔

اختلافِ ارواح

اُن میں سے وہ ہیں جنہوں نے ظواہر میں نظر کی اور کسی ظاہر چیز میں فضیلت نہ دیکھی تو انکار کر دیا۔ اُن میں سے وہ ہیں جنہوں نے عقلاً باطن پر نظر کی تو معقولات میں اشتراک دیکھا اور اختصاص کو بھول گئے تو انہوں نے انکار کر دیا۔

پس اللہ تبارک وتعالیٰ نے آپؐ کو تلوار کے ساتھ بھیجا اور اُن کے دِلوں میں موت کا رُعب طاری کر دیا اور وہ اپنی نظر کے مطابق شک میں داخل ہو گئے۔

اِن میں سے بعض مشاہدہ پر قائم ہُوئے تو یہ عالم باللہ ہیں۔

اِن میں سے بعض نظر کے اثبات پر قائم ہوئے تو یہ عارف باللہ ہیں۔

اِن میں سے بعض اعتقاد پر قائم ہوئے تو یہ عوام النّاس ہیں۔

اور اِن میں سے بعض نے قتل کے خوف سے وہ لفظ کہا۔ یعنی کلمے کا اقرار کیا اور اُس پر اعتقاد نہیں رکھتے تھے انہیں حق کی زبان پکار کر کہتی ہے۔

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّقُوْلُ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَبِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ

اور جو لوگ کہتے ہیں ہم اللہ اور قیامت کے دن پر ایمان لاتے۔

تو یہ ظاہراً کہتے ہیں وَمَا هُمْ بِمُؤْمِنِيْنَ۔ اور یہ مومنوں کے ساتھ نہیں ہیں۔ باطناً لزومِ دعویٰ اور اپنی جہالت کے ساتھ "يُخٰدِعُوْنَ اللّٰهَ" اللہ کو دھوکا دینا چاہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ اُسے نہیں جانتا۔ اور میں اُن کے اعمال کو اُن پر لوٹاتا ہوں۔ وَمَا يَشْعُرُوْنَ۔ اور وہ نہیں جانتے۔ اِس روز اس کے ساتھ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ اِن کے دلوں میں بیماری ہے۔ وہ اُس پر شک کرتے ہیں۔ جو میرا رسُول اُن کے پاس لے کر آیا۔ فَزَادَهُمُ اللّٰهُ مَرَضًا۔ پس اللہ تعالیٰ اُن کے مرض کو زیادہ کرتا ہے یعنی اُن کا شک اور حجاب زیادہ کرتا ہے۔ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ۔ اور ان کے لئے دردناک عذاب ہے یعنی قیامت کے روز اُنہیں دردناک عذاب دیا جائے گا اور وہ اُس میں رہیں گے۔ بِمَا كَانُوْا يَكْذِبُوْنَ۔ اِس لئے کہ وہ تکذیب کرتے تھے اُن امور کی جو ہم نے اُن کے سامنے حق پہنچائے اور قاضی کی لوح میں اُن کی عنایت سبقت نہیں کرے گی۔

مزید آیات کی تفسیر

وصل: وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ لَا تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ قَالُوْٓا اِنَّمَا نَحْنُ مُصْلِحُوْنَ

اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ الْمُفْسِدُوْنَ وَلٰكِنْ لَّا يَشْعُرُوْنَ

لے البقرۃ آیت ۹ ؎ البقرۃ آیت ۱۲

ترجمہ: اور جب اُن سے کہا جائے زمین میں فساد نہ کرو تو کہتے ہیں وُہ تو سنوارنے والے ہیں۔ خبردار وہی فسادی ہیں مگر انہیں شعور نہیں۔

جب آٹھ کے ساتھ وجود مکمل ہُوا تو دعویٰ کے گھوڑ سوار کے ساتھ میدان تنعم میں نکلا پس وہ لشکر میں نہ تھا۔

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَقُولُ آمَنَّا۔ یعنی لوگوں میں سے بعض کہتے ہیں ہم ایمان لائے جو اُس کی طرف نکلے۔ وہ سب کا بادشاہ ہے اور اُس کی طرف اور اُس کے دین کی طرف باطناً جھکے تو انہیں طلب اقتدار کے ساتھ عقوبت دی جائے گی ورنہ قتل کئے جائیں گے۔ اُنہوں نے کلمے کو لفظاً لفظاً پڑھا تو انہیں دُنیا و آخرت میں دردناک عذاب حاصل ہُوا۔

وَإِذَا قِيلَ لَهُمْ لَا تُفْسِدُوا فِي الْأَرْضِ[1]

جب انہیں کہا جاتا ہے زمین میں فساد نہ پھیلاؤ۔

یعنی جسموں کی زمین میں تو اپنے خیال میں کہتے ہیں۔ إِنَّمَا نَحْنُ مُصْلِحُونَ۔ یعنی ہم تو درستی کرنے والے ہیں۔ اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا۔

أَلَا إِنَّهُمْ هُمُ الْمُفْسِدُونَ۔ خبردار بے شک وہ فساد کرنے والے ہیں۔ یعنی وہ ہمارے نزدیک اور اپنے نزدیک فسادی ہیں۔ کیونکہ وہ جو چاہتے تھے اس پر نفع نہ اُٹھایا۔ وَلَٰكِن لَّا يَشْعُرُونَ۔ لیکن وہ نہیں جانتے۔ یعنی اشیاء کے اتحاد کو نہیں جانتے۔ اور اگر وہ جان لیتے تو ایمان لے آتے اور کفر نہ کرتے۔

وصل: وَإِذَا قِيلَ لَهُمْ آمِنُوا كَمَا آمَنَ النَّاسُ قَالُوا أَنُؤْمِنُ كَمَا آمَنَ السُّفَهَاءُ ۗ أَلَا إِنَّهُمْ هُمُ السُّفَهَاءُ وَلَٰكِن لَّا يَعْلَمُونَ[2]

جب انہیں کہا جاتا ہے کہ ایمان لاؤ جیسا دوسرے لوگ ایمان لائے تو کہتے ہیں۔ ہم ایمان لائیں جیسا کہ بے وقوف ایمان لائے۔ خبردار بے شک وہی

---

[1] البقرۃ آیت ۱۲ [2] البقرۃ آیت ۱۳

بے وقوف ہیں لیکن نہیں جانتے۔

اور یہ اس طرح ہے کہ جب وہ اغیار کی لڑی میں پرو دیئے جاتے ہیں تو اُنہیں ندا آتی ہے کہ گواہوں کی منازل پر کھڑے ہوں پس وہ اپنیت میں خطاب سنتے ہیں۔ آمنوا کما آمن الناس۔ یعنی ایمان لاؤ جیسے لوگ ایمان لاتے۔

پس وہ داعی جنسی اور عہد جس کے ساتھ وعدہ کرتے سے محجوب ہوجاتے ہیں اور یہ اُنہیں بہرہ بنا دیتی ہے اور اُن کی آنکھوں کو اندھا کر دیتی ہے اور اُن کی جہالت کی رات پردہ ڈال دیتی ہے تو کہتے ہیں۔ اَنُؤمِنُ کَمَا اٰمَنَ السُّفَہَاءُ ہم ایمان لائیں جیسا کہ بے وقوف ایمان لائے۔ جب اُنہیں اس پاکیزہ طریق سے پھیر دیا گیا اور وہ ہوس کے ساتھ کھڑے ہو گئے تو اللہ تعالیٰ نے ہمیں فرمایا۔ اَلَا اِنَّھُمُ السُّفَہَاءُ۔ خبردار یہی بے وقوف ہیں جو ہوس کے قبضہ میں آ گئے۔

اور وہ اُس سماع کی لذتوں سے حجاب میں ہیں جو طُور کے ساتھ افلاذ پر رذاذ واقع ہے ولیکن وہ علم نہیں رکھتے تاکہ اعلیٰ سے اُس کے علاوہ کی تمیز کر سکیں۔ ورنہ اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کا کیا فائدہ ہو سکتا ہے۔

اِذَآ اَرَادَ شَيْـًٔا اَنْ يَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ[۱]

یعنی جب اللہ کسی چیز کا ارادہ کرتا ہے تو وہ کہتا ہے ہوجا اور وہ چیز ہو جاتی ہے مگر اشیا کی ایجاد احسن قانون پر ہے۔ پس پاک ہے وہ ذات وہ جو ایجاد و اختراع اور اِتقان و ابداع کے ساتھ منفرد ہے۔

مدعیوں کا دعویٰ

وَاِذَا لَقُوا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قَالُوْٓا اٰمَنَّا ۚ وَاِذَا خَلَوْا اِلٰى شَيٰطِيْنِهِمْ

قَالُوْٓا اِنَّا مَعَكُمْ ۙ اِنَّمَا نَحْنُ مُسْتَهْزِءُوْنَ[۲]

---

[۱] یٰسین آیت ۸۲ [۲] البقرۃ آیت ۱۴

یعنی جب وہ ایمان والوں کو ملتے ہیں تو کہتے ہیں ہم ایمان لائے۔ اور جب اپنے شیطانوں کی طرف نکلتے ہیں تو کہتے ہیں ہم تمہارے ساتھ ہیں۔ بے شک ہم تو اُن سے تمسخر کرتے ہیں۔

ایمان کی قسمیں

اِس مقام میں ایمان پانچ قسموں پر ہے۔ ایمانِ تقلید، ایمانِ علم، ایمانِ عین، ایمانِ حق اور ایمانِ حقیقت۔

تقلید عوام کے لئے ہے، علم اصحابِ دلیل کے لئے ہے، عین اہلِ مشاہدہ کے لئے ہے، حق عارفین کے لئے ہے اور حقیقت واقفین کے لئے ہے — اور حقیقت الحقیقت، یہ چھٹی قسم ہے جو قطعی طور پر عُلماء و مُرسلین کے لئے ہے اور وراثت کے طور پر عطا ہوتی ہے اور وراثت منع ہے۔ وضاحت کی طرف اِسے کھولنے کا کوئی راستہ نہیں۔

دعاوی کی صفات پانچ ہیں۔ پہلی لَقُوا! جب لوگوں سے ملتے ہیں! "قَالُوٓا آمَنَّا" کہتے ہیں۔ ہم ایمان لائے۔

پس قلب عوام کے لئے اور سِرِّ قلب اصحابِ دلیل کے لئے ہے۔ رُوح اہلِ مشاہدہ کے لئے اور سِرِّ رُوح عارفین کے لئے ہے، سِرّ السِّر واقفین کے لئے اور سِرِّ اعظم اہلِ غیرت و حجاب کے لئے ہے۔ منافقین ایمان سے ننگے ہوتے ہیں اور اسلام میں منسلک ہوتے ہیں اور اُن کے ایمان اُن کے خیال کے خزانہ سے تجاوز نہیں کرتے۔ وہ اپنی ذاتوں میں بُت بنا لیتے ہیں۔ اور اُنہیں اپنے معبودوں کے مقام پر کھڑا کر دیتے ہیں۔

وَاِذَا خَلَوا اِلٰی شَیَاطِیْنِہِمْ۔ اور جب اپنے شیطانوں کی طرف داخل ہوتے

ہیں۔ تو غفلت کی بناء پر اور مراتب ایمان سے خالی ہونے کی وجہ سے کہتے ہیں۔ اَنَا مَعَکُمْ اِنَّمَا نَحْنُ مُسْتَهْزِءُوْنَ۔ یعنی ہم تمہارے ساتھ ہیں سوائے اس کے نہیں کہ ہم اُن کا تمسخر اڑاتے ہیں۔" اُن پر اُن کے اس قول سے عذاب واقع ہوتا ہے جو وہ خلوت کی حالت میں اپنے شیطانوں سے کہتے ہیں۔ پس جب اُن کے نزدیک اضداد قائم ہوئے اور وہ حق و باطل کے حامل ہوئے۔ اور باطل یہ ہے کہ حق کے ساتھ باطل کو چھپانے کا عمل کیا اور اہلِ باطل کے سامنے افشائے حق کا عمل کیا پس اُن کی منافقت درست ہوئی۔

اگر وہ اپنی ذاتوں میں اپنی ذاتوں کو خطاب کرتے تو اُن پر یہ درست نہ ہوتا اور وہ اہلِ حقائق سے ہوتے۔ پس اللہ تعالیٰ نے اُن کے استہزاء پر جواب واقع کرتے ہوئے فرمایا۔ اَللّٰہُ یَسْتَهْزِئُ بِهِمْ۔ یعنی اللہ اُن کے تمسخر کا بدلہ دیتا ہے۔

اُن کا یہ استہزاء عجیب تھا۔ کیسے کہتے ہیں کہ ہم تمہارے ساتھ ہیں جب کہ وہ عدم ہیں۔ اگر وہ ایمانِ حقیقت کو دیکھتے تو دیکھتے کہ خالق خلقت میں ہے۔ نہ وہ علیحدگی میں ہوتے اور نہ کلام کرتے اور نہ خاموش ہوتے، بلکہ وہ مشاہدہ کرنے والے کے مقام پر کھڑے ہوتے اور وہ رُوحِ جامع صاحبِ مادہ ہے۔

انسان کو چاہیئے کہ حقیقتِ لقاء پر نظر کرے۔ کیونکہ وہ پہلے افتراق پر اطلاع دیتا ہے۔ پھر اُس صفت پر جمع ہوئے جسے نہیں جانتے بلکہ اُن کے لئے اُس سے اچھائی ظاہر ہے۔ پس وہ اس کے ساتھ مودّب ہو گئے اور اس سے زیادہ کی طاقت نہ رکھتے تھے۔

تو کہا اٰمَنَّا۔ یعنی ہم ایمان لائے پھر خلوت میں شیطنیت کے ساتھ اپنے سروں کے بل جھک گئے اور یہ بُعدِ لقاء کی مثل ہے۔ پس وہ کہتے ہیں۔ اِنَّمَا نَحْنُ مُسْتَهْزِءُوْنَ۔ یعنی ہم اُن کا تمسخر اڑاتے ہیں۔ تو یہ اُس صفت کے ساتھ ہے جس کے ساتھ ہماری ملاقات ہوئی تھی۔ پس اس آیت پر حقیقت الحقیقت سے

طلوعِ فجر تک اور زوالِ شک پر پردے کے زائل ہونے اور موانع کے اُٹھنے تک غور
کریں تو آپ کو یہ سِرِّ سبحان ونسا۔ اور سورج میں پوشیدہ نظر آئے گا اور آپ اُن
بلنے والے لوگوں کو اُن لوگوں کی طرح پائیں گے جو وقتِ ملاقات بہرے ہو گئے، اگر
آپ کلام کریں گے تو ہلاک ہو جائیں گے اور یہ وہ حقیقت الحقیقت ہے جس کا
کھولنا ممنوع ہے۔ مگر جسے اس ذوق سے کسی قدر ملا ہے اُس کے سامنے بیان
کرنے میں کچھ حرج نہیں۔ پس غور و فکر کریں تو ان شاء اللہ اِسے پالیں گے۔

اَلحمدُ لِلّٰہ پانچواں باب اور دسویں جُز تمام ہوئی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ○

چھٹا باب

تخلیق روحانی کی ابتداء کی معرفت اور اُس کی معرفت جو اس میں پہلے موجود ہے اور جس سے وہ پیدا ہوا، اور کون سی مثال پر پیدا ہوا۔ اور نہیں پیدا ہوا اور اُس کی غایت کیا ہے اور افلاک کے عالم اکبر و اصغر کی معرفت۔

انظر الی هـذا الوجود المحکم ووجودنا مثل الرداء المعلم
وانظر الی خلفائه فی ملکهم من مفصح طلق اللسان وأعجم
ما منهمو أحد یحب الهه الا ویعزجه بحب الدرهم
فیقال هـذا عبدهم فقروذا عبد الجنان وذا عبید جهنم
الا القلیل من القلیل فانهم سکری به من غیر حس توهم
فهمو عبید الله لا یدری بهم أحد سواه لا عبید المنعم
فأفادهم لما أراد رجوعهم لقصورهم من کل علم مبهم
علم المقدم فی البسائط وحده وأساسه ذو عنصر یتصرم
وحقیقة الظرف الذی سترته عن امثاله ومثاله لم یکتتم
والعلم بالسبب الذی وجدت له عین العوالم فی الطراز الاقدم
ونهایة الامر الذی لا غایة تدری له فیه المظیم الاعظم
وعلوم افلاک الوجود کبیره وصغیره الاعلی الذی لم یذمم
هـذی علوم من تحقق کشفها یهدی القارب الی السبیل الاقوم
فالحمد لله الذی أنا جامع لعلومها ولعلم مالم یعلم

ترجمہ: اس وجودِ محکم کی طرف دیکھیں اور ہمارے وجود ردائے پرچم بردار کی مثل ہیں۔

اُس کے خلفاء کی طرف دیکھیں جو فصیح اللسان اور گونگوں میں سے اپنے ملکوں میں ہیں۔ اِن میں سے کوئی نہیں جو اپنے معبود سے محبت رکھتا ہو مگر اُس نے دولت کی محبت کو اُس سے ملا دیا ہے۔

کہتے ہیں کہ یہ عبدِ معرفت ہے اور یہ عبدِ جنّت ہے اور یہ جہنّم کا بندہ ہے مگر قلیل سے قلیل ایسے لوگ ہیں جو حسِ توہّم کے بغیر اُس کی محبت کے نشے میں ہیں۔ یہ اللہ کے بندے ہیں جن کو اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی نہیں جانتا۔ یہ نعمتوں کے بندے نہیں۔ جب وہ اپنے قصور کے لئے لوٹنا چاہتے ہیں تو اللہ تعالیٰ اُنہیں علمِ مُبہم عطا فرماتا ہے۔ علمِ بسائط میں اکیلا مقدّم ہے اور اُس کی اَساس اُس سے نہیں کٹتی اُس طرف کی حقیقت جو اُس کی امثال سے پوشیدہ ہے۔ اُس کی مثل پوشیدہ نہیں۔ وہ علم جس کی وجہ سے عین العوالم وجود میں آیا نقشِ قدیم میں ہے۔ اُس اَمر کی نہایت جس کی غایت نہیں جانتا اُس میں عظیم الاعظم ہے۔ افلاکِ وجودِ کبیرہ وصغیرہ کے علوم اعلیٰ ہیں جن کی مذمت نہیں کی جاسکتی۔ یہ علوم اہلِ کشف پر متحقق ہوتے ہیں۔ جو دِلوں کو سیدھے راستے پر لاتے ہیں۔ اللہ کا شکر ہے۔ میں اُن علوم کا جامع ہوں جنہیں لوگ نہیں جانتے۔

حقیقتِ محمدیہ اور مخلوق کی پیدائش

مختصر اور اجمالاً بیان کیا جاتا ہے کہ خلقت کی ابتداء ہبا یعنی غبار سے ہوئی اور اِس میں سب سے پہلے حقیقتِ محمدیہ رحمانیہ کو وجود میں لایا گیا اور عدمِ مقام کی بنا پر اِس کا احاطہ نہیں ہو سکتا۔ جس چیز سے یہ حقیقت معلومہ

یعنی حقیقتِ محمدیہ پیدا ہوئی۔ وہ نہ وجود سے متصف ہے اور نہ عدم سے اور یہ ہبا میں پیدا ہوئی اور نفسِ حق میں صورتِ معلومہ کی مثال پر پیدا ہوئی اور یہ حقائق الٰہیہ کے اظہار کے لئے پیدا نہیں ہوئی اور نہ اس کی غایت امرِ امتزاجیہ سے تلخیص ہے پس ہر عالم سے بغیر امتزاج کے اُس کی نشاۃ سے اُس کا حصہ پہچاننے کے لئے ہے۔ پس اُس غایت اُس کے حقائق کا اظہار اور عالم سے معرفتِ افلاکِ اکبر ہے۔

ایک جماعت کی اصطلاح میں انسان کی مُراد عالمِ اکبر کے علاوہ ہے اور وہ عالمِ اصغر ہے۔ یعنی انسان رُوحِ عالم اور اس کی علّت اور اُس کا سبب ہے اور افلاکِ عالم اُس کے مقامات ہیں اور اُس کی حرکات اور اُس کے طبقات کی تفصیل ہیں تو یہ تمام جو اس کو شامل ہے۔ اس باب سے ہے۔ جیسا کہ جسم کے طریق سے انسان عالمِ صغیر ہے۔ ایسے ہی وہ طریقِ حدُود سے حقیر ہے۔ اور اُس کے لئے شیدا ہونا دُرست ہے۔ کیونکہ وہ عالم میں اللہ تبارک و تعالیٰ کا خلیفہ ہے اور عالم اُس کا محتاج اور اُس کے لئے مسخّر کیا گیا ہے۔ جیسا کہ انسان اللہ تبارک و تعالیٰ کا محتاج ہے۔

جاننا چاہیئے کہ انسان کی کامل ترین نشاۃ اسی دُنیا میں ہے اور آخرت میں ہر انسان دو فرقوں سے حال میں نصف پر ہوگا۔ اور علم میں ایسا نہیں ہوگا۔ کیونکہ ہر فرقہ اپنے حال کی ضِد کے ساتھ عالم ہوگا۔ پس انسان یا تو مومن ہے یا کافر ہے اور اس کے ساتھ ہی سعادت و شقاوت، نعیم و عذاب اور مُنعّم و معذب ہے۔ لہٰذا دُنیا کی معرفت کامل اور آخرت کی تجلّی اعلیٰ ہے۔

اِس پر غور کریں اور اس قُفل کو کھولیں۔ ہم نے زیرک انسان کے لئے رمز بیان کی ہے اور اُس کا یہ لفظ بُرا اور معنیٰ اچھا ہے۔

روح الوجود الكبير — هذا الوجود الصغير
لولاه ماقال انی — أنا الكبير القدير
لايعجبك حدوثی — ولا الفنا والنشور
فانني ان تأملتني — المحيط الكبير
فللقديم بذاتي — وللجديد ظهور
والله فرد قديم — لا يعتريه قصور
والكون خلق جديد — في قبضتيه أسير
فاسن هذا انی — أنا الوجود المقبر
وان كل وجود — على وجودي يدور
فلا كليلى ليل — ولا كنو ری نور
لمن يقل في عبد — أنا العبيد الفقير
أوقال انی وجود — أنا الوجود الجبير
فصحني ملكا تجلني — أو سرقة ماتجور
فياجهولم بقدری — أنت العليم البصير
بلغ وجودی عنی — والقول صدق وزور
وقل لقومك انی — أنا الرحيم الغفور
وقل بأن عذابي — هو العذاب المبير
وقل بأنی ضعيف — لاأستطيع أسير
فكيف ينعم شخص — على يدی أويبور

ترجمہ اشعار کا

وجودِ کبیر کی رُوح یہ چھوٹا وجود یعنی انسان ہے۔
اگر یہ نہ ہوتا تو وہ نہ کہتا کہ مَیں کبیر و قدیر ہُوں۔
میرا حدُوث تجھے محجوب نہ کہہ دے اور نہ فنا و نشور یعنی موت اور دوبارہ اُٹھانا
اگر تو تامّل کرے تو مَیں بڑا گھیرنے والا ہُوں۔

قدیم کے لیے میری ذات کے ساتھ اور جدید کے لیے ظہور ہے۔
اور اللہ قدیم یکتا ہے۔ آسے کوئی کمی نہیں پہنچتی۔
عالمِ خلق جدید ہے اور اُس کی دونوں مٹھیوں میں قید ہے۔
اِس سے ظاہر ہُوا کہ مَیں ایک حقیر وجود ہُوں۔
ہر وجود میرے وجود پر دَورہ کرتا ہے۔
میری رات کی طرح رات نہیں اور نہ میرے نور کی طرح نور ہے۔
جو میرے حق میں عبد کہتا ہے تو مَیں محتاج بندہ ہُوں۔
یا کہے کہ مَیں وجود ہُوں تو مَیں جاننے والا وجود ہُوں۔
میرے بادشاہ ہونے کی صحت کو مانو تو مجھے پالو گے۔
یا اُس کا بازار مانو جس میں تجارت ہوتی ہے۔
اَے قدر کو نہ جاننے والے تُو علیم و بصیر ہے۔
مجھ سے میرے وجود کو بات پہنچی ہے اور بات صداقت و کذب پر مبنی ہے۔
اپنی قوم سے کہہ کہ مَیں رحیم و غفور ہُوں۔
کہہ کہ میرا عذاب ہلاکت میں ڈالنے والا عذاب ہے۔
کہہ کہ مَیں ضعیف ہُوں اور قید ہونے کی استطاعت نہیں رکھتا۔
میرے ہاتھ پر کوئی شخص کیسے منعم یا ہلاک ہو گا۔
یہ باب کھول کر لکھا گیا ہے اور اِس کے بیان میں اللہ تعالیٰ کی تائید اور مدد شامل ہے۔

جاننا چاہیئے کہ معلومات چار ہیں۔

معلومِ اوّل

حق تعالیٰ وجودِ مطلق کے ساتھ موجود ہے کیونکہ اللہ سبحانہ و تعالیٰ

کسی چیز کے لئے نہ معلول ہے نہ علت، کیونکہ وہ بذاتہٖ موجود ہے اور اُس کے ساتھ علم ہونا اُسس کے وجود کے ساتھ علم ہونے سے عبارت ہے اور اُسس کا وجود اُس کی ذات کا غیر نہیں۔ باوجودیکہ اُس کی ذات غیر معلوم ہے۔ لیکن اُس کی طرف منسوب صفات معلوم ہیں۔ یعنی صفاتِ معانی اور یہی صفاتِ کمال ہیں۔

رہا حقیقتِ ذات کے ساتھ علم تو وہ دلیل اور بُرہانِ عقلی کے ساتھ ممنوع ہے اور اُس کی صفت نہیں پائی جاتی کیونکہ اللہ تعالیٰ سُبحانہٗ کے ساتھ کوئی چیز مشابہ نہیں اور نہ وہ کسی چیز کے ساتھ مشابہ ہے۔ وہ اُسے کیسے جان سکتا ہے جس کی کسی چیز کی مشابہت نہیں اور نہ اُس کی کسی چیز کے ساتھ مشابہت ہے۔ پس اُس کے ساتھ تیری مشابہت یہ ہے۔

لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ ۚ وَيُحَذِّرُكُمُ اللّٰهُ نَفْسَهٗ [1] [2]

یعنی اُس کی مثل کوئی چیز نہیں اور اللہ تعالیٰ تمہیں اپنی ذات کے بارے میں ڈراتا ہے اور شریعت میں اللہ تعالیٰ کی ذات میں تفکر کرنا منع ہے۔

دُوسرا معلُوم

اور وہ حقیقتِ کُلیّہ ہے جو حق کے لئے اور عالم کے لئے ہے اور نہ وجُود کے ساتھ متصف ہے نہ عدم کے ساتھ اور نہ حدوث کے ساتھ مُتّصف ہے اور نہ قدم کے ساتھ۔ یہ قدیم میں ہے۔ جب اُس کی صفت قدیم کے ساتھ کی جائے اور مُحدَث میں ہے جب اُس کی صفت مُحدَث کے ساتھ کی جائے۔ قدیم و حادث کی معلومات کا علم نہیں ہوگا یہاں تک کہ اِس حقیقت کا علم ہو جائے اور یہ حقیقت نہیں پائی جاتی یہاں تک کہ اُسس کے ساتھ اشیائے موصوفہ کو پایا جائے۔ اگر غیر عدم سے پہلے کوئی چیز پائی جائے جیساکہ اللہ تعالیٰ کا وجُود اور اُس کی صفات تو اِس میں کہتے ہیں

---

[1] الشوریٰ آیت ۱۱ [2] البقرۃ آیت ۲۸

کہ قدیم اِس کے ساتھ اتصافِ حق کے لئے موجود ہے اور اگر کوئی چیز عدم سے پائی جائے جیساکہ ماسوا اللہ کا وجُود تو وہ اُس کے بغیر مُحدث موجود ہے۔ اِس میں کہتے ہیں مُحدث تو یہ اپنی حقیقت کے ساتھ ہر موجود میں ہے کیونکہ یہ تجزی یعنی اجزا کو قبول نہیں کرتی تو اِس میں نہ کُل ہے اور نہ بعض اور نہ دلیل و برہان کے ساتھ اُس کی اکیلی صُورت کی طرف معرفت حاصل ہوتی ہے۔

پس اِس حقیقت سے حق تعالیٰ کی وساطت کے ساتھ عالم وجود میں آیا اور موجود کے ساتھ نہ تھا پس حق تعالیٰ نے ہمیں موجودِ قدیم سے پیدا کیا تو ہمارے لئے قِدم ثابت ہُوا۔ ایسے ہی یہ بھی جان لیں کہ یہ حقیقت عالم پر تقدّم کے ساتھ مُتّصف نہیں اور نہ عالم اِس سے تاخر کے ساتھ ہے۔ لیکن یہ بالعموم موجودات کی اَصل ہے اور یہی اَصل جوہر اور فلکِ حیات ہے اور اِس کے ساتھ اور دوسروں کے ساتھ مخلوق ملی ہُوئی ہے اور یہی فلکِ محیط معقول ہے۔ اگر آپ کہیں کہ یہ عالم ہے تو آپ نے سچ کہا۔ یا کہیں عالم نہیں ہے تو آپ نے سچ کہا۔ اور یہ حق ہے یہ حق نہیں ہے تو آپ نے سچ کہا۔ یہ اِن تمام کو قبول کرتی ہے۔ اشخاصِ عالم کے متعدّد ہونے سے متعدّد ہے اور تنزیہہِ حق کے ساتھ منزّہ ہے اگر آپ چاہتے ہیں کہ اِس کی مثال ہو یہاں تک کہ آپ کی سمجھ کے قریب ہو جائے تو لکڑی، کرسی، دوات، منبر اور صندوق پر غور کریں اور ایسے ہی مربّع اور اِس کی مثل شکلوں میں دیکھیں۔ مثلاً ہر مُربّع میں گھر، صندوق اور کاغذ اپنی حقیقت کے ساتھ مُربّع ہے اور یہ ہونا اِن جسموں میں سے ہر جسم میں ہے۔ ایسے ہی کپڑوں کے رنگ، جوہر، کاغذ، آٹا اور روغن وغیرہ میں ہے کہ کپڑے میں یہ سفیدی اُس کا جُزو ہے۔ بلکہ اُس کی حقیقت کپڑے میں اُسی طرح ظاہر ہوتی ہے جس طرح کاغذ میں۔ ایسے ہی عِلم، قدرت، ارادہ، سمع، بصر اور تمام اَشیاء کی صُورت ہے

ہم نے یہ معلومات آپ کے لئے کھول کر بیان کی ہیں اور اِس قول میں بہت سی باتیں ہم نے اپنی کتاب "انشاء جداول و دوائر" میں مزید کھول کر بیان کی ہیں۔

تیسرا معلوم

یہ تمام عالم ہے۔ افلاک و افلاک اور عوالم ہے جس کے ساتھ اِحاطہ ہے اور ہوا اور زمین اور عالم میں سے جو اِن دونوں میں ہے اور یہ مُلکِ اکبر ہے۔

چوتھا معلوم انسان ہے

چوتھا معلوم یہ انسان ہے۔ جسے اللہ تبارک و تعالیٰ نے اِس عالم میں خلیفہ مقرر فرمایا اور عالم کو اِس کی تسخیر کے تحت مغلوب کیا۔

اللہ تبارک و تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

وَسَخَّرَ لَكُمْ مَّا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا[1]

" اور جو آسمان اور زمین میں سب کچھ ہے اُسے تمہارے لئے مسخّر کر دیا پس جو اِن معلومات کو جان لیتا ہے اُس کے لئے ہرگز کوئی معلوم باقی نہیں رہتا جسے وہ طلب کرے۔ تو اس سے ہم نہیں جانتے۔ مگر اُس کا وجود اور وہ حق تعالیٰ ہے اور اُس کے افعال و صفات کو ضرب المثل سے جانتے ہیں۔ اور اِس میں سے وہ ہے جسے مثال کے بغیر نہیں جانتے جیسے حقیقتِ کلّیہ کا علم۔ اور ان میں سے وہ ہے جسے اِن دونوں وجہوں سے اور ماہیّت و کیفیت سے جانتے ہیں۔ اور وہ عالم اور انسان ہیں۔

---

[1] الجاثیہ آیت ۱۳

خدا تھا اور کچھ نہ تھا

کَانَ اللّٰہُ وَلَا شَیْئَ مَعَہٗ   الحدیث

اللہ تھا اور اُس کے ساتھ کوئی چیز نہ تھی۔

پھر اُس میں درج ہُوا اور وہ اِس وقت اُسی پر ہے جس پر تھا۔ اِس عالم کی ایجاد سے اُس کی طرف ایسی کوئی صفت راجح نہیں جس پر وہ نہیں تھا۔ بلکہ وہ اپنی ذات کے لئے اِس مخلوق سے پہلے اُن اسماء کے ساتھ موصوف اور مسمّٰی تھا جس کے ساتھ اُس کی مخلوق اُسے پکارتی ہے۔

جب اُس نے وجُودِ عالم کا ارادہ کیا اور اُسے ایک صفت پر پیدا کیا جو اُس کے علم کے ساتھ بنفسہٖ اُس کے علم میں تھی۔ اُس ارادۂ مقدّسہ سے تجلّیات تنزیہہ سے ایک تجلّی حقیقتِ کُلّیہ کی طرف پڑی جس سے حقیقتِ ہبا موسُوم ہے۔ یہ بمنزلہ چُونے گچ عمارت کے ہے اِس میں اشکال وصُوَر سے جو چاہا اُس کا افتتاح کیا۔ اور یہ عالم میں وہ موجودِ اوّل ہے۔

حضرت علی ابنِ ابی طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ اور سہل بن عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ وغیرہما اہلِ تحقیق اور اہلِ کشف و وجُود نے اِس کا ذکر کیا ہے کہ پھر اللہ تعالیٰ سُبحانہٗ نے اِس ہبا کی طرف اپنے نوُر کی تجلّی فرمائی۔ اہلِ افکار اُسے ہیولائے کُل سے موسُوم کرتے ہیں اور اِس میں تمام عالم قوّت و صلاحیّت کے ساتھ موجود تھا۔ پس اللہ تعالیٰ نے اِس ہبا میں اپنی قوّت و استعداد کے مطابق اِس سے ہر چیز کو قبول کیا۔ جیسا کہ گھر کے گوشے چراغ کی روشنی کو قبوُل کرتے ہیں اور یہ نوُر اِس نوُر کی روشنی کو وہ جگہ زیادہ قبول کرتی ہے جو اُس کے زیادہ قریب ہو۔ اللہ تبارک وتعالیٰ نے ارشاد فرمایا۔

مَثَلُ نُوْرِہٖ کَمِشْکٰوۃٍ فِیْھَا مِصْبَاحٌ[1]

اُس کے نور کی مثال ایسی ہے جیسے طاق میں چراغ۔

پس اپنے نور کو مصباح یعنی چراغ کے ساتھ تشبیہہ دی تو اِس ہبا میں اُس کے قبول کی طرف کوئی چیز نہ تھی سوائے حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حقیقت کے، جسے عقل سے موسوم کرتے ہیں۔

چنانچہ وجود میں حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سب سے پہلے ظاہر ہونے والے ہیں اور آپ کا وجودِ اقدس اِس نورِ خداوندی اور ہبا اور حقیقت کُلیہ سے ہے اور ہبا میں اُس کا عین پایا گیا اور عالم کا عین اُس کی تجلی سے ہے اور حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لوگوں سے زیادہ تر قریب حضرت علی ابن ابی طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ اور تمام انبیاؑ کے اسرار ہیں۔ اور وہ مثال جس پر تمام عالم بغیر تفصیل کے وجود میں آیا۔ وہ حق تعالیٰ کی ذات کے ساتھ علم قائم ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ سُبحانہٗ ہمیں بذاتہٖ اُس علم کے ساتھ جانتا ہے اور ہمیں اُس صفت پر پیدا کیا جس کو وہ جانتا ہے اور ہم اُس مُعین شکل میں ہیں جو اُس کے علم میں تھی۔ اور اگر یہ اَمر نہ ہوتا تو ہم اِس شکل کو نہ بالاتفاق لیتے اور نہ قصد سے۔ کیونکہ وہ نہیں جانتا تھا۔ اور ممکن نہیں کہ حُکم اتفاق کے ساتھ وجود میں صورت کا اخراج ہو پس اگر اللہ تعالیٰ سُبحانہٗ کے لئے یہ معین شکل معلوم اور مُراد نہ ہوتی تو اِس پر ہمیں پیدا نہ کرتا۔ اور نہ یہ شکل اُس کے علاوہ سے اَخذ کی جاسکتی کیونکہ یہ ثابت ہے کہ وہ تھا اور اُس کے ساتھ کوئی چیز نہ تھی تو کوئی اَمر باقی نہیں سوائے اِس کے کہ جو فی نفسہٖ صورت سے اُس پر ظاہر ہے۔ پس بنفسہٖ اُس کا علم ہمارے ساتھ اُس کا علم ہے۔ ایسے ہی ہمارے لئے جو علم ہے۔

---

[1] النور آیت ۳۵

اُس کا علم قدیم ہے

ہمارے ساتھ اُس کا یہ علم قدیم حق کے ساتھ عین قدیم سے ہے۔ کیونکہ اُس کی صفت ہے اور اُس کی ذات کے ساتھ حادث قائم نہیں ہوتے اور اللہ تعالیٰ اس سے بڑا اور پاک ہے۔

ہمارا یہ قول اور نہیں پایا کہ اس کی غایت کیا ہے۔ اللہ عزّوجل نے فرمایا ہے۔ وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنَ. میں نے جنّوں اور انسانوں کو پیدا نہیں کیا مگر عبادت کے لئے۔ تو اس سبب کی صراحت فرمائی گئی ہے کہ اُس نے ہمیں اور اس تمام عالم کو کیوں پیدا کیا۔ اور یہاں ہمارا اور جنّوں کا ذکر بطورِ خاص کیا گیا ہے۔ جنّوں سے مراد یہاں ہر پوشیدہ مخلوق اور ہر فرشتہ وغیرہ ہے۔

اللہ تعالیٰ آسمانوں اور زمین کے حق میں فرماتا ہے۔

ائْتِيَا طَوْعًا اَوْ كَرْهًا قَالَتَا اَتَيْنَا طَائِعِيْنَ — حٰمٓ السجدہ آیت ۱۱

دونوں حاضر ہو خوشی سے چاہے ناخوشی سے دونوں نے عرض کی ہم رغبت کے ساتھ حاضر ہوئے۔

اور ایسے ہی فرمایا۔

فَاَبَيْنَ اَنْ يَّحْمِلْنَهَا — الاحزاب آیت ۷۲

تو انہوں نے اُس کے اٹھانے سے انکار کر دیا۔

یہ جب ہوا جب انہیں پیش آیا اور اگر امر ہوتا تو اطاعت کرتے اور اُسے اٹھاتے۔ اس لئے کہ اُن سے معصیت کا تصور نہیں کیونکہ اُن کی فطرت اس پر ہے اور جنّ ناری ہیں اور اُن کی فطرت اُس پر نہیں۔ ایسے ہی انسانوں سے اہلِ نظر میں سے اصحابِ فکر کہتے ہیں جن کے دلائل مقصورہ حواس و ضروریات

اور بدیہیات پر ہیں کہ مکلّف کا عقل مند ہونا ضروری ہے کہ جس کے ساتھ اُسے خطاب کیا جائے اُسے سمجھ لے اور وہ سچ کہتے ہیں۔

مکاشفین کی نظر میں عالم زندہ ہے

ایسے ہی کشف اور خرقِ عادت کی جہت سے تمام عقل مند عالم زندہ اور ناطق ہے، وہ خرقِ عادت جس پر لوگ ہیں یعنی اُن کے علاوہ ہمارے نزدیک اس علم کے حصول کے ساتھ۔ وہ کہتے ہیں کہ یہ جمادات عقل نہیں رکھتے اور اُس پر ٹھہرے رہتے ہیں۔ جو اُنہیں اُن کی نظر عطا کرتی ہے ہمارے نزدیک اِس کے برعکس ہے۔ جب کہ آیا ہے کہ نبیِّ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کے ساتھ پتّھر نے یا بکری نے کلام کیا یا کھجور کے درخت نے فریاد کی یا چار پایوں نے کلام کیا۔ وہ لوگ کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے اُس وقت میں اُن میں زندگی اور علم پیدا فرمایا تھا جب کہ ہمارے نزدیک ایسا نہیں ہے۔ بلکہ تمام عالم میں زندگی کا راز ہے اور تمام خشک وتر مؤذّن سے اذان سُن کر اُس کی گواہی دیتا ہے اور گواہی نہیں دی جاتی مگر اُس علم سے اور ہمارے نزدیک کشف سے بھی ثابت ہے۔ نہ صرف یہ کہ نظر کے استنباط سے جو ظاہر خبر کا اقتضاء کرتی ہے اور نہ اس کے علاوہ سے۔ اور جو شخص چاہتا ہے کہ اس پر واقف ہو تو وہ اس راہ کے رجال کا مسلک اختیار کریں اور خلوت اور ذِکر کو لازم کریں۔

پس اللہ تبارک وتعالیٰ اس تمام پر مطلع فرما دے گا اور وہ جان لے گا کہ لوگوں کی آنکھ اِن حقائق کے اِدراک سے نابینا ہے۔

پس اللہ تبارک وتعالیٰ نے دُنیا کو پیدا فرمایا تاکہ اپنے اسماء کا تسلّط ظاہر فرمائے۔ کیونکہ بلا مقدور قدرت، بغیر عطا کے جُود، بغیر مرزوق کے رازق، بغیر

زیادی کے فریاد رس اور بغیر مرحوم کے رحیم ایسے حقائق ہیں جن کی تاثیر معطل ہوتی ہے۔

اللہ تبارک وتعالیٰ نے دُنیا کا عالم میں ایسا امتزاج کر کے پیدا فرمایا جیسے خمیر میں آٹے کی دو مُٹھیاں ملا کر یکجا کئے جاتے ہیں۔ پھر اِس سے اشخاص کو الگ کیا اور ہر مُٹھی سے ایک کو دوسری میں داخل کیا اور اُن کے احوال غیر معروف ہو گئے۔ خبیث سے طیب کو اور طیب سے خبیث کو نکالنے میں علماء کو ایک دوسرے پر بڑائی حاصل ہوئی اور اِس کی غایت اِس ملاوٹ سے حاصل کرنا تھا اور دونوں مُٹھیوں میں امتیاز قائم کرنا تھا۔ یہاں تک کہ یہ اپنے عالم سے اور وہ اپنے عالم کے ساتھ انفرادیت حاصل کر لیں۔

جیسا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا۔

لِيَمِيزَ اللّٰهُ الْخَبِيثَ مِنَ الطَّيِّبِ وَيَجْعَلَ الْخَبِيثَ بَعْضَهُ عَلَىٰ بَعْضٍ فَيَرْكُمَهُ جَمِيعًا فَيَجْعَلَهُ فِي جَهَنَّمَ[1]

اِس لئے کہ اللہ ناپاک کو پاک سے جُدا فرمائے اور نجاستوں کو تلے اُوپر رکھ کر سب ایک ڈھیر بنا کر جہنم میں ڈال دے۔

جس میں اُس کی موت تک کچھ ملاوٹ باقی رہ جائے گی۔ اُس کا حشر قیامت میں اُمن والوں سے نہیں ہوگا۔ ولیکن وہ اُن میں سے ہے جس کے امتزاج سے علیحدگی ہوگی اور اِن میں سے وہ ہے جو جہنم کے بغیر خالص نہیں ہوگا۔ جب وہ خالص ہو کر نکلیں گے تو وہ اہلِ شفاعت ہوں گے۔ مگر جو یہاں دونوں مُٹھیوں سے کسی ایک میں دارِ آخرت کی طرف مُنقلب ہوگا۔ اُس کی حقیقت کے ساتھ اُس کی قبر سے باغِ نعیم کی طرف جانا ہے یا عذاب و جہنم کی طرف۔ کیونکہ وہ اِس آمیزے سے خالص ہو چکا ہے۔ پس ہر عالم کی غائیت یہی ہے اور دونوں حقیقتیں ایک صفت کی طرح رجوع کرتی ہیں۔ وہ حق تعالیٰ اپنی ذات میں اِس پر ہے۔ یہاں یہ کہتے

---

[1] الانفال آیت ۳۷

ہیں کہ آزاد کئے جانے والے اہلِ دوزخ اور نعمتیں دیئے جانے والے اہلِ جنّت اُسے دیکھیں گے اور یہ سرِّ شریف ہے جس پر تُو ان شاء اللہ دارِ آخرت میں مشاہدے کے وقت واقف ہوگا۔ اور محققین اِسی دُنیا میں اُسے پہنچ چکے ہیں۔

عالمِ اصغر و اکبر کی معرفت

اِس باب میں ہمارا قول عالمِ اکبر و اصغر کی معرفت ہے اور وہ انسان ہے۔ تو اس کا معنیٰ عوالم کی کلیات اور اُس کی اجناس ہیں۔ اور اَمر وہ لوگ ہیں جن کی تاثیر دوسروں میں ہے جس کا مقابلہ کر لیا گیا ہے۔ یہ اِس سے ایک نسخہ ہے جس کے لئے ہم نے افلاک کی صورتوں پر دائرے بناتے ہیں اور اس کی ترتیب کتاب "انشاء دوائر و جداول" میں ہے جس کی ہم نے اپنے پسندیدہ دوست ابی محمد عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ کے مکان پر ابتداء کی تھی۔ اِس باب میں اُس سے اختصار کے ساتھ الحاق کیا جاتا ہے۔

ہم کہتے ہیں کہ عوالم چار ہیں۔

عالمِ اعلیٰ : اور وہ عالمِ بقا ہے۔

عالمِ استحالہ : اور وہ عالمِ فنا ہے۔

عالمِ تعمیر : اور وہ عالمِ بقا و فنا ہے۔

چوتھا عالم : عالمِ نسب ہے۔ یہ عوالم عالمِ اکبر میں دو مقامات میں ہیں۔ اور وہ جو انسان سے نکلا اور عالمِ اصغر میں ہے، وہ انسان ہے۔

عالمِ اعلیٰ حقیقتِ محمدیہ ہے

عالمِ اعلیٰ : تو یہ حقیقتِ محمدیہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم ہے۔

اِس کا فلک زندگی ہے۔
انسان سے اُس کی نظیر لطیفہ اور رُوحِ قدسی ہے۔
اِس سے عرشِ محیط ہے۔
انسان سے اُس کی نظیر جسم ہے۔
اِس سے کُرسی ہے۔
انسان سے اُس کی نظیر نفس ہے۔
اِس سے بیت المعمُور ہے۔
انسان سے اُس کی نظیر قلب ہے۔
اِس سے ملائکہ ہیں۔
انسان سے اِن کی نظیر وہ ارواح ہیں جن میں قوّتیں ہیں۔
اِس سے اُس کا زحل اور اُس کا فلک ہے۔
انسان سے اُس کی نظیر اُس کی قوّتِ علمیہ اور نفس ہے۔
اِس سے مُشتری اور اُس کا فلک ہے۔
دونوں کی نظیر قوّتِ ذاکرہ اور دماغ کا آخری حصّہ ہے۔
اِس سے اَحمر اور اُس کا فلک ہے۔
دونوں کی نظیر قوّتِ عاقِلہ اور تالُو کا حصّہ ہے۔
اِس سے سُورج اور اُس کا فلک ہے۔
دونوں کی نظیر قوّتِ مُفکرہ اور دماغ کا وسط ہے۔
پھر زہرہ اور اُس کا فلک ہے۔
دونوں کی نظیر قُوّتِ وہمیہ اور رُوحِ حیوانی ہے۔
پھر کاتب اور اُس کا فلک ہے۔

دونوں کی نظیر قوّتِ خیالیہ اور دماغ کا پہلا حصّہ ہے۔
پھر چاند اور اُس کا فلک ہے۔
دونوں کی نظیر قوّتِ حِسّیہ اور اعضلاتِ احساس ہیں۔
پس عالمِ اعلیٰ کے یہ طبقات ہیں اور اُن کے نظائر انسان سے ہیں۔

عالمِ اِستحالہ

اِس سے کُرّۂ اثیر ہے۔ اور اُس کی رُوح حرارت اور خشکی ہے اور یہ آگ کا کُرّہ ہے۔ اِس کی نظیر صفرا، اور اِس کی رُوح قوّتِ ہاضمہ ہے۔
اِس سے ہَوا ہے اور اِس کی رُوح حرارت و رطوبت ہے اور اُس کی نظیر خُون ہے اور اُس کی رُوح قوّتِ جاذبہ ہے۔
اِس سے پانی ہے۔ اور اِس کی رُوح سرد اور مرطوب ہے اور اِس کی نظیر بلغم اور اِس کی رُوح قوّتِ مدافعت ہے۔
اِس سے مٹّی ہے اور اِس کی رُوح سرد خشک اور اِس کی نظیر سودا، اور اِس کی رُوح قوّتِ ماسکہ ہے۔

زمین کے طبقات

زمین کے سات طبقات ہیں۔ سیاہ زمین، تاریک زمین، سُرخ زمین، زرد زمین، سفید زمین، نیلی زمین اور سبز زمین۔
انسان سے اِن ساتوں کی نظیر اُس کے جسم میں کھال، چربی، گوشت، رگیں، اعصاب، عضلات اور ہڈّیاں ہیں۔

عالمِ تعبیر

اِن میں سے رُوحانی ہیں۔ اُن کی نظیر انسان کے قویٰ ہیں، اِن میں سے عالمِ حیوان ہے۔ اُس کی نظیر وہ ہے جس سے انسان محسوس کرتا ہے۔

اِن میں سے عالمِ نباتات ہے جس کی نظیر انسان کے بال ہیں۔

اس سے عالمِ جمادات ہے جس کی نظیر وُہ ہیں جو انسان سے محفوظ نہیں ہوتیں۔

عالمِ نسب

تو یہ ارض سے ہے۔ اِس کی نظیر سیاہ اور سفید ہے اور علوان واکوان سے ہے۔

پھر کیف ہے۔ اِس کی نظیر صحیح وسقیم کی مثل احوال ہیں۔

پھر کمیت ہے۔ اِس کی نظیر پنڈلی ہے۔ جو ہاتھ سے لمبی ہوتی ہے۔

پھر این ہے۔ اِس کی نظیر سر کے مقام پر گردن اور ران کے مقام پر پنڈلی ہے۔

پھر زمان ہے۔ اِس کی نظیر ہاتھ کی حرکت کے وقت سَر کی حرکت ہے۔

پھر اضافت ہے۔ اِس کی نظیر یہ ہے میرا باپ اور میں اُس کا بیٹا ہوں۔

پھر وضع ہے۔ اُس کی نظیر میری لغت اور میرا لحن ہے۔ پھر کہا جائے کہ اُس کی نظیر یہ ہے۔

پھر کھایا تو اُس کی نظیر یہ ہے۔ پھر سیر ہُوا تو اُس کی نظیر یہ ہے اور اِن سے اُمّہات میں صُورتوں کا اختلاف ہے۔ جیسا کہ ہاتھی، گدھا، شیر اور صرصر ہے۔

اِس قوتِ انسانیہ کی نظیر وہ ہے جسے مذموم و محمُود سے معنوی صُورتیں قبول کرتی ہیں۔ یہ ذہین وہ ہاتھی، یہ غیر ذہین اور وہ گدھا ہے، یہ بہادر ہے وہ شیر ہے یہ بزدل اور وُہ صرصر ہے۔

اور اللہ ہی حق فرماتا ہے۔

اور وُہی راہ دکھاتا ہے۔

الحمدللہ چھٹے باب کا ترجمہ ختم ہُوا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ؕ

باب ہفتم

اجسام انسانیہ کی پیدائش کی معرفت اور یہ دوسری جنس عالم کبیر سے موجود ہے اور آخری صنف مولدات سے ہے

نشأت حقیقة باطن الانسان ملکا قویا ظاھر السلطان
ثم استوت فی عرش آدم ذاته مثل استواء العرش بالرحمان
فبدت حقیقة جسمه فی عینها وبها انتهی ملك الوجود الثانی
وبدت معارف لفظه فی علمه عند الکرام وحامل الشنآن
فتصاغرت لعلومه أحلامهم وتکبر الملعون من شیطان
باؤوا بقرب الله فی ملکوته الا الشویطن باء بالخسران

انسان کی پیدائش کی باطنی حقیقت ایک زبردست ظاہر سلطان ہے۔ پھر اُس کی ذات نے آدمؑ کے عرش میں اُستواء کیا جس طرح رحمان نے عرش پر اُستواء فرمایا، اُس کے جسم کی حقیقت اُس کی عین میں ظاہر ہوئی۔ اور اُس کے ساتھ وجودِ ثانی کے مُلک کی انتہا ہو گئی۔ اُس کے عِلم میں اُس کے لفظ کے معارف ظاہر ہو گئے۔ بزرگی کے نزدیک اور دشمنی اُٹھانے والے کے نزدیک۔ اُس کے علوم کے لئے اُن کی عقلیں چھوٹی ہو گئیں۔ اور شیطان تکبّر سے لعنتی ہو گیا۔ فرشتے قربِ الٰہی میں اُس کے ملکوت میں پلٹ آئے مگر شیطان خسارے کے ساتھ واپس لوٹ آیا۔

دُنیا کے ماہ و سال

اللہ تعالیٰ آپ کی مدد فرمائے۔ جاننا چاہیئے جب عالمِ طبعی کی عُمر سے زمان کی قید اور مکان کے حصر کے ساتھ ہماری دُنیا کے اکہتر سال گذر جاتے ہیں۔ تو یہ مُدت اس علم کے علاوہ گیارہ دن اور ایّام ذوالمعارج سے چھ دن ہے اور ایّام میں تفاضل واقع ہوتا ہے۔ اللہ تبارک و تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

تَعْرُجُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَالرُّوْحُ اِلَيْهِ فِيْ يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهٗ خَمْسِيْنَ اَلْفَ سَنَةٍ ۚ

ملائکہ اور جبریلؑ اُس کی بارگاہ کی طرف عروج کرتے ہیں۔ وہ عذاب اس دن ہوگا جس کی مقدار پچاس ہزار برس ہے۔ المعارج آیت نمبر ۴۔

اور فرمایا!

وَاِنَّ يَوْمًا عِنْدَ رَبِّكَ كَاَلْفِ سَنَةٍ مِّمَّا تَعُدُّوْنَ الحج آیت ۴۷

ترجمہ: تیرے رَبّ کے نزدیک ایک دن ہزار سال کا ہے جو تم شمار کرتے ہو۔

سب سے چھوٹے دن وہ ہوتے ہیں جنہیں ہم اُس فلکِ محیط کی حرکت گِنتے ہیں جس کی رات میں دن کا ظہور ہوتا ہے۔ چنانچہ یہ دن اہلِ عرب کے نزدیک سب سے چھوٹا دن ہے اور یہ فلکِ اکبر ہے۔ اور یہ اُس حِکمت کے لئے ہے۔ جو افلاک کے جوف میں ہے۔ کیونکہ اس کے علاوہ رات اور دن میں اُس کی حرکت حرکتِ قسریہ ہے جس کے لئے تمام افلاک کو اُس کے غلبے نے گھیرا ہُوا ہے۔ ہر فلک کے لئے حرکتِ طبعیہ ہوتی ہے جس کے لئے اُس کے ساتھ حرکتِ قسریہ ہے تو ہر فلک اس کے علاوہ ایک وقت میں دو حرکتیں کرتا ہے۔ یعنی حرکت طبعیہ اور حرکتِ قسریہ اور ہر طبعی حرکت کے لئے ہر فلک میں ایک دِن مخصوص ہے۔ جس کی مِقدار اُن ایّامِ حادثہ کے ساتھ فلکِ محیط سے شمار ہوتی ہے۔ جو اِس سے تعبیر ہوتا ہے۔ جیسا کہ

اللہ تبارک و تعالیٰ نے فرمایا!

بِمَا تَعُدُّوْنَ یعنی جس سے شمار کرتے ہو۔

تمام تر فلکِ محیط میں قطع ہوتے ہیں جب وہ تمام کمال پر قطع ہو جاتے ہیں تو اُن کے لئے ایک دن ہوتا ہے اور وہ دَورہ کرتا ہے پس اُن سے چھوٹے دن اٹھائیس یوم ہوتے ہیں جو تم شمار کرتے ہو۔ اور یہ مقدار فلکِ محیط میں چاند کی حرکت قطع ہونے کی ہے اور اللہ تبارک و تعالیٰ نے آسمانوں میں یہ سات ستارے نصب کر رکھے ہیں تاکہ فلکِ محیط میں اُس کے فلک کا قطع کیا جانا دیکھا جا سکے تاکہ برسوں اور حساب کا علم ہو سکے۔

اللہ تبارک و تعالیٰ نے فرمایا ہے۔

وَقَدَّرَهُ مَنَازِلَ لِتَعْلَمُوْا عَدَدَ السِّنِيْنَ وَالْحِسَابَ بنی اسرائیل آیت ۱۲

ترجمہ: اور اس کے لئے منزلیں ٹھہرائیں کہ تم برسوں کی گنتی اور حساب جان لو۔

اور اللہ تبارک و تعالیٰ نے فرمایا۔

وَكُلَّ شَيْءٍ فَصَّلْنٰهُ تَفْصِيْلًا بنی اسرائیل آیت ۱۲

ترجمہ: اور ہم نے ہر چیز کی تفصیل علیحدہ علیحدہ بیان کر دی۔

ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ الانعام آیت ۹۷

یہ زبردست جاننے والے کی تقدیر ہے

ان سے ہر ستارے کا دن تقدیر کیا گیا ہے۔ اور ایک کو دوسرے پر اپنی طبعی حرکت کی تیزی کے مطابق چھوٹا یا بڑا فلک ہونے پر فضیلت حاصل ہے۔

کس کو کیسے پیدا فرمایا جاننا چاہیئے کہ جب اللہ تعالیٰ نے قلم اور لوح کو

پیدا کیا تو اُن کا نام عقل اور رُوح رکھا اور رُوح کو دو صفتیں عطا کیں۔ صفت عِلمیہ اور صفت عملیہ اور عقل کو اُس کا معلّم مقرّر فرمایا۔ اور مُشاہدۂ حالیہ سے فائدہ پہنچانے والا بنایا۔ جیسا کہ تم بغیر نُطق کے چھری سے کاٹنے کا کام لیتے ہو۔ اللہ تبارک و تعالیٰ نے جوہر کو نفس کے بغیر پیدا فرمایا اور یہ مذکورہ رُوح ہے جس کا نام ھبا ہے اور اُس کا یہ نام ہم نے حضرت علی ابن طالب رضی اللہ عنہٗ کے کلام سے نقل کیا ہے۔

ھَبا کا لفظ عربی زبان میں ذکر کیا جاتا ہے۔ اللہ تبارک و تعالیٰ کا ارشاد ہے۔ ''فَکَانَتْ ھَبَآءً مُّنبَثًّا''۔

ایسے ہی جب حضرت علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہٗ نے اِس جوہر مُنبَثًّا کے معنیٰ کو جمیع طبعی صُورتوں میں دیکھا اور کسی صُورت کو اِس سے خالی نہ پایا۔ کیونکہ کوئی صُورت نہیں ہوگی مگر اِس جوہر میں تو اِس کا نام ''ھَبا'' رکھا۔ اور یہ ہر صُورت کے ساتھ اپنی حقیقت کے اعتبار سے غیر مُنقسِم، غیر تجزّی ہے اور نقص سے مُتّصف نہیں ہوتی۔ بلکہ یہ جیسا کہ ہر سفید میں بذاتہٖ اور حقیقتاً سفیدی موجود ہوتی ہے۔ اور یہ نہیں کہتے کہ اِس سفید سے جو سفیدی حاصل ہوتی ہے اُس میں کمی واقع ہو گئی ہے اور یہ مثل اِس جوہر کے حال کی ہے۔

فرشتوں کے مرتبے

اللہ تبارک و تعالیٰ سُبحانہٗ کی ذات اِن دو صفتوں سے موصُوف رُوح کے درمیان ہے۔ ''ھبا'' کے درمیان چار مرتبے ہیں اور ہر مرتبہ چار فرشتوں کی منزل مقرّر ہے اور یہ فرشتے عالمِ علّیین سے اَسفل السّافلین تک اللہ سُبحانہٗ کے علاوہ مقرّر ہیں اور ملائکہ سے ہر فرشتے کو وہ عِلم عطا کیا جاتا ہے جو عالم میں جاری ہے۔ پس اَعیان میں اللہ تعالیٰ نے جو چیز پہلے پیدا فرمائی۔ اور جس کا عِلم اِن ملائکہ سے

تعلق رکھتا ہے اور اُن کی تدبیر جسمِ کُلّی سے ہے۔ وہ شکلِ اوّل ہے۔ جو اِس جسم میں
میں گولائی کی شکل پر کھولی گئی ہے جو دائرے کی شکل میں ہے۔ کیونکہ یہ تمام شکلوں سے
افضل ہے۔

پھر اللہ تبارک وتعالیٰ نے ایجاد وخلق کے ساتھ تمام صنعت کی طرف رجوع
فرمایا۔ اور اپنی تمام مخلوق کو اِن ملائکہ کی مملکت مقرر فرمایا اور اُنہیں دُنیا و آخرت
کے امُور پر والی بنایا اور مخالفت سے معصوم ومحفوظ فرمایا جس میں اُن کا امر ہے۔
پس اللہ تبارک وتعالیٰ نے ہمیں خبر دی۔

لَا يَعْصُونَ اللّٰهَ مَآ اَمَرَهُمْ وَيَفْعَلُونَ مَا يُؤْمَرُونَ التحریم آیت ۶

ترجمہ: جو اللہ کی نافرمانی نہیں کرتے اور وہی کرتے رہتے ہیں جس کا انہیں حکم دیا جاتا ہے

انسان کا اعزاز

جب جمادات ونباتات وحیوانات میں سے مولدات کی پیدائش کو دُنیاوی سال
کے حساب سے اکہتر ہزار سال پُورے ہو گئے اور عالم کی ترکیب حکیمانہ طور پر مُرتّب
ہو گئی تو اللہ تبارک وتعالیٰ نے پہلے موجود سے آخری مولود تک کسی زندہ کو اپنے
سامنے جمع نہیں کیا۔ سوائے انسان کے، اور وہ یہی نشاۃِ بدنیہ ترابیہ ہے۔
بلکہ اللہ تعالیٰ نے انسان کے سوا ہر ایک کو امرِ الٰہی یا ایک ہاتھ سے پیدا فرمایا۔
اللہ تبارک وتعالیٰ کا ارشاد ہے۔

اِنَّمَا قَوْلُنَا لِشَیْءٍ اِذَآ اَرَدْنٰهُ اَنْ نَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ النحل آیت ۴۰

جو چیز ہم چاہیں اس سے ہمارا فرمانا یہی ہوتا ہے کہ ہم کہیں ہو جا۔ وہ
فوراً ہو جاتی ہے۔ تو یہ امرِ الٰہی سے ہے۔ اور حدیث میں وارد ہوا ہے کہ اُس
نے جنّتِ عدن کو اپنے ہاتھ سے پیدا فرمایا۔ اور تورات کو اپنے ہاتھ سے لکھا اور

شجرِ طوبیٰ کو اپنے ہاتھ سے لگایا اور آدمؑ کو جو کہ انسان ہے اپنے دونوں ہاتھوں سے پیدا فرمایا۔

چنانچہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کی بزرگی کی جہت سے فرمایا۔

مَا مَنَعَكَ أَنْ تَسْجُدَ لِمَا خَلَقْتُ بِيَدَيَّ ۖ ص آیت ۷۵

تجھے کس چیز نے روکا کہ تو اس کے لئے سجدہ کرے۔ جسے میں نے اپنے ہاتھوں سے بنایا۔

جب اللہ تبارک و تعالیٰ نے فلکِ ادنیٰ کو پیدا فرمایا جو کہ ابھی فلکِ اوّل مذکور ہوا۔ اسے بارہ قسموں پر تقسیم فرمایا۔ اور اس کے نام رکھے۔ اللہ تبارکُ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

وَالسَّمَاءِ ذَاتِ الْبُرُوجِ ۙ البروج آیت ۱

قسم آسمان کی جس میں برج ہیں۔

آسمانی برجوں کا تعارف

چنانچہ ہر قسم کو ایک برج بنایا اور یہ اقسام طبیعت میں چار کی طرف لوٹتی ہیں۔ پھر مکرر چاروں سے ہر ایک کو تین مقامات میں رکھا۔ اور اِن اقسام کو منازل اور راستوں کی طرح مقرر فرمایا۔ جن میں مسافروں کا نزول ہوتا ہے اور اس میں وہ سیر اور سفر کرنے کے حال میں چلتے ہیں تاکہ اِن اقسام میں ستاروں کی سیر و سیاحت کے وقت منزل بتائیں۔ اُن کی سیاحت جسے اللہ تعالیٰ اُس فلک کے جوف میں ستاروں سے پیدا کرتا ہے۔ جسے وہ اپنی سیر کے وقت اِن برجوں میں قطع کرتے ہیں۔ تاکہ اللہ تعالیٰ اُن کے قطع کرنے اور سیر کے وقت طبعی اور عنصری عالم سے جو چاہے کرے۔ اور اُنہیں برجوں کے فلک کی حرکت کے

اثر پر نشانیاں بنایا پس اسے جان لیں۔

اِن کی تقسیم اِن چار طبعیتوں پر ہے۔

نمبر۱: حرارت و یبوست یعنی گرمی اور خشکی۔

نمبر۲: برودت و یبوست یعنی سردی اور خشکی۔

نمبر۳: حرارت و رطوبت یعنی گرمی اور تری۔

نمبر۴: برودت و رطوبت یعنی ٹھنڈک اور تری۔

• اِن اقسام سے پانچویں اور نویں کو پہلی کی مثل اور چھٹی اور دسویں کو دوسری کی مثل اور ساتویں اور گیارھویں کو تیسری کی مثل اور آٹھویں اور بارہویں کو چوتھی کی مثل طبع میں مقرر فرمایا۔

یہ خلقتیں

اجسامِ طبعیہ کو اختلاف کے ساتھ اور اجسامِ عنصریہ میں پہلا اختلاف اِن چاروں میں محصور فرمایا۔ یہ چاروں حرارت، برودت، رطوبت اور یبوست ہیں۔ باوجود اِس کے یہ چاروں آمہات ہیں۔ کیونکہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے ان سے دو کو دو آخری وجودوں میں اصل مقرر فرمایا۔ پس خشکی گرمی سے اور تری سردی سے متاثر ہوئی۔ پس تری اور خشکی دو اسباب سے موجود ہیں اور وہ دو سبب گرمی اور سردی ہیں۔ لہٰذا اللہ تبارک و تعالیٰ نے ارشاد فرمایا۔

وَلَا رَطْبٍ وَّلَا يَابِسٍ اِلَّا فِىْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ — الانعام آیت ۵۹

ترجمہ: اور نہ کوئی تر اور نہ خشک جو ایک روشن کتاب میں نہ لکھا ہو۔

کیونکہ مسبّب کے لئے وجودِ سبب لازم ہے یا وجودِ فاعل کا اثر انداز ہونا ضروری ہے۔ جیسے چاہیں کہہ لیں۔ سبب کے وجود سے مسبّب کا وجود لازم نہیں

دَورۂ افلاک

جب اللہ تبارک وتعالیٰ نے پہلے فلک کو پیدا فرمایا تو وہ غیر معلوم مدّت تک دَورہ کرتا رہا۔ جس کا اللہ تبارک وتعالیٰ کو علم ہے۔ کیونکہ اُس کے اُوپر اجرام سے کوئی چیز محدود نہیں جس میں قطع ہو۔ کیونکہ اوّل اجرام شفاف ہیں۔ پس حرکات متحدّد اور امتیاز کرنے والی ہیں۔ اور اللہ تبارک وتعالیٰ نے اُس کے جوف میں کسی چیز کو پیدا نہیں فرمایا۔ پس تمیز کرنے والی حرکات اُس کے نزدیک منتہی ہیں۔ اگرچہ اُس کے جوف میں نہ ہوں۔ اور اگرچہ تمیز نہ بھی کرتی ہوں۔ کیونکہ وہ اطلس ہے۔ اُس میں کوئی ستارا اجزاء کی مشابہت نہیں رکھتا۔ پس اُس سے حرکتِ واحدہ کی مقدار کو نہیں جانتا اور نہ تعیّن کرتا ہے۔ تو اگر اس میں اُس کے تمام اجزاء کے لئے مخالف جُز ہو تو بلاشک اُس کی حرکات کے ساتھ شمار ہو گی۔ ولیکن اللہ تبارک وتعالیٰ اُس کے اندازہ وانتہا اور دَورے کو جانتا ہے۔ پس اس حرکت سے دن کو پیدا کیا اور اُس میں دن اور رات نہ تھے۔ پھر اس فلک کی حرکات قائم رہیں تو اللہ تبارک وتعالیٰ نے پینتیس ۳۵ فرشتوں کو پیدا فرمایا۔ اِن کے علاوہ سولہ ۱۶ فرشتوں کے بارے پہلے ہم بیان کر چکے ہیں۔ ان کی مجموعی تعداد اکاون ۵۱ ہوتی ہے۔ منجملہ اِن فرشتوں کے حضرت جبرائیل، حضرت میکائیل، حضرت اسرافیل اور حضرت عزرائیل علیہم السلام ہیں۔ پھر نو سَو ۹ فرشتوں کو اور چار سَو ۴ کو اور ستّر فرشتوں کو پیدا کیا جن کے بارے میں ہم بیان کر چکے ہیں اور اُن کی طرف وحی فرمائی اور جو امر اُن کے ہاتھوں پر اُس کی مخلوق میں جاری ہوتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں۔

وَمَا نَتَنَزَّلُ اِلَّا بِاَمْرِ رَبِّكَ لَهٗ مَا بَيْنَ اَيْدِيْنَا وَمَا خَلْفَنَا وَمَا بَيْنَ ذٰلِكَ وَمَا كَانَ رَبُّكَ نَسِيًّا — مریم آیت ۶۴

ہم فرشتے نہیں اُترتے مگر حضُور کے رَبّ کے حُکم سے اسی کا ہے جو ہمارے آگے ہے اور جو ہمارے پیچھے اور جو اس کے درمیان ہے۔ اور حضُور کا رَبّ بھُولنے والا نہیں اور اُن کے حق میں اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا۔

لَا یَعْصُوْنَ اللّٰہَ مَآ اَمَرَھُمْ

انہیں جو حکم دیاجاتا ہے اللہ کی نافرمانی نہیں کرتے

دارِ دُنیا کی تخلیق

یہ وُہ ملائکہ ہیں جن کے لئے خاص حکومت ہے۔ علاوہ ازیں اللہ تبارک وتعالیٰ اپنی عبادت کے لئے اُن ملائکہ کو بھی پیدا فرمایا جو آسمانوں اور زمین کو معمُور کرتے ہیں۔ آسمان وزمین میں کوئی مقام ایسا نہیں مگر اُس میں ایک فرشتہ ہے اور اللہ تبارک وتعالیٰ ہمیشہ انفاسِ عالم کے مطابق فرشتوں کو پیدا فرماتا ہے جو ہمیشہ سے ہیں اور جب اس فلکِ اوّل کی حرکات مُنتہی ہو گئیں اور اُن کی مُدّت چوّن ۵۴۰۰۰ ہزار سال ہو گئی تو اللہ تعالیٰ نے دارِ دُنیا کو پیدا فرمایا اور اُس کے لئے معلوم مُدّت مقرر کی جو اس پر مُنتہی ہو گی اور اُس کی صُورت ٹوٹ جائے گی اور ایک ایسی صُورتِ مخصوص کو قبول کرے گی جس کا آج مشاہدہ ہو رہا ہے یہاں تک کہ

یَوْمَ تُبَدَّلُ الْاَرْضُ غَیْرَ الْاَرْضِ وَالسَّمٰوٰتُ

ترجمہ! یہ زمین دوسری زمین سے بدل دی جائے گی اور آسمان بھی

دارِ آخرت کی تخلیق

جب اس فلک کی حرکت کی مُدّت کو چھتّیس ۳۶۰۰۰ ہزار سال گذر گئے۔ تو اللہ تبارک وتعالیٰ نے دارِ آخرت اور جنّت ودوزخ کو پیدا فرمایا جو اُس کے سعید

---

[1] التحریم آیت ۶ [2] ابراہیم آیت ۴۸

اور شقی دونوں طرح کے بندوں کے لئے ہے پس دُنیا اور آخرت کی تخلیق کے درمیان نو ہزار ۹۰۰۰ سال کی گنتی ہے اور آس کا نام آخرت اس لئے ہے کہ وہ دُنیا کی تخلیق کے بعد پیدا ہوئی۔ اور اللہ تبارک و تعالیٰ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو مخاطب کرتے ہوئے فرمایا۔

وَ لَلْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لَّكَ مِنَ الْاُوْلٰى[1]

آپ کے لئے آخرت دُنیا سے بہتر ہے۔

جنّت کی چھت

آخرت کی مُدّت مقرر نہیں فرمائی جو اُس کی طرف باقی ہو۔ کیونکہ اُس کے لئے ہمیشہ بقا ہے اور اس فلک کو جنّت کی چھت بنایا۔ اور اُس کے نزدیک عرش ہے۔ جس کی حرکت کا تعین نہیں اور نہ ہی وہ امتیاز کرتی ہے۔ پس اُس کی حرکت دائمی ہے۔ جو ٹوٹتی نہیں یعنی ختم نہیں ہوتی۔

ہر چیز خدا کی تسبیح کرتی ہے

تخلیق سے ہم نے جو ذکر کیا ہے اُس کی خلقت کا تعلق وجودِ انسانی سے دوسرے قصد کا ہے جو کہ عالم میں خلیفہ اور نائب ہے۔ اور میں نے دوسرا قصد کہا ہے جب کہ پہلا قصد حق تعالیٰ کی معرفت اور اُس کی عبادت ہے جس کے لئے تمام عالم کو تخلیق کیا تو کوئی ایسی چیز نہیں مگر وہ اللہ تعالیٰ کی تسبیح و تحمید کرتی ہے۔

قصدِ ثانی اور قصدِ اوّل کے معنی تعلّقِ اِرادی ہے نہ کہ ارادہ کا حدوث، کیونکہ ارادہ اللہ تبارک و تعالیٰ کے لئے قدیمیہ ازلیہ صفت ہے جس کے ساتھ اُس کی ذات تمام صفات کی طرح متّصف ہے۔

---

[1] الضحیٰ آیت ۴

خدا نے چراغاں کیا

جب اللہ تبارک و تعالیٰ نے اِن افلاک و سماوات کو پیدا فرمایا اور ہر آسمان میں اُس کے مرتبے کے مطابق وحی کی اور اُمر فرمایا اور اُنہیں منوّر کیا اور اُن میں چراغاں کیا اور اُنہیں فرشتوں کے ساتھ آباد کیا اور اِن آسمانوں کو اللہ تبارک و تعالیٰ نے حرکت عطا فرمائی تو وہ اطاعتِ الٰہی میں متحرک ہو گئے اور اپنی شان کے لائق اُس کی عبودیت میں کمال کے طالب ہوئے۔

آسمانوں کی اور زمین کی اطاعت کا فرق

کیونکہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے اُنہیں اور زمین کو بُلایا تو اُنہیں فرمایا۔ طوعًا و کرہًا میرے امر کی اطاعت کرو۔ جو دونوں کے لئے حد ہے۔ دونوں نے کہا کہ ہم تیری اطاعت کرتے ہیں۔ پس وہ دونوں ہمیشہ کے لئے اطاعت گذار ہو کر حرکت کرنے لگے بجز اِس کے کہ زمین کی حرکت ہمارے نزدیک مخفی ہے اور زمین کی حرکت درمیانی گھیرے میں ہے۔ کیونکہ وہ کُرّہ ہے۔ مگر آسمان اللہ تبارک و تعالیٰ کے حکم کے نزدیک اطاعت گذار ہے۔ مگر زمین کی اطاعت تب ہوئی۔ جب اُسے معلوم ہوا کہ اُس کی ذات مقہور ہے اور اُس کے ساتھ لازمًا اطاعت کرنی پڑے گی۔ بقول اُس کے اَوْ کَرْھًا۔ تو یہ اُس کی اطاعت کَرْھًا یعنی جبرًا ہے۔ پس ساتوں آسمانوں کو دو یوم میں بلند کیا اور ہر آسمان میں اپنے اَمر کو وحی کیا۔ اور زمین کو پیدا کیا اور مُولدات سے اُس میں قوتوں کا اندازہ کیا۔ اور اُن کی قوتوں کے لئے خزانہ مقرر کیا۔ اور ہم نے نشأۃِ عالم کی ترتیب اپنی کتاب "عقلۃ المستوفز" میں بیان کی ہے۔

کِس کو کِس سے پیدا کیا

قوتوں کی تقدیر سے پانی، ہَوا اور آگ کا وجود ہے۔ اور جو اِس میں بُخارات، بادل، بجلیاں، رَعد اور آثارِ علویہ ہیں۔

ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ

یہ ہے اندازہ زبردست علم والے کا

اور جِنّوں کو آگ سے پیدا فرمایا اور برّی اور بحری پرندوں اور چوپایوں کو پیدا فرمایا اور زمین کے تعفّن سے حشرات الارض کو پیدا کیا تاکہ ہمارے لئے ہَوا کو تعفّن کے بُخارات سے مُصفّا کر دیں۔ اگر وہ ہَوا میں مخلوط ہو جائیں تو اللہ تبارک و تعالیٰ نے انسانوں اور حیوانوں کو جو زندگی اور عافیت عطا فرمائی ہے وہ متاثر ہوتی اور لوگ ہمیشہ بیمار اور علیل رہتے۔ پس اللہ تبارک و تعالیٰ نے اپنے لُطف سے اِن تعفّنات کو دُور فرمایا جنہیں ہم بیماریاں اور علالتیں کہتے ہیں۔ جب مملکت قائم ہو چکی اور اِن تمام مخلوقات میں سے کسی کو معلوم نہ تھا کہ یہ خلیفہ کون سی جِنس سے ہوگا جس کے وجُود کے لئے یہ مملکت بنائی ہے۔

جب مُلک بن گیا بادشاہ بنا دیا

جب وہ وقت آ گیا جو اِس خلیفہ کو پیدا کرنے کے لئے اللہ تبارک و تعالیٰ کے عِلم میں تھا تو دُنیا کی عُمر ستّرہ ہزار گُذر چکی تھی۔ اور آخرت کی عُمر جس کی کوئی انتہا نہیں اور اُس کے لئے دَوام ہے، سے آٹھ ہزار سال گُذر چکے تھے اللہ تبارک و تعالیٰ نے اپنے بعض ملائکہ کو حُکم دیا کہ زمین کی مٹّی کی تمام اجناس سے ایک ایک مُٹھی لے آئیں۔ تو وہ لے آئے۔ یہ ایک لمبی حدیث ہے جو لوگوں کو معلوم ہے۔

پھر اللہ تبارک و تعالیٰ سبحانہٗ نے اپنے دونوں ہاتھوں سے اُس کا خمیر بنایا۔
پس اُس کا ارشاد ہے۔

لِمَا خَلَقْتُ بِيَدَيَّ ص آیت ۷۵

جسے میں نے اپنے ہاتھوں سے بنایا۔

اور اُن ملائکہ سے جن کا ہم نے ذکر کیا ہر ایک کو حق تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کے لئے امانت عطا فرمائی اور انہیں فرمایا۔

"میں مٹی سے بشر کو بناؤں گا۔ اور یہ امانتیں اُس کے لئے ہیں جو تمہارے سپرد کی گئی ہیں۔ جب میں اُسے پیدا کروں تو تم میں سے ہر ایک اُسے واپس کر دے۔ پھر جب میں اُسے راست کروں اور اُس میں اپنی رُوح پھونکوں تو اُس کے حضور میں سجدہ ریز ہو جانا۔

اولادِ آدمؑ میں شقی بھی اور سعید بھی

جب اللہ تبارک و تعالیٰ نے اپنے دونوں ہاتھوں سے طینتِ آدم کا خمیر کیا۔ یہاں تک کہ اُس کی خوشبو تبدیل ہو گئی۔ اور وہ مسنون ہے۔ اور یہ ہوا کی جزو ہے۔ جو نشاۃِ آدم میں موجود ہے۔

(۱) پھر حضرت آدم علیہ السلام کی پشت کو اُن کی ذریت سے شقیوں اور سعیدوں کا مقام بنایا۔ اور جو اُس کی۔ دونوں مٹھیوں میں تھا۔ حضرت آدم علیہ السلام در ودیعت کر دیا۔ کیونکہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے ہمیں خبر دی ہے کہ اُس کی دائیں مٹھی میں سعید اور دوسرے ہاتھ کی مٹھی میں شقی تھے اور میرے رب کے دائیں ہاتھ مبارک میں جو لوگ تھے فرمایا کہ "وہ جنتی ہیں اور وہ اہلِ جنت کے اعمال کریں گے۔ اور جو آگ کے لئے ہیں وہ اہلِ جہنم کے اعمال کریں گے۔

آدمؑ کو کیسے پیدا فرمایا

اللہ تعالیٰ نے طینتِ آدم کو ہر چیز ودیعت کر دی اور اُس میں مجاورت کے حکم کے ساتھ اضداد کو جمع کر دیا۔ اور انہیں حرکتِ مستقیمہ پر پیدا فرمایا اور یہ برج سے سنبلہ کے زمانہ میں ہوا۔ اور اُس کے لئے شش جہات مقرر فرمائے۔ فوق، یعنی اُوپر جو اُس کے سر کو ملتی ہے، تحت نیچے جو اُس کے مقابل ہے اور جو اُس کے دونوں پاؤں کو ملتی ہے۔ "یمین" یعنی دائیں جو ایک طرف ہے اور اُس کی قوتوں کو ملتی ہے۔ "شمال" یعنی بائیں جو مقابل ہے اور اُس کے ضعیف پہلو سے ملتی ہے۔ "امام" یعنی اگلی جو اُس کے چہرے سے ملتی ہے۔ "خلف" یعنی پچھلی جو اُس کے مقابل ہے اور پشت سے ملتی ہے۔ اللہ تبارک و تعالیٰ نے اُسے صورت عطا فرمائی اور اُس کے لئے درستگی کی۔ پھر اُس میں اپنی رُوح پھونکی جو اُس کی طرف مضاف ہے۔ پس یہ پھونک اُس کے اجزاء کے ارکان اخلاط میں جاری ہو گئی اور یہ ارکان صفراء، سوداء، خون اور بلغم ہیں۔

صفراء۔ ناری رکن سے ہے جس کو اللہ تبارک و تعالیٰ نے اُس سے پیدا فرمایا اور فرمایا۔

مِن صَلصَالٍ كَالفَخَّارِ — الرحمٰن آیت

اور سوداء کو مٹی سے پیدا فرمایا۔ اور ارشاد فرمایا۔ میں نے اسے مٹی سے پیدا کیا۔

فَإِنَّا خَلَقْنَاكُم مِّن تُرَابٍ — الحج آیت ۵

میں نے اُسے مٹی سے پیدا کیا۔

خون کو ہوا سے پیدا فرمایا اور فرمایا۔ مسنون۔

بلغم کو اُس پانی سے پیدا فرمایا جس سے مٹی کو گوندھا تھا۔

قوتوں کی تخلیق

پھر اُس میں قوّتِ جاذبہ کو پیدا فرمایا جس سے وہ غذاؤں کو جذب کرتا ہے پھر قوّتِ ماسکہ پیدا فرمائی جس کے ساتھ حیوان اپنی غذا کو روکتا ہے۔ پھر قوّتِ ہاضمہ پیدا فرمائی جس کے ساتھ غذاء کو ہضم کرتا ہے، پھر قوّتِ دافعہ پیدا فرمائی۔ جس کے ساتھ وہ اپنی ذات سے پسینہ، بخارات، ہوا، براز اور اس کی مثل فضلات کو دُور کرتا ہے۔

رہا جاری ہونا مگر اُس کا حصّہ اور رگوں اور جگر میں خون کا تقسیم ہونا ہے۔ جو ہر جزوِ حیوان سے خالص کرتا ہے تو وہ قوّتِ جاذبہ سے ہوتا ہے نہ کہ دافعہ سے جیسا کہ ہم نے کہا۔ قوّتِ دافع جو نکالتی ہے وہ فُضلات سے ہے نہ کہ اس کے علاوہ سے۔

پھر اس میں قُوّتِ غاذیہ، قُوّتِ منویہ، قُوّتِ حاسیہ، قُوّتِ خیالیہ، قُوّتِ وہمیہ، قُوّتِ حافظہ اور قُوّتِ ذاکرہ کو پیدا فرمایا۔ اور یہ تمام قُوّتیں انسان میں موجود ہیں۔ جس کے ساتھ وہ حیوان ہے نہ کہ صرف انسان اِن کے علاوہ چار قُوّتیں ہیں قُوّتِ خیال، قُوّتِ وہم، قُوّتِ حِفظ اور قوّتِ ذِکر یہ انسان میں حیوان سے زیادہ طاقتور ہیں۔ پھر آدم کو جو کہ انسان ہے قُوّتِ مصوّرہ، قُوّتِ مُفکّرہ اور قُوّتِ عاقلہ سے مختص کیا۔ اور اُس کا حیوان سے امتیاز ہوگیا۔ اور یہ تمام قوی نفسِ ناطقہ کے لئے اِس جسم میں آلات مقرّر کیے جس کے ساتھ اپنے تمام محسوس اور معنوی منافع کی طرف پہنچ سکے۔

پھر اُسے دوسری پیدائش سے پیدا کیا اور وہ انسانیہ ہے۔ پھر ان

قوتوں کے ساتھ اُسے زندہ، عالم، قادر، مرید، متکلم، سمیع، بصیر بنایا اُس حدِ معلوم معتاد تک جس میں وہ اکتساب کرتا ہے۔

فَتَبَارَكَ اللّٰهُ أَحْسَنُ الْخَالِقِيْنَ

پس برکتوں والا اللہ احسن الخالقین ہے۔

ہر اسمِ الٰہی سے انسان کا حصّہ ہے

اللہ سبحانہ تعالیٰ اپنے جن اسماء سے موسوم ہُوا۔ انسان کے لئے بھی ان میں سے ہر اسم کا حصّہ پیدا فرمایا۔ جو عالم میں اُسی قدر ظاہر ہُوا جس کے وہ لائق تھا اس لئے بعض نے نبی کریم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے اس ارشاد کی اِن معنوں پر تاویل کی ہے

إِنَّ اللّٰهَ خَلَقَ آدَمَ عَلٰى صُوْرَتِهٖ الحدیث

اللہ تعالیٰ نے آدمؑ کو اپنی صورت پہ پیدا فرمایا

اور اُسے اپنی طرف سے اپنی زمین میں خلیفہ بنا کر اُتارا۔ کیونکہ زمین عالمِ اعلیٰ کے برعکس عالمِ تغیّر و استحالات ہے۔ چنانچہ اس عالمِ ارضی میں تغیرات کی حیثیت سے احکام ہوتے ہیں۔ تو اُس کے لئے تمام اسمائے الٰہیہ کا حکم ظاہر ہوتا ہے۔ لہٰذا یہ آسمان اور جنّت کی بجائے زمین میں خلیفہ ہُوا۔ پھر اُس کے حکم سے اُسے علمِ اسماءؔ دیا گیا اور فرشتوں کا مسجود بنایا۔ مگر ابلیس نے انکار کیا۔ اس کا تمام ذکر ان شاء اللہ اپنے مقام پر آئے گا۔ کیونکہ یہ باب اجسامِ انسانیہ کی ابتدا کے ساتھ مخصوص ہے۔

اجسامِ انسانی کی ترکیب

اس کی چار انواع ہیں۔ جسمِ آدمؑ، جسمِ حوّاؑ، جسمِ عیسیٰؑ اور اجسامِ بنی آدم۔ ان چاروں میں سے ہر جسم کی پیدائش بسبب اس کے ساتھ صورتِ جسمانیہ

اور رُوحانیہ کے ایک دوسرے سے مختلف ہے۔

ہم نے اِس کا سیاق و انتباہ اس پر رکھا کیونکہ ہو سکتا ہے کمزور عقل والے کو وہم ہو کہ قدرتِ الٰہیہ یا حقائق اِس نشاۃِ انسانیہ سے بغیر سببِ واحد کے بذاتہٖ نہیں ہوئے۔

اللہ تبارک و تعالیٰ نے اس شُبہ کا رَد کیا جس کے ساتھ آدم میں یہ نشاۃ انسانی اس طریق سے ظاہر فرمائی جس کے ساتھ جسم حوّا کو نہیں ظاہر کیا اور جسم حوّا کو اُس طریق پر ظاہر فرمایا جس طریق پر اولادِ آدم کا جسم نہیں ظاہر فرمایا اور جس طریق پر اولادِ آدم کا جسم ظاہر فرمایا اُس طریق پر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا جسم نہ ظاہر فرمایا جب کہ صِفت و حقیقت کے اعتبار سے اِن سب پر اسمِ انسان کا اطلاق ہوتا ہے۔

اَنَّ اللّٰہَ بِکُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ البقرۃ آیت ۲۳۱

بے شک اللہ تعالیٰ ہر چیز کو جاننے والا ہے

اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔ اِن انواعِ اربعہ کی تخلیق کا ذکر اللہ تبارک و تعالیٰ نے قرآن مجید کی سورت حجرات میں بیان فرمایا۔

یٰاَیُّهَا النَّاسُ اِنَّا خَلَقْنٰكُمْ مِّنْ ذَكَرٍ وَّاُنْثٰى سورۃ الحجرات آیت

اے لوگو ہم نے تمہیں نر اور مادہ سے پیدا کیا ہے۔

خَلَقْنٰكُمْ یعنی تمہیں پیدا کیا سے مراد حضرت آدم علیہ السلام ہیں۔ مِنْ ذَکَرٍ یعنی مذکر سے مراد حضرت حوّا علیہا السلام ہیں۔ وَاُنْثٰی یعنی مادہ سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام مراد ہیں اور تمام ذَکَرٍ وَّاُنْثٰی سے مراد بطریقِ نکاح و تولّد بنی آدم مراد ہیں۔ تو یہ آیت جوامع الکلم اور اُس فصل الخطاب سے ہے جو حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کو عطا کیے۔

مرد عورت کی محبت کی وجہ

جیسا کہ ہم نے ذکر کیا ہے۔ جب حضرت آدم علیہ السلام کا جسم ظاہر ہوا تو اُس میں نکاح کی خواہش نہ تھی۔ جب کہ حق تعالیٰ کے علم میں ایجادِ تولد اور تناسل و نکاح موجود تھا۔ اور یہ اِس دُنیا میں بقاءِ نوع کے لئے ہے۔

پس حضرت حوّا علیہ السلام کو حضرت آدم علیہ السلام کی چھوٹی پسلی سے نکالا۔ جس کے ساتھ مرد سے عورت کا درجہ چھوٹا قرار پایا۔ جیسا کہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے ارشاد فرمایا

وَلِلرِّجَالِ عَلَيْهِنَّ دَرَجَةٌ البقرۃ آیت

ترجمہ :- یعنی مردوں کا درجہ عورتوں پر اُونچا ہے۔

عورتیں مردوں کے درجہ کے ساتھ کبھی نہیں مل سکتیں۔ عورت کا پسلی سے پیدا ہونا اپنے بیٹے اور شوہر سے میلانِ محبت کے لئے ہے۔ پس مرد کا عورت پر شفقت کرنا اپنی ذات پر شفقت کرنا ہے۔ کیونکہ وہ اُس کا جزو ہے۔ اور وہ اُس کی پسلی سے پیدا ہوئی ہے۔ اور پسلی میں جھکاؤ اور ٹیڑھا پن ہے۔ اللہ تبارک و تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کے اُس مقام سے جہاں سے حضرت حوّا علیہا السلام نکلی تھیں اُن کی طرف خواہش کا مقام بنایا کیونکہ وجود میں خلا باقی نہیں رہتا۔

جب اللہ تبارک و تعالیٰ نے آپ سے خواہش سے معمور کر دیا تو حضرت آدم نے اُن کی طرف میلان کیا جیسے خود پر مائل ہُوا جاتا ہے۔ کیونکہ وہ اُن کی جزو تھیں اور وہ بھی اُن کی طرف مائل ہو گئیں۔ کیونکہ وہ اُن کا وہ مقام تھے جہاں سے اُن کی پیدائش ہوئی تھی۔ پس حضرت حوّا علیہ السلام کی حضرت آدم علیہ السلام سے محبت حُبِ مقام تھی اور حضرت آدم علیہ السلام کی اُن سے محبت اپنی ذات کی

محبت تھی ، مرد کی محبت عورت کے لئے اس لئے ظاہر ہوتی ہے کہ وہ اس کی عین ہے جب کہ عورت کو مرد کی محبت میں حیاء کی قوت عطا فرمائی گئی تو وہ اپنی محبت چھپانے پر طاقتور ہے کیونکہ اس کا اس مقام سے اتحاد آدم کے اتحاد کی طرح نہیں جس کے ساتھ پسلی میں ان تمام صورتوں کی تصویر دکھادی ۔ جو کچھ حضرت آدم علیہ السلام کے جسم میں پیدا کرنا تھا ۔ حضرت آدم علیہ السلام کے جسم کی پیدائش اس صورت میں تھی جیسا کہ نقاش مٹی اور برتن کو پکانے سے کرتا ہے ۔ اور حضرت حوا سلام اللہ علیہا کے جسم کی پیدائش اس طرح تھی جس طرح ترکھان لکڑی سے جیسی صورتیں چاہے بنا لیتا ہے ۔

جب حضرت حوا سلام اللہ علیہا کو پسلی سے بنا کر ان کی صورت قائم کر دی اور انہیں راست کر لیا تو ان میں اپنی روح پھونک دی تو وہ زندہ بولتی ہوئی مؤنث ہو گئیں ۔ ان کے لئے اللہ تعالیٰ نے وجود انسانیہ کے لئے زراعت اور کھیتی کا مقام بنایا ۔ جو تناسل انسانی ہے ۔ پس حضرت آدم علیہ السلام نے ان کی طرف اور انہوں نے ان کی طرف سکون و آرام پایا ۔ وہ ان کا لباس تھیں اور وہ ان کا لباس تھے اللہ تبارک و تعالیٰ کا ارشاد ہے ۔

هُنَّ لِبَاسٌ لَّكُمْ وَأَنْتُمْ لِبَاسٌ لَّهُنَّ ط — البقرۃ آیت ۱۸۷

وہ تمہارا لباس ہیں اور تم ان کے لباس ہو ۔

ترکیب جسم انسانی

اس سے حضرت آدم علیہ السلام کے تمام اجزاء میں خواہش سرایت کر گئی تو آپ ان کے طالب ہوئے ۔ جب وہ ملے اور رحم میں پانی ڈالا تو پانی کے نطفہ سے حیض کا خون ملا ۔ جسے اللہ تبارک و تعالیٰ نے عورتوں پر لکھا ہے یعنی

مقرر کیا ہے۔ پس اِس جسم میں تیسرا جسم ہو گیا۔ یہ اُس طریق کے علاوہ تھا جس سے حضرت آدم علیہ السّلام اور حضرت حوا سلام اللہ علیہا کے جسموں کو پیدا کیا تھا۔

پس یہ تیسرا جسم ہے تو اللہ تبارک و تعالیٰ نے پیدائش کو رحم میں ایک حال کے بعد دوسرے حال کی طرف منتقل کیا۔ اور پانی کو نطفہ کی طرف اور نطفہ کو علقہ کی طرف اور علقہ کو مضغہ کی طرف اور مضغہ کو ہڈی کی طرف پہنچایا۔ پھر ہڈی کو گوشت پہنایا پس جب نشاۃِ حیوانیہ پوری ہو چکی تو اس سے دوسری مخلوق پیدا کی۔ پس اُس میں روحِ انسانی پھونکی۔

فَتَبَارَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخَالِقِيْنَ ۝

پس اللہ برکت والا احسن الخالقین ہے۔

اگر خوفِ طوالت نہ ہوتا تو ہم اُس کی تکوین کو رحم میں ایک حال کے بعد دوسرے حال کی طرف بیان کرتے۔ اور اُن مؤکل فرشتوں کا ذکر کرتے۔ اور جو ارحام میں اِن صورتوں کے بنانے پر مؤکل ہیں یہاں تک کہ خروج ہو۔ لیکن ہماری غرض اُن اعلام کے ساتھ ہے جس کے ساتھ اجسامِ انسانیہ کا تعلق ہے۔ اگرچہ حدِ حقیقت اور حسیہ و معنویہ صورتوں میں ایک ہیں لیکن اسبابِ تالیف مختلف ہیں۔ شاید کوئی خیال کرے کہ یہ سببِ ذات کے لئے ہے تو یہ نہیں بلکہ وہ اللہ تعالیٰ فاعل مختار کی طرف راجع ہیں۔ وہ جو چاہے کرے۔ اور وہ بغیر رکاوٹ اور قصور کے جیسے چاہے کرتا ہے۔ اِس امر پہ دُوسرا امر ہے۔

لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ

نہیں کوئی معبود مگر وہ غالب حکمت والا ہے۔

جب اہلِ طبعیات نے کہا کہ عورت کی منی سے کچھ نہیں ہوتا اور رحم میں جو

جنین ہے وہ مرد کی منی سے ہے۔ اس لئے ہم نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے جسم کی تکوین کو اس امر سے الگ رکھا ہے، آن کی تکوین دوسری ہے۔ آن کی تدبیر رحم والدہ میں دوسرے بچوں کے اجسام کی طرح تھی۔ خواہ عورت کی منی سے تھی۔ یا بذریعہ روح آن کے لئے پورے مرد کی شکل کی صورت میں ظاہر ہوا اور خواہ بغیر منی کے روح پھونکنے سے تھی۔ بہرحال وہ ایک چوتھا جسم ہیں۔ جو پیدائش اجسام میں الگ نوع ہے۔ اس لئے اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا۔

۲ إِنَّ مَثَلَ عِيسَىٰ عِندَ اللَّهِ كَمَثَلِ آدَمَ خَلَقَهُ مِن تُرَابٍ آل عمران آیت ۶۵

اللہ کے نزدیک عیسیٰؑ کی مثل آدمؑ کی طرح ہے جسے مٹی سے پیدا کیا۔

مٹی کی ضمیر حضرت آدم علیہ السلام کی طرف لوٹتی ہے۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام بغیر باپ کے پیدا ہوئے تو شبہ واقع ہو گیا تو فرمایا۔ آن کی پیدائش کی صفت پیدائش کی طرح ہے۔ مگر حضرت آدم علیہ السلام کو اللہ تبارک وتعالیٰ نے مٹی سے پیدا کیا اور فرمایا "کُن" یعنی "ہو جا"۔ جب کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے متعلق کہا جاتا ہے کہ وہ اپنی ماں کے شکم میں عادتِ جاریہ کے مطابق بچوں کی طرح نہیں رہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے نشانی بنانے کے لئے سُرعت سے پیدا فرمایا۔

اس کے ساتھ آن اہلِ طبعیات کی تردید کی گئی ہے جو اُس طبیعت پر حکم دیتے ہیں جو اُنہیں عادتاً عطا کی گئی ہے۔ اور طبعی لوگ اسرار تکوینات عجیبہ سے جو اِن پیدائشوں میں اللہ تعالیٰ نے ودیعت کیا ہے اُسے نہیں مانتے۔ بعض اہلِ طبعیات اہلِ دانش حضرات نے اس طبعیت میں انصاف کی بات کہی ہے کہ ہم اسے نہیں جانتے۔ مگر جو ہمیں خاص طور پر عطا کیا ہے اُسے جانتے ہیں۔ اور اس کا ہمیں علم نہیں۔ ہم نے اجسامِ انسانیہ کی ابتداء کا ذکر کیا ہے۔

عقل کیسے پیدا ہوئی

ہم نے اجسامِ انسانیہ کی ابتدار کا ذکر کیا اور وہ چار مختلف پیدائشیں ہیں جو ہم نے مقرر کیں۔ اور یہ آخری مولدات ہیں۔ اُس کی نظیر عقلِ اوّل ہے جس کے ساتھ اس کا رابطہ ہے۔ کیونکہ وجود دائرہ ہے اور ابتدائے دائرہ عقلِ اوّل کا وجود ہے اس میں حدیث وارد ہوئی ہے کہ۔

اَوَّلُ مَا خَلَقَ اللّٰہُ الْعَقْلُ — الحدیث

یعنی اللہ تعالیٰ نے سب سے پہلے عقل کو پیدا کیا

اور عقلِ اوّل اجناس سے ہے اور پیدائش کی انتہا تخلیقِ جنسِ انسانی پر ہے بس دائرہ مکمل ہوا تو انسان عقل کے ساتھ متصل ہو گیا۔ جیسا کہ دائرہ کا آخری حصہ پہلے حصے سے مل جاتا ہے تو یہ دائرہ ہے۔ اور دائرہ کے دونوں گوشوں کے درمیان اللہ تبارک وتعالیٰ نے اجناسِ عالم سے جو کچھ تخلیق فرمایا وہ عقلِ اوّل کے درمیان ہے اور عقلِ اوّل قلم بھی ہے اور انسان کے درمیان ہے جو آخری موجود ہے۔

جب کہ خطوط نقطہ سے خارج ہوتے ہیں جو محیطِ دائرہ کے وسط میں ہے اور وہ محیط سے ہر جزو کے لئے مساوات پر نکلتے ہیں۔ ایسے ہی اللہ تبارک وتعالیٰ کی نسبت تمام موجودات کی طرف نسبتِ واحدہ ہے اور یہاں ہرگز تغیر واقع نہیں ہوتا۔ تمام تر اشیا اُسی کی طرف دیکھ رہی ہیں اور اُس امر کو اُسی سے قبول کرتی ہیں جو نظرِ اجزائے محیط نقطہ کی طرف عطا کرتی ہے۔

انسان خیمۂ افلاک کا ستون ہے

اللہ سبحانہٗ تعالیٰ نے یہ صورتِ انسانیہ

خیمہ کے درمیانی ستون کی صورت حرکت کے ساتھ قائم فرمائی اور اُسے اُن آسمانوں کے قبہ کے لئے مقرر فرمایا۔ اور اللہ تعالیٰ نے اِس ستون کے ساتھ آسمانوں کو تھام رکھا ہے، جب یہ صورت نہ رہے گی اور زمین پر کوئی متنفس باقی نہ رہے گا تو آسمان پھٹ جائے گا۔ تو یہ وہ وقت ہے۔ جب مضبوطی قائم نہ رہے گی۔ کیونکہ ستون زائل ہو جائے گا اور وہ انسان ہے۔ جب انتقالِ انسان کے ساتھ یہ عمارت دارِ آخرت کی طرف منتقل ہو جائے گی تو اس منتقلی کے ساتھ دنیا برباد ہو جائے گی۔

انسان مقصودِ خداوندی ہے

ہمیں قطعی طور پر معلوم ہو چکا ہے کہ انسان عالم سے اللہ تعالیٰ کا عین مقصود ہے اور یہ خلیفہ برحق ہے۔ اور یہ ظہورِ اسمائے الٰہیہ کا محل ہے۔ اور یہ تمام بے مُلک و فلک، رُوح و جسم، طبعیات و جمادات اور نباتات و حیوانات سے حقائق عالم کا جامع ہے۔ اِس کا جسم و حجم چھوٹا ہوتے کے ساتھ اللہ تبارک و تعالیٰ نے اِس کے حق میں کہا ہے۔

"لوگوں کے پیدا کرنے سے آسمان و زمین کا پیدا کرنا بڑا ہے کیونکہ انسان آسمان و زمین سے پیدا ہوتا ہے۔ تو وہ دونوں اُس کے لئے ماں باپ کی طرح ہیں۔"

اللہ تبارک و تعالیٰ نے اِس کی قدر بلند فرمائی لیکن بہت سے لوگ نہیں جانتے اور رحم میں نہیں لوٹایا کیونکہ یہ معلوم و محسوس ہے۔ مگر اللہ تبارک و تعالیٰ ایسے اُبتلاء آزمائش میں ڈالتا ہے جس میں مخلوق سے کسی کو نہیں ڈالتا۔ اِس لئے اُس کی توفیق کے مطابق اس ابتلا کے ذریعہ سے اُسے سعید یا شقی قرار دیتا ہے۔ اللہ تبارک و تعالیٰ نے اِس میں ایک قوت پیدا کی ہے جس کا نام فکر ہے جس کی بنا پر یہ امتحان میں ڈالا جاتا ہے۔ اِس قوت کو اُس قوت کا خادم بنایا جس کا نام عقل ہے

اور عقل کو فکر پر زبردستی سرداری دی کہ وہ اس چیز کو اخذ کرے جو اُسے فکر سے ملے اور فکر کے لئے مجال نہیں کہ وہ کوئی چیز قوتِ خیالیہ کے بغیر حاصل کرے۔ اللہ سُبحانہٗ و تعالیٰ نے قوتِ خیالیہ کو قوتِ احساس کا محل بنایا اور اُس کے لئے ایک اور قوت بنائی جو قوتِ مصوّرہ ہے پس قوتِ خیالیہ میں وہی حاصل ہوتا ہے جو اُسے قوتِ حس یا قوتِ مصوّرہ عطا کرتی ہے اور قوتِ مصوّرہ کا مادہ محسوسات سے صُورتیں ترتیب دیتا ہے اور اُس کی عین نہیں لیکن اُس کے تمام اجزاء حس میں موجود ہیں اور یہ اس لئے ہے کہ عقل کو ساذجا پیدا کیا گیا ہے۔ اس کے نزدیک علومِ نظریہ سے کوئی چیز نہیں اور فکر کے لئے کہا گیا کہ جو اس میں قوتِ خیالیہ ہے اُس سے حق و باطل کی تمیز کرلو۔ چنانچہ اُس کے لئے حسبِ واقع نظر آتا ہے تو اُسے کبھی شبہ حاصل ہوتا ہے اور کبھی اُسے اس کے ساتھ دوسرے علم سے دلیل حاصل ہو جاتی ہے لیکن اُسے اپنے گمان میں دلائل سے شبہ کی صُورتوں کا عالم ہوتا ہے اور وہ اُس مواد کی طرف نہیں دیکھتا جن سے علوم حاصل کرنے میں سند پکڑتا ہے۔

پس وہ اُس سے عقل کو قبول کرتا ہے جس کے ساتھ اس علم سے اُس کی جہالت میں اضافہ ہوتا ہے جو متقارب نہیں ہوتا۔ پھر اللہ تبارک و تعالیٰ نے اس عقل کو اپنی معرفت کا مکلف کیا تاکہ اس کے ذریعہ سے اس میں اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرے نہ کہ اس کے غیر کی طرف۔ اور عقل اُس تفیض سے ارادۂ الٰہی کو بھانپ لیتی ہے۔

اللہ تبارک و تعالیٰ نے فرمایا ہے۔

اَوَلَمْ يَتَفَكَّرُوْا[1] لِقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ۝[2]

"تو یہ فکر کی طرف سند ہے۔ اور اُسے امام بنایا۔ جس کی اقتداء کی جاتی ہے۔"

---

[1] الروم آیت ۸ [2] یونس آیت ۲۴

اہل اللہ عجز سے معرفت حاصل کرتے ہیں

وہ شخص اپنی مراد میں فکر کے ساتھ حق تعالیٰ سے غافل ہو جاتا ہے کہ وہ اُسے فکر کرنے کے لئے مخاطب فرماتا ہے پھر وہ اپنے علم سے اللہ تعالیٰ کے ساتھ بری ہو جاتا ہے کہ سوائے اللہ تعالیٰ کی تعریف کے کوئی راستہ نہیں۔ پھر اُس پر یہ اَمر منکشف ہو جاتا ہے جس پر وہ ہے۔

پس ہر عقل اُس کا فہم نہیں رکھتی۔ مگر یہ عقول اللہ تبارک و تعالیٰ کے انبیاء اور اولیاء کے لئے مخصوص ہیں۔

کاش مجھے معلوم ہوتا کہ جب حضرت آدم علیہ السلام کی پشت سے اُن کی ذُرّیت کو مٹھی میں لے کر گواہ بنایا تھا تو کیا اُنہوں نے اپنے افکار سے بلیٰ یعنی ہاں کہی تھی۔ نہیں خدا کی قسم نہیں۔ بلکہ اللہ تعالیٰ نے اپنی عنایت سے اُنہیں اُن کی پشتوں سے لیتے وقت اپنی گواہی پیش فرمائی۔ جب وہ اپنی مُفکرہ قوتوں سے اللہ تبارک تعالیٰ کی معرفت میں اَخذ کرنے کے لئے رجوع کرتے ہیں تو معرفتِ الٰہیہ میں ایک حکم پر کبھی جمع نہیں ہوتے اور ہر طائفہ ایک مذہب کی طرف چلا جاتا ہے اور جمالِ الٰہی میں کثرت سے گفتگو کرنے لگے۔ اللہ تعالیٰ کے حق میں انتہائی جرأت سے کام لینے لگے۔

یہ سب کچھ اِس ابتلاء سے ہے جس کا ذکر ہم نے انسان میں اُس کی فکر کی تخلیق سے کیا۔

اہلِ اللہ جو اپنی معرفت میں اللہ تعالیٰ نے ایمان کے ساتھ مکلّف فرمائے ہیں۔ وہ اُس کی طرف محتاج ہیں اور جانتے ہیں کہ اُن سے مُراد اِس میں اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرنا ہے اور اُن میں سے ہر حال میں اِس اَمر کے قائل ہیں کہ وہ پاک ہے جس نے اپنی معرفت کا راستہ سوائے عجز کے اور کوئی نہیں ٹھہرایا۔

اُن میں سے بعض یہ کہتے ہیں کہ درک الادراک سے عاجز ہونا ہی ادراک ہے۔

حضورِ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم نے فرمایا۔ الٰہی!

"میں تجھ پر ثناء کا شمار نہیں کر سکتا۔"

اور اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا۔

وَلَا يُحِيطُونَ بِهِ عِلْمًا — آیت ۱۱۰ سورۃ طٰہٰ

"لوگ اُس کے علم کا احاطہ نہیں کر سکتے۔"

پس معرفتِ الٰہیہ میں اللہ کی طرف رجوع کرتے ہیں اور اِس مرتبہ میں فکر کو چھوڑ دیتے ہیں اور اُس کا حق ادا کرتے ہیں۔ چنانچہ جس اَمر میں فکر کرنے کا حق نہیں پہنچتا اُسے نقل نہیں کیا۔ اور بے شک اللہ تبارک وتعالیٰ کی ذات میں غور وفکر کرنے سے روک دیا گیا اور اللہ تبارک وتعالیٰ کا ارشاد ہے۔

وَيُحَذِّرُكُمُ اللّٰهُ نَفْسَهُ۔ یعنی اللہ تعالیٰ تمہیں اپنی ذات میں فکر کرنے سے ڈراتا ہے۔

پس اللہ تبارک وتعالیٰ اُنہیں اپنی معرفت عطا کرتا ہے۔ جو عطا کرتا ہے اور اپنی مخلوقات میں سے مشاہدہ کرواتا ہے۔

اور وہی مظاہرہ ہے جو اُنہیں مشاہدہ کرواتا ہے۔ اور وہ جان لیتے ہیں کہ جو طریق فکر سے عقلاً محال ہے۔ نسبتِ الٰہیہ سے محال نہیں۔ جیسا کہ اُس کا ذِکر اس زمین کے باب میں آئے گا۔ جیسے حضرت آدم علیہ السّلام وغیرہ کی باقی مٹی سے تخلیق کیا گیا۔

ذی عقل کے لئے ضروری ہے کہ وہ اپنی ذات میں اللہ تعالیٰ کی ذات کا فرماں بردار رہے اور جان لے کہ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ۔ یعنی اللہ تبارک وتعالیٰ ہر چیز پر قادر ہے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ کے آگے کوئی اَمر محال نہیں۔ اُس کا

اقتدار نافذ ہے۔ اور وہ وسیع عطا کرنے والا ہے۔ اُس کے پیدا کرنے میں کوئی تکرار نہیں بلکہ وہ سب عالم امثال میں ایک ہی جوہر میں پیدا ہوجاتے ہیں جنہیں وہ پیدا کرنا چاہتا ہے۔ اُس کی مرضی ہے کہ انہیں باقی رکھے یا انفاس کے ساتھ فنا کر دے۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ؕ ال عمران آیت ۱۸

نہیں کوئی معبود مگر وہ غالب حکمت والا

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ ساتویں باب کا ترجمہ ختم ہوا۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ؕ

باب ہشتم

" اس زمین کی معرفت جو حضرت آدم علیہ السّلام کے خمیر کی باقی طینت سے پیدا کی گئی۔ یہی زمین حقیقت ہے اور بعض اُن عجائب و غرائب کا بیان، جو اِس میں ہیں "۔

یاأخت بل یاعمتی المعقوله   أنت الامیمة عندنا المجهوله
نظر البنون الیك أخت أبیهمو   فتنافسوا من همة معلوله
الا القلیل من البنین فانهم   عطفوا علیك بأنفس مجبوله
یاعمتی قل کیف أظهر سرّه   فیك الاخیّ محققات تنزیله
حتی بدا من مثل ذاتك عالم   قد یرتضی رب الوری توکیله
أنت الامامة والامام أخوك والمأ   موم أمثال له مسئوله

اے بہن بلکہ اے میری پھوپھی! تُو ہمارے نزدیک غیر معرُوف چھوٹی ماں ہے۔ بیٹوں نے تیری طرف اپنے باپ کی بہن کی نظر سے دیکھا بس ہمّتِ معلُول سے رغبت کرنے لگے۔ مگر تھوڑے بیٹوں نے تجھ پر نفسِ مجبُولہ سے عطف کیا۔
اے پھوپھی! بتا! تیرے بھائی نے تجھ میں اپنا بھید کیسے ظاہر کیا جس کا ذکر تنزیلِ الٰہی میں محقّق ہے۔ یہاں تک کہ تیری ذات کی مثل ایک عالم ظاہر ہُوا۔ رَبُّ العزّت تیری توکیل سے راضی ہے۔ تُو امامہ ہے اور تیرا بھائی امام ہے اور اُس کی مثل اقتداء کرنے والے اُس کے برابر ہیں۔

مخصوص زمین

جاننا چاہیئے کہ جب اللہ تبارک و تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو پیدا فرمایا اور وہ پہلا انسانی جسم ہے اس جسم کو اجسام انسانیہ کے وجود کے لئے اصل قرار دیا۔

حضرت آدم علیہ السّلام کے خمیر کی جو مٹی باقی بچی اُس سے کھجور کا درخت پیدا فرمایا تو یہی کھجور حضرت آدم علیہ السّلام کی بہن ہے اور یہی ہماری پھوپھی ہے۔ شریعت نے بھی اس کا نام پھوپھی رکھا۔ اور اس کی تشبیہہ مومن کے ساتھ دی۔ دوسری نباتات کے برعکس اس کے عجیب اسرار ہیں اور اس کھجور کی تخلیق کے بعد سمسمہ کی مقدار پوشیدگی میں مٹی بچی اُس میں وسیع زمین کو کھینچا۔

جب عرش کو مقرر فرمایا اور جو اُس کے اِردگرد آسمان، زمینیں کرسی، تحت الثریٰ اور تمام جنتیں اور دوزخ ہیں اس زمین میں پیدا کیۓ گئے۔ یہ سب اس میں ایسے ہیں جیسا کہ زمین کے جنگل میں زنجیر کا ایک چھوٹا سا حلقہ، اور اس زمین میں ایسے عجائب و غرائب ہیں جن کا اندازہ نہیں ہو سکتا۔ اور اس امر سے عقلیں حیران ہیں۔ اس کے ہر نفس میں اللہ تبارک و تعالیٰ عوالم پیدا فرماتا ہے جو روز و شب خُدا کی تسبیح میں لگے ہوتے ہیں۔ اور غافل نہیں ہوتے۔ اس زمین میں اللہ تبارک و تعالیٰ کی عظمت ظاہر ہے اور دیکھنے والے کے نزدیک یہ عظمت اور بھی زیادہ ہے۔ اور کثیر محالاتِ عقلیہ جن پر صحیح عقلی دلیل قائم ہو چکی ہے وہ اس زمین میں موجود ہیں۔ اور یہ عارفوں اور علماء باللہ کی نظروں کو نواز رہی ہے اور وہ اُس میں جولانی دکھاتے ہیں۔

ایک روایت جملہ عوالم سے اللہ تبارک و تعالیٰ نے ہماری صورتوں پر عالم

پیدا فرمائے. جب عارف اِن کو دیکھتا ہے تو اِس میں اپنی ذات کا مشاہدہ کرتا ہے۔ حضرت عبداللہ ابنِ عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے اِس کی مثل کی طرف اشارہ کیا ہے جس میں اِس حدیثِ کعبہ میں روایت آئی ہے کہ یہ چودہ گھروں میں سے ہے۔ ساتوں زمینوں سے ہر زمین میں ہماری مثل مخلوق ہے یہاں تک کہ اُن میں میری طرح ابنِ عباس موجود ہے۔ اہلِ کشف کے نزدیک یہ روایت سچّی ہے۔

اَور بھی زمینیں ہیں

ہم زمین اور اُس کی وُسعت اور اُس کے عوالم کی کثرت اور اُس میں مخلوقات کی طرف رجوع کرتے ہیں اور اِس سے اِس میں عارفوں کے لئے تجلّیاتِ الٰہیہ وارد ہوتی ہیں۔

ایک عارف نے مجھے اِس اَمر کی خبر دی ہے جسے میں مشاہدہ سے جانتا ہوں۔ اُس نے کہا کہ میں ایک روز اُس زمین کی ایک مجلس میں داخل ہوا جس کا نام مجلسِ رحمت تھا۔ میں نے اُس سے عجیب مجلس کبھی نہیں دیکھی۔ میں اُس میں تھا کہ مجھ پہ تجلّیِٔ الٰہی ظاہر ہوئی اور اُس تجلّی نے مجھے پکڑا نہیں یعنی بے ہوش نہیں کیا بلکہ میں اُس کے ساتھ باقی رہا۔ اور یہ اُس زمین کی خاصیت ہے کیونکہ اِس دُنیا میں اِن ہیکلوں کی جو تجلّیاتِ الٰہیہ انبیاء و اولیاء پر وارد ہوتی ہیں وُہ اُنہیں اِن کے دیکھنے سے از خُود رفتہ کر دیتی ہیں۔

اَیسے ہی بُلند آسمانوں کے عالم اور کُرسی اور عالمِ عرش محیطِ اعلیٰ اور اُس کے مکینوں پر جب تجلّیاتِ الٰہیہ وَارد ہوتی ہیں۔ تو اُنہیں ہوش و خرد سے بیگانہ کر دیتی ہیں۔ چنانچہ جب یہ زمین صاحب کشف عارف کو حاصل ہوتی ہے تو اُس کے لئے واقع ہونے والی تجلّی اُسے شہود سے غافل نہیں کرتی اور نہ لے

اُس کے وجود سے بے بہرہ کرتی ہے اور اُس کی رویت اور گفتگو کے درمیان اجتماع قائم رہتا ہے۔

اُس نے کہا! اُس مجلس میں میرے لئے ایسے امور و اسرار کا اتفاق ہوا۔ جن کے دقیق معانی اور عدمِ وصول ادراکات کی بنا پر بیان کی گنجائش نہیں۔ اس سے پہلے کہ انسان اِن مشاہد کی مثل اُس کا خود مشاہدہ کرے۔ اُس زمین میں گلستان، باغات، حیوانات و معدنیات کا اندازہ سوائے اللہ تعالیٰ کے نہیں لگایا جا سکتا۔

وہاں بھی زندگی ہے

اُس زمین میں جو چیز ہے زندہ اور ناطق ہے اور اُس کی حیات و نطق ہماری دُنیا کی اشیاء میں زندگی اور نطق کی طرح ہے اور وہ اشیاء باقی ہیں نہ فنا ہوتی ہیں اور نہ تبدیل ہوتی ہیں اور نہ اُن کے عالموں کو موت ہے۔ اور وہ زمین طبعیہ اور طینیت بشریہ کے اجسام سے کسی چیز کو قبول نہیں کرتی۔ سوائے اس کے عوالم کے یا بالخصوص ہمارے عالم ارواح کو قبول کرتی ہے۔

جب عارف اُس میں داخل ہوتے ہیں تو وہ اپنی ارواح کے ساتھ داخل ہوتے ہیں نہ کہ جسموں کے ساتھ۔ پس وہ اپنے ہیکل اسی دُنیا کی زمین میں چھوڑ دیتے ہیں اور مجرد ہوتے ہیں۔ اُس زمین میں عجیب و غریب صورتیں ظاہر یا پیدا ہوتی ہیں جو اس عالم کے راستوں کی گلیوں کے سرِ راہ کھڑی ہوتی ہیں جس میں ہم بستے ہیں اور وہ جو زمین و آسمان اور جنت و دوزخ میں رہتے ہیں۔

وہاں داخلہ کیسے ہوتا ہے

جب ہم سے کوئی عارف وہاں جانا چاہتا

ہے یا نوعِ انسانیہ یا جنّ اور فرشتہ یا اہلِ جنّت سے بشرطِ معرفت اس میں داخل ہونا چاہتا ہے تو اپنے جسمانی ہیکلوں سے مجرّد ہو جاتا ہے۔ اور اُن صورتوں کو گلیوں کے سروں پر پاتا ہے جس کے ساتھ وہ مؤکل قائم ہو جاتے ہیں۔ اُنہیں اللہ تبارک و تعالیٰ نے اسی شغل کے لئے کھڑا کر رکھا ہے۔ اور اُن میں سے کوئی ایک اس داخل ہونے والے کی طرف لپکتا ہے۔ اور اُس کی قدر و منزلت کے مطابق لباس پہناتا ہے اور اُس کا ہاتھ پکڑ کر اُس زمین میں چکر لگاتا ہے۔ اور اُس سے جہاں چاہتا ہے لپٹ جاتا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ کی مصنوعات میں عبرت پکڑتا ہے۔ اور وہ کسی حجر و شجر وغیرہ اور کسی چیز کے پاس سے نہیں گذرتا کہ وہ اُس سے کلام کا ارادہ کرے مگر ہر چیز اُس سے کلام کرتی ہے۔ جیسا کہ اُس کا ساتھی شخص کلام کرتا ہے اُن لوگوں کی مختلف زبانیں ہیں اور اُس زمین کو یہ خاصیت عطا کی گئی ہے۔ کہ اس میں جو شخص داخل ہوتا ہے اُس میں بولی جانے والی تمام زبانوں کو سمجھ لیتا ہے۔ جب وہاں سے وہ اپنی ضرورت پُوری کرنے کے بعد واپسی کا ارادہ کرتا ہے تو اُس کا ساتھی اُسے اُس مقام پر واپس لے آتا ہے جس مقام سے وہ داخل ہُوا تھا۔ اور جب اُسے نکالتا ہے تو اُس کا وہ لباس اُتار لیتا ہے جو اُسے پہنایا تھا اور اُس سے واپس لوٹ جاتا ہے۔ اور اُسے دلائل و علوم حاصل ہوتے ہیں اور اُس میں اُس کا عِلم باللہ زیادہ ہوتا ہے جو کہ مشاہدہ کے وقت نہیں ہوتا۔

میں نے اُس زمین میں حاصل ہونے والے فہم کی سُرعت اور کہیں نہیں دیکھی اور ہمارے نزدیک اُس دار اور اُس نشاۃ میں جو کچھ ظاہر ہُوا ہے وہ اس قول کے بالعکس ہے جس کا ہم نے مشاہدہ کیا اور اُسے بیان نہیں کیا۔

دُوسرے کا وجُود اپنانا

اِن میں سے ایک بات یہ ہے جو اوحدالدین حامد بن ابی فخر کرمانی نے بیان کی۔ اللہ تعالیٰ اُس کی موافقت فرمائے۔ اُس نے کہا میں نوجوانی کے وقت ایک بزرگ کا خادم تھا۔ شیخ پیچش کا بیمار ہو گیا۔ جب ہم تکریت کے مقام پر پہنچے تو میں نے کہا۔ یا سیدی! مجھے چھوڑ دیں تاکہ میں راستے سے سنجار کے دواخانے کے مالک سے آپ کے لئے پیچش روکنے کی دوا لے آؤں۔ جب انہوں نے میرے دل کی جلن کو دیکھا تو مجھے کہا! اُس کی طرف جا سکتے ہو۔ کہا کہ جب میں اُس صاحب سبیل کی طرف گیا تو وہ خیمہ میں بیٹھا ہُوا تھا اور لوگ اُس کے سامنے کھڑے تھے اور اُس کے سامنے شمع جل رہی تھی، نہ تو وہ شخص مجھے پہچانتا تھا اور نہ میں اُسے پہچانتا تھا۔ جب اُس نے مجھے لوگوں میں کھڑے دیکھا تو میری طرف اُٹھ کر آیا اور میرا ہاتھ پکڑ کر میرا اکرام کیا اور مجھ سے میری حاجت دریافت کی۔

میں نے اُسے شیخ کا حال بتایا۔ تو اُس نے دوا حاضر کی اور مجھے دے دی اور وہ میرے اعزاز کے لئے میرے ساتھ باہر آیا اور اُس کے خادم نے شمع اُس کے آگے کر رکھی تھی۔ میں خوفزدہ تھا کہ شیخ نے اُسے دیکھ لیا تو اُس میں حرج واقع ہو گا۔ پس میں نے اُسے قسم دی اور وہ واپس ہو گیا۔

میں نے شیخ کی طرف واپس آکر انہیں دوا دی اور اُن سے صاحب سبیل امیر کا اپنی عزت افزائی کرنا بیان کیا۔

شیخ نے تبسم کناں ہو کر مجھے فرمایا! اے بیٹے جب میں نے تیری جاں سوزی کو دیکھا۔ تو تجھ پر شفقت کرتے ہوئے تجھے اجازت دے دی۔ جب تو چلا گیا تو میں خائف ہُوا کہ کہیں امیر تیرے عدم استقبال سے تجھے رُسوا نہ

کرے۔ چنانچہ میں اپنے اِس ہیکل سے مجرّد ہو کر اُس امیر کے ہیکل میں داخل ہو گیا اور اُس کے مقام میں بیٹھ گیا۔

پس جب تم آئے تو میں نے تمہارا اکرام کیا۔ اور تمہارے ساتھ وہ سلوک کیا جو تم نے دیکھا۔ پھر میں اپنے اِس ہیکل میں لوٹ آیا اور مجھے اِس دوا کی ضرورت نہیں اور نہ میں اسے استعمال کروں گا۔

کستوری کا خِطّہ

جب یہ شخص دوسری صورت میں ظاہر ہو سکتا ہے۔ تو اُس زمین کے رہنے والے کیسے ہوں گے۔ مجھ سے ایک عارف نے کہا کہ جب میں اُس زمین میں داخل ہُوا تو وہاں اُس زمین کا ایک خِطّہ دیکھا جو سارے کا سارا عطرِ کستوری تھا۔ اگر اِس دُنیا میں ہم میں سے کوئی اُسے سونگھ لے تو خوشبو کی قوت سے ہلاک ہو جائے جسے اللہ تعالیٰ لمبا کرنا چاہے لمبا ہوتا ہے۔

سونے کی زمین

میں اُس زمین میں زمین کے ایک ایسے خطّے میں داخل ہُوا جو سُرخ اور نرم سونے کا تھا۔ اُس کے تمام درخت سونے کے تھے۔ اُس کے تمام پھل سونے کے تھے۔ پس اگر کوئی وہاں سے سیب یا دُوسرا پھل لے کر کھائے تو اُس میں میں ایسی لذت، حُسن اور خوشبو پائے گا جس کا وصف بیان کرنے والا وصف بیان نہیں کر سکتا۔

جنّت کے پھل اِس سے قاصر ہیں تو دُنیا کے پھل کیسے مقابلہ کریں گے۔ ان کے جسم شکل اور صورت سونے کی تھی اور صورت و شکل ایسی تھی جیسا کہ

ہمارے ہاں پھل کی شکل و صورت ہوتی ہے۔ اور اُن کی لذت مختلف ہے۔ اور اُس پھل میں نقش بدیع اور زینت حسن ایسی ہے جس کا گمان نہیں کیا جاسکتا اور اُس کا مشاہدہ آنکھ بھی کر سکتی ہے۔

میں نے اُس کے پھل اتنے بڑے بڑے دیکھے کہ اگر اُنہیں آسمان و زمین کے درمیان ٹھہرایا جائے تو اہلِ زمین اُس کے نیچے چھپ جائیں اور آسمان کو نہ دیکھ سکیں اور اگر اُسے اِس زمین پر ٹھہرایا جائے تو یہ زمین اُس کی متحمل نہ ہو سکے۔ کیونکہ وہ اِس سے بڑا ہے اور جب اُسے کھانے کے ارادے سے مٹھی میں لیا جائے تو وہ اِس ہاتھ میں آجاتا ہے۔ وہ ہوا سے زیادہ لطیف ہے۔ باوجود اِس بڑائی کے وہ ہاتھ میں سما جاتا ہے اور یہ وہ امر ہے جو یہاں ہماری نظر میں محال ہے۔

حضرت ذوالنون مصری رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ نے جب اِس کا مشاہدہ کیا تو اُنہوں نے اِس کی حکایت بیان کرتے ہوئے کہا کہ بڑی چیز چھوٹی چیز پر اِیراد کر سکتی ہے۔ بغیر اِس کے کہ چھوٹی کو بڑی یا بڑی کو چھوٹی یا وسیع کو تنگ یا تنگ کو وسیع کیا جائے۔

جیسا کہ مَیں نے ذکر کیا کہ سیب کی بڑائی باقی رہتی ہے اور اُس پر چھوٹے ہاتھ کے ساتھ مٹھی میں لینا اور احاطہ کرنا موجود ہے۔

کیفیت مشہودہ غیر معروف ہے۔ جسے اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی نہیں جانتا۔ اور اِس کے ساتھ حق تعالیٰ منفرد ہے۔

ہمارے نزدیک زمانے کا ایک دن اُن کے نزدیک کئی سالوں کی مدت ہوتا ہے اور اُس زمین کے زمانے مختلف ہوتے ہیں۔

چاندی کا خطّہ کہا کہ مَیں اُس زمین میں زمین کے ایک ایسے خطّے میں گیا

جو سفید چاندی کی صورت تھا۔ اور اُس کے درخت، نہریں اور لذّت والے پھل سب کے سب چاندی کی شکل کے تھے۔ اور وہاں رہنے والوں کے تمام اجسام چاندی کے تھے۔ ایسے ہی وہاں کی ہر زمین کے درخت، پھل، نہریں اور دریا اُسی جنس سے پیدا کیے گئے تھے۔ جب اُن پھلوں کو کھایا جائے تو اِن میں لذّت اور خوشبو دُوسری تمام کھائی جانے والی چیزوں کی مثل ہوتی ہے۔ باوجودیکہ اِن کی لذّت کی توصیف نہیں کی جا سکتی اور نہ بیان کی جا سکتی ہے۔

کافوری خطّہ

مَیں اِس زمین کے ایک سفید کافوری خطّہ میں داخل ہُوا اور اُس کے بعض مقامات آگ سے زیادہ گرم تھے جس میں انسان داخل ہو کر جلتا نہیں۔ بعض مقامات معتدل اور بعض ٹھنڈے تھے۔ اور اِن زمینوں سے وہاں کی زمین بڑی ہے۔ یہ مقامات اُسی بڑی زمین میں ہیں۔ اگر اِس میں آسمان رکھا جائے تو صحرا میں پڑی ہُوئی انگوٹھی کی طرح ہو گا۔

اور جو کچھ اِن تمام زمینوں میں ہے میرے نزدیک بہت اچھّا ہے اور میرے مزاج سے زعفران کی زمین کا خطّہ زیادہ موافقت رکھتا ہے۔

اُس زمین کے عجائب و غرائب

مَیں نے دُنیا کی کسی زمین میں وہاں کے عالم میں زیادہ ہشّاش بشّاش اور کھِلا ہُوا شخص نہیں دیکھا۔ اُن واردات کے ساتھ جو اُن پر ہوتی ہیں۔ وہ لوگ نہایت خندہ پیشانی کے ساتھ ملاقات کرتے ہیں۔ اور اُن کے کھانوں میں سے تعجّب خیز اَمر یہ ہے کہ آپ وہاں سے کوئی چیز کھائیں یا پھل ٹوٹ جائے تو اُسی

وقت اُس کی جگہ پر دُوسرا پھل لگ جاتا ہے۔ اور دُوسری چیز اُگ آتی ہے جب اُس پھل کو آپ اپنے ہاتھ سے توڑ کر اُس جگہ سے علیحدہ کر دیں تو بھی اُس کی جگہ دُوسرا پھل لگ جاتا ہے۔ اِسے سوائے زیرک انسان کے کوئی نہیں جانتا۔ اُس زمین میں ہرگز نقص ظاہر نہیں ہوتا۔ یعنی کمی واقع نہیں ہوتی۔ جب آپ وہاں کی عورتوں کی طرف دیکھیں گے تو آپ گمان کریں گے کہ جنّت کی حُوریں ان کی نسبت ایسی ہیں جیسا جنّت کی حُوروں کی نسبت ہماری بشری عورتیں ہوتی ہیں اور اُن سے جماع کی لذّت کو کسی لذّت کے ساتھ مشابہت نہیں دی جاسکتی۔ وہاں کے اہل زمین اپنے پاس آنے والے کے ساتھ عشق و محبّت سے پیش آتے ہیں۔ اُن کے نزدیک تکلیف نہیں بلکہ وہ حق تعالیٰ کی تعلیم میں ایسی جبلّت پر ہیں۔ اگر وہ اس کے خلاف استطاعت بھی رکھتے ہوں تو بھی وہ ایسا کام نہیں کرتے جو خُدا کے حُکم کے خلاف ہو یعنی وہ کوئی غلط حرکت کر ہی نہیں سکتے۔

اُن کی عمارتیں اُن کی ہمّتوں سے پیدا ہوتی ہیں جیسا کہ ہماری عمارتیں آلات اور حُسنِ صنعت سے تعمیر ہوتی ہیں۔

وہاں کے دریا

پھر ان کے دریا ہیں جن کا ایک دوسرے سے امتزاج نہیں ہوتا جیسا کہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے فرمایا ہے۔

مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ يَلْتَقِيَانِ لا بَيْنَهُمَا بَرْزَخٌ لَّا يَبْغِيَانِ ج الرحمٰن آیت ۱۹، ۲۰

دو ملے ہوئے دریا بہتے ہیں اُن کے درمیان برزخ ہے۔ وہ ایک دوسرے پر بغاوت نہیں کرتے۔

آپ سونے کے دریا کی انتہا دیکھیں تو اُس کی موجیں اُٹھتی ہیں۔ اور

پڑوس کے لوہے کے دریا میں مل جاتی ہیں۔ مگر ایک میں دوسرے سے کوئی چیز داخل نہیں ہوتی۔ حرکت اور بہنے میں اُن دریاؤں کا پانی ہوا سے زیادہ لطیف ہے۔ اور اُس کی صفائی کا یہ عالم ہے کہ اُس کے کناروں پر چلنے والے چارپائے اور زمین اُس میں صاف نظر آتی ہے جس میں وہ دریا بہہ رہا ہے۔ جب آپ اُس کے پانی کو پینا چاہیں گے تو اُس میں ایسی لذت پائیں گے جو کسی مشروب میں نہیں پائی جاتی۔

اُس میں نباتات کی تخلیق جیسا کہ تمام نباتات ہیں، سے بغیر تناسل کے ہوتی ہے بلکہ جس طرح ہمارے نزدیک حشرات الارض پیدا ہوتے ہیں اس میں بھی ہوتے ہیں۔ اور اُن کے پانی سے اُن کے نکاحوں کے انعقاد سے اولاد پیدا نہیں ہوتی۔ مگر وہ محض خواہش اور سرور کے لئے نکاح کرتے ہیں۔

مزید عجائبات

اُن کی سواریاں سوار کی خواہش کے مطابق بڑی اور چھوٹی ہوتی ہیں۔ جب وہ ایک شہر سے دوسرے شہر کی طرف سفر کرتے ہیں۔ تو وہ خشکی اور تری میں سفر کرتے ہیں اور برّ و بحر میں اُن کی رفتار دیکھنے والے کے ادراکِ بصارت سے بھی تیز ہوتی ہے۔

وہاں کی مخلوق کے احوال میں تفاوت ہے۔ اِن میں سے بعض پر شہوت کا غلبہ ہے اور بعض پر جنابِ حق تعالیٰ کی عظمت کا غلبہ ہے۔ میں نے وہاں ایسے رنگوں کو دیکھا جو اِس دُنیا میں نہیں ہیں اور وہاں سونے کی کانیں دیکھیں جو سونے کی بھی نہیں اور پیتل کی بھی نہیں اور جواہرات کی بھی نہیں، سُرخ یاقوت اِس قدر مُصفّا تھے کہ اُن سے نظر پار ہو جاتی۔ تعجّب خیز بات یہ ہے کہ اُن

کے سفلی اجسام کے رنگ ہوا کی طرح اِدراک کرتے ہیں اور رنگوں کے ساتھ یہ اِدراک ایسے ہوتا ہے جیسے رنگوں کا تعلق اجسامِ کثیفہ میں ہوتا ہے۔

شہروں کے دروازوں پر یاقوت کے پتھروں کی گرہیں لگائی جاتی ہیں اور اُن میں سے ہر پتھر پانچ سو گز کا ہوتا ہے۔ ہوائیں دروازے کی بلندی بہت بڑی ہوتی ہے اور اُس پر اِس قدر زیادہ اسلحہ لٹکایا ہوا ہوتا ہے کہ اگر زمین کی تمام ملکیت جمع کر لی جائے تو بھی اُس کے برابر نہ ہو۔

اُن کے ہاں بغیر سورج کے ظلمت اور روشنی ہوتی ہے۔ جو ایک دوسرے کے پیچھے ظاہر ہوتے ہیں اور وہ جان لیتے ہیں کہ کون سا زمانہ ہے۔ اُن کی ظلمت بصارت کو اِدراک سے محجوب نہیں کرتی جیسا کہ آپ ہے روشنی محجوب نہیں کرتی۔ وہ لوگ بغیر عداوت و دشمنی اور فساد کے ایک دوسرے سے لڑتے ہیں وہ جب دریا میں سفر کرتے ہوئے غرق ہوتے ہیں تو پانی اُن پر غلبہ نہیں کرتا جیسا کہ ہمیں ڈبو دیتا ہے۔ بلکہ وہ اپنے چوپایوں کی طرح دریا میں چلتے ہیں۔ یہاں تک کہ ساحل پر پہنچ جاتے ہیں۔

وہاں زلزلے کیوں آتے ہیں

اُس زمین میں ایسے زلزلے آتے ہیں کہ اگر وہ ہمارے ساتھ یعنی ہماری زمین پر آئیں تو زمین اُلٹ جائے اور جو کچھ زمین پر ہے وہ سب ہلاک اور برباد ہو جائے۔

اُس نے کہا! ایک دن میں اُن کی ایک جماعت کے ساتھ بیٹھا ہوا باتیں کر رہا تھا کہ شدید زلزلہ آیا اور میں نے دیکھا کہ عمارتیں اِس قدر تیزی سے تھرا رہی تھیں جتنی تیزی بصارت کے لئے بھی ممکن نہیں۔ اور ہمیں پتہ بھی نہ چل سکا

گویا کہ ہم زمین کے ایک قطعہ پر بیٹھے ہوئے ہیں اور زلزلہ رُک گیا ہے۔ جب ہم زلزلے سے فارغ ہوئے اور زمین ٹھہر گئی تو اُس جماعت نے میرا ہاتھ پکڑا اور میری بیٹی فاطمہ کی عزاداری کرنے لگے۔

مَیں نے کہا! مَیں تو اُسے خیریت و عافیت کے ساتھ اُس کی والدہ کے پاس چھوڑ کر آیا تھا۔

اُنہوں نے کہا! آپ سچ کہتے ہیں مگر یہ زمین اُس وقت متزلزل ہوتی ہے جب ہمارے ساتھ بیٹھا ہوا شخص یا اُس کے اہلِ خانہ سے کوئی شخص فوت ہو جائے اور یہ زلزلہ آپ کی بیٹی کی موت کی وجہ سے آیا ہے۔ اُس کے حال کا پتہ کرو۔

جب تک اللہ تعالیٰ نے چاہا مَیں اُن کے ساتھ بیٹھا اور میرے ساتھی میرے اُٹھنے کا انتظار کرتے رہے۔ جب مَیں نے اُن سے علیحدہ ہونے کا ارادہ کیا۔ تو وہ میرے ساتھ چلتے ہوئے راستہ کے دہانے پر آ گئے اور اُنہوں نے اپنا لباس لے لیا اور مَیں اپنے گھر آ گیا۔ میری ملاقات ایک ساتھی سے ہوئی تو اُس نے کہا۔ فاطمہ پر نزع طاری ہے۔ مَیں اُس کے پاس آیا تو وہ فوت ہو چکی تھی، اور مَیں اُن دنوں مکہ میں مجاور تھا۔ چنانچہ اپنی بیٹی کی تجہیز و تکفین کے بعد اُسے جنت المُعلیٰ میں دفن کیا۔

تو یہ اُس زمین کے تعجب خیز امور ہیں جن کی مَیں نے خبر دی۔

وہاں کعبہ بھی ہے

اُس زمین میں مَیں نے ایک کعبہ دیکھا۔ وہاں کے رہنے والے بغیر لباس کے اُس کا طواف کرتے تھے اور وہ مکہ معظمہ کے بیت اللہ شریف سے بڑا تھا۔ اُس کے چار ارکان تھے۔ جب لوگ اُس کا طواف کرتے تو وہ اُن کے ساتھ گفتگو

کرتا اور اُنہیں سلام کرتا۔ اور وُہ اُنہیں اُن علوم سے مستفید کرتا جو اُن کے پاس نہیں تھے۔

مٹّی کا سمندر پتھّروں کی کشتی

مَیں نے اُس زمین میں مٹّی کا ایک سمندر دیکھا جو پانی کی طرح جاری تھا اور چھوٹے اور بڑے پتھّروں کو دیکھا جو ایک دوسرے کی طرف اِس طرح چل رہے تھے جیسے لوہا مقناطیس کی طرف چلتا ہے۔ یہ پتھر طبعی طور پر ایک دوسرے سے فاصلہ نہ رکھتے تھے بلکہ اِن کا فاصلہ لوہے اور مقناطیس کی کشش کی طرح تھا، کہ اُس میں قوت نہیں کہ اُسے روک سکے۔ چنانچہ جب اُنہیں چھوڑ دیا جاتا تو وہ ایک مخصوص فاصلے سے ایک دوسرے کی طرف چلتے ہوئے ایک دُوسرے میں ضم ہو جاتے اور اُن پتھّروں سے ایک کشتی کی صُورت پیدا ہو جاتی۔ اور مَیں نے اُن میں سے ایک چھوٹی سی کشتی دیکھی۔

جب اِن پتھّروں کا سفینہ مکمّل ہو جاتا تو وُہ لوگ اُس میں سوار ہو کر مٹّی کے دریا میں چھوڑ دیتے اور اپنی خواہش کے مطابق دُوسرے شہروں میں سفر کرتے تو اپنی خاصیت کے مطابق ریت، مٹّی وغیرہ سفینے کے بیرونی حصّہ میں چمٹ جاتی۔

مَیں نے وہاں جو کچھ دیکھا اُن میں سفینوں کا اِس دریا میں چلنا عجیب تر تھا۔ اِن سفینوں کی صُورت ایک جیسی ہوتی ہے۔ سفینے کے دونوں بازوؤں کے آخر پر دو بڑے ستُون ہوتے ہیں اور یہ سفینے سَوار کے قد سے اُونچے ہوتے ہیں۔ اِس سفینے کی زمین پچھلی جہت سے دونوں ستُونوں کے درمیان کھُلی اور دریا کے برابر ہوتی ہے اور اُس میں اِس دریا کی ریت سے اپنی خاصیت کے ساتھ ہر گز کوئی چیز داخل نہ ہوتی۔

اور اُس کشتی کی شکل یہ ہے۔



وہاں کے شہر

اِس زمین میں شہر ہیں جن کا نام روشنی کے شہر ہیں۔ اِن میں عارفوں سے وہی شخص داخل ہو سکتا ہے جو مُصفّا اور اختیار دیا گیا ہو۔ ان شہروں کی تعداد تیرہ [۱۳] ہے اور یہ سب ایک ہی سطح پر بنے ہُوئے ہیں۔ اِن کی بُنیادیں عجیب ہیں۔ یہ شہر اِس زمین کے ایک ہی مقام پر بنائے گئے ہیں۔ اُن میں ایک چھوٹا شہر ہے اور اِس کی دیواریں بہت بڑی ہیں جب سوار اُس کا چکّر کاٹنا چاہے تو اُسے تین سال کا عرصہ درکار ہے۔

جب اِس شہر کو قائم کیا تو اُنہوں نے اُسے۔ اپنے منافع و مصالح اور اعداد کا خزانہ مقرّر کیا اور بعد ازاں اُس کے پہلوؤں میں بُرج بنائے جو شہر کے بُرجوں سے اُونچے ہیں اور اُن کی عمارت پتھروں سے تعمیر کی۔ یہاں تک کہ وہ عمارت گھر کی چھت کی طرح ہو گئی۔ اُنہوں نے اِس چھت کو زمین بنا کر اُس کے اُوپر ایک اور بہت بڑے شہر کی بُنیاد رکھی جس کی عمارتیں اُس سے بڑی تھیں۔ اُنہوں نے اُس شہر میں سکونت اختیار کی اور وہ اُن سے تنگ ہو گیا تو اُنہوں نے اُس پر دوسرے بہت بڑے شہر کی بُنیاد رکھی۔ اور وہ ہمیشہ عمارتیں بناتے رہے اور ایک طبقے پر دوسرے طبقے کی بُنیادیں رکھتے چلے گئے۔ یہاں تک کہ اُن کی تعداد تیرہ [۱۳] ہو گئی۔

پھر مَیں کچھ مُدّت کے لئے اُن سے غائب رہا اور دوسری مرتبہ اُن کی طرف گیا تو پتہ چلا کہ اُنہوں نے دو شہر مزید بنائے ہیں جن میں ایک کو دُوسرے کے

اُوپر بنایا گیا ہے۔ اور اُن میں اُن کے لئے بادشاہ ہیں۔ جن میں لُطف اور رحم دلی پائی جاتی ہے۔

وہاں کے بادشاہ

مَیں نے اُن میں سے ایک جماعت کے ساتھ صُحبت اختیار کی اور وہ بمنزلہ حمیر میں فیل کے اتباع کرنے والا تھا۔ اور مَیں نے کوئی بادشاہ نہیں دیکھا جو اُس سے زیادہ اللہ تعالیٰ کا ذکر کرتا ہو۔ اُسے اللہ تبارک وتعالیٰ کے ذِکر نے اپنی مُلکی تدبیروں سے روک رکھا تھا۔ مَیں نے اُس کے ساتھ نفع حاصل کیا اور اُس کے ساتھ بہت سی مجلسیں کیں۔

اُن میں ایک بادشاہ کا نام ذوالعرف تھا اور وہ بہت بڑا بادشاہ تھا۔ مَیں نے زمین کے بادشاہوں میں کوئی ایسا بادشاہ نہیں دیکھا جس کی طرف اُس سے زیادہ بادشاہوں کے پیغام لانے والے آتے ہوں۔ وہ بہت زیادہ متحرک اور نرم تھا۔ وہ اپنی طرف آنے والوں کے ساتھ لُطف اور مہربانی سے پیش آتا۔ لیکن جب وہ غضب ناک ہوتا تو اُس کے غصّے کے سامنے کوئی چیز نہ ٹھہرتی۔ اللہ تعالیٰ نے اُسے جو چاہی قوّت عطا فرما رکھی تھی۔

مَیں نے اُس زمین کے دریا کا ایک بادشاہ دیکھا جو منیع الحمیٰ تھا اور سابع کے نام سے بُلایا جاتا تھا۔ وہ کم مجالس کرتا تھا۔ لوگ اُس سے مِلنا چاہتے تھے اور وہ کِسی کی طرف التفات اور توجّہ نہ کرتا تھا۔ اُس کے پڑوس میں ایک بہت بڑا سُلطان تھا۔ اُس کا نام سابق ہے۔ جب اُس کے پاس کوئی شخص آتا تو وہ اپنی جگہ سے کھڑا ہو جاتا اور مہمان کے آنے سے اُس کے چہرے پر بشاشت اور

خوشی کا اظہار ہوتا۔ اور اپنے حاجت مند کے سوال سے پہلے تمام لوگوں کے ساتھ کھڑا ہو جاتا۔ مَیں نے اُس سے اِس اَمر میں کہا تو اُس نے مجھے کہا! مجھے یہ پسند نہیں ہے کہ مخلوق سے غیرتِ سوال کے باعث سائل کے چہرے پہ ذلّت دیکھوں۔ کہ وہ کسی غیر اللہ کے سامنے ذِلّت اُٹھائے اور وہ شخص توحید کے قدم پر اللہ تعالیٰ کے ساتھ واقفیت رکھتا ہو۔ اور بہت سے چہرے اللہ تبارک وتعالیٰ کی طرف حجاب کے ساتھ اسبابِ موضوعہ کی طرف مصروف رہتے ہیں۔ تو یہ اَمر مجھے مہمان کی تکریم پر اُبھارتا ہے۔

ایک اَور بادشاہ

اُس نے کہا! مَیں ایک اور بادشاہ کے پاس گیا جسے القائم بامراللہ کے نام سے پکارتے۔ وہ اپنے دل میں عظمتِ الٰہیہ کے غلبہ سے مہمان کی طرف التفات نہ کرتا۔ اور نہ اُس مہمان کو جانتا۔ عارفوں سے جو مہمان اُس کے پاس آتا تو وہ صرف اُسے اِس لئے دیکھتا کہ وہ کِس حال پر ہے۔

اُس نے اپنے ہاتھ ملزموں اور عبدِ درماندہ کی طرح اپنے سینے پر باندھ رکھے تھے اور دونوں پاؤں کے مقام کو سر جھکا کر دیکھ رہا تھا۔ اُس سے کوئی بال حرکت نہیں کرتا تھا اور نہ اُس سے اعضاء مضطرب تھے۔ جیسا کہ ایک قوم کی اُن کے سُلطان کے ساتھ حالت کے بارے میں کہا گیا ہے۔

کانما الطیر منھم فوق رؤسھم

لاخوف ظلم ولکن خوف اجلال

" جیسا کہ اُن کے سروں کے اُوپر پرندہ بیٹھ جائے تو جلالِ الٰہی کے خوف سے اُن کا یہ حال ہے۔ ولیکن خوفِ اجلال سے پرندہ اُن سے نہیں ڈرتا۔"

عارفین اُس سے مراقبہ کے حال کی تعلیم دیتے ہیں۔

غیرت مند بادشاہ

اُس نے کہا! میں نے ایک بادشاہ کو دیکھا تو رِدآع کے نام سے منسوب کرتے تھے۔ وہ مہیب المنظر، لطیف الخبر، شدید غیرت مند اور دائم الفکر تھا۔
جب وہ کسی کو طریقِ حق سے نکلتے دیکھتا تو اسے حق کی طرف لوٹا دیتا۔ کہا! کہ میں نے اُس کی صحبت سے فائدہ اُٹھایا اور وہاں کے بہت سے بادشاہوں کے ساتھ مجلس کی اور اُن کے عجائب سے یہ امر دیکھا کہ اُن کے نزدیک اللہ تبارک تعالیٰ کی تعظیم راجح تھی۔
اگر ہم اسے کھول کر تحریر کریں تو کتابت کرنے والا اور سُننے والا تنگ آ جائے۔ پس اُس زمین کے عجائبات سے اسی قدر کافی ہے۔

وہاں اُٹھارہ ۱۸ بادشاہ ہیں

اُن کے شہر بے شمار ہیں اور وہاں کے دیہات سے زیادہ ہیں اُس مملکت کے اٹھارہ بادشاہ ہیں جن میں سے کچھ کا ذکر ہم نے کیا ہے اور بعض سے سکوت اختیار کیا ہے۔
ہر بادشاہ کے لئے جو سیرت و احکام ہیں وہ دوسرے کے لئے نہیں ہیں۔

کھانا بادشاہ کھلاتے ہیں

اُس نے کہا! ایک دن میں اُن کے دیوان میں گیا تاکہ اُن کی ترتیب کو دیکھوں۔ تو میں نے ہر بادشاہ کو دیکھا کہ اپنی رعایا کا رزق دینے پر قائم ہے۔ جو مُنتے وُہ پہنچے تو میں نے اُنہیں دیکھا۔ جب کھانا تیار ہو گیا تو بے شمار

خلقت کھڑی ہو گئی۔ اُن کا نام حجبات ہے اور وہ ہر گھر کے قاصد تھے اور امیر اُسے مطبخ سے اُس کے خاندان کی مقدار پر کھانا عطا کر دیتا اور وہ حجابی کو لے کر واپس چلا جاتا اور جو شخص اُنہیں کھانا تقسیم کرتا۔ وہ ایک ہوتا اور دوسرا نہ ہوتا۔ اُس کے ہاتھ قاصدوں کی مقدار ملے تھے۔ پس وُہ ایک ہی وقت میں کھانا ہر شخص کے برتن میں ڈال دیتا اور وُہ واپس چلا جاتا۔ جو مزید کھانا بچ رہتا اُسے اُٹھا کر وہ خزانے کی طرف لے جاتا۔ جب اِس تقسیم سے فارغ ہو جاتا تو خزانے میں داخل ہو جاتا۔ اور فاضل کھانے کو لے کر اُن فقیروں کے پاس آجاتا جو بادشاہ کے دروازے پر کھڑے ہوتے۔ چنانچہ وہ اُن کی جھولی میں کھانا ڈال دیتا اور وُہ اُسے کھا لیتے اور وہ ہر روز ایسے ہی کرتے۔

ہر بادشاہ کے خزانہ پر خوبصورت شخص مقرر ہوتا جسے خازن کہتے۔ اس بادشاہ کی تمام مملکت اُس کے ہاتھ میں ہوتی۔

اُن کی شرع سے یہ بھی ہے کہ وہ کسی کو والی بنا کر معزول نہ کرتے۔

ہر کام پر ایک شخص ہوتا

مَیں نے اُن میں سے ایک شخص کو دیکھا جس کی حرکات مجھے بہت اچھی معلوم ہُوئیں۔ وہ بادشاہ کے ایک طرف بیٹھا ہُوا تھا اور مَیں بادشاہ کے دائیں طرف تھا۔ مَیں نے اُس بادشاہ سے پُوچھا کہ آپ کے نزدیک اِس شخص کا کیا مقام ہے؟ بادشاہ نے تبسّم ریز ہو کر کہا۔ "تجھے یہ اچھا لگتا ہے؟"

مَیں نے اُسے کہا! "ہاں!"

بادشاہ نے کہا! "یہ معمار ہے جو ہماری سکُونت کے لئے گھر بناتا ہے اور شہر بناتا ہے۔ تم نے جو کچھ دیکھا اِسی کے عمل کے آثار ہیں۔"

میں نے اُن کے صرافہ بازار میں دیکھا کہ پورے شہر میں اُن کا کھرا کھوٹا دیکھنے والا ایک ہی شخص ہے۔ علاوہ ازیں اُس بادشاہ کے زیرِ تسلط جتنے بھی شہر ہوتے ہیں اُن میں بھی اکیلا وُہی سُنار ہوتا۔

ایسے ہی میں نے اُن کی سیرت میں دیکھا کہ اُن کا ہر اَمر ایک ہی شخص کے سپُرد تھا۔ لیکن اُس کے لئے کارندے ہوتے۔

اِس زمین کے رہنے والوں کو اللہ کی معرفت دوسرے لوگوں سے زیادہ ہوتی۔ ہر وہ چیز جسے عقل ہمارے نزدیک دلیل کے ساتھ محال جانتی ہے۔ ہم نے اُسے اُس زمین میں ممکن اور وقوع پذیر دیکھا۔

اِنَّ اللّٰهَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ[1]

اور اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔

خُدا قادر ہے

ہمیں معلوم ہو چکا ہے کہ عقیں قاصر ہیں اور اللہ تعالیٰ اجتماعِ ضِدّین، جسم کے دو مکانوں میں موجود ہونے، عرض کا اپنی ذات کے ساتھ قیام وانتقال اور معنیٰ کے معنیٰ کے ساتھ قیام کرنے پر قادر ہے۔

ہمارے نزدیک وارد ہونے والی ہر آیت و حدیث جسے عقل اُس کے ظاہر سے پھیرتی ہے۔ اُسے ہم نے اُس زمین میں اُس کے ظاہر پر پایا اور ہر جسم میں رُوحانی فرشتہ اور جِنّ اور ہر وہ شکل جسے انسان خواب میں دیکھتا ہے متشکل ہو سکتا ہے۔ پس اُس زمین کے اجساد کے لئے اُس زمین میں مخصوص مقام ہے اور اُن کے لئے تمام عالم کی طرف کھینچے ہوئے رقائق ہیں اور ہر رقیقہ پر ایک امین ہے جب یہ امین ارواح سے کسی رُوح کا معائنہ کرتا ہے وہ

---

[1] البقرہ آیت ۲۰

اِن صُورتوں سے کسی صُورت کے لئے مستعد ہوتا ہے. پس آپ سے اُس صُورت کا لباس پہنا دیتا ہے. جیسا کہ حضرت جبرائیل علیہ السلام حضرت دحیہ کلبی رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ کی صُورت اپنا لیتے. اس کا سبب یہ ہے کہ اس زمین کو حق تعالیٰ نے برزخ میں بنایا ہے اور اُس کے اجساد کے لئے اُس کی عین سے ایک مقام مقرّر فرمایا ہے. موت کے بعد اور نیند کی حالت میں اُن کا رُوحانیت کا لباس اور نفوس اُس کی طرف منتقل ہو جاتے ہیں۔

پس ہم اُس زمین کا ایک عالم ہیں اور اُس زمین کی ایک سمت جنّت میں داخل ہوتی ہے جس کا نام سوق یا بازار ہے۔

ایک دقیق مثال

ہم آپ کے لئے اُس طرف کی مثال امتداد کی صُورت بیان کرتے ہیں جس کا عالم اُس زمین سے ملا ہُوا ہے۔

چنانچہ یہ ایسے ہیں کہ انسان جب چراغ یا سُورج اور چاند کی طرف دیکھتا ہے. پھر ابروؤں کے ساتھ جسم مستنیر اور آنکھ کے درمیان اس جسم مستنیر کی کی طرف اُن خطوط کی شبیہہ کو دیکھتا ہے جو چراغ سے اُس کی آنکھ کی طرف اِتّصال کرتی ہے. چنانچہ جب ناظر کے مقابلہ میں یہ پلکیں تھوڑی اُٹھتی ہیں تو وہ اِن خطوط کو لمبا دیکھتا ہے جو اُس جسم منوّر کی طرف جاتے ہیں۔

پس جسم منوّر اِس زمین سے اُن صُورتوں اور ناظر کے لئے معیّنہ مقام کی مثال ہیں اور عالم اور اِمتداد کی مثال یہ خطوط ہیں جیسا کہ اجساد کی صُورتیں نیند میں اور موت کے بعد اُس کی طرف اور جنّت کے بازار کی طرف منتقل ہوتی ہیں۔

وُہ ارواح جو اُس سے مُتلبّس ہیں اور اِن خطوط کی رویّت کی طرف تیرا قصد اس فعل کے ساتھ پلکوں کے حائل ہونے والے کے ارسال کرنے سے ہے۔ ناظر اور جسمِ منوّر کے درمیان استعداد کی مثال ہے۔ اور اِن خطوط کا اُٹھانا اس حال کے نزدیک استعداد و انقباض خطوط کے نزدیک صُورتوں کا اُٹھانا ہے اور منوّر جسم کی طرف رَفع حائل کے وقت صُورتوں کا رجُوع اس زمین کی طرف زوالِ استعداد کے وقت ہے۔

اِس بیان کے بعد کوئی بیان نہیں۔ہم نے اس زمین کے عجائبات اور جو اِس کے ساتھ متعلق ہے۔ اِس کے معارف اپنی بڑی کتاب میں کھول کر بیان کئے ہیں جو ہم نے تالیف کی ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ گیارھویں جُز اور آٹھویں باب کا ترجمہ ختم ہوا۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ؕ

بابِ نہم

وجودِ ارواحِ مارجیہ ناریہ کی معرفت کا بیان !

مرج النار والنبات فقامت	صورة الجن برزخا بين شيئين
بين روح مجسم ذی مكان	فی حضيض وبين روح بلا أين
فالذی قابل التجسم منها	طلب القوت للتغذی بلامين
والذی قابل الملائك منها	قبل القلب بالتشكل فی العين
ولهذا يطيع وقتا ويعصی	ويجازی مخالفوهم بنارين

آگ اور نباتات ملے تو جن کی صورت قائم ہوئی جو دو چیزوں کے درمیان برزخ ہے۔ پستی اور روحِ لامکان کے درمیان، اور مکان والا روحِ مجسّم کے درمیان ہے جس نے اس سے جسم کو قبول کیا۔ وہ امین کے ساتھ اپنی غذا کے لئے کھانا طلب کرتا ہے۔ اس سے جو فرشتوں کے مقابل ہوا۔ اس نے عین کے ساتھ متشکل قلب قبول کیا۔

اس لئے وہ کسی وقت فرمانبردار اور کسی وقت نافرمان ہوتا ہے اور اُن کے مخالفوں کو دو جہنموں کے درمیان بدلہ دیا جاتا ہے۔

شعلہ مارنے والی آگ

اللہ تبارک وتعالیٰ کا ارشاد ہے۔

وَخَلَقَ الْجَآنَّ مِنْ مَّارِجٍ مِّنْ نَّارٍ ۔ الرحمٰن آیت ۱۵

اللہ تعالیٰ نے جنوں کو شعلہ مارنے والی آگ سے پیدا فرمایا:

صحیح حدیث میں وارد ہوا ہے حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے ملائکہ کو نور سے پیدا فرمایا اور اس نے جنوں کو آگ سے پیدا کیا۔ اور انسان کو اس چیز سے پیدا فرمایا جو تمہارے لئے کہی گئی۔

تخلیقِ انسانی میں اختصار کیوں

حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انسان کی تخلیق کے بارے میں فرمایا۔ کہ جو چیز تمہارے لئے کہی گئی اور ملائکہ اور جنوں کی تخلیق کی طرح وضاحت نہیں فرمائی تو اس سے آپ کو اختصار مطلوب تھا۔ کیونکہ آپ کو جامع کلمات عطا ہوئے تھے اور یہ اسی جامعیت سے ہے۔ کیونکہ ملائکہ اور جن اپنی اصل تخلیق سے مختلف نہیں۔

انسان کی تخلیق مختلف ہے

رہا انسان تو یہ اپنی تخلیق سے چار انواع پر مختلف ہے۔۔

حضرت آدم علیہ السلام کی تخلیق حضرت حوا علیہا السّلام کی تخلیق کے مشابہ نہیں اور حضرت حوا علیہا السّلام کی تخلیق تمام بنی آدم کی تخلیق کے مشابہ نہیں۔ اور حضرت عیسیٰ علیہ السّلام کی تخلیق مخلوق سے مشابہ نہیں جیسا کہ ہم نے ذکر کیا پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اختصار کا قصد فرمایا۔

اور تخلیقِ انسان کی تفصیل جو ہمیں پہنچی ہے۔ آپ سے اسی مقام پر رہنے دیا پس حضرت آدم علیہ السّلام مٹی سے اور حضرت حوا علیہا السّلام پسلی سے

اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام روح پھونکنے سے اور بنی آدم کو ماں پہین سے پیدا کیا۔

ارابعہ عناصر کی تشریح

جب اللہ تبارک وتعالیٰ نے ارکانِ اربعہ کو پیدا فرمایا اور فلکِ کواکب ثابتہ کے مقعر کی طرف دھوئیں کو بلند کیا اور اس دھوئیں کو پھاڑ کر سات آسمان پیدا کئے جو ایک دوسرے سے امتیاز کرتے ہیں اور ہر آسمان میں اس کے امر کی وحی فرمائی۔

اس کے بعد زمین میں قوتوں کے اندازے قائم کئے اور یہ سب کچھ چار روز میں پیدا ہوا۔

پھر زمین کے آسمانوں کے لئے فرمایا کہ طوعاً و کرہاً میری اطاعت کریں۔ یعنی جب تم دونوں سے میں کسی چیز کا ارادہ کروں تو اس پر فرماں برداری کرو۔ پس دونوں نے کہا۔ ہم تیری اطاعت کرنے والے ہیں۔

پس اللہ سبحانہٗ تعالیٰ نے آسمان و زمین کے درمیان تمام معنویہ مقرر فرمایا۔

اور اللہ سبحانہٗ نے زمین سے مولدات و معدنیات، اور نباتات وحیوانات کو وجود میں لانے کا ارادہ فرمایا۔ اور زمین کو اہلِ خانہ کی طرح مقرر فرمایا اور آسمان کو شوہر کی طرح مقرر فرمایا اور آسمان اس امر کو زمین کی طرف ڈال دیتا جو اسے اللہ تعالیٰ وحی فرماتا۔ جیسا کہ مرد عورت میں جماع کے ساتھ پانی ڈال دیتا ہے۔

اور زمین میں اللہ تبارک وتعالیٰ نے زمین کے طبقات پر تکوینات سے جو خاصیت رکھی ہے اسے ظاہر کر دیتی ہے۔ جب ہوا اس سے مشتعل اور گرم ہوتی ہے تو چراغ کی مثل روشن ہو جاتی ہے۔ آگ کے اس شعلے کا مشتعل ہوتا

احتراق ہوا ہے۔ اور اس کا نام مارج ہے یعنی شعلہ مارنے والی آگ۔ کیونکہ آگ کا ہوا سے اختلاط ہوتا ہے۔ اور یہ اشتعال ہوا ہے۔ اس لئے کہ مَرج کا معنیٰ اختلاط ہے اور مَرج کا نام مارج اس وجہ سے ہے کہ اس میں نباتات کا اختلاط ہے

تو یہ ہوا اور آگ دو عنصروں سے ہے۔ یعنی جنّات۔

جیسا کہ آدمی مٹی اور پانی کے گوندھنے سے دو عنصروں سے پیدا ہوا تو اُس کا نام "طین" رکھا گیا۔

جنّات کیوں متکبّر ہیں

جیسا کہ آگ اور ہوا کے امتزاج سے اسم "مارج" بنا۔ تو اللہ تبارک و تعالیٰ نے اس مارج میں جنوں کی صورت کو ڈھالا۔ کیونکہ جنّات میں ہوا ہے۔ اس لئے وہ جس صورت میں چاہیں متشکل ہو جاتے ہیں۔ اور جن میں آگ ہے جو اسے ہلکا پھلکا اور بہت ہی لطیف رکھتی ہے اور جن میں قہر و تکبّر اور غرور ہے۔ کیونکہ وہ آگ سے پیدا ہوا ہے۔ جو ارکان مکان سے بلند ہوتی ہے۔ اور اُس کے لئے محال اشیاء پر تسلّط ہے۔ جس کا اقتضاء اُس کی طبیعت کرتی ہے اور یہی سبب تھا کہ اُس نے اللہ عزّوجل کے فرمان کے وقت حضرت آدم علیہ السّلام کو سجدہ کرنے سے انکار اور غرور کیا اور یہ تاویل پیش کی کہ میں اِس سے بہتر ہوں۔ یعنی اُس اصل کے حکم کے ساتھ جو اللہ تبارک و تعالیٰ نے ارکانِ اربعہ کے درمیان ارسال فرمایا تھا۔ اور یہ نہ جانا کہ پانی کا تسلّط اور غلبہ جس سے حضرت آدم علیہ السّلام کو پیدا فرمایا گیا اُس سے زیادہ طاقتور ہے۔ کیونکہ وہ آگ کو بُجھا دیتا ہے اور مٹی اُس سے ٹھنڈک اور خشکی کی وجہ سے زیادہ ثبات والی ہے۔

انسان کیوں متواضع ہے

پس آدم کے لئے قوّت اور ثبات اِن دونوں ارکان کے لئے ہے۔ کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے اُسے اُن دونوں سے پیدا فرمایا ہے۔ اگرچہ اُس میں باقی ارکان ہیں لیکن اُن کے لئے یہ تسلّط اور غلبہ نہیں۔ اور وہ ہَوا اور آگ ہیں۔ جیسا کہ جنّات میں باقی ارکان ہیں جن کا نام مارج ہے لیکن اُن کے لئے اِس پیدائش میں یہ غلبہ نہیں۔

اللہ تبارک وتعالیٰ نے آدم کو تواضع اور انکسار اُس کی طینت وطبیعت کے ساتھ عطا فرماتے ہیں۔

چنانچہ اگر وُہ تکبّر کرتا ہے تو وُہ اُس کے لئے عارضی اَمر ہے جس کو وُہ آگ کے رُکن کی وجہ سے قبول کرتا ہے۔ جیسا کہ صُورتوں کا اختلاف اپنے خیال اور اپنے احوال میں ہَوا سے قبول کرتا ہے۔

اور جنّات کو آتشی طبع کے طور پر تکبّر عطا ہُوا ہے۔ اگر وُہ کسی اَمر میں تواضع سے کام لیتا ہے تو یہ اُس کے لئے عارضی ہے جس کو وہ مٹّی سے قبول کرتا ہے۔

جنّات کا انکسار کیوں ہے

جیسا کہ شیطان ہونے کے باوجود وُہ اغوا پر ثبات کو قبول کرتا ہے اور اگرچہ وہ شیطان ہے لیکن فرماں برداری پر ثبات کو قبول کرتا ہے۔ صحابۂ کرام کے پاس سُورتِ رحمٰن کی تلاوت کے وقت حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم نے خبر دیتے ہوئے فرمایا۔ جب مَیں نے یہ سُورت

جنوں پر تلاوت کی تو انہوں نے اسے تم سے زیادہ اچھے طریقے سے سُنا۔ جب میں فَبِاَیِّ آلَاءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰن کی تلاوت کرتا تو وہ کہتے۔ اے ہمارے رَبّ ہم تیری کسی چیز کو نہیں جھٹلاتے۔ اِن کا یہ انحصار مٹی اور پانی کی وجہ سے ہے جو آگ کی گرمی کی وجہ سے زائل ہو جاتی ہے۔ تو اُن میں ہماری مثل فرماں بردار بھی ہیں اور گنہگار بھی اور وہ ملائکہ کی طرح سُورتوں میں متشکّل ہو جاتے ہیں اور اللہ تبارک وتعالیٰ ہماری نظروں کو اُنہیں دیکھنے سے روک دیتا ہے تو ہم اُنہیں نہیں دیکھ سکتے۔ مگر جب اللہ تعالیٰ چاہے۔ اپنے بعض بندوں کے لئے کھول دیتا ہے اور وہ اُنہیں دیکھ لیتے ہیں۔ چونکہ وہ عالمِ سخافت اور لطافت سے ہوتے ہیں اس لئے صُورِ حسیّہ سے جس میں چاہیں متشکّل ہو جائیں۔

اصلی صُورت جس کی طرف رُوحانیوں کا انتساب ہے وہ پہلی صُورت ہے جو اللہ تبارک وتعالیٰ نے وجُود میں لاتے وقت پہلے پیدا فرمائی۔ پھر یہ صُورتیں اُس کے ارادہ کے مطابق مختلف ہو جاتی ہیں۔ جس صُورت میں داخل کرنا چاہے۔ اگر اللہ تبارک وتعالیٰ ہماری آنکھوں سے پردہ اُٹھا دے۔ یہاں تک کہ ہم اُس صُورت کو دیکھ لیں گے۔ جس قوّتِ مصوّرہ کو اللہ تعالیٰ نے خیال کرنے والے کے خیال میں تصویر کے ساتھ مؤکّل بنایا ہے تو ہم اُسے ظروفِ انسانیہ کے ساتھ مختلف صُورتوں میں دیکھ سکتے ہیں۔ اور وہ ایک دُوسرے سے ملتی نہیں۔

جنّوں کی اولاد کیسے پیدا ہوتی ہے

جب شُعلے میں رُوح پھُونکی گئی اور وہ ہلکا ہونے کی وجہ سے مُضطرب تھا اور اس پھُونک نے اُسے اور بھی مُضطرب کر دیا۔ اور اُس پر ہوا

غالب آگئی۔ اور وہ ایک حالت پر قرار نہ لے سکی۔ تو اس صورت پر عالمِ جنّات ظاہر ہو گئے۔

جیسا کہ تناسلِ بشری میں رحم میں پانی ڈالنے سے اس صنفِ بشریہ آدمیہ میں اولاد پیدا ہوتی ہے۔ ایسے ہی رحم متوہمت میں ہوا ڈالنے سے جنّات میں تناسل واقع ہوتا ہے اور اُن سے صنفِ جنّات میں ذُرّیت و توالد کا سلسلہ چل نکلتا ہے۔ جنّات کا وجُود آگ کی کمان سے ہے۔ اور ان کا وجُود آگ کی کمان سے ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اُس کی حفاظت فرمائے۔ وارد نے ایسا ہی ذکر کیا ہے۔

جنّ انسان سے کتنا عرصہ پہلے پیدا ہوئے

جنّات کی تخلیق اور آدم کی تخلیق کے درمیان ساٹھ ہزار سال کا عرصہ ہے بعض لوگوں کا گمان ہے کہ جنّات کا توالد چار ہزار سال گذرنے کے بعد منقطع ہو جاتا ہے جب کہ بشر کا توالد سات ہزار سال گذرنے کے بعد منقطع ہوتا ہے لیکن اس امر پر واقع نہیں ہوتا بلکہ راجح امر یہ ہے کہ جو اللہ تبارک و تعالیٰ کا ارادہ ہوتا ہے وہی ہوتا ہے۔ پس جنّات میں توالد آج تک باقی ہے اور ایسے ہی ہم میں ہے۔

آپ اس کے ساتھ تحقیق کر سکتے ہیں کہ آدمی کی کتنے سال عمر باقی ہے اور دنیا ختم ہونے اور فناءِ بشر کے لئے اُس کے ظاہر ہونے سے اور اُس کے دارِ آخرت کی طرف منقلب ہونے تک کتنا عرصہ باقی ہے۔ یہ علم میں راسخین کا مذہب نہیں۔ بلکہ بہت ہی کم لوگوں کا گمان ہے۔

جنّات کیسے پیدا ہوتے ہیں

پس ملائکہ انوار میں پھونکی ہوئی اَرواح ہیں اور جنّات ہواؤں میں پھونکی ہوئی اَرواح ہیں اور انسان جسموں میں پھونکی ہوئی اَرواح ہیں۔

کہتے ہیں کہ جنّات سے اُس کی مؤنّث پہلے نہیں پیدا ہوئی۔ جیسا کہ حضرت آدم علیہ السّلام سے حضرت حوّا علیہا السّلام پیدا ہوئیں۔ بعض نے کہا ہے کہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے ایک جِن میں اندامِ نہانی پیدا کئے اور اُس نے اپنے آپ سے خود ہی مجامعت کی تو اُس سے ذُرّیتِ آدم کی طرح مذکر اور مؤنّث پیدا ہوئے۔ پھر اُنھوں نے ایک دوسرے سے مجامعت کی تو اُن سے مُخنّث پیدا ہوتے۔ اسی لئے برزخ میں جنّات فرشتوں اور انسانوں کے مشابہ ہیں جیسا کہ مُخنّث کی مشابہت مذکّر سے بھی ہوتی ہے اور وہ مؤنّث سے بھی مُشابہ ہوتا ہے۔ ہم نے یہ وہ روایت بیان کی ہے جو ہم سے بیان ہوئی کہ دین کے ایک امام نے ایک مُخنّث کو دیکھا جس کے پاس دو لڑکے تھے ایک لڑکے نے اُس سے پُشت کی طرف سے اور ایک نے اُس کے پیٹ کی طرف سے جماع کیا تو اُس کے ہاں اولاد پیدا ہو گئی۔ مُخنّث کا نام انخناث سے ہے اور وہ استرخاء کے معنوں میں ہے اور رخاوت و استرخاء کا معنیٰ قوّت اور شدّت کا نہ ہونا ہے۔ پس اُس میں نہ تو مذکّر کی طرح نَر کی قوّت ہوتی ہے اور نہ مؤنّث کی طرح مادہ کی قوّت ہے۔ چُونکہ وہ دونوں قوتوں میں سُستی اور کمزوری کا شکار ہوتا ہے اس لئے اُسے خُنثیٰ یا مُخنّث کہتے ہیں۔ وَاللہُ اَعلم۔

جنّوں کی غذا

جنّات پر چُونکہ ہوا اور آگ غالب ہوتی ہے۔ اِس لئے اُن

کی وہ غذا ہوتی ہے جسے ہَوا اُٹھا لیتی ہے اور وہ ہڈّیوں کی چربی ہوتی ہے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ نے اُن کا رِزق ہڈّیوں میں مقرّر فرمایا ہے۔ پس ہم دیکھتے ہیں تو ہڈّیوں کے جوہر اور اُن پر چڑھے ہوئے گوشت میں سے کسی چیز کو کم نہیں پاتے۔ اِس سے ہمیں قطعی طور پر معلوم ہو جاتا ہے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے اِن میں اُن کا رِزق مقرّر فرمایا ہے اِس لئے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! ہڈّیاں تمہارے جِنّ بھائیوں کے لئے خوراک ہے اور ایک حدیث میں آیا ہے کہ اللہ تبارک تعالیٰ نے اُن کے لئے ان میں رزق رکھا ہے۔

مکاشفین میں سے ایک شخص نے مجھے بتایا کہ میں نے جِنّوں کو دیکھا کہ وہ ہڈّیوں کے پاس آکر درندوں کی طرح سُونگھتے پھر واپس چلے جاتے۔ وہ ہڈّیوں کو سُونگھ کر اپنی غذا اور قوّت حاصل کر لیتے ہیں۔ پس لطیف وخبیر ذات پاک ہے۔

جِنّوں کا مَلاپ

جِنّات کا جماع کے وقت ایک دوسرے سے ملاپ اِس طرح ہے جیسے آپ آتش دان یا انگیٹھی سے دُھواں خارج ہوتا دیکھتے ہیں کہ ایک دُھواں دُوسرے دُھوئیں میں داخل ہو جاتا ہے۔ چنانچہ اِسی طرح جِنّات ایک دُوسرے میں داخل ہوتے ہیں اور دونوں میں سے ہر ایک اِس دخول سے لذّت اندوز ہو لیتا ہے اور اُن کا ملاپ کھجُور کے مجرد رائح کے ساتھ پیچھے ہٹنے کی طرح ہے ایسے ہی اُن کی غذا برابر ہے۔

بگوُلے کب اُٹھتے ہیں

جِنّات کے شعوب وقبائل ہوتے چنانچہ بیان کیا گیا

ہے کہ اصُولی طور پر اُن کے بارہ قبیلے ہیں۔ پھر اُن میں افخاذ کی طرف شاخیں ہیں اور اُن کے درمیان بڑی بڑی جنگیں واقع ہوتی ہیں اور بعض بگوُلے عین جنّوں کی جنگ کے وقت پیدا ہوتے ہیں کیونکہ بگوُلہ جب دو ہَواؤں کے درمیان مقابل میں آتا ہے تو ہر ہَوا ایک دُوسری کو آگے نکل جانے سے روک دیتی ہے۔ اور اُن کی آپس کی یہ رُکاوٹ ایک دائرہ بنا دیتی ہے جو غبار میں بظاہر دیکھی اور محسوس کی جاسکتی ہے اور اُس کے آثار دو متضاد ہَواؤں کے سامنے ہوتے ہیں تو اِن کی جنگیں اِس کی مثل ہوتی ہیں اور ہر بگوُلہ اِن کی جنگ کی وجہ سے نہیں ہوتا۔

عمرو جن کی بابت یہ بات مشہوُر روایت میں آئی ہے کہ اُس کا قتل بگوُلے میں ہُوا جو دیکھا گیا اور جب یہ بگوُلہ منتشر ہُوا تو عمرو قریب المرگ تھا اور کچھ دیر بعد وہ مَر گیا۔ اور وُہ جِنّوں میں نیک بندہ تھا۔ اگر یہ کتاب اخبار و حکایات پر مبنی ہوتی تو ہم اِس میں اِس گوشہ کا بھی ذِکر کرتے۔ مگر یہ کتاب علم معانی پر ہے پس آپ یہ حکایات تواریخ ادب اور اِن کے اشعار میں دیکھیں۔

رُوحانیوں کو قید کرنے کا طریقہ

ہم پھر واپس ہوتے ہیں اور کہتے ہیں کہ یہ عالم رُوحانی جب متشکّل ہو کر صُورتِ حِسّیہ میں ظاہر ہو تو آنکھ اسے قید کر لیتی ہے اور اُس کی یہ طاقت نہیں کہ وہ اِس صُورت سے نکل سکے جب تک کہ خاصیت کے ساتھ آنکھ اُس کی طرف دیکھتی رہے۔ ولیکن جب انسان اُسے قید کر لے اور ناظر اُس کی طرف سے نظر نہ ہٹائے اور اُس کے لئے چھُپنے کی جگہ نہ ہو تو یہ رُوحانی اُس کے لئے ایسی صُورت ظاہر کرتا ہے جیسے وہ اپنے اُوپر پردہ بنا لیتا ہے۔ پھر ناظر کے تخیّل میں یہ صُورت مخصوص جہت کی طرف چلتی ہُوئی معلوم ہوتی ہے اور اُس

کی بصارت اُس کا پیچھا کرتی ہے جب اُس کی نظر اُس کے پیچھے رہتی ہے تو رُوحانی اُس کی نظر سے نکل کر غائب ہو جاتا ہے اور رُوحانی کے غائب ہونے سے یہ صُورت ناظر کی نظر سے چھپ جاتی ہے جو اُس کے پیچھے لگی ہوتی تھی۔

کیونکہ وہ رُوحانی کے لئے ایسے ہے جیسا کہ چراغ کی روشنی گوشوں میں منتشر ہوتی ہے تو جب چراغ کا جسم غائب ہو جاتا ہے تو یہ روشنی گُم ہو جاتی ہے۔ ایسے ہی اِس صُورت کے گُم ہو جانے کا حال ہے۔

چنانچہ جو اِس اَمر کو جانتا ہے اور رُوحانی کو قید کرنے کی خواہش رکھتا ہے۔ اُس کی بصارت اُس صُورت کے پیچھے نہیں جاتی۔ یہ وہ اسرارِ الٰہیہ ہیں جو اللہ تعالیٰ کی تعریف کے علاوہ نہیں پہچانے جاتے۔ اور یہ صُورت عینِ رُوحانی کی غیر نہیں بلکہ یہ اُس کی صُورتِ عین ہے۔ اگرچہ وہ صُورت ایک ہزار مکان میں ہو یا مختلف شکلوں میں ہر مکان میں ہو۔ اور جب اِن صُورتوں میں سے کسی صُورت کے قتل ہونے کا اتفاق ہو اور وہ ظاہر اَمر میں مَر جائے تو یہ رُوحانی حیاتِ دُنیوی سے برزخ کی طرف منتقل ہو جاتا ہے جیسا کہ ہم موت کے ساتھ منتقل ہوتے ہیں، اور عالمِ دُنیا میں ہماری طرح اُس کی کوئی بات باقی نہیں رہتی۔ اِن صُوَرِ محسوسہ کا نام جن میں رُوحانیت ظاہر ہوتی ہے اَجساد ہوتا ہے اور یہ اللہ تبارک تعالیٰ کے اِس ارشاد سے ہے۔

وَأَلْقَيْنَا عَلَىٰ كُرْسِيِّهِ جَسَدًا — صٓ آیت ۳۴

اور اُن کے تخت پر ایک جسم ڈال دیا۔

اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔

وَمَا جَعَلْنَاهُمْ جَسَدًا لَّا يَأْكُلُونَ الطَّعَامَ — الانبیاء آیت ۸

اور ہم نے نہیں ایسا جسم نہیں بنایا کہ کھانا نہ کھاتے ہوں

جنّوں اور فرشتوں کا فرق

اگرچہ جنّوں اور فرشتوں کا رُوحانیت میں اشتراک ہے لیکن اُن کے درمیان فرق ہے جنّوں کی غذا وہ ہے جنہیں اجسامِ طبعیہ کھانے کی چیزوں کے ساتھ اُٹھاتے ہیں اور ملائکہ اِس طرح نہیں ہیں۔

لہٰذا اللہ تبارک و تعالیٰ نے ابراہیم خلیل علیہ السلام کے مہمان کے قصّہ میں فرمایا۔

فَلَمَّا رَاٰۤ اَیْدِیَهُمْ لَا تَصِلُ اِلَیْهِ نَكِرَهُمْ هود آیت ۷۰

پس جب دیکھا کہ اُن کے ہاتھ کھانے تک نہیں پہنچے۔

جنّوں کی پہلی تخلیق کیسے ہوئی

جب جنّات کی پیدائش کا وقت آیا تو فلکِ اوّل سے تین امین فرشتے ان لوگوں کی پیدائش کے سلسلہ میں متوجّہ ہوئے۔ پھر اُنھوں نے دوسرے آسمان سے اپنی ضرورت کے مطابق اِن کی پیدائش کے سلسلہ میں اپنے نائبین کو لیا پھر دیگر آسمانوں کی طرف نازل ہوئے اور دوسرے اور چھٹے آسمان سے دو فرشتے لیے اور ارکان کی طرف نزول کیا اور جگہ تیار کی اور اُن کی اِتّباع تین اور فرشتوں نے کی اور اپنی ضرورت کے مطابق دوسرے آسمان سے اپنے نائب لیے۔ پھر تیسرے اور پانچویں آسمان کی طرف نازل ہوئے تو وہاں سے دو فرشتے لیے اور پھر چھٹے آسمان پر پہنچے تو وہاں سے ملائکہ سے اپنا ایک دُوسرا نائب مقرر کیا اور ارکان کی طرف اُترے تاکہ ارکانِ جنّات کو مکمّل اور درست کریں۔ پھر چھ باقی بھی اُتر آئے اور اُنہوں نے

دیگر آسمانوں میں سے اپنے اپنے نائبین کو ساتھ لیا۔ چنانچہ یہ تمام جمع ہو کر علیم و حکیم کے اِذن کے ساتھ اِس پیدائش کو درست کرنے لگے۔

جب اُس کی نشاۃ پوری اور بنیاد قائم ہو چکی تو رُوح نے عالمِ اَمر سے توجہ کی اور اِس صورت میں رُوح پھونکی جو اُس میں جاری ہو گئی۔ اور اُس کے وجود میں زندگی آ گئی۔ تو وہ حمد و ثنا بولتا ہوا کھڑا ہو گیا جس کے لئے اُس کی جبلّت کو بنایا گیا تھا۔ وہ اُس جبلّت پر تھا اور اُس کی ذات میں اللہ تبارک و تعالیٰ کی عزّت و عظمت نے گھر کر لیا۔ جس کے سبب کو وہ نہیں جانتا تھا اور نہ کسی دوسرے کو اِس کے ساتھ عزّت دیتا تھا۔ کیونکہ عالمِ طبائع سے دوسری مخلوق نہ تھی۔

جنّ سے شیطان

پس وہ اپنے پروردگار کی عبادت پر اصرار کرتا تھا۔ اور اپنے بنانے والے کی ربُوبیّت کے لئے اُس کی عزّت کا متواضع تھا۔ جس کے ساتھ وہ اپنی نشاۃ میں آیا تھا۔ یہاں تک کہ یہ سلسلہ حضرت آدم علیہ السلام کی پیدائش تک جاری رہا۔ جب جنّات نے حضرت آدم علیہ السّلام کی صورت دیکھی تو اُن میں سے ایک پر اِس پیدائش کے ساتھ بُغض غالب آ گیا جس کا نام حارث تھا۔ اُس نے اِس صورتِ آدمی کی رویّت کے لئے اپنا چہرہ اُس کے سامنے رکھا اور یہ بُغض اُس کی جنس کے لئے ظاہر ہُوا تو اُس کے ساتھیوں نے اُسے غمزدہ اور ملول دیکھا۔

جب آدم کا اَمر حارث پر ظاہر ہُوا اور جو بُغض اُس نے اپنی ذات میں اُس کے لئے پایا تھا اُس سے حضرت آدم علیہ السّلام کو سجدہ کرنے کے

بارے میں اپنے خالق کا حکم ماننے سے انکار کر دیا اور حضرت آدم علیہ السّلام کی پیدائش کے ساتھ تکبّر کیا اور اپنی اصل کے ساتھ فخر کیا تو اُس سے پانی کی قوّت کا راز غائب ہو گیا تھا جس سے اللہ تبارک و تعالیٰ نے ہر چیز کو زندگی دی اور اُسی سے ہی جنّات کی زندگی ہے اور وہ نہیں جانتے تھے۔

اگر آپ اہلِ فہم سے ہیں تو اللہ تبارک و تعالیٰ کے اس ارشاد پر غور کریں۔

وَّكَانَ عَرْشُهٗ عَلَى الْمَآءِ — ھُود آیت ۷

اور اُس کا عرش پانی پر تھا۔

پس عرش اور وہ مخلوقات جو عرش کے گرد تھی زندہ رہ گئیں

اِنْ مِّنْ شَیْءٍ اِلَّا یُسَبِّحُ بِحَمْدِهٖ — بنی اسرائیل آیت ۴۴

ایسی کوئی چیز نہیں جو اُس کی حمد کے ساتھ اُس کی پاکیزگی بیان نہ کرتی ہو۔

پس چیز کو نکرہ کے ساتھ بیان کیا ہے اور تسبیح وہی کرتا ہے جو زندہ ہو۔

انسان سب سے طاقتور ہے

حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم سے حسن حدیث میں وارد ہوا ہے کہ فرشتوں نے طویل گفتگو میں کہا! اے پروردگار، کیا تو نے آگ سے زیادہ شدید چیز بھی پیدا فرمائی ہے۔

اللہ تبارک و تعالیٰ نے فرمایا! ہاں پانی۔

پس پانی کو آگ سے زیادہ طاقتور ٹھہرایا۔ تو اگر ہوا کا عنصر جنّات کی نشاۃ میں بغیر آگ کے مشتعل ہوتا تو جنّات بنی آدم سے طاقتور ہوتے کیونکہ

ہَوا پانی سے زیادہ طاقتور ہے۔ اِس لئے کہ ملائکہ نے اس حدیث میں کہا ہے۔

اے پروردگار! کیا تُو نے پانی سے زیادہ شدید بھی کوئی چیز پیدا فرمائی ہے؟ تو اللہ تبارک و تعالیٰ نے فرمایا۔ ہاں! ہَوا پانی سے زیادہ طاقت وَر ہے۔

فرشتوں نے پھر عرض کی۔

اے پروردگار! کیا تُو نے ہَوا سے زیادہ شدید چیز بھی پیدا فرمائی ہے؟

فرمایا! ہاں ابنِ آدم ہَوا سے زیادہ طاقت وَر ہے۔ (الحدیث)

اِس جگہ نشأۃِ انسانیہ کو ہَوا سے زیادہ طاقت وَر مقرر فرمایا ہے۔ اور پانی کو آگ سے زیادہ طاقت وَر مقرر کیا ہے۔ اور پانی انسان میں عُنصرِ اعظم ہے۔ جیسا کہ جِنّات میں بڑا عُنصر آگ ہے۔ اس لئے شیطان کے حق میں کہا گیا۔

اِنَّ كَيْدَ الشَّيْطٰنِ كَانَ ضَعِيْفًا — النسآ آیت ۷۶

بے شک شیطان کا داؤ کمزور ہے۔

تو اِس کی طرف قوّت سے کوئی چیز منسوب نہیں کی گئی۔ اور مصر کے بادشاہ عزیز کے اِس قول کی تردید نہیں فرمائی۔ جو اس نے عورتوں کے حق میں کہا تھا۔

اِنَّ كَيْدَكُنَّ عَظِيْمٌ — یوسف آیت ۲۸

بے شک اُن کا داؤ بڑا ہے۔

باوجود اِس کے عورت کی عقل مَرد سے کمزور ہوتی ہے۔ کیونکہ عورتیں ناقص العقل ہوتی ہیں، تو مَرد کی قوّت کے ساتھ تیرا کیا گمان ہے۔

انسان میں عقل کیوں زیادہ ہے

اس کا سبب یہ ہے کہ نشاۃِ انسانیہ امور میں تودۃ، نرمی، فکر اور تدبیر عطا کرتی ہے۔ کیونکہ اُس کے مزاج پر پانی اور مٹی دو عنصروں کا غلبہ ہے۔ تو اس میں عقل وافر ہوتی ہے۔ کیونکہ مٹی اِسے قائم رکھتی ہے اور روکتی ہے اور پانی اِسے نرمی اور آسانی فراہم کرتا ہے۔

جنّات کی عقل کیوں کم ہے

اور جنّات ایسے نہیں ہیں کیونکہ جنّ کے لئے عقل نہیں جو اس اِمساک پر اُسے روکے جو انسان کے لئے ہے۔ اِس لئے کہتے ہیں کہ فلاں خفیف العقل اور سخیف العقل ہے جب کہ کسی کی رائے کمزور ہوتی ہے۔ اور یہ تعریف جنّ کی ہے کہ وہ اپنی عقل کی خِفّت اور نظر میں عدمِ اثبات کی وجہ سے سیدھے راہ سے گمراہ ہُوا تو اُس نے کہا کہ میں اِس سے بہتر ہوں۔ تو عقل خفیف ہونے کی وجہ سے اُس میں جہالت اور سوءِ ادبی جمع ہوگئیں۔ تو جنّات سے جو نافرمان ہُوا وہ شیطان ہے۔ یعنی اللہ تبارک وتعالیٰ کی رحمت سے راندہ ہُوا۔

جنوّں سے پہلا شیطان

جنّات میں سے جس کا نام سب سے پہلے شیطان ہُوا اس کا نام حارث ہے۔ تو اللہ تبارک وتعالیٰ نے اُسے ابلیس بنادیا۔ یعنی اپنی رحمت سے دور ہٹادیا اور رحمت کو اُس سے دُور کر دیا۔ اور تمام شیاطین اُس کی فرع ہیں۔ تو اُن میں سے جو ہامہ بن ہام بن لاقیس بن ابلیس کی طرح ایمان

لے آئے۔ وہ جنوں سے مومنوں کے ساتھ مِل گئے اور جو اپنے کُفر پر باقی رہا وہ شیطان ہُوا۔ اور یہ مسئلہ علمائے شریعت کے درمیان اختلافی ہے۔

کیا شیطان مسلمان ہو سکتا ہے

بعض نے کہا کہ شیطان کبھی اسلام قبول نہیں کرتا اور شیطان کے بارے میں حضورِ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اس قول میں تاویل کرتے ہیں۔ کہ وہ موکل کے قریب ہے۔ بے شک اللہ تبارک وتعالیٰ نے اُس پر آپ کی اعانت فرمائی تو وہ مسلمان ہو گیا۔

بعض نے اسلم کی میم کو زبر سے اور بعض نے پیش سے پڑھا ہے تو اِس کہنے والے کی تاویل زبر کے ساتھ ہے۔ اُس نے اِس کے ساتھ کہا۔ "فَاَسْلَمَ مِنْہُ" یعنی مَیں اُس سے سلامت رہتا ہُوں۔ اُس کا داؤ مجھ پر نہیں چلتا۔ اور ایسے ہی مخالف کی تاویل ہے کہ وہ اِس میں پیش سے پڑھتا ہے کہ شیطان میرا فرماں بردار ہو گیا۔ کہا کہ باوجود وہ دُشمن ہونے کے وہ میرا مطیع ہے۔ اور وُہ مجھے نیکی کے سوا کوئی حُکم نہیں دیتا۔

گویا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حفاظت کے لئے شیطان پر جبر کیا۔ یعنی اُسے جبراً حضورِ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا مطیع بنایا ہے۔

اور اِس معنیٰ سے اختلاف رکھنے والے نے کہا۔ کہ "اسلم" کی میم پر زبر ہے کہ وہ اللہ کے ساتھ ایمان لایا جیسا کہ ہمارے نزدیک کافر مسلمان ہو کر مومن بن جاتا ہے۔ اور یہ معنیٰ بہتر ہے۔

کیا شیطان پہلا جِن ہے

اکثر لوگوں کا گمان ہے کہ شیطان پہلا جِن ہے جیسا کہ انسانوں میں حضرت آدم علیہ السلام پہلے بشر ہیں۔ اور ہمارے نزدیک ایسا نہیں بلکہ وہ جنوں میں سے ایک ہے اور اُن میں جو پہلا جِن تھا۔ جیسا کہ بشریت میں حضرت آدم علیہ السلام پہلے ہیں تو وہ جِن شیطان کے علاوہ تھا۔ اس لئے اللہ تبارک و تعالیٰ نے فرمایا۔

اِلَّآ اِبۡلِیۡسَ ؕ کَانَ مِنَ الۡجِنِّ — الکہف آیت ۵۰

مگر ابلیس جنوں میں سے تھا۔

یعنی مخلوقاتِ جنات کی اس صنف سے جیسا کہ نوعِ بشریہ سے قابیل ہے اور اللہ تبارک و تعالیٰ نے اسے شقی لکھ دیا اور وہ مخلوقِ بشریہ سے پہلا شقی ہے اور جنوں میں پہلا شقی شیطان ہے۔

کیا جنوں کو آگ کا عذاب ہوگا

جنوں میں سے شیاطین کو جہنم میں اکثر طور پر گرمی سے نہیں بلکہ ٹھنڈک سے عذاب دیا جائے گا۔ جب کہ انہیں آگ سے بھی معذب کیا جائے گا اور بنی آدم کو اکثر طور پر آگ سے عذاب دیا جائے گا۔

میں نے ایک روز ایک مخبوط الحواس ولی سے واقفیت حاصل کی۔ اس کی آنکھوں میں آنسو تھے اور وہ لوگوں سے کہتا تھا کہ اللہ تبارک و تعالیٰ کے صرف اس قول کے ساتھ توقف نہ کرو۔ جو اس نے ابلیس کے لئے کہا۔

لَاَمۡلَئَنَّ جَهَنَّمَ مِنۡكَ — صٓ آیت ۸۵

میں تجھ سے جہنم کو بھر دوں گا۔

بلکہ اللہ تبارک وتعالیٰ کے اس اشارہ کی طرف غور کرو جو تمہارے لئے اُس کے قول کے ساتھ کہ جہنّم ابلیس کے لئے ہے بیان ہُوا ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ کی اُس پر لعنت ہو۔ وہ آگ سے پیدا ہُوا ہے اور وہ اپنی اصل کی طرف لوٹ جائے گا اور اگر اُسے معذّب کیا گیا تو عذاب نار آگ سے زیادہ شدید ہے۔ پس اس امَر کی حفاظت کرو۔

جہنّم ٹھنڈا بھی ہے اَور گرم بھی

اِس دلی کی نظر جہنّم سے بطورِ خاص آگ پر تھی۔ اور اِس سے غافل رہا کہ جہنّم گرمی اور ٹھنڈک کو کہتے ہیں اور گرمی اور ٹھنڈک کو جمع کرنے کا نام جہنّم ہے۔ کیونکہ جہنّم کریہہ المنظر کو کہتے ہیں۔ اور جہام وہ بادل ہے جس کا پانی برس چکا ہو اور بارش اللہ تبارک وتعالیٰ کی رحمت ہوتی ہے۔ پس جب اللہ تبارک وتعالیٰ بادل سے بارش برسا کر بادل سے بارش کو زائل کر دیتا ہے تو اُس رحمت کے زائل ہونے سے جسے بارش کہا جاتا ہے اُس کا نام جہام ہو جاتا ہے۔

اَیسے ہی اللہ تبارک وتعالیٰ نے جہنّم سے رحمت کو زائل کر دیا ہے تو وہ کریہہ المنظر ہو گیا۔

اور جہنّم کا دوسرا نام بھی ہے۔ اور وُہ یہ ہے کہ اُس کی گہرائی بہت دُور ہے۔ کہتے ہیں کہ "رکیتہ جہنام" جب اُس کی گہرائی بہت دُور ہو۔

اللہ تبارک وتعالیٰ ہم سے اور مومنوں سے سوال کرے گا۔ مگر جو اِس سے ہو گا اِس باب میں اسی قدر کافی ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ؕ

بابِ دہم

بادشاہ کے دَورہ کی معرفت میں اور اُس میں منفصل ہونے والے پہلے وجُود اور دوسرے وجُود کا ذِکر جو اس میں اس سے علیٰحدہ ہوتا ہے اور اُس مقام کا ذِکر جس سے دونوں علیٰحدہ ہونے والوں کو پُورا کیا۔ اور اللہ تبارک و تعالیٰ کا اِس مملکت کی تمہید کرنے کا بیان یہاں تک کہ اُس کا بادشاہ آجائے اور اُس مرتبۂ عالم کا ذِکر جو حضرت عیسیٰ علیہ السّلام اور حضرت مُحمّد مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کے درمیان ہے اور وہ فترت کا زمانہ ہے۔

الملك لولا وجود الملك ما عرفا — ولم تكن صفة مما به وصفا
فدورة الملك برهان عليه لذا — قد التقت طرفاها هكذا كشفا
فكان آخرها كمثل أولها — وكان أولها عن سابق سلفا
وعند ما كملت بالختم قام بها — مليكها سيد الله معترفا
أعطاه خالقه فضلا معارفها — وما يكون وما قد كان وانصرفا

بادشاہ؛ اگر بادشاہ کا وجُود نہ ہوتا تو دونوں کی پہچان نہ ہوتی اور نہ ایسی صِفت ہوتی جس سے دونوں کا وَصف بیان ہو سکتا۔

بادشاہی کا دَورہ اِس پر دلیل ہے۔ اِس لئے اُس کی دونوں طرفیں مِل گئیں۔ اَیسے ہی کشف ہُوا ہے۔

اُس کا آخر پہلے کی طرح ہے اور اُس کا اوّل سابق سے بھی پہلے ہے جب ختم کے ساتھ اُس کے مکمل ہونے کے نزدیک ہوا تو اُس کے ساتھ اللہ کا سردار قائم ہو کر معترف ہو گیا۔

اُس کے خالق نے اُسے اُس کے معارف عطا فرمائے اور جو کچھ ہو گا اور جو کچھ ہو چکا ہے اور جس کی طرف پھرنا ہے بیان کیا۔

حضور رسالت مآبؐ کی سرداری

اللہ تبارک و تعالیٰ آپ کی مدد فرمائے۔ جان لیں کہ حدیث شریف میں وارد ہوا ہے کہ حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فخر کی را کے ساتھ فرمایا۔

اِنَا سیّد ولد آدم ولا فخر ”الحدیث“

میں اولادِ آدم کا سردار ہوں اور اس پر فخر نہیں۔

ایک روایت میں "زا" کے ساتھ ہے۔ یعنی فخز۔ اور اُس سے مراد ہے باطل پر فخز نہیں۔

صحیح مسلم کی روایت میں آیا ہے۔

انا سید الناس یوم القیامۃ الحدیث

میں قیامت کے دن لوگوں کا سردار ہوں گا۔

تو اِس روایت سے جنسِ بشریہ سے اُس کے ابناء پر آپ کی سیادت اور شرف ثابت ہے۔

اور حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔

کنتُ نبیاً و آدم بین الماء والطین، ” الحدیث

” میں نبی تھا اور حضرت آدم علیہ السلام مٹی اور پانی کے درمیان تھے۔

اِس سے مُراد آپ کو اِس کا عِلم ہے۔ پس اللہ تبارک وتعالیٰ نے حضُور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کو آپ کے اِس مرتبہ کی خبر دی ہے اور وہ اجسام انسانیہ سے پہلے آپ کی رُوح کا پیدا ہونا ہے۔ جیساکہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے بنی آدم پر اُن کے اجسام کی پیدائش سے پہلے وعدہ لیا۔ اور اللہ تبارک و تعالیٰ نے ہمیں اپنے انبیاء کرام علیہم السّلام سے ملحق کر دیا کہ ہمیں اُن کے ساتھ اُن کی اُمّتوں پر گواہ بنایا۔ جب ہر اُمّت سے اُن کے لوگوں سے گواہ بنایا جائے گا۔ اور وہ رسُول ہوں گے۔

تمام انبیاء آپؐ کے نائب ہیں

پس انبیائے کرام علیہم السّلام حضرت آدم علیہ السّلام سے لے کر آخری رسُول تک حضُور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کے نائب ہیں۔ اور حضُور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم نے اِس مقام سے متعدد امُور کو بیان کیا ہے۔ جن میں سے رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کا یہ فرمانا ہے۔

واللہ لو کان مُوسیٰ حیا ما وسعہ الا ان یتبعنی   الحدیث

اگر حضرت مُوسیٰ علیہ السّلام زندہ ہوتے تو اُن کے لئے میری اِتباع کے سوا گنجائش نہیں تھی۔

اور حضرت عیسیٰ بن مریم علیہما السّلام کے آخری زمانہ میں نزول کے بارے میں آپؐ نے فرمایا۔

اِنّہٗ یَؤمّنا یعنی ہم میں ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کے طریقہ کے مطابق حکم دیں گے اور صلیب کو توڑیں گے اور خنزیر کو قتل کریں گے۔ اور اگر حضُور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم حضرت آدم علیہ السّلام کے زمانہ

میں مبعوث ہوتے تو انبیاء کرام اور تمام لوگ قیامت تک آپ ہی کی شریعت کے حکم کے تحت ہوتے۔ اِس لیئے وہ عام طور پر مبعوث نہیں ہوتے بلکہ اُن کی بعثت خاص علاقوں تک تھی۔

پس آپؐ تمام رسولوں کے بادشاہ اور سردار ہیں اور دیگر انبیاء کرام کو اللہ تبارک وتعالیٰ نے خاص قوموں کی طرف مبعوث فرمایا اور سوائے رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے کسی رسول کی رسالت عام نہیں ہوئی۔

حضور رسالتمآب انبیاء کے بادشاہ ہیں

حضرت آدم علیہ السلام کے زمانہ سے لے کر حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی بعثت مبارکہ تک اور قیامت کے دن تک حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی بادشاہی ہے اور آخرت میں بھی آپؐ تمام رسولوں سے مقدم ہوں گے اور قیامت کے دن آپ کی سرداری صحیح نص کے ساتھ ثابت ہے۔

پس حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی رُوحانیت موجود ہے اور ہر نبی اور رسول کی رُوحانیت حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی رُوحِ پاک سے مدد لیتی ہے اور رسولوں کے اپنے زمانے میں اُنہوں نے شریعتیں اور علوم ظاہر کیئے۔ اُن میں اِسی رُوحِ اقدس کی امداد شامل تھی۔ جیساکہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم اور حضرت معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ وغیرہ کے احکام اپنے زمانہ میں موجود تھے اور اُن کا موجود ہونا حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی شریعت کے حکم میں تھا۔ ایسے ہی حضرت الیاس علیہ السلام اور حضرت خضر علیہ السلام کا ظاہر ہونا اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا آخر زمانے میں اپنے زمانہ ظہور میں حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی شریعت پر حکم دینا ہے

اور اُن کا حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی شریعت کے مطابق حکم دینا مقرر ہے۔ کیونکہ وہ آپ کی اُمت میں ظاہر ہوں گے۔ لیکن چونکہ عالم جس میں پہلے یہ نہیں ہُوا تھا اور حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کا وجودِ عینی پہلے تھا۔ لہٰذا ہر شریعت کی نسبت اُس نبی کے ساتھ ہُوئی جس کے ساتھ وہ مبعوث ہُوا۔ حقیقت میں ہر شریعت حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم ہی کی شریعت تھی اگرچہ مفقود العین تھی۔ کیونکہ اُس وقت اُس کے آثار ظاہر نہ تھے۔ جیسا کہ اب آپ سے پہلی شریعت کی علامت مفقود ہے۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے نزول کے زمانہ میں اور اُن کی شریعت کے حکم میں بھی یہی بات ہے۔

شریعتِ مُصطفٰے ناسخ ہے

اللہ تبارک و تعالیٰ نے حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی شریعت کے ساتھ تمام شریعتوں کو منسوخ فرما دیا ہے اور یہ نسخ اِس اَمر کو خارج نہیں کرتا کہ وہ شریعتیں بھی آپ کی شریعت سے ہوں۔ کیونکہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے ہمیں آپ کی اُس شریعت میں گواہ بنایا۔ اور اُس نسخ کو ظاہر فرمایا جو قرآن و سُنت میں نازل فرمایا تھا۔ باوجود اِس کے ہمارا اُس منسوخ پر اجماع و اتفاق ہے کہ وُہ شریعتیں آپ ہی کی شریعت سے ہیں جس کے ساتھ حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم ہماری طرف مبعوث ہُوئے۔ پس بعد میں آنے والا پہلے کو منسوخ کرتا ہے۔ اِس میں ہمیں خبردار کیا گیا ہے کہ یہ نسخ قرآن و سُنت میں موجود ہے اور یہ نسخ پہلی تمام شریعتوں کو آپ کی شریعت سے خارج نہیں کرتا۔

آپؐ کی شریعت کا حکم نافذ رہے گا

حضرت عیسیٰ علیہ السّلام کے آخری زمانہ میں نزول سے اُن کی اپنی شریعت یا اُس کے بعض سے وہ اپنی رسالت اور حکم کے زمانہ میں شریعتِ محمدّی کے ساتھ حکم دیں گے جو آج مقرر ہے۔ یہ اِس امر پر دلیل ہے کہ اِس زمانہ میں بھی انبیائے کرام میں سے سوائے رسُولِ اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کے اُس حکم کے کسی کا حکم نہیں جو آپ نے اپنی شرع میں مقرر فرما دیا ہے۔ ایسے ہی اہلِ کتاب ذمّی بھی اسی پر ہیں کہ وہ اطاعت گذار ہو کر جزیہ دیتے رہیں کیونکہ وہ مطیع ہیں۔ اور شریعت کا حکم احوال پر ہے۔ تو اِس تمام مجموعہ سے یہ بات نکلتی ہے کہ حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم تمام بنی آدم کے بادشاہ اور سردار ہیں۔ اور پہلے تمام زمانوں میں بھی آپ ہی کی بادشاہی تھی اور آپؐ ہی کی اطاعت کی جاتی تھی اور حکومت کرنے والے انبیاء۔ اِس امر میں آپؐ کے نائب تھے۔

ہم فضیلت نہیں دیتے خدا دیتا ہے

اگر کہا جائے کہ حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم نے فرمایا ہے۔ کہ مجھے کسی نبی پر فضیلت نہ دو تو اِس کا جواب یہ ہے کہ ہم نے آپ کو یہ فضیلت نہیں دی بلکہ یہ فضیلت اللہ تبارک وتعالیٰ نے خود آپ کو عطا فرمائی ہے کیونکہ یہ ہمارا حق نہیں کہ ہم فضیلت دے سکیں۔ اگرچہ قرآنِ مجید میں یہ وارد ہوا ہے۔

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ هَدَى اللّٰهُ فَبِهُدٰىهُمُ اقْتَدِهْ ؕ

الانعام آیت ۹۱

یہ وُہی لوگ ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ نے راہ دکھائی تو آپ انہی کی راہ پر چلیں،

اس لیئے انبیائے کرام علیہم السلام کا یہ ذکر صحیح ہے جو اللہ تبارک و تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ اُن کی ہدایت کے راستے پر چلیں۔ کیونکہ اُن کی ہدایت اللہ تبارک و تعالیٰ کی طرف سے ہے۔ اور یہ حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ہی شریعت ہے۔ یعنی آپ اُس شریعت کو لازم کرلیں جس کے ساتھ اقامتِ دین میں آپ کے نائبین نے ظہور فرمایا۔ اور اس میں متفرق نہ ہوں۔ تو یہ نہیں کہا کہ اس کی اقتدا کریں بلکہ اس میں فرمایا ہے۔

وَلَا تَتَفَرَّقُوا فِيهِ الشوریٰ آیت ۱۳

کہ اس میں علیحدگی نہ کریں

یہ شریعتوں کے اتحاد پر تنبیہہ ہے۔ اور اللہ تبارک و تعالیٰ کا یہ ارشاد

اتَّبِعْ مِلَّةَ إِبْرٰهِيمَ النحل آیت ۱۲۳

یعنی ملتِ ابراہیم کی اتباع کریں

اور وہ ملتِ دین ہے۔ تو وہ اتباعِ دین پر مامور تھے۔ کیونکہ دین اللہ تبارک و تعالیٰ کی طرف سے ہے۔ دوسرے کی طرف سے نہیں۔

طریق اور ہے پیروی اور ہے

آپ حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اس ارشاد کی طرف دیکھیں کہ اگر موسیٰ علیہ السلام زندہ ہوتے تو انہیں میری اتباع کے سوا گنجائش نہ تھی۔ تو اتباع کی اضافت آپ کی طرف ہے اور آپ کو انبیائے کرام کے دین اور ہدایت کا امر ہوا ہے۔ نہ کہ اُن کی پیروی کا، کیونکہ جب امامِ اعظم موجود ہو تو اُس کے نائبین کا حکم باقی نہیں رہتا بلکہ اُسی کا حکم ہوتا ہے۔ جب اُس کے مراسم کے ساتھ نائبین کا حکم غائب ہو جاتا ہے تو وہ غیب و حضور حاکم ہوتا ہے۔

یہ اخبار کیوں درست ہیں

ہم یہ اخبار و تنبیہات اس لئے لائے ہیں کہ جسے اللہ تبارک و تعالیٰ نے اپنی ذات کی طرف سے اطلاع نہیں دی۔ اور وہ کشف سے اس مرتبہ کو نہیں جانتا تو وہ اِسے جان لے اور اس سے مانوس ہو جائے۔ رہے اہل اللہ تو وہ اسی عقیدہ پر ہیں جس پر ہم ہیں۔ اور اُن کے لئے اس پر اُن کے نفوس میں اُن کے ربّ کے نزدیک تحقیقی شواہد قائم ہو چکے ہیں۔ ہم اس میں جو کچھ لائے ہیں اگرچہ اِن میں کثیر احتمالات متصوّر ہیں۔ تو یہ قوّت کے ساتھ اُن الفاظ کی طرف راجع ہیں جو اپنی اصل وضع میں ہیں۔ اور اُن اہلِ ذوق کے نزدیک یہ اَمر فی نفسہٖ ہے۔ جو اس عِلم کو حضرت خضر علیہ السلام اور اُن کی مثل اللہ تبارک و تعالیٰ سے اَخذ کرتے ہیں۔ کیونکہ انسان گفتگو کرتا ہے تو مثال کے طور پر اُس کے اُن معانی سے اس کی مُراد ایک معنیٰ ہوتی ہے۔ جو اِس کلام کو متضمن ہیں۔ تو جب اِن معانی سے متکلّم کے مقصود کے علاوہ اُس کی تفسیر کی جاتی ہے تو مفسّر اس کی تفسیر اُس اَمر کے ساتھ کرتا ہے جو اُسے قوّتِ لفظ عطا کرتی ہے۔ اگرچہ وہ متکلّم کے مقصود کو نہ پہنچے۔

تفسیر ایک مشکل کام ہے

کیا آپ نے دیکھا کہ صحابۂ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے اُوپر اللہ تبارک و تعالیٰ کے اس ارشاد سے کتنی مشقت پڑی۔

اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَلَمْ یَلْبِسُوْٓا اِیْمَانَھُمْ بِظُلْمٍ الانعام آیت ۸۲

اے ایمان والو اپنے ایمان کو ظُلم کے ساتھ ملبس نہ کرو۔

چنانچہ اس کے ساتھ ظُلم نکرہ کے لحاظ سے ہے۔ تو انہوں نے کہا۔ ہم میں سے کس نے ایمان کو ظلم کے ساتھ ملتبس نہیں کیا۔ حالانکہ یہ صحابۂ کرام وُہ عربی لوگ ہیں جن کی زبان میں قرآنِ مجید نازل ہوا۔ اور وہ حق تعالیٰ کے اُس مقصود کو نہ سمجھ سکے جو اِس آیت میں مُضمر تھا اور اِس کلمہ میں مناسب معنیٰ کی طرف نہ دیکھ سکے۔ چنانچہ حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلّم نے انہیں فرمایا۔ یہ وُہ امر نہیں جس کا تم گمان کرتے ہو اور یہاں اللہ تبارک و تعالیٰ کی ظُلم سے مُراد وُہ امر ہے جو حضرت لقمان علیہ السّلام نے اپنے بیٹے کو وصیّت کرتے ہوئے فرمایا تھا۔

یٰبُنَیَّ لَا تُشْرِكْ بِاللّٰهِ ۚ إِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيمٌ ‎ لقمان آیت ۱۳

اَے میرے بیٹے اللہ کے ساتھ شرک نہ کرو۔ بے شک شرک کرنا ظُلم عظیم ہے۔

تو اِس کلمہ کی قوّت نے ظُلم کو عام معنوں میں کر دیا اور متکلّم کا مقصد ظُلم سے مُراد مخصوص اور معیّن ظُلم ہے۔

یہ روایات بھی اَیسے ہی ہیں

اَیسے ہی ہم جو روایات لاتے ہیں کہ تمام بنی آدم رعایا ہیں اور حضورِ رسالت مآب صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلّم اِس کے بادشاہ اور سردار ہیں تو ہمارا یہ مقصود کشف کے طریق پر ہے جیسا کہ وہاں ظُلم سے متکلّم کا مقصودِ خاص شرک تھا۔ اِس لئے قرائنِ احوال کے ساتھ کلام میں تفاسیر کو تقویّت حاصل ہوتی ہے کیونکہ تفسیریں متکلّم کے مقصود معانی کے لئے امتیاز کرتی ہیں تو وُہ شخص اِس کی تفسیر کیسے نہیں کرے گا جس کے پاس کشفِ الٰہی اور عِلم لَدُنّی ربّانی ہو۔ منصف عاقل کا حق یہ ہے کہ اِس گروہ کی خبروں کو تسلیم کرے

اگر اِس میں اِن کی تصدیق کی جائے گی تو یہ اِن کے ساتھ حُسنِ ظن ہوگا اور تسلیم کرنے والے منصف قرار پائیں گے۔ اِس لیئے کہ تسلیم کرنے والا اُس کی تردید نہیں کرتا جو نفس الامر میں حق ہوتا ہے۔

اگر اِن کی تصدیق نہیں کرتے تو تسلیم نہ کرنا نقصان دِہ نہیں بلکہ اِس میں اُنہیں نفع حاصل ہوتا ہے۔ کہ اُنھوں نے اُس پر غور و خوض کرنا ترک کر دیا جس میں اُن کے لئے قطعی حکم نہیں۔ اور اِس علم کو اللہ تبارک و تعالیٰ کی طرف لوٹا دیا۔ اور اِس طرح اُنھوں نے حقِ ربوبیّت کو ادا کر دیا۔

جب کہ اولیاء اللہ اُسے جو کہیں وہ ممکن ہوتا ہے۔ پس اُس کا تسلیم کرنا ہر وجہ سے اَولیٰ و افضل ہے۔ اور یہ وہی بات ہے جس کی طرف ہم نے دورۃ الفلک میں اشارہ کیا ہے اور ہمارے علاوہ دوسروں نے بھی یہی بات کہی ہے۔ جیسا کہ امام ابی قاسم بن قیسی نے اپنی کتاب "خلع" میں بیان کیا ہے اور ہم نے یہ روایت اُس کے بیٹے سے کی ہے اور وہ قوم کے سرداروں سے تھا۔ اور اُس کا شیخ جس کے ہاتھوں پر اُسے اِس کا کشف ہوا وہ شیوخ مغرب سے بہت بڑا شیخ تھا۔ اور اہلِ لبلہ اُسے ابن خلیل کہتے ہیں۔ تو ہم نے جس بات کا ذکر کیا ہے اُس پر اعتماد نہیں کرتے۔ مگر ہمارا اعتماد اُس پر ہے جو ہمیں اِس سے اللہ تبارک و تعالیٰ القاء فرماتا ہے۔ اور اُس سے نہیں جن کے الفاظ کئی وجوہ سے محمول ہوتے ہوں۔ اور بعض کلام میں تمام تر احتمالات متکلّم کا مقصود ہوتے ہیں۔ جن تمام کے ساتھ وہ کہتا ہے۔ پس دورۃ الملک اللہ تبارک و تعالیٰ کی وہ تمہید ہے جو اِس نشأۃِ انسانیہ میں ترتیبات سے حضرت آدم علیہ السّلام سے لے کر حضرت محمّد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلّم کے زمانہ تک ہیں۔ جن کے ساتھ اِس میں احکامِ الٰہیہ کا ظہور

ہوتا ہے۔

اجسامِ انسانی میں پہلا باپ

پس وہ تمام سردار خلیفہ کے خلفاء ہیں۔ تو اجسامِ انسانیہ میں سب سے پہلے جو وجود ظاہر ہوا وہ حضرت آدم علیہ السّلام تھے۔ اور وہ اِس جنس سے پہلے باپ ہیں۔ اور تمام اجناس کے آباء کا ذکر ان شآء اللہ العزیز اِس باب کے بعد آئے گا۔ اور وہ پہلا باپ ہے جو اِس جنس سے اللہ تبارک و تعالیٰ کے حکم کے ساتھ ظاہر ہوا۔ ولیکن جیساکہ ہم نے مقرّر کیا ہے۔ پھر اُس سے ہمارے باپ علیحدہ ہوئے۔ تو درست یہ ہے کہ پہلے باپ کا درجہ اُس کے بعد آنے والے باپ کے اُوپر ہو۔ اِس لیے کہ وہ اُس کی اصل ہے۔

دورۃ الملک سے نابتین کا ختم ہونا اُسی کی مانند ہے جس کے ساتھ شروع ہوا تاکہ پتہ چل جائے کہ فضیلت اللہ تبارک و تعالیٰ کے ہاتھ میں ہے اور یہ وہ امر ہے جس کا اقتضاء پہلے باب میں اپنی ذات کے لئے کیا۔

حضرت آدمؑ اور مریمؑ باپ ہیں

پس حضرت عیسیٰ علیہ السّلام حضرت مریم علیہا السّلام سے پیدا ہوئے تو حضرت مریم علیہا السّلام بمنزلہ حضرت آدم علیہ السّلام کے تھیں اور حضرت عیسیٰ علیہ السّلام کا نزول بمنزلہ حضرت حوّا علیہ السّلام کے تھا تو جیسے مذکر سے مؤنث پیدا ہوئی ایسے ہی مؤنث سے مذکر پیدا ہوا اور بغیر باپ سے بیٹے کو پیدا کرنے میں وہ مثال ختم ہو گئی جس کے ساتھ ابتدا ہوئی تھی جیساکہ حضرت حوّا بغیر ماں کے پیدا ہوئیں۔ تو حضرت عیسیٰ اور حضرت حوّا دو بھائی

ہیں اور حضرت مریم علیہا السلام دونوں کے دو باپ ہیں۔

اِنَّ مَثَلَ عِیسٰی عِندَ اللّٰہِ کَمَثَلِ اٰدَمَ

الِ عمران ۵۹

بے شک اللہ تعالیٰ کے نزدیک عیسیٰؑ کی مثل ایسے ہے جیسے آدمؑ کی مثل

عدمِ ابوت میں مذکر کی تشبیہہ کا واقع ہوتا اس لیے ہے کہ یہ دلیل حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے لیے اُن کی والدہ کی بریت میں نصب ہوئی۔ اور حضرت حوا علیہا السلام کے ساتھ تشبیہہ واقع نہیں ہوئی۔

عالم میں خلاء نہیں

کیونکہ عورت وجودِ حمل کے باعث اس امر پر محلِ تہمت ہے کیونکہ عورت محلِ ولادت ہوتی ہے اور مرد کے لیے یہ مقام نہیں ہوتا اور دلائل سے مقصود شکوک کو رفع کرنا ہوتا ہے۔ حضرت حوا علیہا السلام سے حضرت آدم علیہ السلام میں التباس اور شبہ واقع نہیں ہوا۔ کیونکہ حضرت آدم علیہ السلام کا محل یہ نہیں کہ اُن سے صدورِ ولادت ہو۔ اور یہ دلیل اُس کے نزدیک ہو گی جس کے نزدیک حضرت آدمؑ کا وجود اور اُن کی تکوین ثابت ہے اور تکوین اُن سے ہے جیسا کہ بیٹا بغیر باپ کے نہیں ہوتا۔ ایسے ہی ماں کے بغیر نہیں ہوتا۔

پس یہ مثل معنیٰ کے طریق سے ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام حضرت حوا سلام اللہ علیہا کی طرح ہیں جب کہ اس امر میں انکار کرنے والوں کا دخل مؤنث ہونے کی حیثیت سے ہے جیسا کہ ہم نے کہا کہ عورت سے اولاد کا محلِ صدور ہے۔ اس لیے اُن پر تہمت لگائی گئی اور حضرت آدم کے لیے تشبیہہ حضرت مریمؑ کی بریت حاصل کرنے کے لیے ہے۔ کیونکہ یہ عادت میں ممکن ہے۔

پس حضرت عیسیٰ علیہ السّلام کا بغیر باپ کے حضرت مریمؑ سے ظہور فرمانا ایسے ہی ہے جیسے حضرت حوّا علیہا السّلام بغیر ماں کے حضرت آدم علیہ السّلام سے ظاہر ہوئیں اور وہ دوسرا باپ ہیں۔ جب حضرت حوّا حضرت آدم علیہ السّلام سے علیحدہ ہوئیں تو حضرت آدم علیہ السّلام کا وہ مقام نکاح کی خواہش سے معمور ہوگیا جس سے تناسل و توالد کے ظہور کا وقوع ہوا۔ حضرت آدم علیہ السّلام کا وہ مقام جہاں سے ہوا خارج ہوتی ہے۔ ہوا خارج ہونے کے وقت حضرت حوّاؑ کا جسم تھا۔ کیونکہ عالم میں خلاء نہیں ہے۔ پس ہوا کے اِس جز نے اُس مقام کو طلب کیا جہاں سے حضرت حوّا نے اپنی شخصیت کو اخذ کیا تھا۔

پس حضرت آدم علیہ السّلام نے اُس مقام کی طلب کے لئے حرکت کی تو اُسے حضرت حوّا علیہا السّلام کے ساتھ بھرا ہوا پایا پس آپ اُس مقام پر واقع ہوئے اور جب اُس پر پردہ ڈالا تو وہ حاملہ ہوگئیں اور اولاد کا سلسلہ شروع ہوگیا۔ چنانچہ بنی آدم وغیرہ سے حیوان میں یہ سنّت بالطبع جاری رہی۔

انسان نسخۂ عالم ہے

لیکن انسان کلمۂ جامعہ اور نسخۂ عالم ہے۔ لہٰذا عالم کی ہر چیز اُس کی جزء ہے اور اِنسان عالم سے کسی ایک چیز کے لئے جز نہیں۔ اِس فصل اور اِس پہلے منفصل کی ایجاد کا سبب اُس جنس میں ہم شکل کے ساتھ اُنس کو طلب کرنا ہے۔ جو خاص الخاص نوع ہے تاکہ عالمِ اجسام میں طبعی انسانی ملاوٹ کامل صورت کے ساتھ وقوع پذیر ہو۔ جو اللہ تبارک و تعالیٰ کا ارادہ ہے۔ اور جو قلمِ اعلیٰ اور لوحِ محفوظ سے مشابہت رکھتی ہے اور جیسے عقلِ اوّل اور نفسِ کل سے تعبیر کیا جاتا ہے اور جب آپ قلمِ اعلیٰ کہیں گے تو اِس

اشارہ کو اُس اَمر سے سمجھ لیں جو کاتب اور قصدِ کتابت کو متضمن ہے۔ اِس طرح آپ کے ساتھ شارعؑ کے اِس قول کا معنیٰ قائم ہوگا۔

اِنَّ اللّٰہَ خَلَقَ آدَمَ عَلٰی صُوْرَتِہٖ ——الحدیث

یعنی اللہ تبارک وتعالیٰ نے آدم کو اپنی صورت پر پیدا فرمایا۔

کُن کا درمیانی رابطہ

پھر شارع علیہ السلام کی عبارت ایجادِ اشیاء کے سلسلہ میں کتابِ عزیز میں ہے۔ جو کُن کہلاتی ہے۔ پس کُن میں دو حرف لائے گئے جو بمنزلہ دو مقدموں کے ہیں اور جو کچھ کُن کے وقت نتیجہ برآمد ہوتا ہے۔

یہ دو حرف ظاہر ہیں اور تیسرا وہ ہے جو دونوں کے درمیان رابطہ ہے اور کُن میں پوشیدہ ہے اور وہ واوؔ محذوف ہے۔ جو ساکنین کی ملاقات کے لئے ہے۔ ایسے ہی جب مرد اور عورت کا ملاپ ہوتا ہے۔ تو قلم کا وجود ظاہر نہیں ہوتا اور وہ ملاپ رحم میں نطفۂ غیب ڈال دیتا ہے۔

اِسی لئے شارح کی زبان میں نکاح کو راز سے تعبیر کیا گیا۔ اللہ تبارک و تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

وَلٰکِنْ لَّا تُوَاعِدُوْھُنَّ سِرًّا

ولیکن عدت کے دوران ان سے پوشیدہ نکاح کا وعدہ نہ کرو

ایسے ہی عند الملاقات دونوں حرکت سے ساکن ہو جاتے ہیں اور اخفاءِ قلم ممکن ہو جاتا ہے۔ جیساکہ تیسرا حرف واوؔ ساکنین کے لئے کُن سے مخفی ہے کیونکہ اُس کے لئے بلندی ہے اور وہ رفع سے متولد ہوتی ہے اور اُس سے

اشباعِ ضمّہ ہے اور وہ یعنی واؤ حروفِ علّت میں سے ہے جس کا ہم نے ذکر کیا.

اگر تجھے پیدا نہ کرتا

یہ اُس وقت ہوگا جب مُلک خاص انسان سے عبارت ہوگا. کیونکہ ہم جمیع ماسوا اللہ پر اُس کی سرداری کی طرف نظر کرتے ہیں. جیساکہ حدیث کی روایت میں بعض لوگوں کا مذہب ہے. چنانچہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا.

لولاك يا محمد ما خلقت سماء ولا ارضًا ولا جنة ولا نارا

یا محمدؐ اگر آپ نہ ہوتے تو میں نہ آسمان کو پیدا کرتا اور نہ زمین کو، نہ جنّت کو پیدا کرتا اور نہ دوزخ کو.

یعنی اپنے سوا تمام موجودات کا باعث حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کو بتایا.

اور ماسوا اللہ ہر مخلوق کا ذکر کیا تو موجودِ اوّل سے اس میں نفسِ کُلیہ اوّل علیحدہ کرنے والا ہوگا اور وہ عقلِ اوّل ہے اور اس میں آخری موجودِ آدم سے علیحدہ ہونے والی ہستی حضرت حوّا ہیں.

اجناسِ عالم کیا ہیں

چنانچہ اجناسِ عالم میں سے آخری موجود انسان ہے. اس لئے کہ عالم کی چھ اجناس ہیں اور ہر جنس کے تحت انواع ہیں اور ہر انواع کے تحت انواع ہیں.

جنسِ اوّل مَلک، دُوسری جِنّ، تیسری معدنیات، چوتھی نباتات اور پانچویں

جنس حیوانات ہے۔ جب کہ فرشتے کی انتہا و تمہید اور استواء ہُوا۔ اور چھٹی جنس انسان ہے اور وہ اس مملکت پر خلیفہ ہے اور وہ آخر میں اس لئے پیدا ہُوا کہ حقیقتاً بالفعل امام ہو نہ کہ صلاحیّت اور قوت سے۔

اوّل بھی تُو آخر بھی تُو

جب انسان کا وجود پیدا ہُوا تو اُسے والی اور سلطان بلحاظ پایا گیا۔ اور جب اُس کے جسد کی پیدائش مؤخر ہُوئی تو اُس کے لئے نائبین مقرر ہوتے اور اُس کے پہلے نائب اور خلیفہ حضرت آدم علیہ السّلام ہُوئے۔ پھر اُن کی اولاد اور اتّصالِ تناسل ہُوا اور ہر زمانہ میں خلفاً متعین ہوتے رہے۔ یہاں تک کہ حضرت محمّد مصطفےٰ صلی اللّٰہ علیہ و آلہٖ وسلّم کا جسدِ اطہر پیدا ہُوا۔ تو آپ سُورج کی طرح روشن اور ظاہر و باہر تھے۔ چنانچہ ہر نُور آپ کے درخشندہ نُور میں درج ہوگیا اور ہر حکم آپ کے حکم میں غائب ہوگیا اور تمام شریعتیں آپ کی اطاعت گزار ہوگئیں اور باطن سے آپ کی سیادت ظاہر میں آگئی۔

هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ

پس آپ ہی اوّل و آخر اور ظاہر و باطن ہیں اور ہر چیز کو جاننے والے ہیں

اوّلین و آخرین کے عالم

آپؐ کا ارشاد ہے کہ مجھے جوامع الکلم یعنی جامع کلمات عطا فرمائے گئے ہیں اور آپ نے فرمایا!

ضرب بيده بين كتفي فوجدت بردانامله بين ثديي فعلمت علم الاولين والآخرين ''الحديث''

یعنی میرے پروردگار نے میرے دونوں کاندھوں کے درمیان تھپکی دی تو میں نے اُس کی اُنگلیوں کی ٹھنڈک اپنی چھاتیوں میں محسوس کی تو میں نے اوّلین و آخرین کے علم کو جان لیا۔

پس آپ کو وہ تخلّق اور نسبتِ الٰہی حاصل ہو گئی جو اللہ تبارک و تعالیٰ نے اپنی ذات کے لئے بیان کی ہے۔

هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ وَهُوَ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ

الحدید آیت ۳

وُہی پہلے ہے۔ وُہی پیچھے ہے۔ وُہی ظاہر ہے وُہی پوشیدہ ہے
وُہی ہر چیز کا جاننے والا ہے۔

تلوار اور رحمت

اور سورت حدید میں یہ آیت آئی ہے۔

فِیْهِ بَاْسٌ شَدِیْدٌ وَّمَنَافِعُ لِلنَّاسِ الحدید آیت ۲۵

اور ہم نے لوہے کو نازل فرمایا کہ اس کے اندر شدید ہَیبت ہے۔ اور لوگوں کے لئے فائدے بھی۔

اس لئے حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم تلوار کے ساتھ مبعوث ہوئے اور رحمۃٌ للعالمین بنا کر بھیجے گئے۔ اور آپؐ ہر چیز سے علیٰحدہ ہو گئے اور آپؐ اُس سے ہر چیز کو معمور فرمانے والے ہیں جس سے آپ علیٰحدہ ہوئے۔

آپؐ کے سائے نے ہر چیز کو گھیر رکھا ہے

جیسا کہ ہم نے کہا کہ عالم میں خلاء باقی نہیں۔ چنانچہ آپؐ کے ظلِ مبارک نے

اُس جگہ کو معمور فرما دیا۔ جہاں سے آپؐ علیحدہ ہوئے تھے۔ کیونکہ آپؐ کا اِتصال نور کی طرف تھا اور وہ نور ظہور کے لیئے ہے۔ چنانچہ جب آپؐ اپنی ذات کے ساتھ نور کے بالمقابل ہوئے تو آپؐ کا سایہ دراز ہو گیا اور اُس نے مقامِ انفصال کو معمور کر دیا۔ اور وہ اِس علیحدگی سے گم نہیں ہوا۔ اور جس کی طرف منفصل ہوا اُسی کی طرف وہ مشہود ہے اور جس سے منفصل ہوا اُس کے لئے بھی وہ مشہود ہے۔

اور اُس کہنے والے کی مُراد کا یہی معنیٰ ہے جس نے کہا۔

شہدتک موجوداً بکلِ مکانٍ، الحدیث

یعنی۔ مَیں تیری گواہی دیتا ہوں کہ تجھے ہر جگہ موجود پایا۔

سائے کیوں گھٹتے بڑھتے ہیں

عالم کے اسرار سے یہ بھی ہے کہ اِس دُنیا سے جس چیز کی پیدائش ہو اُس کا سایہ پہلے برابر ہوتا ہے جو اللہ تبارک و تعالیٰ کو سجدہ کرتا ہے تا کہ وُہ ہر حال میں اپنے رَبّ کی عبادت کے ساتھ قائم رہے۔ پیدا ہونے والا خواہ اطاعت گذار ہو یا نافرمان۔ اگر وہ اہلِ موافقت سے ہے تو اُس کا سایہ اور وہ برابر ہوتے ہیں۔ اگر اگر وہ مخالف ہو تو اُس کا سایہ اللہ تبارک و تعالیٰ کی اطاعت میں اُس کا نائب ہوتا ہے۔ اللہ تبارک و تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

وَّظِلٰلُهُمۡ بِالۡغُدُوِّ وَالۡاٰصَالِ الرعد آیت ۱۵

اور اُن کے سائے صبح شام اللہ تعالیٰ کے سامنے جھکتے ہیں۔

بادشاہ اللہ کا سایہ ہوتا ہے

سلطان زمین میں خدا کا سایہ ہوتا ہے۔ کیونکہ اُس کا ظہور اسمائے الٰہیہ

کی اُن تمام صُورتوں کے ساتھ ہوتا ہے۔ جو عالمِ دُنیا میں اثرات مرتّب کرتی ہیں۔ اور آخرت میں عرش اللہ تبارک و تعالیٰ کا سایہ ہوگا۔ پس سائے حِسّاً اور معناً صُورت کی اتباع کرتے ہیں۔ چُونکہ حِس قاصر ہوتی ہے اس لیئے صُورتِ معنویہ کے لیئے ظلِ معنوی کی کی قوّت سے مقوّی نہیں ہوتی۔ کیونکہ وہ مُقیّد نوُر کے لیئے استدعا کرتی ہے جب کہ حِس میں قید، تنگی اور عدم وسعت پائے جاتے ہیں۔ اِس لئے ہم نے ظلِّ معنوی پر آگاہ کیا ہے۔ شریعت سے حدیث شریف میں وارد ہُوا ہے۔

السُّلطان ظلّ اللہ فی الارض ، الحدیث

بادشاہ زمین میں اللہ تعالیٰ کا سایہ ہوتا ہے۔

اِس سے آپ کو معلوم ہوگیا کہ سایوں کے ساتھ مکانات معمُور اور بھرے ہُوئے ہیں۔ یہاں ہم نے اُن گوشوں کا ذکر کر دیا ہے جو اس باب کے لائق تھے۔ اور مزید وہ اُمر بیان نہیں کیا جس میں طوالت کا خوف اور دِلوں کے رنجیدہ ہونے کا ڈر تھا۔ اور اِس میں ہم نے صاحبِ عقلِ سلیم کے لئے کافی و وافی بیان کر دیا ہے اور یہ تذکرہ اُن اہلِ اللہ کے لئے کیا گیا ہے جو اُس چیز کے ساتھ شاہد و عالم اور مشغول رہنے والے ہیں۔ جو بلند ہے یا اُس چیز کے ساتھ غافل ہیں جو پسُت ہے۔ تو وہ ہمارے اِس ذکر کی طرف رجوع کریں گے جو اِس باب میں ناظر کے لئے بیان کیا۔

اہلِ فترت کا حال

فصل :۔ حضرت عیسیٰ علیہ السّلام اور حضرت محمّد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلّم کے زمانہ کے درمیان جو مرتبۂ عالم ہے۔ وہ اہلِ فترت ہیں اور وہ اُس تجلّی کی حیثیت سے مختلف مرتبوں پر فائز ہیں۔ جو اُن کے لئے علمِ اسماء کے جاننے اور

نہ جاننے سے ہے۔ اُن میں سے حق تعالیٰ کی وحدانیت کے قائل وہ لوگ ہیں جن کے غور و فکر کے وقت اُن کے قلب پر تجلّی واقع ہوتی ہے۔ اور وہ صاحب دلیل ہیں۔ اور وہ اپنے پروردگار کی طرف سے نور پر تھے جس کا اِمتزاج اُن کے فکر کے ساتھ تھا۔ تو یہ قیامت کے دِن اُمّتِ واحدہ کی صورت میں مبعوث ہوں گے۔ جیسا کہ قیس بن ساعدہ اور اُن کی مثل کیونکہ اِن کا ذکر خطبہ میں کیا گیا جس پر یہ دلیل ہے کہ حضورِ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم نے مخلوقات کا ذِکر کیا اور اِس میں اِن کا اعتبار کیا۔ اور یہ وہ فکر ہے جس سے وہ اپنے قلب میں اُس نورِ وجدان کے ساتھ اللہ تبارک وتعالیٰ کی وحدانیت کو مانتے تھے۔ جسے وہ بغیر فکر و رویّت اور نظر و استدلال کے ہٹانے پر قدرت نہ رکھتے تھے پس وہ اپنے رب کے نور پر بغیر امتزاج کے خالص تھے۔ اور وہ قیامت کے دن ننگے پاؤں اٹھائے جائیں گے۔

یہ طبقہ مومنوں کا ہے

اِن میں سے وہ ہیں جن کی ذات میں اَلقاء ہوا اور وہ شدّتِ نورِ وصفا کے کشف سے مطلع ہوئے اور اپنے خلوص و یقین کی وجہ سے حضرت محمّد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم پر اور آپؐ کی سرداری پر ایمان لائے اور حضرت آدم علیہ السلام کے زمانہ سے اُس وقت تک آپؐ کی عام رسالتِ باطنی سے آگاہ ہوئے تو عالمِ غیب میں اور اللہ ربّ العزّت کی شہادت سے آپؐ پر ایمان لائے اور وہ اللہ تبارک وتعالیٰ کا یہ ارشاد ہے۔

اَفَمَنْ كَانَ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّهٖ وَيَتْلُوْهُ شَاهِدٌ مِّنْهُ هود آیت ۱۷

جو اپنے ربّ کی طرف سے ایک روشن دلیل عقلی پر ہوں اور اِس سے

اُس کی طرف سے ایک گواہ بھی آ چکا ہو۔

چنانچہ اُس کا دِل اُس کے کشف کے مطابق اُس کی صداقت کی گواہی دیتا ہے۔ تو یہ لوگ قیامت کے دن حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کے باطن پر محشور ہوں گے۔

یہ لوگ بھی ایمان والے ہیں

اِن میں سے جو لوگ اپنے پہلوں سے ملّتِ حق کی اتباع کرتے ہیں۔ جیسا کہ وہ لوگ جو یہود و نصاریٰ یا ملّتِ ابراہیمؑ کی اِتّباع کرنے والے تھے اور یہ کہ اُسے اُن کے نبی ہونے کا علم دیا گیا ہو، اور وہ جانتا ہو کہ وہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک مخصوص گروہ کو حق کی طرف بُلانے والے رسُول ہیں اور یہ جان کر اُن اِتّباع کی اور اُن پر ایمان لایا اور اُن کے راستے پر چلا اور اُس چیز کو اپنے اُوپر حرام کیا جو اُس رسُول نے حرام کی تھی اور اپنی ذات کو اُس شریعت کے ساتھ اللہ کی عبادت میں مصروف رکھا۔ اگرچہ یہ اُس پر واجب نہ تھا اس لیئے کہ وہ رسُول علیہ السّلام اُس کی طرف مبعوث نہیں ہوئے تھے۔ تو یہ شخص قیامت کے دن اُس رسُول کی اِتّباع کرنے والوں سے محشور ہوگا۔ اور اُس نبی کی شریعت میں ظاہر ہوگا۔ اور اُس کے زُمرہ میں تمیز کیا جائے گا۔ جب کہ ظاہر میں اُس نے نبی کی شریعت کو اپنے لیئے مقرّر کیا ہو۔

پہلی کتابوں میں آپؐ کا ذِکر پڑھنے والے

اِن میں سے ایسے لوگ ہوں گے جنہوں نے انبیاء علیہم السّلام کی کتابوں میں حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کے شرف اور آپؐ کے دین

کے بارے میں مطالعہ کیا ہوگا۔ اور آپ کی اِتباع کرنے والوں اور آپؐ پر ایمان لانے والوں اور تصدیق کرنے والوں کے ثواب کے بارے میں پڑھا ہوگا۔ اگرچہ وہ پہلے گذرنے والے کسی نبی کی شریعت میں داخل نہ ہو جو مکارمِ اخلاق لایا ہو تو اُس شخص کا حشر بھی حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کے ساتھ مومنین میں ہوگا۔ نہ کہ عالمین میں۔ ولیکن یہ شخص حضورِ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کی ظاہریت میں ہوگا۔

دوہرے اُجر والے

اِن میں سے وہ ہے جو اپنے نبی کے ساتھ ایمان لایا۔ اور حضورِ رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کا زمانہ دیکھا تو آپؐ کے ساتھ بھی ایمان لایا تو اُس کے لئے دوہرا اَجر ہوگا۔ اور یہ تمام لوگ اللہ تعالیٰ کے نزدیک سعادت مند ہیں۔

بَدبخت اہلِ فترت

اِن میں سے جو معطّل ہوگا تو وہ نظرِ قاصر سے وجُود کے ساتھ اقرار نہیں کریں گے۔ یہ قصُور اُس کی نظر کے ساتھ اُس کی انتہائی قوّت کی طرف ہے جو اِس کے علاوہ قوّت سے کمزوری کے لیئے اُس کے مزاج میں ہے اور اِن میں وہ ہے جو نظر سے نہیں بلکہ تقلید سے معطّل ہوگا۔ تو یہ مُطلق شقی اور بدبخت لوگ ہیں۔

یہ بھی بَدبخت ہیں

اور اِن میں سے اَیسے لوگ ہیں جنہوں نے طریقِ حق میں خطائے نظری سے

شرک کیا۔ باوجودیکہ وہ اِس بات کی کوشش کرتے تھے کہ اِس کی قوت عطا کی جائے۔

اِن میں سے بعض نے شرک کیا۔ اگرچہ استقصائے نظر سے نہ ہو تو یہ بھی شقی اور بدبخت ہیں۔

اِن میں سے بعض نے تقلیداً شرک کیا تو یہ بھی شقی اور بدبخت ہیں۔ اور اِن میں سے بعض ایسے ہیں جنہوں نے اپنی نظر کی پہنچ تک اثباتِ حق کیا اور بعد میں معطل ہو گئے۔ جس میں جو انتہائی قوت ہے وہ اِس پر ضعف کے لئے ہے۔ اِن میں سے وہ ہیں کہ اُن پر تحقیقِ نظر یا تقلید کے بغیر اثباتِ حق ہُوا اور وہ اِس کے بعد معطل ہو گئے۔ تو یہ بھی شقی اور بدبخت ہیں۔

یہ تمام مراتب اہلِ فترت کے ہیں جن کا ذکر ہم نے اِس باب میں کیا۔

اَلحمدُ للہ دسویں باب کا ترجمہ تمام ہُوا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ

گیارہواں باب

ہمارے عُلوی باپوں اور سِفلی ماؤں کی معرفت کا بیان

أنا ابن آباء أرواح مطهــــرة　　وأمهات نفــوس عنصريات
مابين روح وجسم كان مظهــرنا　　عن اجــتماع تعنيق ولذات
ماكنت عن واحــد حتى أوحده　　بل عن جماعــة آباء وأمات
هــم للاله اذا حققت شأنهمو　　كصانع صــنع الاشــياء بآلات
فنسبة الصنع للنجار ليس لها　　كذاك أوجــدنا رب البريات
فيصدق الشخص فى توحيد موجده　　ويصدق الشخص فى اثبات علات
فان نظــرت الى الآلات طال بنا　　اســناد عنعنة حتى الى الذات
وان نظرت اليــه وهو يوحــدنا　　قلنا بوحــدته لا بالجماعات
أنى ولدت وحيــد العين منفردا　　والناس كلهمو أولاد عــلات

میں آباءِ ارواحِ مُطہرہ اور اُمّہاتِ نفوسِ عنصریات کا بیٹا ہوں۔
جو رُوح و جسم کے درمیان ہے۔ وہ اجتماع معانقہ اور لذّات سے ہمارے ظہور کا مقام ہے۔
میں ایک سے نہیں ہوں کہ اُسے ایک کہوں بلکہ آباؤ و اُمّہات کی ایک جماعت سے پیدا ہوا ہوں۔

اگر اُن کے حال کی تحقیق کریں تو وہ اللہ تعالیٰ کے لئے ایسے کاریگر ہیں۔ جو اشیاءً کو آلات کے ساتھ گھڑتا ہے۔

نجار کے لئے نسبتِ صنعت اُن چیزوں پر نہیں۔ ایسے ہی ہمیں ربّ البریّات نے پیدا فرمایا ہے۔

شخص کا وجود اپنے مُوجد کی توحید کا مُصدق ہے اور شخص کی تصدیق علّات کے اثبات میں ہے۔

اگر آلات کو دیکھیں گے تو ذات کی طرف اسناد لانے میں ہمارے ساتھ طوالت ہوگی۔

اگر اُس کی طرف نظر کرے گا تو اُس نے ہمیں پیدا کیا ہے۔ ہم اُس کی وحدانیت بیان کرتے ہیں جماعتوں کے ساتھ نہیں۔

میں وحید العین اکیلا پیدا ہوا ہوں اور تمام لوگ علّات کی اولاد ہیں۔

علوی باپ سفلی مائیں

اللہ تعالیٰ آپ کی امداد فرمائے۔ جاننا چاہیئے کہ چونکہ اس عالم کا مقصود انسان ہے اور وہ اس عالم کا امام ہے۔ اس لئے ہم نے آباؤ اُمّہات کی طرف اضافت کی تو ہم نے کہا۔ ہمارے باپ علویات اور مائیں سفلیات ہیں۔

تو ہر مؤثر اس میں ماں ہے۔ اس باب کے لئے یہی وہ ضابطہ ہے اور اس اثر سے دونوں کے درمیان متولّد ہونے والے کا نام بیٹا ہے اور علوم کے نتائج میں ایسے ہی معانی پائے جاتے ہیں۔ وہ دو مقدمتوں کے ساتھ ہے۔ ایک سے دوسرے کا نکاح اُس ایک فرد کے ساتھ ہے جو اس میں تکرار کرتا ہے اور وہ رابطہ ہے۔ اور یہی نکاح ہے۔

جس سے دونوں کے درمیان نتیجہ کا صدور ہوتا ہے اور یہی مطلوب ہے۔

پس تمام ارواح باپ ہیں اور طبیعت ماں ہے۔ اس لئے وہ محلِ استحالات ہوتی ہیں اور یہ ارواح ان ارکان پر متوجہ ہوتے ہیں' جو عناصر تغیر اور استحالہ کے قابل ہوتے ہیں۔ اس میں مولدات ظاہر ہوتے ہیں اور یہ معدنیات و نباتات حیوانات و جنات ہیں۔ ان سب سے کامل انسان ہے۔

چار عورتوں سے نکاح کیوں؟

ایسے ہی ہماری شریعت تمام شریعتوں سے کامل تر آئی ہے۔ اس حیثیت سے کہ وہ تمام حقائق کو اٹھانے والی اور جاری کرنے والی ہے۔ پس یہ جامع کلمات لائی ہے اور چار عورتوں کے نکاح پر کفایت کی ہے۔ اور اس سے زیادہ طریقِ نکاح تو قوتِ عقد پر حرام ہوگی۔ مگر اس میں ملکِ یمین داخل نہیں اور اس پانچویں امر کے مقابلہ میں ملکِ یمین مباح ہے جس کی طرف بعض علما گئے ہیں۔

اس لئے عالمِ طبیعت سے چار ارکان ہیں اور عالمِ علوی سے چار کے ساتھ ان کا نکاح ہے۔ ان چاروں کے لئے اللہ تبارک و تعالیٰ اسے پیدا فرماتا ہے۔ جو ان میں سے پیدا ہوتا ہے۔

اصل کیا ہے

اس میں چھ مختلف مذاہب ہیں۔ ایک طائفہ کا گمان ہے کہ ان چاروں میں سے ہر چیز فی نفسہٖ اصل ہے۔

ایک طائفہ کہتا ہے! آگ رکن ہے اور وہ اصل ہے۔ اور اس سے

جو کثیف چیز ہے وہ ہَوا ہے اور جو ہَوا سے کثیف ہے وہ پانی ہے اور جو پانی سے کثیف ہے وہ مٹی ہے۔

ایک طائفہ کہتا ہے کہ ہَوا رُکن کی اصل ہے۔ اور ہَوا سے جو گرم ہے وہ آگ ہے اور جو اِس سے کثیف ہے وہ پانی ہے۔

ایک طائفہ کہتا ہے کہ پانی رُکن ہے اور وہ اصل ہے۔

ایک گروہ کہتا ہے کہ مٹی رُکن ہے اور وہ اصل ہے۔

ایک گروہ کہتا ہے کہ وہ پانچواں اَمر اصل ہے۔ جو اِن چاروں میں سے نہیں۔ اور وہ یہ ہے۔ جیسے ہم نے بمنزلہ ملکِ یمین کے مقرر کیا ہے۔

پس ہماری شریعت نکاح میں تمام مذاہب سے کامل تر ہے اور یہ مذہب پانچویں اصل کے ساتھ ہے۔ جب کہ ہمارے نزدیک یہی اصل ہے اور اِس کا نام طبیعت ہے۔ کیونکہ طبیعت معقولِ واحد ہے اور اِس سے آگ کا رُکن اور جمیع ارکان ظاہر ہوتے ہیں۔

ارکان کی مُنافرت

کہتے ہیں کہ آگ کا رُکن طبیعت سے ہے۔ اور وہ اِس کا عین نہیں اور یہ نادرست ہے کہ وہ عین اَربعہ کو جمع کرنے والا ہے۔ کیونکہ بعض ارکان کی ایک دوسرے سے کُلّی طور پر منافرت ہے۔ اور بعض ایک دوسرے سے کسی ایک اَمر میں نفرت کرتے ہیں۔ جیسا کہ آگ اور پانی تمام وجُوہ سے ایک دُوسرے سے نفرت کرتے ہیں اور ایسے ہی ہَوا اور مٹی کا حال ہے۔

اِس لیے اللہ تبارک و تعالیٰ نے وجُود میں حکیمہ طور پر محالات کو مُرتب کیا ہے۔ پس اگر ایک نفرت کرنے والے کو دُوسرے نفرت کرنے

والے کا ہمسایہ بنا دیا جائے تو اُس کی طرف اِستحالہ ہو جاتا ہے۔ اور حکمت باطل ہو جاتی ہے۔

نفرت کیسے دُور کی

پس ہَوا کو آگ کے رُکن کے ساتھ ملایا اور دونوں کے درمیان حرارت کا اجتماع ہے، پانی کو ہَوا کے ساتھ ملایا اور دونوں کے درمیان رطوبت کا اجتماع ہے۔ مٹی کو پانی کے ساتھ ملایا اور دونوں کے درمیان ٹھنڈک کا اجتماع ہے۔

چنانچہ باپ مُستحیل کرنے والا اور ماں مُستحیل ہے۔ اور استحالہ نکاح ہے۔ اور جس کی طرف استحال ہوتا ہے وہ بیٹا ہے۔ پس کلام کرنے والا باپ، سُننے والی ماں اور تکلّم کا نام نِکاح ہے۔ اور سُننے والے کے فہم میں اس سے بیٹا موجود ہے۔

پس ہر باپ علوی ہے۔ کیونکہ وہ مؤثر ہے۔ اور ہر ماں سفلی ہے کیونکہ اُس میں اثرات مرتّب ہوتے ہیں۔ اور دونوں کے درمیان ہر نسبت معیّنہ نکاح اور توجّہ ہے۔ اور ہر نتیجہ بیٹا ہے اور یہاں متکلّم کے قول کو سمجھتا ہے جس سے اُس کے قیام کا ارادہ کرتا ہے۔ تو قُم کہتا ہے۔ تو لفظِ "قُم" کے اثر سے قیام کے ساتھ مُراد قائم ہو جاتی ہے۔ کیونکہ سُننے والا قائم نہیں ہوتا اور بلاشک وہ ماں ہے۔ تو وہ بانجھ ہے۔ اور جب بانجھ ہو گی تو اس حالت میں ماں نہیں ہو گی۔

باپ باپوں میں ماں ماؤں میں ساری ہیں

یہ باب اُمّہات کے لئے مخصوص ہے۔ عالم علویہ سے پہلا باپ معلوم ہے اور عالم سفلیہ سے پہلی ماں معدوم وممکن شئے ہے، پہلا نکاح قصد امر کے ساتھ ہے اور پہلا بیٹا اُس شئے کا وجودِ عین ہے جس کا ہم نے ذکر کیا۔

یہ باپ باپوں میں اور یہ ماں ماؤں میں سرایت کئے ہوئے ہے اور یہ نکاح ہر چیز میں ساری ہے اور نتیجہ دائمی ہے اور ظاہر وجود کے حق میں منقطع نہیں ہوتا۔ ہمارے نزدیک اس کا نام تمام ذریتوں میں جاری وساری نکاح ہے۔ ہم نے جو کہا اس پر اللہ تبارک وتعالیٰ کا یہ ارشاد دلیل ہے۔

اِنَّمَا قَوْلُنَا لِشَیْءٍ اِذَآ اَرَدْنٰہُ اَنْ نَّقُوْلَ لَہٗ كُنْ فَیَكُوْنُ

النحل آیت ۴۰

جس چیز کا ہم ارادہ کرتے ہیں۔ تو اُس سے یہی فرماتے ہیں۔ ہو جا۔ تو وُہ ہو جاتی ہے۔

ہمارے لئے اس میں ایک بزرگ کتاب ہے۔ جیسے دیکھنے والا بینائی سے محروم ہو جاتا ہے۔ تو جو پہلے ہی نابینا ہوں اُن کی حالت کیسی ہوگی۔

یہ ایک اَمرِ عظیم ہے

اگر آپ اِس مقام کو اور اِن اسماء الٰہیہ کے اعلام کی توجیہات کو دیکھیں گے تو ایک امرِ عظیم کو دیکھیں گے اور ایک عظیم الشان مقام کا مشاہدہ کریں گے۔ پس عارف اس مقام کو اللہ تبارک وتعالیٰ کی تنزیہہ اور اُس کے پہلے اور بعد اُس کی صنعتِ جمیل ہے۔

پس ہم نے آپ کے روشن فہم اور صائب نظر کی طرف ساری پہلے باپ کا اشارا کیا ہے اور وہ اسم جامع اعظم ہے جس کی زبر، زیر اور پیش

کے حکم میں تمام اسماء اُس کی اتباع کرتے ہیں۔ اور پہلی اور آخری ماں تمام بیٹوں میں مؤنث کی نسبت میں ساری ہے۔ پس ہم ان آباء و اُمّہات کے حق میں وضعِ الٰہی کے ساتھ جو اسباب موضوعہ ہیں۔ اُن کا آغاز کرتے ہیں اور اُس بیان کو شروع کرتے ہیں جو اِن دونوں کے اِتصال سے حسّی اور معنوی نکاح کے ساتھ مشروع ہے۔ یہاں تک کہ اُن کے بیٹے تناسلِ انسانی کی طرف اصل تک حلال بیٹے ہوں اور وہ دُوسری نوع ہوگی اور وہ قصدِ تعیّن کے ساتھ پہلا مُبدع ہے۔

قلمِ اعلیٰ پہلے پیدا ہُوئی ہے

ہم کہتے ہیں کہ وہ عقل ہے جو سب سے پہلے پیدا ہوئی اور وہ قلمِ اعلیٰ ہے اور اس کے علاوہ کوئی چیز پیدا نہ کی گئی تھی اور وہ لوحِ محفوظ کے اُٹھانے سے اِس میں مؤثر تھی جسے اللہ تبارک و تعالیٰ نے پیدا فرمایا تھا۔ جیسا کہ اجرام میں حضرت آدم علیہ السّلام سے حضرت حوّا علیہا السّلام کو اُٹھایا گیا تھا۔ تاکہ یہ لوح وہ مقام و محل ہو جس میں اِس قلمِ اعلیٰ الٰہیہ سے لکھا جائے اور دلالت کے لئے اُن حروفِ موضوعہ کو رقم کیا جائے جنہیں اللہ تبارک و تعالیٰ نے اُس پر دلائل بنایا ہے۔ پس لوحِ محفوظ اُٹھایا جانے والا پہلا موجود ہے۔

شریعت میں وارد ہوا ہے کہ سب سے پہلے اللہ تبارک و تعالیٰ نے قلم کو پیدا فرمایا۔ پھر لوح کو پیدا فرما کر قلم کو حکم فرمایا۔ لکھ دے۔ قلم نے کہا۔ کیا لکھوں؟ اللہ تعالیٰ نے فرمایا! لکھ اور میں تجھ پر اِملاء کرتا ہوں۔ پس قلم نے لوح پر خط کشید کیا جس پر حق نے اِملاء کروائی اور وہ اللہ تبارک و تعالیٰ کا خلقت کے بارے میں علم تھا جو قیامت تک پیدا ہوگا۔ پس قلم اور لوحِ محفوظ کے درمیان نکاحِ معنوی معقول اور اثرِ حسّی مشہود ہوا۔ ہمارے نزدیک

یہاں تحریر کردہ حروف کا عمل ہے اور اُس مابہ داقق کی مثل اثر ہے جو لوح میں ودیعت کیا گیا جو مؤنث کے رحم میں حاصل ہوتا ہے اور ان حروفِ جرمیہ میں جو اس کتابت کے ساتھ ودیعت کئے گئے۔ معانی سے ظاہر ہوتا ہے۔ بمنزلہ اُن کے اجسام میں ودیعت کی گئی۔ اولاد کے ازواج کے لیے پس اس پر غور کریں۔ اللہ تعالیٰ حق فرماتا ہے اور سیدھے راستے پر چلاتا ہے۔

سنگریزوں کا تسبیح پڑھنا

اس لوحِ عاقل میں اللہ تبارک و تعالیٰ کی طرف سے اُس کی طرف وحی ہونے والا حق مقرر فرمایا اور وہ اُس کی حمد کی تسبیح بیان کرنے لگی جس کی تسبیح کو سمجھا نہیں جا سکتا۔ سوائے اس کے کہ اسے اللہ تبارک و تعالیٰ جانتا ہے یا وہ جان سکتا ہے جس کی سماعت کو اللہ تعالیٰ کھول دے جیسا کہ حدیث میں وارد ہوا ہے کہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے حضورِ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آپ کی خدمت میں حاضر ہونے والے صحابہ کرام کی سماعت کو کھول دیا تھا کہ انہوں نے حضورِ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طیب و طاہر کفِ دست مبارک میں سنگریزوں کی تسبیح کو سن لیا۔

ہم کہتے ہیں کہ اُن کی سماعت کو کھولا گیا تھا۔ ورنہ کنکریوں کو جب سے اللہ تبارک و تعالیٰ نے پیدا فرمایا ہے۔ وہ ہمیشہ سے اپنے موجد کی تسبیح و تحمید میں مصروف ہیں تو یہ ادراک ہمی خرقِ عادت سے تھا نہ کہ اس میں۔

دو صفات ہیں

پھر اللہ تعالیٰ نے اس میں دو صفات پیدا فرمائیں۔ ایک صفت علم ہے

اور دوسری صفت عمل ہے۔ پس صفت عمل کے ساتھ اُس سے عالم کی صورتوں کو ظاہر فرمایا۔ جیسا کہ نجّار کے عمل کے وقت آنکھ کے لئے تابوت کی صورت ظاہر ہوتی ہے پس اس کے ساتھ صورتیں عطا ہوتی ہیں۔

صورتوں کی قسمیں

صورتوں کی دو قسمیں ہیں۔ صُوَرِ ظاہرہ حسّیہ اور یہ اجرام اور وہ اشیاء ہیں جو اُن کے متّصل حس کے ساتھ ظاہر ہوتی ہیں جیسا کہ اشکال و الوان اور اکوان یعنی شکلیں، رنگ اور عوالم۔

نمبر دو۔ صُوَرِ باطنیہ معنویہ غیر محسوسہ۔ اور یہ وہ ہیں جن میں علوم و معارف اور اسرار ادا ہے ہیں۔ اور آپ کے لئے جو ظاہر ہے انہی دو صفتوں سے ظاہر ہے۔

چنانچہ جو صورتیں صفتِ علامت ہیں وہ باپ ہے کیونکہ وہ مؤثر ہے اور صفتِ عاملہ ماں ہے کیونکہ اُس میں مؤثر ہے اور ایسی صورتیں ظاہر ہوتی ہیں جیسا کہ ہم نے ذکر کیا۔

مہندس کا نجّار کو سمجھانا

نجّار مہندس جب عالم ہو اور کام کو اچھی طرح نہ جانتا ہو تو وہ اُس کام کو اُس کے سپرد کر دیتا ہے جس کے بارے میں اُس نے اچھا کام کرنے والا سُن رکھا ہو اور یہ القاءِ نکاح ہے۔ پس مہندس کا کلام باپ ہے اور سامع کو قبول کرنا ماں ہے۔ پھر سامع کا علم باپ اور اُس کے جوارح ماں ہوتے ہیں۔

اگر آپ چاہیں تو کہہ لیں کہ مہندس باپ ہے اور وہ کاریگر جو نجّار ہے ماں ہے۔ اس حیثیت سے کہ اُسے مہندس کی طرف سے یہ امر حاصل ہوا ہے

چنانچہ جب اُس میں اثر ہُوا تو مہندس کی قوت نفسِ نجار میں نازل ہو گئی اور نجار کے لئے اُس کی باطنی صُورت ظاہر ہو گئی جس سے مہندس نے اُس کی طرف ڈالا تھا۔ اور اُس کے خیال کے وجُود میں قائمہ ظاہرہ حاصل ہُوا جو اُس کے لئے بمنزلہ اُس بیٹے کے ہے جو مہندس کی طرف سے اُس کے لئے اُس کا فہم پیدا ہُوا۔

پھر نجار کا عمل باپ ہے اور لکڑی میں جو اُس کی کاریگری ہے۔ وہ اُن آلات کے ساتھ ماں ہے جس کے ساتھ نکاح واقع ہُوا۔ یہ قدوم کے ساتھ ہر ضرب کا اثر ہے یا منشار یعنی آری کے ساتھ کاٹنا ہے اور نجار کی کاٹی ہُوئی چیز پر قطع و فصل اور جمع صُورتوں کے پیدا کرنے کے لئے ہے۔ پس تابوت یعنی صندوق ظاہر ہُوا، جو خارج جس کے لئے بمنزلہ بیٹے کے پیدا ہونے کے ہے، ایسے ہی آباءٔ اُمہات و ابناء اور کیفیتِ انتاج پر غور فرمائیں۔

کِس وجہ سے باپ ہے

ہر وُہ باپ جس کے پاس صفتِ عمل نہیں وہ اس وجہ سے باپ نہیں اگر وہ عالم ہوتا اور کلام یا اشارہ کے ساتھ آلۂ توصیل کو منع کرتا۔ تاکہ انہام واقع ہو اور وہ عامل نہیں تو تمام وجوہ سے باپ نہیں ہوگا اور وہ ماں ہو گی اِس لئے کہ اُس کی ذات میں علوم کا حصُول اُس کے علاوہ ہے کہ جنین میں رُوح ماں کے پیٹ میں پیدا نہیں ہوتی یا اپنی ماں کے پیٹ میں مرجاتا ہے تو اُس کی ماں کی طبیعت تصرف کی طرف مستحیل کرتی ہے اور اُس کی عین ظاہر نہیں ہوتی۔ پس غور فرمائیں۔

پہلی ماں جڑواں ہے

اس کے بعد کہ آپ ممکنات میں سے دوسرے باپ کو جان چکے ہیں اور وہ ماں ہے اور وہ قلم اعلیٰ کے لئے دوسری ماں ہے جس سے اس کی طرف القاء اقدس سے ڈالا گیا وہ روحانی طبیعت اور ہباء ہے۔

پس پہلی ماں جڑواں پیدا ہوئی تو جو پہلے ڈالا گیا وہ طبیعت ہے پھر اس کی اتباع ہباء نے کی تو طبیعت اور ہباء ایک باپ اور ایک ماں کے یہ بہن بھائی ہیں پس طبیعت کی ہباء سے مناکحت ہوئی تو دونوں کے درمیان جسم کلّی کی صورت پیدا ہوئی اور وہ پہلا ظاہر جسم ہے۔ پس طبیعت باپ ہے کیونکہ وہ مؤثر ہے اور ہباء ماں ہے جس میں اثر ظاہر ہوا اور اس کا نتیجہ جسم ہے

نزولِ توالد

پھر مخصوص ترتیب پر اُم میں مٹی کی طرف نزولِ توالد ہوا جس کا ذکر ہم نے اپنی کتاب میں کیا جس کا نام "عقلۃ المستوفز" ہے۔ اس میں اس امر کا طویل بیان ہے جس کی اس باب میں گنجائش نہیں۔ کیونکہ ہماری غرض اختصار ہے اور ہم مرکز کے ساتھ نہیں کہتے بلکہ ہم نہایت ارکان کے متعلق کہتے ہیں اور بڑا رکن چھوٹے کو جذب کر لیتا ہے۔ اس لئے آپ دیکھتے ہیں کہ بخار اور آگ دونوں بلندی کو طلب کرتے ہیں اور اس جیسی چیزیں پستی کو طلب کرتے ہیں۔ تو جہات مختلف ہو گئیں اور یہ امر دونوں سے اُن کی استقامت پر ہے۔ یعنی وہ بلندی اور پستی کو طلب کرتے ہیں۔

مرکز کون ہے

کیونکہ مرکز کا قائل کہتا ہے کہ یہ معقول اور دقیق امر ہے جسے ارکان طلب کرتے ہیں۔ اگر دائرہ کے لئے مٹی نہ ہوتی تو مرکزیت پانی کے لئے ہوتی۔ اور اگر پانی کے لئے مرکز نہ ہوتا تو ہوا سے ہوتا۔ اور اگر ہوا کا دائرہ نہ ہوتا تو مرکز آگ کے لئے ہوتا۔ جیساکہ مرکز کا قائل کہتا ہے اگر یہ ہوتا تو ہم دیکھتے کہ بخار پستی کو طلب کرتا ہے۔ جب کہ حس اس کے خلاف گواہی دیتی ہے۔ اس فصل کو ہم نے اپنی کتاب "المرکز" میں بیان کیا ہے اور وہ ایک لطیف جز ہے۔ ہم نے جب کبھی اس کا ذکر اپنی کتابوں میں کیا ہے تو کروں سے نقطہ کی مثال کی جہت سے کیا ہے جس سے محیط پیدا ہوا۔ اس لئے کہ اس میں ہماری غرض معارف الٰہیہ اور نسبتوں کے متعلق ہے۔ کیونکہ نقطہ سے دائرہ کی طرف نکلنے والے خطوط برابر ہوتے ہیں تاکہ نسبتوں کو برابری حاصل رہے اور وہاں فضیلت واقع نہ ہو۔ کیونکہ اگر تفاضل واقع ہوگا تو مفضول کے نقص کی طرف لوٹے گا اور امرِ واقعی ایسا نہیں ہے۔ ہم نے آسے عنصرِ اعظم مقرر کیا ہے اور اس پر آگاہ کیا ہے کہ بڑے کا حکم چھوٹے پر ہوتا ہے اور ہم نے اپنی کتاب "عقلۃ المستوفز" میں مشارٌالیہ کا ذکر کیا ہے۔

دِنوں کی پیدائش

جب اللہ تبارک وتعالیٰ نے اِن افلاک علویہ کو پیدا کرنے کا ارادہ فرمایا اور فلکِ اوّل کے ساتھ دنوں کو پیدا فرمایا اور دوسرے فلک کے ساتھ اس کی عیَن بنائی جس میں بصارتوں کے لئے کواکب ثابتہ ہیں۔

پھر مٹی، پانی، ہوا اور آگ کے ارکان پیدا فرمائے پھر آسمانوں کو سات طبقات پر راست فرمایا اور اُنہیں ہر ایک کو حدّت سے پھاڑ کر الگ الگ کر دیا جب کہ پہلے وہ دُھواں تھے اور زمین کو سات زمینوں کی طرف پھاڑا۔ پہلا آسمان پہلی زمین کی طرف اور دوسرا آسمان دوسری زمین کی طرف بنایا۔ یہاں تک کہ ساتوں آسمان ساتوں زمینوں کی طرف بنائے اور پانچ پیچھے رہنے والے ستارے پیدا فرمائے ہر آسمان میں ایک ستارہ ہے اور چاند کو پیدا فرمایا اور ایسے ہی سورج کو پیدا فرمایا اور سورج کی تخلیق سے دن اور رات پیدا فرمائے۔ دن موجود تھا تو اس سے اہلِ زمین کے لیے نصف دن مقرر فرمایا اور وہ طلوعِ آفتاب سے غروبِ آفتاب تک ہے اور نصف دن کو رات بنایا اور وہ غروبِ آفتاب سے طلوعِ آفتاب تک ہے۔

یوم مجموع سے عبارت ہے اس لئے آسمانوں اور زمین اور جو کچھ ان کے درمیان ہے کو چھ دن میں پیدا فرمایا کیونکہ فلک بروج کی حرکت کے وجود کے ساتھ ایام موجود تھے۔ اور ہمارے نزدیک یہی ایام معروف ہیں۔

دِنوں کی مدّت

اللہ تبارک و تعالیٰ نے یہ نہیں فرمایا کہ عرش اور کرسی کو پیدا فرمایا۔ بلکہ فرمایا۔ میں نے آسمانوں اور زمین کو چھ روز میں پیدا فرمایا۔ جب فلکِ بروج کے دائرہ کا پہلا دَور ہوتا ہے تو یہ وہ دن ہے جس میں اللہ تبارک و تعالیٰ نے آسمانوں اور زمین کو پیدا فرمایا۔ پھر اللہ تبارک و تعالیٰ نے وجودِ آفتاب کے نزدیک دن اور رات کو پیدا فرمایا نہ کہ ایام کے وجود سے، چنانچہ رات اور دن میں جو کمی بیشی ہوتی ہے وہ ساعتوں میں نہیں ہوتی۔ کیونکہ وہ چوبیس ہیں اور یہ

منطقہ بروج میں حلولِ آفتاب کے لئے ہے اور یہ ہماری طرف نسبت کے ساتھ حمائل ہے اِس میں میلان ہے۔

جب آفتاب منازلِ عالیہ میں ہوتا ہے تو دن کہیں بھی ہو لمبا ہوتا ہے اور جب آفتاب منازلِ نازلہ میں ہوتا ہے تو خواہ کہیں ہو دِن چھوٹا ہو جاتا ہے اور ہم نے سُورج کا کہیں بھی ہونا اِس لئے کہا ہے کہ جب ہمارے نزدیک رات لمبی ہوتی ہے تو ہمارے علاوہ یعنی دُوسری جگہ پر رہنے والوں کے لئے دن لمبا ہوتا ہے تو اُن کی نسبت کے ساتھ آفتاب منازلِ عالیہ میں اور ہماری نسبت کے ساتھ منازلِ نازلہ میں ہوتا ہے۔ جب ہمارے نزدیک دن چھوٹا ہے اُن کے نزدیک رات لمبی ہوتی ہے اِس لئے ہم نے اِس کا ذکر کیا۔

پس دِن بعینہٖ وُہی دن ہے جو چوبیس گھنٹوں کا ہوتا ہے اور اعتدال کے مقام پہ نہ زیادہ نہ کم نہ بڑا نہ چھوٹا، تو یہ وُہ حقیقتِ یوم ہے اور حقیقتِ اصطلاح کے حکم کے ساتھ دِن کا نام ایک یوم رکھا جاتا ہے تو اس پر غور کریں اور سمجھیں۔

دِن اور رات کا نام یوم ہے

اللہ تبارک و تعالیٰ نے اِس دن اور رات کا نام یوم مقرر فرمایا ہے اور اِس رات اور دِن کے زمانہ کا نام یوم ہے۔ جِس زمانہ میں یہ دونوں موجود ہوتے ہیں اِن دونوں کا نام باپ اور ماں رکھا۔ کیونکہ اللہ تبارک و تعالیٰ اِن دونوں میں پیدا کرتا ہے جیسا کہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے فرمایا۔

يُغْشِي اللَّيْلَ النَّهَارَ

جیسا کہ حضرت آدم علیہ السّلام کے حق میں فرمایا۔

فَلَمَّا تَغَشَّاهَا حَمَلَتْ

چنانچہ جب رات دن پر پردہ ڈالتی ہے تو رات باپ اور دن ماں ہوگا۔ اور اللہ تبارک و تعالیٰ دن میں جو کچھ پیدا فرماتا ہے وہ بمنزلہ اولاد کے ہوگا جسے اُس عورت نے جنا اور جب دن رات پر پردہ ڈالتا ہے تو دن باپ ہوگا اور رات ماں ہوگی اور جو کچھ اللہ تبارک و تعالیٰ نے رات کے زمانہ میں پیدا فرمایا۔ وہ بمنزلہ اُس اولاد کے ہے جسے ماں جنتی ہے۔

یہ فصل ہم نے کتاب "الشان" میں بیان کی ہے۔ اس میں ہمارا کلام اللہ تبارک و تعالیٰ کے اِس ارشاد میں ہے۔ کُلَّ یَوْمٍ ھُوَ فِیْ شَاْنٍ۔ اگر اللہ تبارک و تعالیٰ نے ہمیں ایام کی ایک طرف شافی معرفت عطا فرمائی تو ہم انشاءاللہ تعالیٰ اِس کتاب میں اسے بیان کریں گے۔ ایسے ہی اللہ تبارک و تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے۔

دن اور رات کی مناکحت

یُولِجُ الَّیْلَ فِی النَّھَارِ وَیُولِجُ النَّھَارَ فِی الَّیْلِ — الحج آیت ۶۱

رات کو دن میں داخل کرتا ہے اور دن کو رات میں داخل کرتا ہے

اِس فرمان میں اللہ تبارک و تعالیٰ نے رات اور دن کی مناکحت کو زیادہ سے زیادہ وضاحت سے بیان فرمایا ہے۔ اور دُوسری آیت ہے۔

لَّھُمُ الَّیْلُ نَسْلَخُ مِنْہُ النَّھَارَ — یٰسین آیت ۳۷

اُن کے لئے رات ہے ہم اُس سے دن کو نکالتے ہیں

اِس آیت میں یہ ہے کہ رات ماں ہے اور دن اُس سے پیدا ہوتا ہے اور مولود ماں سے نسلخ ہے۔ جب اُس سے نکلتا ہے اور سانپ اپنی کینچلی سے باہر آتا ہے تو پیدا ہونے والا دن اُس دُوسرے عالم میں ظاہر ہوتا ہے جو اُس عالم کے علاوہ ہے جس پر رات حاوی ہے اور وہاں دن باپ ہوگا۔

جس کا ہم نے ذکر کیا۔ اِسے ہم نے اپنی کتاب "الزمان ومعرفت الدھر" میں بیان کیا ہے۔

دونوں ماں بھی ہیں اور باپ بھی

یہ رات اور دن ایک وجہ سے دو باپ اور ایک وجہ سے دو مائیں ہیں اور اِن دونوں کی گردش و تصریف کے وقت ارکانِ عالم میں اللہ تبارک و تعالیٰ جو اِن دونوں میں پیدا فرماتا ہے وہ رات اور دن کی اولاد ہے جیسا کہ ہم نے مقرر کیا۔

جب اللہ تبارک و تعالیٰ نے تکوین کے لئے تمام اجرامِ عالم کو قابل پیدا فرمایا۔ تو اِس میں ایک حد مقرر فرمائی جو آسمانِ دُنیا کے مقعر سے زمین کے اندر کی طرف ملی ہوئی ہے۔ عالمِ طبیعت و استحالات اور اُن اعیان کا ظہور جو استحالات کے وقت پیدا ہوتے ہیں اُسے بمنزلہ ماں کے مقرر فرمایا اور آسمانِ دُنیا کے مقعر فلک سے دُوسرے افلاک کی طرف بمنزلہ باپ کے ہے اور اُس میں منزلیں مقرر فرمائیں اور اُسے انوارِ ثابتہ اور سالجہ سے مزیّن فرمایا۔ پس سالجہ ثابتہ میں منزل قطع کرتا ہے اور ثابتہ اور سالجہ تقدیرِ عزیز کے ساتھ فلکِ محیط میں منازل قطع کرتے ہیں۔

اِس کی دلیل یہ ہے کہ اہرامِ مصر کی تاریخ میں قلم سے لکھا ہُوا ہے کہ اِن اہرام کو اُس وقت بنایا گیا جب برجِ لنسر برجِ اسد میں تھا اور اِس میں شک نہیں کہ اِس وقت برجِ جدی میں ہے۔ ہم نے ایسا ہی اِدراک کیا اور جانا ہے۔

چاند اور سُورج کی گردش

یہ اَمر دلالت کرتا ہے کہ کواکب ثابتہ برُوجِ اطلس قطع کرتے ہیں۔ اللہ

تبارک وتعالیٰ کا ارشاد ہے۔

وَالْقَمَرَ قَدَّرْنٰهُ مَنَازِلَ

یٰسین آیت ۳۹

اور ہم نے چاند کے لئے منزلیں مقرر کی ہیں۔

اور کواکب کے حق میں فرمایا۔

وَكُلٌّ فِي فَلَكٍ يَسْبَحُونَ

یٰسین آیت ۴۰

اور ہر ایک فلک میں تیرتا پھرتا ہے۔

اور اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا!

وَالشَّمْسُ تَجْرِي لِمُسْتَقَرٍّ لَهَا

یٰسین آیت ۳۸

اور سورج اپنے ایک مستقر پر چلتا ہے۔

اور یہ بھی پڑھا جاتا ہے لَا مُسْتَقَرَّ لَهَا یعنی اُس کے لئے مستقر نہیں اور ہر دو قرات میں تنافر نہیں۔ پھر فرمایا۔

ذٰلِكَ تَقْدِيرُ الْعَزِيزِ الْعَلِيمِ

یٰسین آیت ۳۸

یہ اندازہ زبردست جاننے والے کا ہے۔

اور چاند کے حق میں اللہ تبارک وتعالیٰ کے اس ارشاد کی طرف دیکھیں کہ اُس نے چاند کی منازل کا اندازہ کر رکھا ہے اور فرمایا۔

لَا الشَّمْسُ يَنْبَغِي لَهَا أَنْ تُدْرِكَ الْقَمَرَ وَلَا

یٰسین آیت ۴۰

ترجمہ :" نہ سورج کی مجال ہے کہ چاند کو پکڑلے اور نہ رات دن سے پہلے آسکتی ہے اور ہر ایک آسمان کے دائرہ میں تیرتا پھرتا ہے۔"

یعنی دائرے کی چیز میں ہے اور ان انوار کے لئے جن کا نام کواکب ہے ارکان کے ساتھ اتصال کرنے والی شعاعیں مقرر کی گئیں. اس کے اتصالات کا قیام آباء کا اُمہات کے ساتھ نکاح کی صورت میں ہے. پس اللہ تبارک وتعالیٰ عالم طبیعت سے ارکان اربعہ میں ان نوری شعاعوں کے اتصال کے وقت پیدا فرماتا ہے جو ان میں ہوتی ہیں اور جن کا مشاہدہ حس کو ہوتا ہے۔

رازوں بھری آیت

پس یہ ارکان اربعہ ہماری شریعت میں مثل چار عورتوں کے ہیں جیسا کہ ہمارے نزدیک نکاح شرعی حلال نہیں ہوگا مگر عقد شرعی کے ساتھ ایسے ہی حق تعالیٰ ہر آسمان میں اپنے امر کو وحی فرماتا ہے تو اس وحی سے ان کے درمیان امر نازل ہوتا ہے جیسا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ کا فرمان ہے۔

یَتَنَزَّلُ الْاَمْرُ بَیْنَهُنَّ لِتَعْلَمُوْٓا

الطلاق آیت ۱۲

ان میں اللہ تعالیٰ کا امر اترتا ہے تاکہ تم جان لو۔

امر الٰہی اور اس کے نزول کی تفسیر میں عظیم اسرار ہیں جن کی طرف اس باب میں اشارا کیا گیا ہے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے. آپ نے اس آیت کریمہ کے بارے میں فرمایا.

لَوْ فَسَّرْتُهَا لَقُلْتُمْ إِنِّيْ كَافِرٌ۔

(الحدیث)

اگر میں اس کی تفسیر کروں تو تم مجھے کہو گے میں کافر ہوں۔
اور ایک روایت میں فرمایا! لرجمتونی، یعنی تم مجھے سنگسار کر دو۔
اور یہ قرآن مجید کے اسرار میں سے ہے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ کا ارشاد ہے۔

اَللّٰهُ الَّذِیْ خَلَقَ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ وَّ مِنَ الْاَرْضِ مِثْلَهُنَّ

اللہ وہی ہے جس نے سات آسمان بنائے اور انہی کی تعداد میں زمینیں بنائیں
پھر فرمایا!

یَتَنَزَّلُ الْاَمْرُ بَیْنَهُنَّ

الطلاق آیت ۱۲

ان کے درمیان اللہ کا امر اترتا ہے۔
پھر تمام کیا اور ظاہر طور پہ فرمایا!

لِتَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ

الطلاق آیت ۱۲

تاکہ تم جان لو کہ اللہ ہر چیز پہ قادر ہے۔
اور یہ وہ صفتِ عمل ہے جس کی طرف ہم نے اشارا کیا اور اس کا ذکر ہم نے اللہ تبارک وتعالیٰ کی ایجاد سے دوسرے باپ کے حق میں علم وعمل کی صفت سے کیا اور ہم نے اُس صفت علم کے ساتھ اُس کی طرف اشارا کیا ہے جو اللہ تبارک وتعالیٰ نے دوسرے باپ کو عطا فرمایا۔ کیونکہ قدرتِ ایجاد عمل ہے پھر اخبار میں پورا کر کے فرمایا!

وَاَنَّ اللّٰہَ قَدْ اَحَاطَ بِکُلِّ شَیْءٍ عِلْمًا

بے شک اللہ تعالیٰ اپنے علم سے ہر چیز کو گھیرے ہوئے ہے

جو کہ اُٹھایا جاتے والا نفس کُلّیہ ہے۔ پس وہ سُبحانہٗ تعالیٰ اُس چیز کو جانتا ہے۔ جسے پیدا فرماتا ہے اور جو چاہتا ہے ایجاد کرتا ہے۔ اُسے کوئی رد کرنے والا نہیں۔ پس اللہ تبارک و تعالیٰ کا اَمر آسمان و زمین کے درمیان نازل ہوتا ہے۔ جیسا والدین کے درمیان بیٹا ظاہر ہوتا ہے۔

جنّتی مَردوں کی خصُوصیّت

رہا! ارکانِ اربعہ کے ساتھ فلکیہ سماویہ کی حرکت سے نُورانی کواکب کی شعاعوں کا اِتّصال تو یہ ہر ایک کے ساتھ بیک وقت اُمّ المولدات ہیں۔ ایسے اللہ تبارک و تعالیٰ نے عارفوں کے لئے مثال مُقرّر فرمائی ہے کہ جنّت میں اہلِ جنّت اپنی تمام عورتوں اور کنیزوں سے ایک ہی وقت میں حِسّی طور پر نکاح یعنی جماع کریں گے۔ جیسا کہ اِن اِتّصالات کا احساس ہوتا ہے، پس جنّت میں مَرد کے پاس جتنی بھی منکوحہ عورتیں ہوں گی حسبِ خواہش وُہ اُن سب سے ایک ہی وقت میں بغیر تقدیم و تاخیر کے حِسّی مجامعت سے لُطف اندوز ہو سکے گا۔ اور یہ وُہی دائمی نعیم اور اقتدارِ الٰہی ہے اور فکر کی حیثیت سے عقل اِس حقیقت کے اِدراک سے عاجز ہے۔ اور اِس کا اِدراک اُس دُوسری قوّت سے ہوتا ہے جسے اللہ تبارک و تعالیٰ اپنے بندوں سے جس کے دِل میں چاہے ڈال دیتا ہے۔ جیسا کہ انسان جنّت میں صُورتوں کے شوق میں جس صُورت میں چاہے گا داخل ہو جائے گا۔ جیسا کہ یہاں ہمارے نزدیک

رُوح متشکّل ہو جاتی ہے. اگرچہ جسم ہو۔ ولیکن اللہ تبارک و تعالیٰ اُسے اُس پر یہ قدرت عطا فرما دیتا ہے۔

اِنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ

اور اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔

اور جنّت کے بازار کی حدیث کا ذکر ابُو عیسیٰ ترمذی نے اپنی تصنیف میں کیا ہے تو اسے وہاں دیکھیں۔

نُورانی شعاعوں کی اولاد

جب نُورانی شعاعوں کا ارکانِ اربعہ میں اِتّصال ہوتا ہے تو اِس نکاح سے مولدات کا ظہور ہوتا ہے اور اِسے غالب جاننے والے نے ایسے ہی مقرّر کر رکھا ہے۔ تو مولدات آباء میں جاری رہیں گی اور یہ اُمّہات کے درمیان افلاک اور انوارِ علویہ ہیں اور یہی ارکانِ طبعیہ سفلیہ ہیں اور ارکان کے ساتھ انوار سے شعاعوں کا اتّصال نکاح کی طرح ہے اور افلاک کی حرکات اور انوار کی رفتار بمنزلہ مجامعت کے ہے اور ارکان کی حرکات عورت کے وضعِ حمل کی طرح ہے. اُس جھاگ کے اخراج کے لئے جو دردِ زہ سے نکلتی ہے اور یہ اِن ارکان میں عین کے لئے معدنیات و نباتات، حیوانات اور جنّوں انسانوں کی نوع سے مولدات کا ظہور ہے. پس اللہ سُبحانہٗ تعالیٰ قادر ہے جو چاہے کرے۔ اُس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ وہ ہر چیز کا پروردگار اور مالک ہے۔

میرا اور اپنے والدین کا شکر کرو

اللہ تبارک و تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

أَنِ اشْكُرْ لِي وَلِوَالِدَيْكَ إِلَيَّ الْمَصِيرُ

لقمان آیت ۱۴

میرا شکر کر اور اپنے والدین کا شکر گذار رہ اِنہی کی طرف پھرنا ہے

اے دوست ہم نے آپ کے لئے آپ کے باپوں اور ماؤں کے بارے میں بیان کر دیا ہے اور یہ بھی بتا دیا ہے کہ اُن میں آپ کا قریب تر باپ کون ہے اور آپ کا وجود آپ کے باپ سے ظاہر ہوا ہے اور ایسے ہی آپ کی ماں جو آپ کی طرف قریب ہے آپ کے پہلے باپ کے قریب ہے اور وہ جدِ اعلیٰ ہے اور جو آباء و اُمہات کے درمیان کی طرف ہے۔ پس آپ اُن کا وہ شکر کریں جس سے وہ مسرور ہوں اور اُن پر ایسی ثناء کریں جس سے وہ فرحت حاصل کریں اور اُنہیں اُن کے مالک اور مُوجد کی طرف منسوب کریں اور اُن سے فعل کو سَلب کر کے اُس کے ساتھ ملحق کریں جو اِس کا مستحق ہے اور وہ ہر چیز کا خالق ہے۔

جب آپ ایسا کریں گے تو اپنے اِس فعل سے اپنے آباء پر سرور داخل کریں گے یعنی اُنہیں خوش کر دیں گے اور اُنہیں اِس مسرت سے ہمکنار کرتا آپ کا اُن کے ساتھ نیکی کرنا اور اُن کا شکریہ ادا کرنا ہے۔

جب آپ ایسا نہیں کریں گے اور اُن کے ساتھ اللہ تبارک و تعالیٰ کو بھول جائیں گے تو آپ نے اُن کا شکریہ نہیں ادا کیا۔ اور نہ ہی تم نے اُن کا شکریہ ادا کرنے میں اللہ تبارک و تعالیٰ کے اَمر کی اطاعت کی۔ کیونکہ اُس کا فرمان اَنِ اشْکُرْلِیْ یعنی میرا شکریہ ادا کرو۔ تو اللہ تعالیٰ نے اپنی ذات کو مقدم کیا تاکہ آپ جان لیں کہ وہ سببِ اوّل و اَولیٰ ہے۔ پھر واؤ عاطفہ لاکر فرمایا۔ وَلِوَالِدَیْکَ۔ یعنی اپنے والدین کا شکریہ ادا کرو۔

اور یہ وہ اسباب ہیں جن سے اللہ تبارک وتعالیٰ نے آپ کو وجود دیا تاکہ آپ اس کی نسبت اللہ سبحانہٗ کی طرف کہیں اور وجودِ خاص کے ساتھ آپ پر اُس کی فضیلت مُقدّم ہو، نہ کہ تاثیر کے ساتھ، کیونکہ دَرحقیقت اُن کے لئے اثر نہیں اگرچہ وجودِ آثار کے لئے اسباب ہیں۔

پس اُن کے لئے اسی قدر فضیلت درست ہے اور تم سے شکر طلب کیا ہے اور تمہارے لئے نازل کیا ہے اور تمہارے نزدیک تم پر اُن کی منزلت مُقدّم کی ہے نہ کہ اثر میں ثناء مقدّم ہو گی اور تاثیر اللہ تبارک وتعالیٰ کے لئے ہے اور تقدّم وتوقّف والدین کے لئے ہے لیکن ہماری اس شرط کے ساتھ کہ اپنے رَبّ کی عبادت میں کسی کو شریک نہ کریں۔

جب میں اللہ تبارک وتعالیٰ کی ثنا کرتا ہوں۔ اور کہتا ہوں۔ اے ہمارے رَبّ اور ہمارے علوی باپوں اور سفلی ماؤں کے رَبّ تو اس میں میرے کہنے اور بشر سے تمام بنی آدم کے کہنے کے درمیان کچھ فرق نہیں۔

ترجمانی ہو جائے گی

کسی شخص کو بعینہٖ مخاطب نہیں کیا جاتا یہاں تک کہ آپ حضرت آدم اور حوّا علیہما السّلام سے لے کر اس زمانہ تک اپنے آباء واُمّہات کو شامل کر سکتے ہیں۔ اس کا مقصد یہ نشاۃ النسانیہ ہے تو اس تحمید کے ساتھ آپ عالمِ ارکان اور عالمِ طبیعت وانسان سے ہر پیدا ہونے والے کی ترجمانی کر لیں گے، پھر آپ ہر پیدا ہونے والے سے مؤثر اور مؤثر فیہ کے درمیان نیابت سے ترقی کریں گے اور ہر زبان کے ساتھ اُس کی حمد بیان کریں گے اور ہر وجہ سے اُس کی طرف متوجّہ ہوں گے تو اس مقامِ کُلّی سے اللہ تبارک وتعالیٰ

کے ہاں ہمارے لئے جزا ہوگی۔

سلام کا جواب آتا ہے

جیسا کہ میرے مشائخ میں سے ایک بزرگ نے مجھے کہا!
جب تو اَلسَّلامُ عَلَیْنَا وَعَلٰی عِبَادِ اللّٰہِ الصَّالِحِیْنَ کہے یا اَلسَّلامُ عَلَیْکُمْ رکہے۔ یعنی یہ کہے کہ ہم پر اور اللہ تعالیٰ کے نیک بندوں پر سلام ہو یا تو اپنے راستے میں کسی کو ملتے وقت السلام علیکم کہے اور تیرے دل میں یہ موجود ہو کہ زمین و آسمان میں اللہ تعالیٰ کا ہر نیک بندہ، مُردہ اور زندہ اس سلام میں شامل ہے تو اس مقام سے سلام تجھ پر لوٹ آئے گا اور کوئی مقرب فرشتہ اور پاک رُوح ایسا باقی نہیں رہے گا جس پر تیرا سلام پہنچے اور وہ تجھ پر سلام نہ لوٹائے اور یہ وُہ دُعا ہے جو تیرے حق میں قبول اور باعثِ نجات ہوگی۔

جن کو سلام نہ پہنچے

اللہ تبارک و تعالیٰ کے جن خاص بندوں کو اُن کے جلالِ خداوندی میں مشغول ہونے کی بناء پر تیرا سلام آن کی طرف سے نیابت کے طور پر اللہ تعالیٰ تجھ پر سلام لوٹائے گا اور تیرے حق میں اس حیثیت سے یہ شرف کافی ہے کہ تجھ پر اللہ تبارک و تعالیٰ کا سلام آئے۔
اندریں صورت تو کہے گا! کاش میرا سلام کوئی بھی نہ سنتا جس پر میں نے سلام کہا تھا۔ یہاں تک کہ اللہ تبارک و تعالیٰ سب کی نیابت سے تجھ پر سلام لوٹاتا۔ کیونکہ تیرے ساتھ یہ بڑا شرف ہے۔

اللہ تبارک و تعالیٰ نے حضرت یحییٰ علیہ السّلام کے حق میں تشریفاً فرمایا۔

وَسَلٰمٌ عَلَیْہِ یَوْمَ وُلِدَ وَیَوْمَ یَمُوْتُ وَیَوْمَ یُبْعَثُ حَیًّا

مریم آیت ۱۵

اور اُس پر سلام ہو جس دن پیدا ہوا اور جس دن انتقال کیا اور جس دن زندہ کر کے اُٹھایا جائے گا۔

جب خدا واجب کر کے سلام کہے

یہ سلام فضیلت اور خبر ہے تو وہ سلام کیسا ہو گا جو اللہ تبارک و تعالیٰ حق نیابت واجب کر کے اُس کی طرف سے جواب دے گا جس نے سلام نہیں سُنا جب کہ فرائض کی جزاء سے اُس کے حق میں بہت بڑی ہے جس کے لئے کہا! وسلام علیہ یوم ولد۔ یعنی اُس پر سلام جس روز پیدا ہوا تو اُس کے لئے شرف کو دو فضیلتوں کے درمیان جمع کیا گیا۔

لفظ صَلواۃ تنہا سلام نہیں

ابتداء میں صَلوٰۃُ اللہِ عَلَیْنَا۔ یعنی ہم پر رحمت ہو وَارد ہوا ہے اور میری طرف یہ نہیں پہنچا کہ کیا ابتداء میں سلام وَارد ہوا ہے یا نہیں؟ جیسا کہ صَلواۃ وَارد ہوا ہے۔ چنانچہ جو یہ روایت بیان کرے گا اور تحقیق کرے گا۔ میں نے یہ امانت اُس کی گردن میں ڈال دی کہ وہ صلواۃ اللہ علینا کی طرف اِسے اِس مقام میں اِس باب میں ملحق کر دے۔ یعنی سلامُ عَلَیْنَا کی حدیث مل جائے تو اِس کتاب میں شامل کر دے۔ تاکہ مومنین کو بشارت ہو اور میری اِس کتاب کے لئے باعثِ شرف ہو، اور اللہ ہی معین و مددگار اور توفیق

دینے والا ہے اُس کے سوا رَبّ نہیں۔

دو باپ دو مائیں

رہے آبا، واُمّہاتِ طبعی تو اِن کا ذکر ہم نے نہیں کیا اور اِس سے امرِ کلّی کا ذکر کرتے ہیں:

وہ دو باپ اور دو مائیں ہیں۔ دو باپ دو فاعل ہیں اور دو مائیں دو مُنفعل ہیں اور جو دونوں سے پیدا ہوتا ہے۔ وہ دونوں سے مُتفعل یعنی متاثّر ہونے والا ہے۔

حرارت و برودت دو فاعل اور رطوبت و یبوست دو مُنفعل ہیں، حرارت کی یبوست یعنی خشکی کے ساتھ مناکحت ہوئی تو اِس سے آگ کا رُکن ظاہر ہوا اور حرارت کا رطوبت یعنی تری کے ساتھ نکاح ہوا تو ہَوا کا رُکن پیدا ہوا۔ پھر برودت اور رطوبت کا نکاح ہوا تو پانی کا رُکن نکلا اور برودت کے ساتھ خشکی کا نکاح ہوا تو مٹی کا رُکن پیدا ہوا۔ اور بیٹوں میں آبا، واُمّہات کے حقائق حاصل ہوئے۔

کون کس کے ماں باپ ہیں

آگ گرم خشک ہے اُس کی گرمی باپ کی جہت سے ہے اور خشکی ماں کی کی طرف سے ہے۔

ہَوا گرم مرطوب ہے۔ اِس کی گرمی باپ کی طرف سے اور رطوبت ماں کی طرف سے ہے۔

پانی سردی اور تری سے ہے۔ اِس کی سردی باپ کی طرف سے اور

تری ماں کی طرف سے ہے۔

زمین سرد خشک ہے۔ اس کی سردی باپ کی طرف سے اور خشکی ماں کی طرف سے ہے۔

پس حرارت و برودت علم سے ہے جب کہ تری اور خشکی ارادہ سے ہے یہ علمِ الٰہی سے اُن کے وجود میں اِن کے تعلق کی اور اُس کی تعریف ہے جو دونوں سے قدرت پیدا ہوتی ہے۔

اِن ارکان کی اولاد

پھر اِن ارکان میں ولادت واقع ہوتی ہے۔ اس لئے کہ وہ آبارِ علویہ کی مائیں ہیں نہ کہ اُن کے باپ ہوتے ہیں' اگرچہ اِن میں اُبوّت موجود ہے۔ پس ہم نے آپ کو متعارف کروا دیا ہے کہ اُبوّت و بنوّت اضافتوں اور نسبتوں سے ہے' بیٹا اپنے بیٹے کا باپ ہے اور باپ اپنے باپ کا بیٹا ہے۔ ایسے ہی نسبتوں کا باب ہے۔ اس میں غور کریں۔ اور اللہ توفیق دینے والا ہے اُس کے سوا کوئی ربّ نہیں۔

ماں باپ کیسے ؟

چونکہ گرمی سے خشکی منفعل ہے۔ یعنی تاثیر حاصل کرتی ہے اور تری سردی سے منفعل ہے۔ یعنی اُس کا اثر قبول کرتی ہے تو ہم نے کہا۔ تری اور خشکی دونوں منفعل ہیں۔ یعنی موثر فیہ ہیں۔ چنانچہ ہم نے ارکان کے لئے ان دونوں کو بمنزلہ ماں کے مقرر کیا اور جب گرمی اور سردی دونوں فاعل یعنی موثر ہوں تو ہم نے ارکان کے لئے اِن دونوں کو بمنزلہ باپ کے مقرر کیا۔

فاعل اور منفعل کی حیثیت

چونکہ صنعت صانع کی استدعا کرتی ہے تو لازماً منفعل بذاتہ فاعل کو طلب کرے گا۔ کیونکہ منفعل اُس کی ذات کے لئے ہے اور اگر اُس کی ذات کے لئے منفعل نہیں ہو گا تو یہ اس لئے ہو گا کہ فاعل کے بالعکس انفعال اور اثر کو قبول کرے اور اس میں مؤثر ہو۔ کیونکہ اگر وہ چاہے تو بالا اختیار کرے اور اگر چاہے تو چھوڑ دے تو اُس کا نام فاعل ہو گا اور یہ اَمر منفعل کے لئے نہیں۔

اس حقیقت کا ذکر اللہ تبارک و تعالیٰ نے فرمایا ہے اور وہ قرآن مجید کی فصاحت اور اختصار و ایجاز سے ہے۔

وَلَا رَطْبٍ وَّلَا يَابِسٍ اِلَّا فِىْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ

الانعام آیت ۵۹

اور ہر تری اور ہر خشکی کتابِ مبین میں ہے۔

اللہ تبارک و تعالیٰ نے نہ تو منفعل کا ذکر کیا اور گرمی اور سردی کا تذکرہ کیا۔ کیونکہ علماء طبیعت کے نزدیک خشکی اور تری، گرمی اور سردی کو طلب کرتی ہے اور دونوں ان دونوں سے منفعل ہیں۔ جیسا کہ صانع صنعت کو طلب کرتا ہے اس لئے اصل ذکر کے علاوہ ان دونوں کا ذکر کیا ہے۔ اگرچہ کتابِ مبین میں ہر چیز ہے۔

حضورِ رسالت مآبؐ سب سے زیادہ جانتے ہیں

ہمارے سردار حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کو اللہ تبارک و تعالیٰ نے جو علوم عطا فرمائے وہ آپ کے علاوہ کسی دوسرے کو نہیں پہنچے۔

جیساکہ حضورِ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم نے ہاتھ کی تھپکی کی حدیث میں فرمایا؛ فَعَلِمْتُ عِلْمَ الْاَوَّلِیْنَ وَالْآخِرِیْن۔ یعنی میں نے اوّلین وآخرین کو جان لیا۔ پس علمِ الٰہی تمام علوم کی اصل ہے اور اس کی طرف سب کا رجوع ہے۔ یہ باب جس امر کا مستحق تھا، ہم نے انتہائی ایجاز واختصار سے اسے پورا کر دیا۔ کیونکہ کیفیات کا بیان باعثِ طوالت ہے۔ اس لئے ہم نے اس کا ذکر کر دیا ہے اور اس کی ہم نے تزئین کر دی ہے۔

اللہ تبارک وتعالیٰ سچ فرماتا ہے اور وہی سیدھے راستے پر چلاتا ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ بارہویں جز اور گیارہویں باب کا ترجمہ تمام ہوا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہ

بارہواں باب

ہمارے سردار حضرت محمّد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کے فلک کے دورہ کی معرفت کا بیان یہ دورۂ سیادت ہے۔ زمانہ اُسی دن کی ہیئت پر پلٹ آیا جس پر اللہ تبارک وتعالیٰ نے آپ سے پیدا فرمایا تھا۔

الا بأبی من کان ملکا وسیدا — وآدم بین الماء والطین واقف
فذاك الرسول الابطحی محمد — له فی العلی مجد تلید وطارف
أتی بزمان السعد فی آخر المدی — وکانت له فی کل عصر مواقف
أتی لانکسار الدهر یجبر صدعه — فأثنت علیه ألسن وعوارف
اذا رام أمرا لا یکون خلافه — ولیس لذاك الامر فی الکون صارف

خبردار! حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم پر میرا باپ قربان ہو وہ اُس وقت بادشاہ اور سردار تھے جب حضرت آدم علیہ السّلام پانی اور مٹی کے درمیان کھڑے تھے۔"

وہ ذاتِ رسولِ البطحی حضرت محمّد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم ہیں۔ آپ کے شرف ومجد کا تذکرہ بلندی میں جاری ہے۔

آپ آخری مدّت میں سعادت کے زمانہ میں تشریف لائے اور ہر زمانہ میں آپ کے لئے توقف کیا جاتا۔

آپؐ زمانے کو توڑنے کے لئے تشریف لائے جو اپنے حق میں زبردستی کرتا تھا بس آپؐ پر زبانیں اور عوارف ثناء کرتے ہیں جب آپ کسی امر کو درست فرمادیں تو اُس کا خلاف نہ ہوگا۔ دنیا میں کوئی آپ کے اس امر کو نہیں پھیر سکتا۔

آپؐ موجود تھے

اللہ تبارک و تعالیٰ آپ کی مدد فرمائے۔ جاننا چاہیئے کہ جب اللہ تبارک و تعالیٰ نے وجودِ حرکتِ فلک کے وقت زمانہ کے ساتھ اجسام کے لئے ارواحِ محصورہ مُدبرہ کو پیدا فرمایا تاکہ اللہ تبارک و تعالیٰ کے نزدیک مدّتِ معلومہ کا تعین ہو جائے تو اُس کی حرکت کے ساتھ زمانے کی پہلی تخلیق روحِ مدبّرہ یعنی حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی روحِ مبارک کو پیدا فرمایا گیا۔ پھر حرکات کے وقت ارواح کا صدور ہوتا رہا اور بغیر عالمِ شہادت کے عالمِ غیب میں آپؐ کی روحِ مبارک کا وجود موجود تھا۔

آپؐ نبی بھی ہو چکے تھے

اللہ تبارک و تعالیٰ نے آپؐ کو آپ کی نبوت کا علم عطا فرما کر اُس کی بشارت دے دی تھی اور حضرت آدم علیہ السلام اُس وقت نہیں تھے۔ جیساکہ آپؐ نے فرمایا کہ حضرت آدم ماء وطین کے درمیان تھے اور حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حق میں زمانہ اسمِ باطن کے ساتھ منتہی ہوا۔ یہاں تک کہ آپؐ کے جسمِ اطہر کے وجود اور روحِ مبارک کا ارتباط ہو گیا تو زمانہ اپنے جاری ہونے میں اسمِ ظاہر کی طرف منتقل ہوا اور حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بذاتہٖ جسم و روح کے ساتھ ظاہر ہو گئے۔

شریعتوں کی منسوخی کیسے؟

انبیاء رسل سلام اللہ علیہم اجمعین کے ہاتھوں پر جو تمام شریعتیں ظاہر ہوئیں اُن میں حضور سیّد عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کا حکم باطن تھا۔ پھر آپؐ کا حکم ظاہر ہو گیا تو وہ ہر شریعت جسے اسم باطن نے حکم ظاہر کے ساتھ ظاہر کیا تھا۔ دو اسموں کے اختلاف بیان کے حکم سے منسوخ ہو گئی۔ اگرچہ مشرّع یعنی صاحب شرع ایک تھا۔ کیونکہ حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم نے فرمایا۔ کُنْتُ نَبِیًّا۔ یعنی میں نبی تھا اور فرمایا! کُنْتُ اِنْسَانًا یعنی میں انسان تھا۔ نہ کہ یہ فرمایا کُنْتُ موجُوداً یعنی میں موجود تھا اور نبوّت نہیں ہوتی۔ مگر اُس پر عند اللہ شریعت مقرّر ہوتی ہے۔ چنانچہ صاحب نبوّت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم نے اُن انبیاء کرام کے وجود سے پہلے اپنی نبوّت کی خبر دی ہے جو اِس دُنیا میں آپؐ کے نائبین ہیں۔ جیسا کہ ہم نے اِس کتاب کے پہلے ابواب میں مقرّر کیا ہے۔

آپؐ باطن سے ظاہر کی طرف لوٹ آئے

اسمِ باطن کے ساتھ آپؐ کا لوٹنا آپؐ کے دَورے کی انتہا اور اسمِ ظاہر کے ساتھ دوسرے دَورے کی ابتدا ہے۔ چنانچہ آپؐ نے فرمایا کہ جس ہیئت پر اللہ تبارک و تعالیٰ نے زمانے کو پہلے دن پیدا فرمایا تھا اُسی پر لوٹ آیا۔ اِس نسبت میں ہمارے لئے ظاہر کا حکم ہے جیسا کہ پہلے دَورہ میں ہماری طرف یعنی حضرت محمّد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کی طرف باطناً منسوب تھا اور نہ ظاہراً اُس کی طرف منسوب تھا جو حضرت ابراہیمؑ حضرت موسیٰؑ حضرت عیسیٰؑ اور جمیع انبیاء و رسل علیہم السلام کی شریعتوں سے تھا۔

انبیاء سے اور مہینوں سے چار چار حرم

انبیاء کرام میں زمانہ سے چار حرم ہیں. حضرت ہودؑ، حضرت صالحؑ حضرت شعیبؑ علیہم السلام اور حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور زمانے سے اُن کی عین، ذلیقعدہ، ذوالحجہ، محرم اور رجبؑ کے مہینے ہیں. چونکہ عرب مہینوں میں حلال وحرام کرتے تھے تو اِن پر یہ ملت وحرمت لوٹا دی گئی اور حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تشریف آوری سے زمانہ اپنی اصل کی طرف لوٹ آیا. جس کا اُس کی تخلیق کے وقت اللہ تبارک وتعالیٰ نے حکم فرمایا تھا.

پس مہینوں سے حرم کا تعین اُس صفت پر ہے جس پر اللہ تبارک وتعالیٰ نے اُسے پیدا فرمایا تھا. اِس لئے حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے لِسان ظاہر سے فرمایا! زمانہ اُسی دِن کی ہیئت پر لوٹ آیا جس پر اللہ تبارک وتعالیٰ نے اُسے پیدا فرمایا تھا.

ایسے ہی زمانہ لوٹ کر آیا تو حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ظہور فرمایا جیسا کہ ہم نے اِس کا ذکر روحًا اور جِسمًا حِسّی صورت میں اسمِ ظاہر کے ساتھ کیا پس جو اللہ تبارک وتعالیٰ نے چاہا. آپؐ نے اپنی پہلی یعنی باطنی شریعت سے منسوخ کر دیا اور جو اللہ تعالیٰ نے چاہا اُسے باقی رکھا اور یہ تنسیخ اصول کی نہیں بلکہ خاص احکام کی تھی.

آپؐ کا ظہور میزان اور عدل میں ہوا

حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ظہور برج میزان میں ہوا جس کا معنی دُنیا میں عدل ہے اور میزان مُعتدل ہے. کیونکہ اُس کی طبیعت گرم تر ہے.

اور وہ آخرت کے حکم سے ہے۔ پس جنت اور جہنم میں داخل ہونے تک میزان آخرت کے ساتھ متصل ہے۔ اس لئے اس اُمت کا علم پہلوں سے زیادہ ہے اور حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اوّلین و آخرین کا علم عطا فرمایا گیا۔ کیوں کہ حقیقتِ میزان یہی عطا کرتی ہے۔ اس اُمت میں کشف تیز ہوتا ہے۔ جب کہ دُوسری تمام پہلی اُمتوں میں سردی اور خشکی کا غلبہ تھا۔ اگرچہ اُن میں بھی اذکیاء اور علماء تھے۔ تاہم اُن میں سے ایسے لوگ مُعین تھے۔ اس کے برعکس اس زمانہ میں لوگ زیادہ عالم ہیں۔ کیا آپ نے اس اُمت کے لوگوں کو دیکھا کہ اُنہوں نے تمام اُمتوں کے علوم کو کھنگال ڈالا ہے۔ اگر مترجم اُس معنیٰ کو نہیں جانتا جو متکلم کے لفظ پر دلالت کرتا ہے تو اُس کا مترجم ہونا درست نہیں اور نہ ہی اُس اسم پر ترجمہ کا اطلاق ہوگا۔

اُمتِ مُصطفےٰ کے علوم

بے شک یہ اُمت پہلے لوگوں کے علوم کو بھی جانتی ہے اور اُن علوم سے بھی مختص ہے جنہیں پہلے لوگ نہیں جانتے تھے اور حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسی لئے اشارہ فرمایا ہے کہ مَیں اوّلین کا علم جانتا ہوں۔ اس سے پہلے لوگ مُراد ہیں۔ پھر فرمایا۔ اور مَیں آخرین کا علم جانتا ہوں تو یہ وہ علم ہے جو متقدمین کے پاس نہیں تھا اور یہ وہ علم ہے جو آپ کے بعد قیامت تک آپؐ کی اُمت کو حاصل ہوتا رہے گا۔

حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے کہ ہمارے پاس وہ علوم ہیں جو پہلے نہ تھے۔ عندنا علوم لم تکن قبل' تو یہ ہمارے لئے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی گواہی ہے اور آپؐ اس کے ساتھ سچے ہیں۔

تو حضور رسالت مآب صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیئے دنیا میں علم میں سرداری ثابت ہے اور آپ کے لیے حکم میں بھی سرداری ثابت ہے جب آپ نے فرمایا کہ اگر حضرت موسیٰ علیہ السلام زندہ ہوتے تو انہیں میرے اتباع کے سوا چارہ کار نہ تھا اور یہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے نزولؑ کے وقت ہوگا اور قرآنؐ کے ساتھ ہم میں حکم ہے تو دنیا میں آپ کے لیئے ہر وجہ اور معنی کے ساتھ سرداری ثابت ہے

پھر قیامت کے دن آپ کا باب شفاعت کو کھولنا تمام لوگوں پر آپ کی سرداری ثابت کرتا ہے اور یہ امر سوائے حضرت محمد مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قیامت کے دن کسی نبی کے لیئے نہیں ہوگا۔ تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تمام انبیاء ورسل میں شفاعت فرمائیں گے اور ملائکہ میں شفاعت فرمائیں گے پھر اللہ تبارک وتعالیٰ آپ کی شفاعت کے وقت تمام فرشتوں اور انبیاء ورسل اور مومنوں کو شفاعت کی اجازت عطا فرمائے گا تو قیامت کے دن حضور رسالت مآب صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ ارحم الراحمین کی اجازت سے اوّل وآخر شفیع ہونگے۔

اِسمِ رحیم شفاعت کرے گا

اسمِ منتقم کے پاس اس کا اسمِ رحیم شفاعت کرے گا کہ اُن لوگوں کو جہنم سے نکالا جائے جنہوں نے کبھی کوئی اچھا عمل نہیں کیا۔ پس انہیں اسمِ منعم متفضل دوزخ سے نکال لے گا۔

اِس دائرہ سے شرف اعظم اُس دائرہ کا ہے جس کا آخر اَرْحَمُ الرَّاحِمِینَ ہوگا. اور دائرے کے آخری حصّے کا اتّصال اُس کے پہلے حصّے کے ساتھ ہے. پس مُحمّد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلّم کے شرف سے بڑا کون سا شرف ہوگا کہ آپؐ کے کمال کے لئے اُس دائرہ کی ابتداء کو آخر کے ساتھ ملایا گیا ہے جس میں اللہ تعالیٰ سُبحانہٗ نے اشیاء کی ابتدا کی تھی اور آپؐ ہی کے ساتھ اِس دائرہ کو مکمّل کیا اور مومن سے بڑا شرف کون سا ہے کہ اُس کی شفاعت کو اَرْحَمُ الرَّاحِمِینْ کی شفاعت سے ملایا گیا ہے.

اگر عِلم ایمان کے ساتھ ہو

پس مومن اللہ تبارک و تعالیٰ اور انبیاء کرام کے درمیان ہے کیونکہ علم مخلوق کے حق میں ہے اور اگرچہ اُس کے لئے وُہ شرفِ تام ہے جو اپنے مکان سے غیر معروف نہیں. ولیکن سِوائے ایمان کے قربِ الٰہی عطا نہیں کرتا پس مخلوق میں ایمان کا نور اُس عِلم کے نُور سے زیادہ شرف والا ہے جس عِلم کے ساتھ ایمان نہیں.

چنانچہ جب عِلم ایمان سے حاصل ہوگا تو اِس علم کا نُور نُورِ ایمان سے پیدا ہونے کی وجہ سے اعلیٰ ہے. اِس کے ساتھ اہلِ ایمان عالم اُس مومن سے ممتاز ہے جو عالم نہیں, پس اللہ تبارک و تعالیٰ جن مومنوں کو عِلم عطا فرماتا ہے اُن کے درجے اُن مومنوں سے بلند فرماتا ہے جنہیں عِلم نہیں عطا فرمایا اور عالموں کا عِلم باللہ زیادہ فرماتا ہے کیونکہ حضوُر رسالت مآب صلی اللہ علیہ و آلہ وسلّم نے اپنے

صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کو فرماتے ہیں. تم اپنی دُنیوی مصلحتوں کو زیادہ جانتے ہو

وسیع تر فلک حضورؐ کا ہے

حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کے فلک سے کوئی فلک وسیع تر نہیں اور اُس نے احاطہ کر رکھا ہے اور یہ اُس کے لئے ہے جسے اللہ تبارک وتعالیٰ نے آپؐ کی اُمت سے حکمِ تبعیّت کے ساتھ مخصوص فرمایا ہے پس ہم نے تمام اُمتوں کا احاطہ کر رکھا ہے. اسی لئے ہمیں لوگوں پر گواہ بنایا گیا ہے ۔

پہلے آسمان میں آپؐ کی خصوصیت

اللہ تبارک وتعالیٰ نے حضورِ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کو آسمانوں کے اَمر کی وحی عطا فرمائی جو آپؐ کے علاوہ کسی کو اُس کے مولد کے طالع میں نہیں عطا فرمائی. آپؐ کے پہلے آسمان کا اختصاص یہ ہے کہ وہاں قرآن مجید کا کوئی حرف اور کلمہ تبدیل نہیں ہُوا. اور اگر شیطان دورانِ تلاوت میں کسی حرف کی کمی بیشی کی کوشش کرتا تو اللہ تبارک وتعالیٰ اُسے منسوخ فرما دیتا. یہ حفاظت اس اَمر کا ثبوت ہے کہ آپؐ کی شریعت کو اس کے اپنے علاوہ منسوخ نہیں کیا جاسکتا بلکہ ہر آنکھ کی ٹھنڈک کے ساتھ اس کا محفوظ و مستقر ہونا ثابت ہوتا ہے اور اس کے لئے ہر طائفہ کی گواہی ہے ۔

دُوسرے آسمان میں خصوصیّت

آپؐ کے دُوسرے آسمان کے ساتھ وہاں جو مخصُوص اَمر ہے وہ یہ ہے کہ آپؐ کو اوّلین وآخرین کے علم سے مختص کیا گیا اور آپؐ کو مودّت و رحمت اور شفقت

عطا فرمائی گئی۔ چنانچہ آپؐ مومنوں کے ساتھ رحم فرمانے والے تھے اور کسی پر آپؐ کا تشدد ظاہر نہیں ہُوا۔ مگر اُس وقت جب اللہ تبارک و تعالیٰ نے آپؐ کو یہ ارشاد فرمایا۔

جَاهِدِ الْكُفَّارَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ وَاغْلُظْ عَلَيْهِمْ

کافروں اور منافقوں کے ساتھ جہاد کریں اور اُن پر سختی کریں۔

آپؐ نے اِس امرِ الٰہی کی تعمیل فرمائی۔ حالانکہ یہ آپؐ کا طبعی اقتضا نہ تھا اور بتقضائے بشریت آپؐ کا کسی پر اپنی ذات کے لئے ناراض یا خوش ہونا اُس وقت ہوتا جب آپ اُس کے لئے فائدہ پہنچانے والی دعا تجویز فرما لیتے اور آپؐ کے اِس غضب میں رحمت ہوتی جس کا حالتِ غضب میں شعور نہیں کیا جا سکتا تھا۔ پس آپ کے غضب کے ساتھ اُس کی دلالت کی مثل آپؐ کی رضا ہوتی۔ یعنی آپؐ کی ناراضگی آپ کی رضا پر دلالت کرتی۔ اِن اسرار کو ہم جانتے ہیں اور جو ہم میں سے اہل اللہ ہیں وہ جانتے ہیں۔

چنانچہ عالم پر حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سیادت و سرداری اِس باب سے درست ہے۔ کیونکہ آپؐ کی اُمت کے علاوہ دُوسری اُمتوں کے حق میں کہا گیا ہے۔

يُحَرِّفُوْنَهٗ مِنْۢ بَعْدِ مَا عَقَلُوْهُ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ

وہ جاننے اور عقل رکھنے کے باوجود تحریف کرتے ہیں۔

اللہ تبارک و تعالیٰ نے اُنہیں علم ہونے کے باوجود گمراہ کہا ہے اور ہم میں اِس ذکر کی حفاظت اللہ تبارک و تعالیٰ نے اپنے ذمے لیتے ہوئے فرمایا۔

ہم نے یہ ذکر نازل کیا ہے اور ہم ہی اس کی حفاظت کریں گے۔

کیونکہ اللہ تبارک و تعالیٰ بندے کی سمع، بصر، زبان اور ہاتھ سے اسے محفوظ رکھتا ہے اور اس آیت کے علاوہ کسی کتاب کی حفاظت نہ فرمائی گئی تو لوگوں نے اُن میں تحریف کر ڈالی۔

تیسرے آسمان میں آپؐ کی خصوصیت

تیسرے آسمان کی وحی سے وہاں کا آپؐ کے لئے مخصوص امر یہ بھی ہے کہ آپؐ کو تلوار اور خلافت عطا فرمائی گئی۔ اور ملائکہ کا آپؐ کے ساتھ مل کر قتال کرنا آپؐ کی خصوصیت ہے کیونکہ اس آسمان کے ملائکہ نے بدر کے دن آپؐ کی معیّت میں جنگ کی اور اس آسمان سے یہ بھی ہے آپؐ کو اُس قوم میں مبعوث فرمایا گیا، جن کی ہمت، مہمان نوازی، اُونٹوں کو ذبح کرنے، دائمی جدال و قتال اور خونریزی میں صرف ہوتی تھی۔ اور اسی کے ساتھ وہ آپس میں مدح سرائی کرتے کراتے تھے۔ اُن میں سے بعض نے کہا ہے۔

تلوار کی نوک سے ضرب لگانے والے مہمان نوازی کے بازار ہیں۔ جب ان کے پاس ذریعہ معاش نہ ہو تو جراَت مند ہوتے ہیں۔

اور دوسرے نے اپنی قوم کی مدح سرائی کرتے ہوئے کہا۔

لا یبعدن قومی الذین ھمو سم العداة وآفة الجزر

النازلون بکل معترک والطیبون معاقد الازر

میری قوم سے دوری اختیار نہ کر، یہ عداوت کا زہر اور لڑائی کی آفت ہیں۔
یہ ہر معرکہ میں اُترنے والے اور ازار بند سے پاک ہیں۔
چنانچہ عنترہ بن شداد اپنے ہمسایہ کے گھر والوں کی حفاظت کے وقت اُن کے کرم اور شجاعت و عفت کے بارے میں کہتا ہے۔

جب تک میری ہمسایہ عورت میرے سامنے رہتی ہے۔ میں اپنی آنکھیں نیچی رکھتا ہوں کہ وہ اپنے گھر کی پناہ گاہ میں چلی جاتی ہے۔

عربوں کی کرامت و حماست اور وفاداری کی عجمیوں پر فضیلت کسی سے پوشیدہ نہیں۔ اگرچہ عجم میں بھی اہل کرم اور بہادر ہیں مگر شاذ شاذ ایسے ہی عرب میں بزدل اور بخیل ہوتے مگر اکیلا دوکیلا جب کہ بات غالب اکثریت کی ہے نادر کی نہیں تو اس امر کا کسی کو انکار نہیں اور یہ امر اس سے ہے جو اللہ تبارک تعالیٰ نے اس آسمان سے وحی فرمایا ہے اور یہ تمام اُس امر سے ہے جو آسمان اور زمین کے درمیان اس کے لئے نازل ہوتا ہے جو سمجھتا ہے۔

اگر ہم ہر آسمان سے اُس امر کا تفصیلاً ذکر کرتے جو اُس میں اللہ تعالیٰ سبحانہٗ وحی فرماتا ہے تو ہم اس سے عجائبات کو ظاہر کرتے۔ بسا اوقات اہل تعالیم میں سے کوئی شخص رصد و تسییر کے طریق سے اس علم میں دیکھتا ہے تو انکار کر دیتا ہے اور ان میں سے منصف جب اُس میں سنتا ہے تو حیرت زدہ رہ جاتا ہے۔

چوتھے آسمان میں آپؐ کی خصوصیت

چوتھے آسمان میں اس کے ساتھ مامور

وجہ سے یہ ہے کہ آپؐ کی شریعت کے ساتھ تمام شریعتیں منسوخ ہوگئیں اور آپؐ کے دین کو تمام ادیان پر ظاہر فرمایا گیا۔ ہر اُس رسُول کے پاس جو آپؐ سے پہلے تھا اور ہر اُس کتاب میں جو نازل ہُوئی آپؐ کا دین ظاہر تھا، پس ادیان میں سے کسی دین کے لئے اللہ تبارک وتعالیٰ کے ہاں حکم باقی نہ رہا۔ مگر جو اُس سے مقرر کیا اور اس کا تقرر ثابت ہے اور نہ آپؐ کی شریعت سے اور آپؐ کی رسالت کے عمُوم سے ہے، اور اگر اُن میں سے کوئی حکم باقی ہے تو وہ اللہ تبارک وتعالیٰ کے حکم سے نہیں۔ مگر خاص طور پر جزیہ دینے والوں میں ہے۔ ہم کہتے ہیں کہ وہ اللہ تبارک وتعالیٰ کا حکم نہیں کیونکہ اُس کا نام باطل ہے تو یہ اُس کے لئے ہے، جو آپؐ کا مُتبع ہے نہ کہ اُس کے لئے یعنی آپؐ کے دین کا غلبہ تمام ادیان پر ہے جیساکہ آپؐ کی مدح میں نابغہ نے کہا۔

کیا آپؐ نے دیکھا کہ آپؐ کو وہ مرتبہ و دبدبہ دیا گیا ہے جس کے سامنے ہر بادشاہ تذبذب کا شکار ہے۔

آپؐ آفتاب ہیں اور بادشاہ ستارے ہیں جب آپؐ نے طلوع کیا تو اُن سے کوئی ستارہ ظاہر نہ رہ سکا۔ اور یہ ہے حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کا مقام ومرتبہ اور جو انبیاء کرام علیہم السلام اور اُن کی شریعتوں سے اُن کا مرتبہ آیا کیونکہ ستاروں کی روشنیاں آفتاب کے نور میں مندرج ہیں، پس دِن ہمارے لئے اور اُس کی تہمارات اہلِ کتاب کے لئے ہے جس کی بنا پر وہ ذِلّت وپستی کو اختیار کرکے جزیہ ادا کرتے ہیں اور ہم نے آسمان کے ہر اَمر کو تنزّلاتِ موصلیہ میں کھول کر بیان کیا ہے۔

جب تو اس سے واقفیت حاصل کرلے گا تو اس میں بعض امور کو جان لے گا۔

پانچویں آسمان میں آپ کی خصوصیت

پانچویں آسمان میں مامور بہ وحی سے وہاں حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اختصاص ہے کیونکہ حُبّبَ الیہ النسآء کا جملہ سوائے آپؐ کے کسی نبی پر ہرگز وارد نہیں ہوا یعنی آپؐ کی طرف عورتوں کی محبت دی گئی۔ اگرچہ حضرت سلیمان علیہ السلام وغیرہ کی طرح آپؐ کو کثیر عورتیں عطا کی گئی تھیں لیکن ہمارا کلام حُبّبَ الیہ کے ہونے سے ہے اور یہ اس لئے ہے کہ حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نبی تھے اور حضرت آدم علیہ السلام پانی اور کیچڑ کے درمیان تھے جیسا کہ ہم نے اُس وجہ پر مقرر کیا جس کی ہم نے شرح کی ہے کہ آپؐ اپنے ربّ کی طرف منقطع تھے اور اللہ تعالیٰ کے ساتھ مشغول ہونے کی بنا پر آپؐ اُس کے ساتھ دُنیا کی طرف نہ دیکھتے تھے کیونکہ آپؐ اللہ تعالیٰ کی طرف سے القار کے ساتھ رعایتِ ادب کے ساتھ مشغول رہتے تھے اور دوسری چیز کی طرف فارغ نہ ہوتے۔ پس اللہ تبارک و تعالیٰ نے آپؐ کی طرف عورتوں کی محبت راغب کردی۔ اور یہ اُن خواتین یعنی آپؐ کی ازواجِ مطہرات پر اللہ تعالیٰ کی عنایت تھی پس حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اُن سے محبت فرماتے تھے کہ اللہ تعالیٰ نے آپؐ کو اِس محبت کی طرف راغب کیا۔

اللہ تعالیٰ خوبصورتی کو پسند کرتا ہے

مسلم نے صحت کے ساتھ اس حدیث کی تخریج الواب الایمان میں کی ہے کہ ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں عرض کی کہ

میں اچھے جوتے اور اچھے کپڑے کو پسند کرتا ہوں۔ آپؐ نے فرمایا۔

ان اللہ جمیل یحب الجمال الحدیث

اللہ خوبصورت ہے۔ خوبصورتی کو پسند فرماتا ہے۔

اِس آسمان سے خوشبو کو پسند فرماتا ہے اور نکاح آپؐ کی سُنّت سے ہے قطع کرنے سے نہیں اور نکاح کو اُس سِرّ الٰہی کے لئے عبادت مقرّر کیا گیا جو آپؐ میں ودیعت کیا گیا تھا اور یہ نہیں مگر عورتوں میں اور یہ ظہر رائیان اُن تین احکام کے لئے ہے جن کا ذکر دو مقدّموں سے نتیجہ میں پہلے بیان ہو چکا ہے۔ اور رابطہ وہ ہے جسے نتیجہ کی عِلّت مقرّر کیا گیا۔ تو یہ فضل اور اُس امر کی شکل ہے جو حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کے لئے مخصوص ہے۔

مہر میں قرآن سِکھانا

اس میں نکاح ہبہ کو زیادہ کیا گیا ہے جیسا کہ آپؐ کی اُمّت میں مقرّر ہے جس میں کسی کے پاس معاوضوں سے کوئی چیز نہ ہونے کی صورت میں نکاح کرنے کے لئے بطورِ خاص قرآن سے جو اسے یاد ہو مہر میں ادا کرے نہ کہ وہ جسے وہ عورت جانتی ہے اور یہ بات اگرچہ قربتِ ہبہ کا مقابلہ نہیں کرتی۔ تاہم اس میں اُمّت کے لئے گنجائش ہے اور وسعت میں اُس اَمر کو پورا نہیں کیا گیا جو اللہ تبارک وتعالیٰ نے ہر آسمان میں وحی فرمایا۔

حضورؐ کے خصوصی اعزازات

چھٹے آسمان میں امرِ وحی سے قرآن کا اعجاز ہے اور وہ جوامع الکلم سے

حضورِ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی طرف اس آسمان سے نازل ہوا اور آپؐ سے پہلے یہ کسی نبیؑ کو عطا نہیں ہوا۔ اور حضورِ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا۔ مجھے چھ چیزیں ایسی عطا فرمائی گئی ہیں جو مجھ سے پہلے کسی نبیؑ کو نہیں عطا کی گئیں اور یہ سب آسمانوں میں وحی کیا گیا ہے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ کا ارشاد ہے۔

وَاَوْحٰی فِیْ کُلِّ سَمَآءٍ اَمْرَهَا ۔ حم السجدہ آیت ۱۲۔

اور ہر آسمان میں اس کا امر وحی کیا گیا۔

چنانچہ ہر آسمان میں وہ امر مقرر کیا گیا جو زمین کی اس مخلوق میں اصلاح کے لئے نافذ ہے۔ اسی بنا پر آپؐ اکیلے تمام لوگوں کی طرف مبعوث ہوئے اور آپؐ کی رسالت عام ہے، اور یہ وہ امر ہے جس کے ساتھ اللہ تبارک وتعالیٰ نے چوتھے آسمان میں وحی فرمائی اور آپؐ کو رُعب کے ساتھ نصرت دی گئی اور یہ وہ ہے جو وہاں سے تیسرے آسمان میں وحی کیا گیا۔

اور ان میں سے اللہ تبارک وتعالیٰ کا آپؐ کے لئے غنیمتوں کو حلال کرنا اور زمین کو آپؐ کے لئے مسجد اور پاک قرار دینا وہاں سے دوسرے آسمان سے ہے۔

آپؐ کو جوامع الکلم کا عطا ہونا چھٹے آسمان کی وحی کے امر سے ہے اور اس آسمان کے امر سے وہ ہے جس کے ساتھ اللہ تبارک وتعالیٰ نے آپؐ کو مخصوص فرمایا اور وہ آپؐ کو زمین کے خزانوں کی چابیوں کا عطا ہونا ہے۔

وہاں سے ساتویں آسمان میں وحی کا امر یہ ہے اور یہ آسمانِ دنیا ہے جو ہم سے ملا ہوا ہے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ نے اُسے عزتِ کمال کے ساتھ مخصوص فرمایا ہے اور اس کے ساتھ شریعتوں کو مکمل فرمایا۔ اور آپؐ کو

خاتم النبیین قرار دیا اور یہ امر حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ کے علاوہ کسی کے لئے نہیں۔ اسی لئے اور اسی کی امثال حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام تمام سرداریوں کے لئے جامع سرداری کے ساتھ اور عام شرفِ محیط کے ساتھ منفرد ہوئے۔

زمان اور میزان

ہمیں اُس کی خبر دی گئی جو آپؐ کو اپنی ولادتِ مبارکہ میں اللہ تبارک و تعالیٰ کی بعض وحی کا حصول ہوا جس کے ساتھ ہر آسمان میں اُس امر کے ساتھ ہے اور آپؐ نے زمان کہا اور دہر نہیں فرمایا اور نہ آپؐ کے علاوہ کسی نے میزان کے وجود کی خبر دی ہے کیونکہ زمان ذکر کے ساتھ اُن حروف سے نہیں نکلا جو میزان میں ہیں۔

میزان کی یا۔ مقرر کی جس سے زا ملی ہوئی ہے اور زا تخفیف کی اور زمان میں شمار کیا اور شعار مقرر کیا کہ اس زا میں ایک حرف مدغم ہے۔

چنانچہ میزان میں عدلِ روحانی کے لئے زمان موجودِ اوّل ہے اور اسم باطن میں حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کے لئے ہے جیسا کہ آپؐ نے فرمایا! میں نبی تھا اور حضرت آدم علیہ السلام پانی اور مٹی کے درمیان تھے۔ پھر اس دورۂ زمان کے ختم ہونے کے بعد لوٹ آیا اور یہ اٹھتر سال کا دورہ ہے۔

زمانے کا دوسرا دورہ میزان

پھر اسم ظاہر کے ساتھ زمان سے دوسرے دورے کی ابتدا ہوئی تو اس

میں حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کا جسمِ اطہر ظاہر ہُوا اور آپؐ کی شریعت کنایہ کے ساتھ نہیں بلکہ تعیّن و تصریح کے ساتھ ظاہر ہُوئی اور آخرت کے حکم کے ساتھ متصل ہُوا۔ اللہ تبارک و تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

وَنَضَعُ الْمَوَازِيْنَ الْقِسْطَ لِيَوْمِ الْقِيٰمَةِ

الانبیاء آیت ۴۷

اور قیامت کے دن ہم انصاف کے ترازو قائم کریں گے۔"

اور ہمارے لئے فرمایا!

وَاَقِيْمُوا الْوَزْنَ بِالْقِسْطِ وَلَا تُخْسِرُوا الْمِيْزَانَ — الرحمٰن آیت ۹

اور ہر چیز انصاف سے تولو اور وزن میں کمی نہ کرو۔

اور اللہ تبارک و تعالیٰ نے فرمایا!

وَالسَّمَآءَ رَفَعَهَا وَوَضَعَ الْمِيْزَانَ

الرحمٰن آیت ۶

اور اللہ نے آسمان کو بلند کیا اور میزان قائم کی۔

ہر آسمان میں اُس کے اَمر کی میزان کے ساتھ وحی فرمائی اور اِس کے ساتھ زمین میں قوتوں کا اندازہ فرمایا اور دُنیا کی ہر چیز میں میزان کو نصب کیا۔ چنانچہ میزان معنوی اور میزان حسّی کبھی غلطی نہیں کرتا۔

پس میزان کلام میں اور جمیع صنائع محسوسہ میں داخل ہے اور ایسے ہی مَعانی میں داخل ہے کیونکہ وہ اَجسام و اَجرام کے وجود کی اصل ہے۔ اور جن مَعانی کو حکمِ میزان کے وقت محمول کیا جاتا ہے۔ میزان کا وجود زمان کے اُوپر اُس وزنِ الٰہی سے ہے جو اسمِ حکیم کو طلب کرتا ہے اور اُس سے حکمِ عدل

ظاہر ہوتا ہے نہیں کوئی معبود مگر وہ۔

تمام برجوں کو ظاہر کرنے والا میزان ہے

میزان سے برجِ عقرب ظاہر ہوا ہے اور جو اللہ تبارک وتعالیٰ نے اس میں امرِ الٰہی سے وحی کیا گیا ہے اور برجِ میزان سے ہی قوس، جدی، دلو، حوت، حمل، ثور، جوزاء، سرطان، اسد اور سنبلہ برج ظاہر ہوتے اور دوروں کی تکرار کے لئے میزان کی طرف دورۂ زمانیہ کی انتہا ہوئی۔

بارہ برجوں کے نام فرشتوں کے نام پر ہیں

پس حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا ظہورِ مبارک ہوا۔ اور اجزاء زمان کے ہر جزء میں آپؐ کا حکم تھا اور حضورِ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اپنے ظہور کے ساتھ اس میں جمع ہوتے اور برجوں کے یہ اسماء، فرشتوں کے نام ہیں جنہیں اللہ تبارک وتعالیٰ نے پیدا فرمایا اور وہ بارہ فرشتے ہیں اور ان کے لئے فلکِ محیط میں مراتب مقرر کئے اور ہر فرشتے کے ہاتھ میں ایک امر مقرر کر دیا۔ اللہ تبارک وتعالیٰ اس سے جو چاہے اس حکمت کو وہ فرشتے زمین کی طرف اپنے علاوہ فرشتوں کے ذریعہ سے ظاہر کرتے ہیں

صاحبِ خُلقِ عظیم

حضورِ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی روحانیت زمانہ اخلاق سے اس حیثیت سے ہر اس حرکت سے اکتساب کرتی ہے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ نے امورِ الٰہیہ سے ان حرکات میں ودیعت فرمایا ہے۔ چنانچہ وجودِ ترکیبی سے پہلے

ان صفات سے اکتساب ہمیشہ رہا یہاں تک کہ آپؐ کا جسمِ اطہر اُن اخلاقِ محمودہ کے ساتھ ظاہر ہوا جس پر اللہ تبارک و تعالیٰ نے آپؐ کی جبلّت کو بنایا تھا تو اس میں فرمایا!

وَاِنَّكَ لَعَلٰى خُلُقٍ عَظِيْمٍ

القلم آیت ۴

اور بے شک آپؐ تو خلقِ عظیم والے ہیں۔

اقسامِ اَخلاق

جو صاحبِ خُلق ہے صاحبِ تخلّق نہیں اس لئے کہ اخلاق مختلف ہوتے ہیں اُس محل کے اختلاف کے ساتھ جس کے ساتھ اُن کا مقابل ہے، صاحبِ خُلق اُس عِلم کی طرف احتیاج رکھتا ہے جس پر وہ ہوگا۔ یہاں تک کہ اُس محلِّ خلق سے تصرّف کرے جو اللہ تعالیٰ کے امر سے اُس کی شان کے لائق ہے تاکہ اللہ تعالیٰ کی طرف قربت حاصل ہو جائے، اِس لئے شریعتیں نازل ہوئیں تاکہ لوگوں کے لئے اُن احکامِ اخلاق کے محلات کو ظاہر کریں جس پر انسان کی جبلّت رکھی گئی، تو اس کی مثل میں اللہ تبارک و تعالیٰ نے اُس کے خُلق میں وجودِ تافیف اور سختی کے لئے فرمایا!

اسریٰ آیت ۲۲

یعنی والدین کو اُف نہ کہو۔

اِس خُلق کو اُس محل سے الگ کر دیا جس میں اِس خُلق کا حکم ظاہر ہوتا ہے پھر اُس محل کو ظاہر کیا جس میں یہ خُلق ظاہر ہوتا ہے۔

تو فرمایا!

أُفٍّ لَّكُمْ وَلِمَا تَعْبُدُونَ مِنْ دُونِ اللّٰهِ

الانبیاء آیت ۶۷

تف ہے تم پر اور تمہارے اُن معبودوں پر جنہیں تم اللہ کے سوا پوجتے ہو۔

اور اللہ تبارک و تعالیٰ نے فرمایا! فَلَا تَخَافُوهُمْ۔ یعنی اُن سے خوفزدہ نہ ہو۔ تو اس محل سے اُسے ظاہر کیا جس میں خوف کے خلق کو ظاہر کرنا لائق نہیں۔ پھر اُن کے لئے فرمایا! خافونی یعنی مجھ سے خوفزدہ رہو تو اُن کے لئے اس صفت کے حکم کو ظاہر کیا جس کا حق پہنچتا تھا۔

ایسے ہی حسد، حرص، اور وہ تمام اخلاق جن کی رُوحانیت کا حکم اس نشاۃِ طبیعہ میں ظاہر ہے اس میں ہیں۔ اللہ تبارک و تعالیٰ نے ہمارے لئے اُنہیں ظاہر فرما دیا ہے جہاں اُنہیں ظاہر فرما دیا ہے جہاں اُنہیں ظاہر کرنا ہے اور جہاں ظاہر کرنے سے روکا گیا ہے کیونکہ اس نشاۃ سے اُن کا ازالہ محال ہے مگر اُن کے زائل ہونے سے کیونکہ وہ ذاتی ہیں اور کوئی چیز اپنی ذات سے الگ نہیں ہوتی۔

حضورِ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم نے فرمایا ہے۔ حسد دو چیزوں میں ہے اور فرمایا! اللہ تبارک و تعالیٰ تیری حرص کو زیادہ کرے اور تجاوز نہ کر۔

جمادات ارواح ہیں

اور ہم نے اُن اخلاق کی رُوحانیتِ ظاہری کے حکم میں کہا جس میں اس بات سے اہلِ کشف اور محققین سے علماءِ راسخین سے احتراز کیا جا سکے کیونکہ جمادات و نباتات کا نام ہمارے نزدیک ارواح ہے جو اہلِ کشف کے علاوہ عادتاً اِدراک سے پوشیدہ ہیں۔ حیوانات کو محسوس کرنے کی مثل اُن کا احساس

نہیں کیا جا سکتا۔

اہلِ کشف کے نزدیک تمام حیوانِ ناطق بلکہ زندہ ناطق ہیں۔ بغیر اس کے کہ مزاجِ خاص کا نام انسان ہے نہ کہ دُوسری صُورت کا، اور مخلوق کے درمیان مزاج میں تفاضل واقع ہے کیونکہ ہر ممتزج میں مزاج خاص کا ہونا لازمی ہے جو سوائے اُس کے دُوسرے میں نہیں ہوگا جس کے ساتھ دُوسرے کی تمیز کی جا سکے۔ جیسا کہ اُس کا اپنے غیر کے ساتھ کسی امر میں مجتمع ہونا جس کے ساتھ افتراق واقع ہو سکے تو وہ عین نہیں ہوگا اور تمیز عین ہے جس کے ساتھ اشتراک اور عدمِ تمیز واقع ہوتی ہے۔ پس اِسے جان لیں اور تحقیق کریں۔

اللہ تبارک وتعالیٰ کا ارشاد ہے۔

وَاِنْ مِّنْ شَیْءٍ اِلَّا یُسَبِّحُ بِحَمْدِہٖ بنی اسرائیل آیت ۴۴

کوئی شے ایسی نہیں جو اُس کی پاکی بیان نہ کرتی ہو۔

حدیث میں آیا ہے کہ۔

ان المؤذن یشھد لہ مدی صوتہ من رطب ویابس "الحدیث"

جہاں تک مؤذن کی آواز پہنچتی ہے ہر خشک و تر چیز اُس کی گواہی دے گی۔

پتھروں کی آواز

شریعتیں اور نبوتیں اِس قبیل کے امور سے بھری پڑی ہیں اور ہم نے ایمان اور کشف کی خبروں کے ساتھ زیادہ کیا ہے اور ہم نے پتھروں کو اللہ تبارک وتعالیٰ کا ذکر کرتے ہوئے آنکھوں سے دیکھا اور کانوں سے سُنا ہے اور وہ ہم سے اُس

خطاب کے ساتھ مخاطب ہوتے ہیں جو اللہ تبارک وتعالیٰ کے جلال کے ساتھ عارفوں کا خطاب ہے اور اس کا اِدراک ہر انسان نہیں کر سکتا۔

حیوانوں کا اِدراک

پس اللہ تبارک وتعالیٰ کی مخلوق سے ہر جنس اُمتوں سے ایک اُمت ہے۔ جنہیں اللہ تعالیٰ نے اُن کی فطرت اور مخصوص عبادت پر پیدا فرمایا ہے جس کے ساتھ اُن کے نفوس میں اُن کی طرف وحی کی جاتی ہے اور اُن کا رسول اُن کی ذوات سے ہوتا ہے۔ یعنی اُنہیں میں سے ہوتا ہے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ کی طرف سے اُنہیں اُس خاص اِلہام کے ساتھ اعلام ہوتا ہے جس پر اُن کی جبلت ہوتی ہے جیسا کہ ایسی اشیا کا بعض حیوانات کو علم ہوتا ہے جس کے ادراک سے ریاضی دان اور علماً قاصر ہیں۔

حیوانات کا یہ علم حشرات الارض اور کھانے کی چیزوں پر علی الاطلاق اُن کے نفع کے لئے اور نقصان دِہ چیزوں سے اجتناب کے لئے ہوتا ہے اور یہ سب کچھ اُن کی فطرت میں ہوتا ہے۔ ایسے ہی جمادات ونباتات کا مسمّٰی ہے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ نے ہماری بصارتوں اور سماعتوں کو اُن کی گفتگو سننے سے روکا ہوا ہے اور قیامت قائم نہیں ہوگی جب تک انسان سے اُس کی ران کلام نہیں کرے گی اور اُسے نہیں بتائے گی کہ اُس کے اہلِ خانہ نے کیا کام ہے۔

علومِ مصطفےٰ ﷺ

حکما میں سے جُہلاء نے بابِ علم سے اختلاج کو مقرر کیا ہے جب کہ اُن کا ایمان اِس کے ساتھ درست ہو۔ اِس علم سے اُن کی مُراد زجر وانتباہ ہے۔

اگرچہ نفس الامر میں علمِ زجر درست ہے اور وہ اللہ تبارک و تعالیٰ کے اسرار سے ہے لیکن اس کلام میں شارع علیہ السلام کا یہ مقصود نہیں. کیونکہ حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کا کشف تمام و کمال تھا تو آپؐ اُسے دیکھتے تھے، جسے دوسرے نہیں دیکھ سکتے تھے اور آپؐ نے اُس امر کی خبر دی جس پر اہل اللہ نے عمل کیا تو اُسے درست پایا. حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کا ارشاد ہے

لولا تمریدٍ فی حدیثکم تمریج فی قلوبکم الرایتم ما اری والسمعتم ما اسمع الحدیث

اگر تمہاری گفتگو میں سرعت اور تیزی نہ ہوتی اور تمہارے دِلوں میں لرزش نہ ہوتی تو تم وہ دیکھتے جو میں دیکھتا ہوں اور وہ سنتے جو میں سُنتا ہوں.

پس آپؐ جمیع امور میں مخصوص مرتبہ کمال پر تھے اور ان میں سے آپؐ کا عبودیت میں کمال تھا. آپؐ صرف عبد تھے. آپؐ نے کسی پر اپنی ذات کے ساتھ ربانیت قائم نہیں فرمائی اور اسی امر نے آپؐ کے لئے سرداری واجب کی اور یہی امر آپؐ کے شرفِ دوام پر دلیل ہے.

اُمّ المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں.

کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم یذکر اللہ علی کل احیانہ

حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم اپنے ہر وقت میں اللہ تبارک و تعالیٰ کے ذکر میں مشغول رہا کرتے تھے.

اور ہمارے لئے اس سے وافر میراث ہے اور یہ امر انسان کے باطن اور اس کے قول سے مخصوص ہے جب کہ کبھی باوجود اس مقام کے ساتھ تحقق ہونے کے انسان کے افعال کے ساتھ اس کے خلاف ظاہر ہوتا ہے تو یہ

امر اس پر متلبس ہوتا ہے جسے احوال کے ساتھ اس کی معرفت حاصل نہیں۔
ہم نے اس باب میں اپنی ضرورت کے مطابق امور کو بیان کر دیا ہے اور اللہ تعالیٰ سچ فرماتا اور سیدھا راستہ دکھاتا ہے۔
اَلحَمدُ لِلّٰہ بارھویں باب کا ترجمہ تمام ہوا۔

الفتوحات المكية

التي فتح الله بها على الشيخ الإمام العامل الراسخ الكامل
خاتم الأولياء الوارثين برزخ البرازخ محيي الحق
والدين أبي عبد الله محمد بن علي المعروف بابن عربي
الحاتمي الطائي قدس الله روحه ونوّر ضريحه آمين

علی برادران نزد جامعہ رضویہ جھنگ بازار فیصل آباد

چشتی کتب خانہ فیصل آباد

عزيز حكيم لا يتوصل أحد الى معرفة كنه الالوهة أبدا ولا ينبغى له أن تدرك عزت وتعالت علوا كبيرا فالعالم كله من أوله الى آخره مقيد بعضه ببعضه عابد بعضه بعضا معرفتهم منهم اليهم وحقائقهم منبعثة عنهم بالسر الالهى الذى لا يدركونه وعائدة عليهم فسبحان من لا يجارى فى سلطانه ولا يدانى فى احسانه لا اله الا هو العزيز الحكيم فبعد فهم جوامع الكلم الذى هو العلم الاحاطى والنور الالهى الذى اختص به سر الوجود وعمد القبة وساق العرش وسبب ثبوت كل ثابت محمد صلى الله عليه وسلم فاعلموا وفقكم الله أن جوامع الكلم من عالم الحروف ثلاثة ذات غنية قائمة بنفسها وذات فقيرة الى هذه الغنية غير قائمة بنفسها ولكن يرجع منها الى الذات الغنية وصف تتصف به يطلبها بذاته فانه ليس من ذاتها الا بصاحبة هذه الذات لها فقد صح أيضا من وجه الفقر للذات الغنية القائمة بنفسها كما صح للاخرى وذات ثالثة رابطة بين ذاتين غنيتين أو ذاتين فقيرتين أو ذات فقيرة وذات غنية وهذه الذات الرابطة فقيرة لوجود هاتين الذاتين ولا بد فقد عم الفقر والحاجة بجميع الذوات من حيث افتقار بعضها الى بعض وان اختلفت الوجوه حتى لا يصح الغنى على الاطلاق الا لله تعالى الغنى الحميد من حيث ذاته فلنسم الغنية ذاتا والذات الفقيرة حدثا والذات الثالثة رابطة فنقول الكلم محصور فى ثلاث حقائق ذات وحدث ورابطة وهذه الثلاثة جوامع الكلم فيدخل تحت جنس الذات أنواع كثيرة من الذوات وكذلك تحت جنس كلمة الحدث والرابط ولا نحتاج الى تفصيل هذه الانواع وسياقها فى هذا الكتاب وقد اتسع القول فى هذه الانواع فى تفسير القرآن لنا وان شئت أن تقيس على ما ذكرناه فانظر فى كلام النحويين وتقسيمهم الكلم الى الاسم والفعل والحرف وكذلك المنطقيين فالاسم عندهم هو الذات عندنا والفعل عندهم هو الحدث عندنا والحرف عندهم هو الرابطة عندنا وبعض الاحداث عندهم بل كلها أسماء كالقيام والقعود والضرب وجعلوا الفعل كل كلمة مقيدة بزمان معين ونحن انما قصدنا بالكلمات الجرى على الحقائق بما هى عليه فجعلنا القيام وقام ويقوم وقم حدثا وفصلنا بينهم بالزمان المبهم والمعين وقد تفطن لذلك الزجاجى فقال والحدث الذى هو القيام مثلا هو المصدر يريد هو الذى صدر من المحدث وهو اسم الفعل يريد أن القيام هذه الكلمة اسم لهذه الحركة المخصوصة من هذا المتحرك الذى به اسمى قائما فتلك الهيئة هى التى سميت قياما بالنظر الى حال وجودها وقام بالنظر الى حال انقضائها وعدمها ويقوم وقم بالنظر الى توهم وقوعها ولا توجد أبدا الا فى متحرك وهى غير قائمة بنفسها ثم قال والفعل يريد لفظة قام ويقوم لا نفس الفعل الصادر من المتحرك قائما مثلا مشتق منه الهاء تعود على لفظة اسم الفعل الذى هو القيام مأخوذ يعنى قام ويقوم من القيام لان النكرة عنده قبل المعرفة والمبهم نكرة والمختص معرفة والقيام مجهول الزمان وقام مختص الزمان ولو دخلت عليه أن ويقوم مختص الزمان ولو دخلت عليه لم وهذا مذهب من يقول بالتحليل انه فرع عن التركيب وان المركب وجد مركبا وعلى مذهب من يقول بالتفريق وان التركيب طارئ وهو الذى يعضد فى باب النقل أكثر فان الاظهر ان المعرفة قبل النكرة وان لفظة زيد انما وضعت لشخص معين ثم طرأ التنكير بكونه شورك فى تلك اللفظة فاحتيج الى التعريف بالنعت والبدل وشبه ذلك فالمعرفة أسبق من النكرة عند المحققين وان كان لهؤلاء وجه ولكن هذا أليق وأما نحن ومن جرى مجرانا ورقى مرقانا الاشمخ فغرضنا أمر آخر ليس هو قول أحدهما مطلقا الا بنسب واضافات ونظر الى وجوه ما يطول ذكرها ولا تمس الحاجة اليها فى هذا الكتاب اذ قد ذكرناها فى غيره من تواليفنا فلنبين أن الحركات على قسمين حركة جسمانية وحركة روحانية والحركة الجسمانية لها أنواع كثيرة سيأتى ذكرها فى داخل الكتاب وكذلك الروحانية ولا نحتاج منها فى هذا الكتاب الا الى حركات الكلام لفظا وخطا فالحركات الرقمية كالاجسام والحركات اللفظية لها كالارواح والمتحركات على قسمين متمكن ومتلون فالمتلون كل متحرك تحرك بجميع الحركات أو ببعضها فالمتحرك بجميعها كالدال من زيد والمتحرك ببعضها كالاسماء التى لا تنصرف فى حال كونها لا تنصرف فانها قد تنصرف فى التنكير والاضافة كالدال من أحمد والمتمكن كل متحرك ثبت على حركة واحدة ولم ينتقل عنها كالاسماء المبنية مثل هؤلاء وحذام وكحروف الاسماء المعربة التى قبل حرف الاعراب منها كالزاى والياء من زيد وشبهه واعلم أن أفلاك الحركات هى أفلاك

الحروف

